مراقبہ
تنزلات وجود کے بیان مین اور مشتمل ہین چھ مراقبون پر

مراقبہ
عروج انسان کامل کے بیان مین اور یہ مشتمل ہین سات مراقبون پر

مراقبہ
منیرہ مقدمہ کے اصطلاحات صوفیہ کے بیان مین بطریق ابتثائی حروف تہجی کے اور یہ مشتمل ہین اٹھائیس مراقبون پر

فہرست
فصوص الحکم اور یہ مشتمل ہے ستائیس فصوص پر


نحن اقرب الیه منکم ولکن لا تبصرون
فصوص الحکم
المترجم بالترجمة الهندیة الموسومة باسم
کنوز
فی المطبع الاحمدی الواقع فی بلدة الکانفور

مقدمہ

خزائن اسرار الکلم فی شرح فصوص الحکم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَمَرَ کُلَّ اَمْرٍ مِّنْ لَّدُنْہُ یَعْنِیْ ذَاتِہٖ انواع حمد اور انحاء ثنا اوس ذات پاک کو سزاوار ہے کہ جسنے باقتضاے حب ذاتی کے تمامی عوالم کو اپنے وجود سے پیدا کیا اور خود ساتھ اطلاقیت اپنے کے تحت تقید سے مستغنی ہوکر سبکو مقید کیا اور ساون قیود کا تجلی اور تعین اور اعتبار نام رکھا اور ساون تجلیات اور تعینات اور اعتبارات مین خصوصًا انسان مین خود بصورت اختصار انجام فرمایا اور اوسکو خلیفہ اپنا بنا کر علوم اور معارف اسماے کمالات اپنے تعلیم فرماے اور حروف تصورات عالیہ اپنے سے اونکے معانی لطون کو اپنے بندون خاص پر ظاہر کیے اور خود وہی حروف اور معانی ہوکر اپنے تئین متنوع بطون مین چھپایا اور نظارگی چشم عوام سے اخفا کیا اور رحمت کاملہ نازل ہوجیو اوس فرد اوّل پر جو معدن تجلیات اور مصدر تعینات اور منبع اعتبارات اور سبب ایجاد عالم ہے کہ وہ محمد ہین اور اونکے آل اور اصحاب پر جو کافل اسرار حقانی اور حامل حقائق ربانی ہین اما بعد پس واضح ہو کہ ان دنون مین کہ سنہ تیرہ سو ہجری مقدسہ ہین اضعف الخلیقہ بل لاشئ فی الحقیقۃ خوشہ چین خرمن ارباب حقائق زلہ بردار خوان اصحاب دقائق فقیر حقیر **شاہ محمد مبارک العلی** بن محمد طاہر الراۓ فوری مولدا الاحمدآبادی مسکنا القادری النقشبندی الچشتی السہروردی مشربا الحنفی مذہبا غفر اللہ لہ ولوالدیہ نے کتاب مستطاب یعنی رسالہ **فصوص الحکم** کا کہ خاتم مصنفات سے حضرت امام العارفین قطب الاکملین قدوۃ الموحدین سلطان المحققین وارث الانبیاء والمرسلین محی الحق والملۃ والدین ابی عبداللہ محمد بن علی العربی الاندلسی الشیخ الاکبر رضی اللہ تعالی عنہ کی ہے حسب درخواست بعض احباب اور واسطے ہے اور وصال رب الارباب کے زبان اردو سلیس مروجہ برعایت تحت اللفظی کے ترجمہ کیا اور نام اسکا کنوز اسرار القدم فی ترجمۃ فصوص الحکم رکھا اور اوسکے مقامات دقیقہ کو بھی بطریق سہل کے شرح اور حل کر دیا اور نام اسکا خزائن اسرار الکلم فی شرح فصوص الحکم رکھا اور جبکہ بسبب کمال دقت اور نہایت صعوبت اوسکے کے اور نیز بوجہ تصحیف کاتبین اور قلم ناسخین کے تحلیف اور غلط اور مسخ ہو گئی تھی کہ اوسکے صحت کلمات اور ربط جمل و عبارات مین حسب قواعد علوم نحویہ وضوابط فنون ادبیہ کے نہایت دشواری نظر آتی تھی

صاحب قاموس قدس سرہ یہی فرماتے ہین کہ قاضی القضاۃ شیخ شمس الدین خونجی شافعی قدس سرہ غلاموں کی ایسی حضرت شیخ اکبر رضی اللہ عنہ کی خدمت کرتے تھے اور قاضی القضاۃ مالکی بسبب حضرت شیخ اکبر کی نظر تربیتی کے انہون نے قضا کو چھوڑ دیا اور حضرت شیخ اکبر کے قدم پر چلنے لگے اور شیخ اکبر رضی اللہ عنہ کے وہی لوگ منکر ہین جو نرے ملا ہین اور محققین کے مشرب مین اونکو کوئی حصہ نہین ہے ورنہ جمہور علما اور صوفیہ کرام نے اقرار کر لیا ہے کہ وہ اہل تحقیق و توحید کے امام اور پیشوا ہین اور علوم ظاہری مین یکتا اور بے نظیر ہین اور حضرت شیخ عبد الوہاب شعرانی قدس سرہ اپنی کتاب مین لکھتے ہین کہ حضرت شیخ اکبر رضی اللہ عنہ ملک مغرب مین بادشاہ کے نزدیک نہایت معزز اور مقرب اور صاحب دولت تھے یکایک توفیق الٰہی اونکے شامل حال ہوئی اور اوسیوقت آپ جنگل کی طرف روانہ ہوئے اور ایک قبر مین مدتون ٹھیرے رہے جب قبر سے آپ نکلے تو علوم آپ کی زبان سے جاری تھے پھر سیاحت کرتے رہے اور ہر شہر مین حکم الٰہی سے چندے مقیم ہوتے تھے اور جب وہان سے کوچ کرتے تو وہان کی تصنیفات کو وہین چھوڑتے اور آپ کتاب اور سنت کے شرع کے پابند تھے اور علامہ قطب الدین شیرازی قدس سرہ فرماتے ہین کہ حضرت شیخ اکبر رضی اللہ عنہ علم شریعت اور حقیقت دونون مین کامل اور بے نظیر [illegible] تو انکے کلام پر طعن کرتے ہین وہ کیا کرین اوسکو وہ سمجھ نہین سکتے تھے اور جو کوئی اونکو برا کہتے ہین تو اونکو بیاجا نو جو نبیون کو برا کہتے ہین اور امام فخر الدین رازی قدس سرہ فرماتے ہین کہ امام محیی الدین ولی بہت بڑے جلیل القدر ولی اور اپنے زمانے کے قطب الاقطاب تھے اور شیخ جلال الدین سیوطی قدس سرہ فرماتے ہین کہ حضرت شیخ اکبر عارفون کے مربی ہین اور نبی عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدم بقدم چلنے والے اور انہون نے حضرت شیخ اکبر رضی اللہ عنہ کے منکرون کے جواب مین ایک کتاب لکھی ہے جسکا نام تنبیہ الغبی فی تبرئۃ ابن العربی ہے اور شیخ سراج الدین مخزومی قدس سرہ نے ایک کتاب لکھی ہے جس مین شیخ اکبر رضی اللہ عنہ [illegible] اسرار کو ظاہر کیا ہے نام اوسکا کشف الغطا ہے اور حضرت شیخ صدر الدین قونوی قدس سرہ حضرت شیخ اکبر کی بڑی تعظیم و تکریم کرتے تھے اور حضرت امام ابن اسعد یافعی قدس سرہ [illegible] شیخ اکبر کی [illegible] اونہون نے کہا ہے کہ ولایت عظمیٰ حضرت شیخ اکبر کو حاصل تھی اور حضرت امام [illegible] الدین [illegible] فرماتے ہین کہ حضرت امام محیی الدین عربی آیت من آیات اللہ تھے اور اوس زمانے مین علم اور فضل کی کنجی اونہین کے ہاتھ مین تھی اور مین سوائے اونکے اور کسیکو نہین پہچانتا ہون اور حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی اور حضرت شیخ کمال الدین کاشی قدس سرہما فرماتے ہین کہ حضرت امام محیی الدین عربی کامل [illegible] محقق اور صاحب کرامات تھے اور حضرت شیخ سراج الدین مخزومی قدس سرہ اکثر لوگون کو یہی [illegible] کہ جو حضرت امام محیی الدین عربی کے کسی کلام کا انکار کرو کیونکہ اولیا اللہ کا گوشت مسموم ہوتا ہے اور [illegible] رکھنے والے اکثر نصرانی ہو کر مرے ہین اور جو کوئی انکی شان مین زبان درازی کریگا تو وہ دل کے [illegible] مین مبتلا ہوگا اور حضرت شیخ زملکانی کہ جلیل القدر علمائے شام مین سے تھے اور حضرت شیخ قطب الدین [illegible] قدس سرہ [illegible] شیخ اکبر [illegible] اور حضرت شیخ صلاح الدین صفدی قدس سرہ علمائے مصر کی [illegible] کسی کو علم لدنی والے کے کلام کو دیکھنا منظور ہو تو وہ حضرت شیخ اکبر رضی اللہ عنہ کی [illegible] اور حضرت شیخ ابو بکر خوافی قدس سرہ فرماتے ہین کہ اوائل مین فصوص الحکم کا مین بہت شغل رکھتا تھا ایکبار مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوا مین نے نہایت ادب سے پوچھا کہ یہ [illegible]

اسقدر مطالعہ مین فہم جید کے ساتھ مداومت کرے کہ اوسکے مسائل ذوق اور وجدان طالب کے ہو جاوین کہ مقدم ترین اشغال اور مراقبات ہین اگرچہ بطریق سلاسل کے نہون پس اسصورت مین حق تعالی سے امید قوی ہے کہ اوسکو توحید صافی اور عرفان کافی اور وصل عریانی کہ انتہائے کمال انسانی ہے انشاء اللہ تعالی حاصل ہووے اسلیے کہ یہ دونون واسطے قطع غیریت کے تیغ بران ہین اور کوئی گمان نکرے کہ بغیر سابقہ صحبت شیخ حی و قیوم کے آدمی واصل نہین ہو سکتا ہے حاشا و کلا بہت لوگ اکابرون سے بطریق اویسیت کے واصل حق ہوئے ہین اور معنی اویسیت کے یہ ہین کہ بغیر سابقہ صحبت کسی شیخ حی و قیوم کے بہ تربیت غائبانہ کسی اکابر کے روح پر فتوح سے فیض پاکر یا محض فضل حق شامل حال ہو کر واصل ہووے جیسے کہ حضرت شیخ فرید الدین عطار قدس سرہ فرماتے ہین کہ بعض اولیاء اللہ مین سے ہین کہ طریقہ اویسیہ رکھتے ہین کہ بظاہر انکو کسی شیخ کی حاجت نہین کیونکہ خود سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم بہ سبب متابعت اپنے کے انکو پرورش کرتے ہین جیسے کہ حضرت اویس قرنی وغیرہ رضی اللہ عنہم کو پرورش کیا ہے یہ لوگ اولیاء اللہ مین سے بڑے عالی مرتبے کے ہوتے ہین ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ اور بعض اولیاء اللہ ہین کہ طالب صادق کو بطریق روحانیت کے پرورش کرتے ہین بغیر اسکے کہ بظاہر انکو کسی شیخ حی و قیوم نے تربیت کیا ہو یہ بھی اونہین اویسیون مین داخل ہین انتہی اسی جگہ سے حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند قدس سرہ فرماتے ہین کہ مین بذریعہ کسی سلسلے کے واصل نہین ہوا لیکن پہونچا میری طرف ایک جذبہ جذبات الٰہیہ مین سے اور اوس سے مین واصل ہوا اور ایسا ہی حال حضرت خواجہ حافظ شیرازی اور حضرت خواجہ فرید الدین عطار وغیرہ قدس اسرارہم کا ہے پس اس مقدمے پر اگرچہ بعض نادان بہ سبب نافہمی اور بے مشربی اور خرابی باطن کے ازدحام کرینگے مگر واقف کار محظوظ ہونگے اور بفضلہ تعالی فائدہ عظیم اوٹھاوینگے اور مقصود کو پہونچینگے اور اگر اس مقدمے کے کسی موقع مین تکرار مضمون نظر آوے پس مقصود اوس سے افادہ اور تفہیم طالب ہے اور بجکہ بنائے فصوص اور اس مقدمہ کی مسئلہ وحدۃ الوجود اور معنی کلمۂ طیبہ پر ہے سالک کو چاہیے کہ ہر جگہ اسکو ہاتھ سے ندیوے اور ہر ایک مسئلہ مقدمہ اور فصوص کو ساتھ مسئلہ وحدۃ الوجود اور معنی کلمۂ طیبہ کے مطابقت کرے تاکہ بآسانی مضامین اوسکے ہاتھ آوین اور مغالطے مین نہ پڑے اور اوس سے جو فائدہ اوسکی ہے بخوبی حاصل ہووے پس اللہ ہی سے امید رکھتا ہون کہ اسکو بشرف قبول مشرف فرماوے اور واسطے میرے سبب مغفرت اور زاد آخرت اور طالب حق کے لیے تبصرہ اور تذکرہ گردانے آور مستفیدین کو چاہیے کہ اوسکے شکریہ مین اس مترجم محتاج کو دعائے خیر اور استغفار اور ایصال ثواب سے نہ بھولین واضح ہو کہ اسجگہ قبل شروع مقصود کے چند تنبیہات ضروری منظور ہو کر ذکر کیے جاتے ہین گوش دل سے سننا چاہیے پہلی تنبیہ تعریف اور موضوع اور مبادی اور مقاصد اور غایت علم حقائق کے بیان مین جاننا چاہیے کہ علم حقائق وہ علم ہے کہ جس سے ذات حق تعالی کی معرفت تفصیلا حاصل ہو اور اس علم کا حکمت نام رکھتے ہین کیونکہ جیسے حکمائے فلاسفہ حقائق اشیا سے بحث کرتے ہین ویسے ہی حضرات صوفیۂ کرام رضوان اللہ تعالی علیہم بھی حقائق اشیا سے بحث کرتے ہین مگر ان دونون مین فرق یہ ہے کہ فلاسفہ بعقول ضعیفہ خود بغیر کسی راہ بر کے معلول سے علت کی طرف رجوع کرتے ہین اور حضرات صوفیۂ صافیہ رضوان اللہ تعالی علیہم اولاً بوساطت راہ بر رسول کے خالق کو مجملاً جانکر پھر اوسکے تفصیل علم کے لیے مخلوق سے خالق و مالک الملک کی طرف سیر شروع کرتے ہین اور اسی مین کمال ہے اسی واسطے جب افلاطون اشراقی سے پوچھا گیا کہ انبیا کون ہین اور کیسے ہین اونسے کہا کہ یہ لوگ حکما ہین اور انکی حکمت کامل ہے اسی جگہ سے

اور جنگل سے لکڑی لاتے اور اوسکو بیچکر خرما خرید کرتے اور بقدر قوت لایموت کے اوس سے تناول کرتے اور
رات و دن تلاوت قرآن کرتے اور رسول علیہ السلام سے انواع علوم سیکھتے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ
فرماتے ہین کہ منجملہ اہل صفہ کے ستر آدمیون کو مین نے دیکھا کہ ایک چادر سے نماز پڑھتے اور رکوع کے وقت چادر
کو زانو کی طرف کھینچتے تاکہ ستر برہنہ نہو اور رسول علیہ السلام باوجود اسکے کہ مفاتیح خزائن روے زمین کے آپکے
ہاتھ مین تھین گرسنگی اور تنگی معاش مین اہل صفہ کے ساتھ موافقت فرماتے اور لوگونکو بھی واسطے موافقت اونکے ترغیب
دیتے ایک روز اہل صفہ نے رسول علیہ السلام کے پاس شکایت کی کہ یا رسول اللہ خرمے نے ہمارے شکمون کو
جلادیا رسول علیہ السلام نے فرمایا کہ قسم خدا کی ہے دو مہینے سے ہمارے گھر مین چولہا نہین سلگا ہمارے اہل بیت
کے لیے سواے آب سیاہ اور خرمے کے اگر کچھ نہین تم بھی اسی صفت کے ساتھ رہو اور بشارت ہو تمکو کہ تم جنت
مین میرے ساتھ رہوگے پس جبکہ صوفیہ مثل اہل صفہ کے عمل کرتے ہین اسواسطے نام اونکا صوفیہ رکھتے ہین اور
بعض کہتے ہین کہ اسم صوفی صوف سے مشتق ہے کیونکہ یہ طائفہ اکثر واسطے ستر عورت کے صوف پوشی کے ساتھ قناعت
کرلیتے تھے اسلیے کہ لبس صوف کا اکثر انبیا اور اولیاے سابقین کے آداب مین سے ہے جیسے کہ منقول ہے کہ جسوقت حضرت
موسی علیہ السلام کوہ طور مین رب العزت کے کلام سے مشرف ہوے جبہ صوف اور سراویل صوف اور کلی
صوف پہنے ہوئے تھے اور نعلین آپکے پوست خر غیر مذبوح کے تھے اور بعض کہتے ہین کہ صوفیہ عبارت ہے اوس
خرقہ کہنہ سے کہ انکا رفتہ ہووے صوفی بوجہ تواضع اور شکستگی نفس اپنے کے اوسکو جوڑکر ستر پوشی کرلیتے
اور ساتھ اوسکے قناعت کرتے تھے اور صوف پوشی اختیار کرنے سے حضرات صوفیہ کرام کے یہ معنی نہین ہین کہ اوسکو
منجملہ علامات صوفیہ قرار دیوین اور اوس سے پہچانے جاوین بلکہ غرض اونکی اوس سے ہضم نفس اور تواضع
اور ترک زینت دنیا تھی کیونکہ جب یہ لوگ ہموم امور آخرت مین ہمہ تن مصروف ہین اور صوف اور خرقہ کہ
اہون لباس اور کم قیمت ہے پس اونھون نے اُسکو اختیار کیا اور ساتھ خوراک بقدر قوت لایموت کے وجہ حلال سے ہو
قناعت کی بلکہ اسکے ساتھ بھی مقید نہین ہوے جو کچھ کہ میسر ہوا اُس سے ستر پوشی کرتے تھے کبھی رقعات باہم
جوڑکر اور کبھی برگ درختون سے اور کبھی عام لباس سے کہ غیرون سے تمیز نہو اور سوال کرنے سے محترز رہتے تھے
کہ منع ہے اور بعض کہتے ہین کہ کوئی شخص باسم صوفی رسول علیہ السلام اور صحابہ کرام کے زمانے مین موسوم
نتھا بلکہ تابعین کے زمانے مین حادث ہوا ہے جیسے کہ حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ نے بعض تابعین کو اسم
صوفی کے ساتھ خطاب فرمایا ہے اور بعض کہتے ہین کہ اشتہار اسم صوفی کا زمانہ صحابہ اور تابعین اور تبع
تابعین مین نتھا بلکہ بعد قرون ثلثہ کے مشہور اور شائع ہوا جیسے کہ چوتھی تنقیح مین انشاء اللہ تعالی مذکور
ہوگا اور اہل حق کی اصطلاح مین صوفی وہ ہے کہ جسنے منجملہ اوصاف باطنی کے اپنے خیال[1] کو تصحیح کیا اور اپنے دل کو
خیالات غیر حق تعالی سے صاف کیا اور قلب کو خواہش نفسانی سے پاک کیا اور مراتب ستہ اور اونکے حقائق کو
اور بموجب مَن عَرَفَ نَفسَهُ فَقَد عَرَفَ رَبَّهُ کے اپنے نفس کو پہچانا اور افراد اور تعینات عالم کو مظاہر حق جانا اور
جسکے اخلاق ظاہری ایسے نمودار ہون کہ بعد تحصیل علوم دین کے بجا آوری مین اوامر کے معروف اور اجتناب
نواہی مین مشغول رہے اور قلب باصفا اور لسان ثنا چشم گریہ نم و باحیا دست کرم وعطا پیدا کرے وعدہ وفا کرے
عفو خلائق پر نظر رکھے موافقت والفت باہمی ہاتھ سے ندے کبر و عجب و نخوت و حسد و حب دنیا و حب جاہ وغیرہ
اوصاف مذمومہ کو ترک کرے خود بین نہو غیر کے نسبت حسن ظن رکھے بد بین نہو تحمیل علما توقیر کبرا صحبت صلحا

۱؎ حضرت جنید بغدادی [illegible] التصوف [illegible] یعنی پاک کرنا ساحت قلب کو کدورات خیالات غیریت

٦

اور عبد اللہ بن مسعود اور عبد اللہ بن عباس اور ابو ہریرہ اور انس بن مالک وغیرہم رضی اللہ تعالی عنہم کے اور
بعض اونمین سے علی الخصوص رواج دینے والے علم ظاہر آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تھے جیسا کہ باقی اصحاب
اوس زمرے مین سے رضی اللہ تعالی عنہم اور اسی طرح سے تابعین مین سے بھی بعض ترویج مین علم باطن کے سعی
وافر فرماتے تھے جیسا کہ حضرت امام زین العابدین اور امام محمد باقر اور محمد بن الحنفیہ اور حسن بصری اور کمیل بن زیاد
وغیرہم رضی اللہ تعالی عنہم کے اور بعض دیگر ترویج علم ظاہر مین معروف رہے اور طبقہ قریب اونکے کے درمیان باطن
مین سے امام جعفر صادق اور امام موسی کاظم اور ائمہ اہل بیت اور سفیان ثوری اور مالک بن دینار اور محمد بن
سماک اور حبیب عجمی اور شیبان راعی اور داؤد طائی وغیرہم تھے رضی اللہ تعالی عنہم اور جماعت دیگر نے ترویج مین
علم ظاہر کے کمر باندھی بعد اونکے ابو یزید بسطامی اور ابو محمد سہل تستری اور حارث بن اسد محاسبی اور بشر حافی
اور سید الطائفہ جنید بغدادی اور ابو حفص حداد اور ابو سلیمان دارانی وغیرہم رضی اللہ تعالی عنہم نے ترویج باطن
مین کوشش بلیغ فرمائی اور گروہ دیگر واسطے تقویت علوم ظاہر کے قائم ہوئے وھکذا الی [illegible]
قرن اول مین فقط صحبت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بس تھی اور وہ ملقب بصحابہ ہوئے اسلیے کہ اوسوقت
کوئی فضیلت بالاتر اس سے متصور نہ تھی بعد اونکے عصر ثانی مین مسمی بتابعین ہوئے اور یہ لقب انکا اشرف القاب
جانتے تھے اور قرن ثالث مین علی ہذا القیاس موسوم بہ تبع تابعین ہوئے بعد اونکے لوگ مختلف ہوئے اور مراتب
اونکے متفاوت اور جو لوگ انکے خواص مین سے تھے اور اپنے دین مین اہتمام شدید رکھتے تھے زہاد اور عباد
کہلائے بعد اونکے فرقہاے مختلفہ ظہور مین آئے اور بدعتین انواع و اقسام کی شروع ہوئین اور ہر ہر فرقے نے
اپنی اپنی ادعاء زہد کی شروع کی اور جہلاے عادت پرست و طالب جاہ و دنیا پیدا ہوئے پس اوسوقت جو لوگ
خواص اہل سنت و جماعت کے تھے کہ اپنے دلون کو عوارض غفلت اور بدعت سے نگاہ رکھتے تھے اور حضور انفاس
اپنے ساتھ حق تعالی کے رکھتے تھے اسم صوفی کے ساتھ مشہور ہوئے اور اونمین سے جو اول باسم صوفی مشہور ہوئے
سید ابو ہاشم محمد بن احمد تھے انھون نے سنہ ایکسو اکسٹھ ہجری مین انتقال فرمایا حاصل یہ کہ قرون ثلثہ مین علوم طریقت
اور رموز حقیقت ثابت اور متحقق تھی اگرچہ نام انکے ملقب صوفی مشہور نہوئے اور بزرگان دین ہمیشہ بسبب غلبہ
اونپر اعلاے کلمۃ اللہ اور جہاد ساتھ کفرہ فجرہ اور اظہار دعوت و اعلای شریعت کا معروف رکھتے تھے اور صفوت باطن کی بسبب
صحبت سلطان الانبیا اور قرب عہد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حاصل تھی اور بسبب قلت اختلافات و کمی رجوع طرف تقاضہ کے حاجت
تعیین مقامات و تحریر اصطلاحات کی نہ تھی جسقدر کہ بعد سرور دوجہان صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ نبوت سے دوری و نورانیت کم و کدورت
ہوتی گئی وہ اشراق مکاشفات کا مستور ہوا حتی کہ بمصداق حدیث خیر القرون قرنی ثم الذین یلونہم ثم الذین یلونہم ثم یفشو
الکذب کی نفخت و صداقت منتفی ہوئی و ظلمت ہوا و بدعت جہان مین پھیلی اور ہر طرف سے اہل ہوا نے سر اوٹھایا اور نزاع
شروع ہوئی اور اختلاف درمیان مین آیا اور طرق صحابہ اور سلف عزیز الوجود اور غریب نظر آنے لگے اسی واسطے
اہل سنت و جماعت مین سے حضرات صوفیہ صافیہ کہ برگزیدہ انام اور بقیہ اسلاف عظام مین خصوصاً حضرت
خاتم الولایۃ المحمدیۃ کاشف الاسرار الالٰہیہ امام العارفین قطب الموحدین امام محی الدین بن العربی الشیخ الاکبر رضی اللہ
تعالی عنہ اور اتباع وغیرہ اونکے نے واسطے ایصال طالبین و تکمیل سالکین اور واسطے تشویق اور تفہیم اور
تربیت اور تعلیم اونکی کے بالہام ربانی ظواہر اور بواطن قرآن مجید اور احادیث شریف سے حقائق اور سلوک
اور مکاشفات اور بنائے رباط اور الباس خرقہ اور کیفیات ذکر اور اتخاذ خلوات مین قواعد اور ضوابط و اجتہاد

إِلَّا أَنَّ مَعَانِيَ أَنْبَاءِ الْخِطَابِيَّةِ وَارْتَفَعَ عَنْهُ حُكْمُ تَجَلِّي الْوَحْدَةِ وَرَجَعَ إِلَى عَالَمِ الْكَثْرَةِ دَخَلَ
لَهُ الْحَقُّ بِحُكْمِ الْكَثْرَةِ وَتَشْرِيعِ مُعْتَبِرًا الْآكْيَمُدُ كَيْنَهُ وَضَعْفِهِ وَانْقِهَارِهِ تَحْتَ أَحْكَامِ الْأَسْمَاءِ
الْإِلٰهِيَّةِ اور امثال انکے کہ وقت سکر اور فنا کے اہل اللہ سے صادر ہوتے ہین اہل ظاہر کے فہم مین نہین آتے
ہین پس آدمی بیچ حق انھین غلبات احوال و فنا اور سکر محبت اہل اللہ کے دو فریق ہوگئے ہین فرقۂ اول اہل
محض اور علماے ظواہر ہین انکو متقشفۂ فقہا کہتے ہین انھین کے بھی دو گروہ ہین گروہ اول بسبب واقع اور از راہ ظاہر
اور باطن کے خط بطلان اور رقم فساد اون بزرگوار و نپر کھینچتے ہین اور انکو طرف جہل اور جنون کے نسبت کرتے
ہین منشا اس انکار کا بے مناسبتی اور بے مشربی اور جمود طبعی اور خرابی باطن اور محرومی برکات ہے علاوہ
اسکے اس انکار سے خوف سوے خاتمہ کا بھی متصور ہے جیسا کہ مذکور ہوا اور دوسرا گروہ بسبب ظاہر مثل گروہ
اول کے انکار کرتے ہین لیکن درباطن اقرار اور زبان کو دل کے ساتھ موافقت نہین رکھتے ہین یہ دونون
گروہ بسبب خرابی باطن اور بے عرفانی کے حق مین ان بزرگوارون کی تقصیر اور تفریط کرتے ہین اور فرقہ
ثانیہ تقصیر اور تفریط سے کمال اعتقاد اور انقیاد ساتھ اقوال اور افعال ان اکابر کے رکھتے ہین اور رعایت شریعت کی
نہین کرتے ہین انکو جہلاے صوفیہ کہتے ہین انکے بھی دو گروہ ہین گروہ اول انکے اقوال اور افعال کو اگرچہ خلاف
شریعت کے بھی ہون بسبب ظاہر اور باطن کے حق جانتے ہین اور بالکل پروا شریعت کی نہین رکھتے ہین دوسرا
گروہ اگرچہ بسبب ظاہر کہتے ہین کہ خلاف شرع کوئی امر نہ چاہیے اور بتکلف اور زبانی محض اظہار انقیاد شریعت کا
کرتے ہین لیکن درباطن اقوال علما اور روایات فقہا کا انکے نزدیک کچھ اعتبار نہین ان دونون گروہ نے بسبب
جہالت کے حق مین ان اکابر صوفیہ کے غلو اور افراط اختیار کرکے دائرۂ انقیاد اسلام اور احکام شریعت سے خارج
ہوکر راہ ضلالت کو اختیار کیا ہے سواے ان چار گروہ مذکور کے دیگر ایک فرقہ ہے کہ اوسنے صراط مستقیم اور
طریق متوسط کو اختیار کیا ہے یہ فرقہ ظاہراً و باطناً متبع شریعت اور معتقد اولیاے کرام اور مشائخ عظام ہے
اور بانکار اور اعتراض اقوال سکریہ اور کشوفات پر انکے نہین مبادرت کرتے ہین اور ان اقوال و افعال
کو اوپر استیلاے محبت اور غلبۂ عشق اور نتیجۂ قرب کے حمل کرتے ہین اسلیے کہ صادر ہونا ان اقوال اور افعال
اور کشوفات کا صحت حال اور کمال نسبت اور اخلاص باطن اور غلبۂ عشق اور استیلاے محبت اور قرب
پر دلالت کرتا ہے لیکن وقت غلبۂ حال اور استیلاے وجد اور محبت کے قدم ثبات اور وسط طریق سے پھسلتا
ہے اور عنان ضبط اور اختیار کا ہاتھ سے جاتا رہتا ہے یہان تک کہ بغلبۂ سکر انکے قبح شرعی بہ نسبت اوس
قول اور فعل کے نظر اعتبار سے ساقط ہوکر نظر فقط اوپر معنی صرف اور روح عمل کے باقی رہتی ہے جیسا کہ طریان
غضب اور فرح اور سرور مرد عاقل کو ہلا دیتا ہے اور اپنے اختیار سے باہر کر دیتا ہے پس اس سے معلوم ہوا
کہ یہ اقوال اور افعال سکریہ بطریق معصیت اور قصد مخالفت شریعت اور میل طبیعت اور ہواے نفس
اور علت جہل اور داعیہ ہوا اور ریا کے نہین ہین بلکہ مقرون بصدق نیت اور حسن قصد بیچ قہر نفس اور قطع
اسباب و علائق اور اسقاط اعتبارات اور استیلاے محبت اور غلبۂ عشق کے ہے اور صاحب وجد اور حال تکالیف
شرعیہ سے مرفوع القلم ہو جاتا ہے کہ مغلوب الحال ہے مثل مجنون کے مولانا جلال الدین رومی قدس سرہ
فرماتے ہین مثنوی بامریدان آن فقیر محتشم ۔ بایزید آمد کہ نک یزدان منم ۔ گفت مستانہ عیان آن ذوفنون
لا الٰہ الا انا فاعبدون ۔ چون گذشت آن حال گفتندش صباح ۔ تو چنین گفتی و نبود این صلاح ۔ گفت این بار ار کنم

روشن ہوجاتی ہے اور معبود کو عین مقصود پاتی ہے اور جمیع مقاصد باطلہ سے منہ پھیر کر ایمان موافق قول
اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ کے حاصل کرتی ہے اور مرتبہ لَا مَقْصُوْدَ اِلَّا اللّٰہ
میں پہنچتی ہے اس مرتبے میں واسطے سالک کے اسلام ایمان ہوجاتا ہے یہ دوسری منزل طریقت کی ہے پھر جب
تک سالک اس مقام میں قیام کرتا ہے اور ثابت قدم رہتا ہے تو عقل علم ہوجاتی ہے اور علم نور رہتا ہے تو سالک
کو مقصود کی ایک جھلک مشہود ہونے لگتی ہے اس منزل میں ایمان ایقان ہو کر مقصود کا پتا لگتا ہے اور
معبود کا نام بھول جاتا ہے یہ انتہاے مقام طریقت اور منزل مقصود سالک کی ہے یہ طریقت اوس شریعت
ظاہری کی معنی ہے یہاں تک تو علم کی رسائی تھی آگے اوسکے بغیر مدد عشق کے علم کی رسائی نہیں اسواسطے
اس مقام میں علم عشق کا تابع ہوتا ہے پس جب علم کے ساتھ عشق ہوتا ہے تو کشش ربانی ہوتی ہے وہ کشش
سالک کی رہبر ہوتی ہے اور مقصود مشہود ہوجاتا ہے اور سالک کا عشق بڑھ جاتا ہے اور فکر مراقبہ کا برقع بنتی ہے اور یقین اوسکا ذوق
وجدان ہوجاتا ہے اور سب سے منہ پھیر کر حق میں ثابت قدم ہوتا ہے یہ حقیقت کا پہلا زینہ ہے جب سالک اس
مقام میں ٹھہر جاتا ہے تو آتش عشق کی بھڑکتی ہے اور نور علم کا نور علی نور ہوجاتا ہے اور مقصود ہو کر مشہود
ہوجاتا ہے اور لَا مَعْشُوْقَ اِلَّا اللّٰہ کہنے لگتا ہے یہ عروج حقیقت کا دوسرا زینہ ہے پھر جب سالک کا علم عشق
بنجاتا ہے اور وجدان سالک کا عرفان ہوجاتا ہے مشہود سے منہ پھیر کر مقام لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللّٰہ کہیں
پہنچتا ہے اور محقق عارف ہو کر وَمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ کہنے لگتا ہے یہ انتہا مقام حقیقت کا ہے پس اس سے
صاف معلوم ہوا کہ حقیقت معنی طریقت کے اور طریقت معنی شریعت ظاہری کے ہیں اور آگے اسکے لفظ اور
معنی سب غائب ہیں اس مقام میں عابد و معبود سالک و مقصود شاہد و مشہود کا پتہ نہیں لگتا ہے عقل علم
میں علم عشق میں عشق عاشق میں عاشق معشوق میں فانی ہوجاتا ہے قاب قوسین او ادنی کا دائرہ تمام
ہوجاتا ہے یہاں تک سلوک اور معرفت تمام ہوجاتی ہے یہاں سواے حیرت در حیرت اور فنا در فنا کے
اور کچھ ہاتھ میں نہیں آتا ہے پس اسصورت میں حسب حال علماے ظاہر شریعت کے لَا مَعْبُوْدَ اِلَّا اللّٰہ
اور سالک کے حق میں لَا مَقْصُوْدَ اِلَّا اللّٰہ اور محقق کی نسبت لَا مَشْهُوْدَ اِلَّا اللّٰہ اور موافق ذوق
عارف کے لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللّٰہ صحیح ہوجاتا ہے پس اسی معنی کلمہ طیبہ پر تمامی معانی الفاظ قرآنی احادیث
کو قیاس کر لینا چاہیے مگر فرق یہ ہے کہ عوام کہ جنکو عقل سلیم نصیب نہیں فقط ظاہر شریعت پر اکتفا کرتے ہیں
اور خواص کہ جنکو عقل سلیم اور حدس مستقیم نصیب ہے اور عقل اونکی نور حقانی سے روشن ہوگئی ہے معنی کے
معنی کو پاتے ہیں اور خود معنی بنجاتے ہیں اور جنکی عقل کا معذور ہا اور کور باطن ہے بہ تکلف معنی کو صورت کی طرف
اور حقیقت کو مجاز کی جانب پھیرتا ہے اور تاویلات لاطائل شروع کرتا ہے حاصل یہ کہ واقع اور نفس الامر میں
شریعت عین طریقت اور طریقت عین حقیقت اور حقیقت عین معرفت ہے نہ غیر جیسے کہ بعض نادان گمان
کرتے ہیں اسلیے کہ مدار دین اور اوسکے کمال کا فقہ اور عقائد اور تصوف پر ہے اور عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث
میں جو جبرئیل علیہ السلام کے جواب میں وارد ہے اور اوسکی صحت پر ائمہ اہل احادیث متفق ہیں ان تینوں
چیزوں کا بیان ہے کیونکہ یہ حدیث مشتمل ہے اسلام اور ایمان اور احسان پر اسلام سے اشارہ ہے فقہ
کی طرف کہ اوسمیں تمامی احکام اور اعمال شرعی کا بیان ہے اور ایمان سے اشارہ ہے عقائد کی طرف اور احسان
سے اشارہ ہے اصل تصوف کی طرف کہ مراد اوس سے توجہ الی اللہ اور حضوری اور فناے سالک ہے اور

محقق ہیں اور یہی ماہیت کہ غیر وجود حقیقی کی ہے مکتسب ذات اپنے کے بغیر علاوہ حضرت وجود حقیقی کے معدوم ہوگا
خارج سے بالضرور اور بالاتفاق معدوم محض جو کچھ ہوگا ظاہر ہے کہ معدوم محض مبدا کسی اثر خارجی کا آثار خارجیہ
میں سے نہیں ہو سکتا اور نہ معدوم معدوم غیر ہوگا پس جو امر کہ اوسکو حکمت اور عرف میں واقع اور نفس الامر کہتے
ہیں وجود حقیقی سے خالی نہوگا اسلیے کہ واقعی خارجی اور تحقق نفس الامری وجود سے غیر ہوتا ہے پس اس تقدیر
میں اگر اوس جگہ عدم فرض کیا جاوے گا تو اجتماع نقیضین یعنی وجود اور لا وجود کا صادق آویگا اور یہ
بالاتفاق بدیہی البطلان ہے اسلیے کہ عدم محض عبارت ہے نہ ہونے کسی اثر وجودی کے واقع میں پس
موجود ہونا اوس عدم کا کہ مقدم ترین آثار وجودیہ میں سے ہے کوئی معنی نہونگے اسی جگہ سے مسئلہ حکمت
حقیقیہ کا کہ اَلْعَدَمُ لَا یَتَّصِفُ بِشَیْءٍ ہے مراقبہ اس امر کی تحقیق میں کہ وجود حقیقی بذاتہ موجود ہے اور وہ مطلع یہ
ہے کہ ضرور ہے کہ وجود حقیقی واقع اور نفس الامر میں بذاتہ متحقق ہووے ورنہ اس وجہ سے کہ ترجیح بلا مرجح امور
غیر ارادی میں بالبداہت محال ہے اور مستلزم اجتماع نقیضین کا ہے اسلیے کہ اوس مرجح میں کہ انتفاء وجود کا
مفروض ہے تقتضا وجود کا لازم آتا ہے چاہیے کہ وجود حقیقی مستفاد ہووے غیر اپنے سے حالانکہ غیر اوسکا
فی نفسہ معدوم محض ہے چنانچہ مراقبہ ثانی میں مذکور ہوا اَلتَّقَدُّمُ الشَّیْءِ وَتَوَقُّفُهٗ عَلٰی نَفْسِهٖ بِالْبَدَاہَۃِ
باطل اور بسبب انتفاء غیر اور بطلان ہونے تقدم کے احتمال تسلسل ودور کا بھی ناجائز ہے پس اس سے
ثابت ہوا کہ واسطے وجود حقیقی کے کوئی علت نہیں اور نہ وہ مسبوق بالعدم ہے ورنہ کبھی متحقق فی الواقع نہوتا
چوتھا مراقبہ اس امر کی تحقیق میں کہ وجود حقیقی ہی منشاء انتزاع وجود مصدری کا ہے نہ غیر اور وہ یہ
کہ ضرور ہے کہ وجود حقیقی بذاتہ منشاء انتزاع وجود مصدری کا ہووے نہ غیر اوسکا یعنی غیر وجود حقیقی کا خود
اور محل وجود مصدری کا نہیں ہو سکتا ہے اسلیے کہ وہ فی نفسہ معدوم محض ہے پس اس سے ثابت ہوا یہ کہ وجود حقیقی
قسم سے اعراض مصطلح بعض حکما و متکلمین کے نہیں ہے اور نہیں ہو سکتا ہے ورنہ منشاء انتزاع موجودات خارجیہ
کا اور حقیقت اوسکی خود وجود حقیقی ہے اور ضرور ہے کہ ہووے کہ حقیقت اوسکی ایسی ہی ہے بہ نسبت اوسکے
لَیْسَ بِمَوْجُوْدٍ کبھی صادق نہیں آسکتا ہے جیسا کہ ثُبُوْتُ الْاِنْسَانِ لِلْاِنْسَانِ فِی الْاِنْسَانِ ... لَیْسَ بِمَحْمُوْلٍ
کبھی صادق نہیں آسکتا ہے لِاَنَّ سَلْبَ الشَّیْءِ عَنْ نَفْسِهٖ بِالْبَدَاہَۃِ بَاطِلٌ اور یہی واجب ہے جو ہم
واجب الوجود کا یعنی نہیں تجاوز کرتا ہے وہ طرف عدم محض کے اصلا اور نہیں ہوگا وہ معدوم محض کبھی
ورنہ لازم آوے گا انقلاب حقیقت کا اور یہ باطل ہے پس اس سے ظاہر ہوا کہ حضرت وجود حقیقی جیسا کہ
مسبوق بالعدم نہ ملحق بالعدم بھی نہیں ہو سکتا ہے علاوہ اسکے خود مسلمات حکماء سے ہے کہ جو شے نہ علت
کے ہووے ازلی اور ابدی اور قدیم بالذات ہے اور یہی اوسکی حقیقت ہے ...
كَذَا ذَكَرَهُ الْقَيْصَرِيُّ فِي ... مِنْ ... فِي مُمْكِنٍ مِنْهُ الْعَيْنُ ... وَكُلُّ مَا هُوَ خَيْرٌ ...
وَمِنْهُ ... اِذْ لَا يَحْتَاجُ فِي تَحَقُّقِهٖ اِلٰى اَمْرٍ خَارِجٍ عَنْ ذَاتِهٖ فَهُوَ الْقَيُّوْمُ الثَّابِتُ
بِذَاتِهٖ وَالْمُثْبِتُ لِغَيْرِهٖ وَلَيْسَ لَهٗ اِبْتِدَاءٌ وَاِلَّا لَكَانَ مُحْتَاجًا اِلٰى عِلَّةٍ مُوْجِدَةٍ ... حِيْنَئِذٍ
لَهٗ اِنْتِهَاءٌ وَاِلَّا لَكَانَ مَعْرُوْضًا لِلْعَدَمِ ... لِلِانْقِلَابِ پانچواں مراقبہ اس امر کی
تحقیق میں کہ وجود حقیقی بنفسہ واجب بالذات ہے اور وہ یہ ہے کہ مراقبات مذکورہ بالا سے معلوم ہوا کہ وجود
حقیقی فی نفسہ واجب بالذات ہے اِذْ لَوْ كَانَ مُمْكِنًا لَكَانَ ... مِنْ جِهَةٍ ... تَقَدُّمُ الشَّيْءِ عَلٰى

ایک تعدد تاصلی واقع مین ثابت ہووے اور مراد میری تعدد تاصلی سے وہ تعدد ہے کہ تجویز کرنے سے ایکطے اور دیگر شے غیر اوس ایک شے کے کہ دونون شخصا متباین اور ہر ایک متاصل جداگانہ اور ایک دوسرے سے متحاز اور ممتاز ہے تعدد حاصل ہووے جیسے کہ درمیان زید اور عمرو یا جان اور تن کے ایک تعدد تاصلی واقع ہے وجود حقیقی ایسا نہین ہے اسلیے کہ اسجگہ غیر فی نفسہ معدوم محض ہے قیسرا اس سے ثابت ہوا یکہ حضرت وجود حقیقی یعنے حق تعالی یکتائے محض اور لاثانی اور واحد حقیقی اور ازلی اور ابدی ہے نہ کبھی مسبوق بالعدم تھا اور نہ معروض بالعدم ہوگا اور واجب بالذات ہے نہ واسطے اوسکے کوئی علت ہے بلکہ اوسی سے قیام ہرشے کا ہے اور غیر اوسکا عدم محض ہے اور واحدی العین اور واحدی الذات ہے کہ تمامی فضاء غیر متناہی واقعی اور نفس الامری حقیقی اوس یکتائے بے ہمتا لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ سے پُر ہے اور موجود ہی واقع اور نفس الامر ہے مثلاً اگر مرکز عالم سے محدود جہات تک بلکہ غیر متناہی تک ایک شخص ہیولانی فرض کیا جاوے تو دیگر شخص ہیولانی خارجی عقل سلیم غیر سقیم تجویز نہین کرسکتی ہے بلکہ محال ہے پس اسی جگہ سے ظاہر ہوا کہ حضرت وجود حقیقی قسم سے ہویات واجبہ مفروضہ ان کو دو کے نہین ہوسکتا ہے اسلیے کہ تعدد ان ہویات کا حسب قول ان کو نہ کے ساتھ حیثیت ہذا غیر ذاکے حقیقت اور تشخص اور تاصل کی رو سے ایک دوسرے سے متباین اور ممتاز ہوگا اور اپنے مرتبے مین رہکر دوسرے کے مرتبے مین قدم نہ رکھ سکے گا

نوان مراقبہ اس امر کی تحقیق مین کہ وجود حقیقی متعین ہے ساتھ تعین حقیقی کے نہ غیر اوسکا واقع ہوکر واقع اور نفس الامر مین ساتھ تعین ذاتی حقیقی کے بحسب مصداق وجود حقیقی ہی متعین ہے جیسے کہ اہل حق کہتے ہین اگرچہ وہ بحسب مفہوم کے مطلق محض ہوا ور نہ وہ جزئی حقیقی ہے و نہ جزئی اضافی کہ کسی کلی کے تحت مین مندرج ہو کلی کہ اپنے جزئیات کی محتاج ہو جیسے کہ فلاسفہ اور اہل منطق کہتے ہین پس عدم کلیت کی وجہ عنقریب ظاہر ہوگی انشاء اللہ تعالی ولیکن اوسکی عدم جزئیت جیسے کہ اہل حق فرماتے ہین پس اسواسطے ہے کہ جو شے واقع اور نفس الامر مین متاصل ہستی محض ہے ضرور بحسب مصداق کے متعین ہوگی بلکہ درحقیقت ذات پاک حق تعالی کی ہی متعین ہوگی اور غیر اوسکا افراد عالم مین سے فقط مجازاً اور اعتباراً متعین ہے اسلیے کہ تعین اور امتیاز اوسکا ذاتی ہے اور کسی دوسری شے سے نہین ہے جو اوسکی ذات پر نام ہو کیونکہ وجود مین کوئی اوسکا مغائر نہین تاکہ اوس سے وجود مین اوسکو مشارکت ہو پھر اوس سے تمیز کی حاجت ہو پس ذات پاک حق سبحانہ وتعالی کی موافق اہل کشف کے اس معنی مین کہ ذات پاک ساتھ ایسے تعین کے جیسے کہ جزئیات انواع اور اجناس کے حسب اصطلاح معقول کے متعین ہوتے ہین متعین نہین ہے کہ موجب امتیاز اور انحیاز دوسری متعینات سے واقع ہووے پس ذات پاک حضرت حق جل وعلی کی اگرچہ اپنے مرتبے میں بنفسہ متعین ہے مگر دوسری متعینات عالم سے ساتھ مباینت اور مزائلت کے ممتاز نہین ہے جیسا کہ مراقبہ چھٹے اور ساتوین سے ظاہر ہے پس یہ دقیقہ ہے کہ اثبات توحید واجب الوجود کا موافق اصول متفلسفین اور متکلمین کے کہ وجودات حقیقیہ متعددہ تجویز کرتے ہین بہت دشوار ہے بلکہ نزدیک اذکیا کے غیر ممکن بخلاف اصول اہل حق کے کہ کوئی اشکال اسجگہ انہ سر غیر وارد کرہ جاتا

پس سرحل ہوا یہ امر کہ تحقق اختلاف وجود کا خواہ خارجی ہو یا ذہنی زمانی ہو یا مکانی اور ایسا ہی اختلاف تمامی موجودات کا خواہ عرش ہو یا کرسی آسمان ہو یا زمین اور جو کچھ کہ درمیان ان دونوں کے ہے بسبب لغو مرکبات میں ہے اخترا عی محض میں مثل ریگ بیابان کے کہ گمان کرتا ہے پیاسا اوسکو پانی گیا رھوان مراقبہ اس امر کی تحقیق میں کہ اطلاق وجود حقیقی کا واجب بالغیر سے بھی ممتنع ہے اور وہ اصطلاح پر ہے کہ اطلاق لفظ حقیقت اور ذات اور ماہیۃ کا از روے حقیقت واجب الوجود پر ہی ہوتا ہے اور بس اور اطلاق اوسکا نقیض وجود پر کہ عبارت عدم محض سے ہے صرف مجاز کے روسے ہے پس دوام وجود کا واجب ہے نہیں تجاوز کرتا ہے وہ ہرگز اوس سے طرف عدم محض کے اور نہیں ہوتا ہے اور نہوگا وجود کبھی معدوم محض ور نہ لازم آوے گا انقلاب حقیقت کا کما مر اور یہ محال ہے آیا نہیں دیکھتا ہے تو اے طالب کسی ممکن خاص کو جیسا کہ زید مثلاً کہ واجب بالغیر ہے جب بوسیدہ ہو جاوین استخوان اوسکے اور اوس حالت سے خاک اور خاک سے آب اور آب سے ہوا اور ہوا سے آتش ہو جاوے پس پایا جاوے گا دوام اوس ممکن مذکور کا پس ہوگا زید مذکور واجب الوجود ابد تک جیسا کہ تھا وہ واجب الوجود ازل سے بھی پس نقل کیا اوسنے ایک مرتبہ سے دوسرے مرتبہ کیطرف یہان تک کہ مولود ہوا وہ اور نام رکھا گیا اوسکا زید اور کچھ نہ تھا نہیں ہے اوس ممکن سکو واجب ہونے مین اسلیے کہ واجب وہ ہوتا ہے کہ جسکا وجود ضروری ہووے اور ممتنع ہوتا ہے انفکاک وجود کا واجب سے اور وجود زید کا یعنی مبدء آثار کے جدا اور منفک نہوا کبھی زید سے کسی مرتبے مین انتقالات اور تغیرات مذکورہ سے بلکہ جدا ہوا اوس سے وہ تشخص کہ مطلق ہے اور یہ ظاہر ہے اور سواے اسکے نہیں ہے کہ جدا ہوئی اوس سے خصوصیت تشخص کی اور یہ خصوصیت تشخص اعتباری محض ہے نہیں منعدم ہوتا ہے وجود اوسکا انعدام سے اوس خصوصیت تشخص کے جیسا کہ نہیں منعدم ہوتا ہے وجود زید بیچ زمانہ حیات اوسکی کے بسبب نقل کرنے اوسکے طفلگی سے طرف جوانی کے اور جوانی سے طرف پیری کے پس حق صاف معلوم ہوا کہ انقلاب اوسکا ایک خصوصیت سے طرف دوسری خصوصیت کے نہیں ضرر کرتا ہے اوسکے وجود اور حق مین اور اس قسم کے انقلاب اور تغیر اعتباری کو امکان خاص کے ساتھ تعبیر کرتے ہین ورنہ مقرر ہے یہ کہ جب تک کوئی شے واجب نہووے وجود مین نہیں آسکتی ہے بارھوان مراقبہ امکان اور اس امر کی تحقیق مین کہ ممکن اور واجب حادث اور قدیم مین کیا فرق ہے واضح ہو کہ امکان ایک نسبت ہے نسب الٰہیہ مین سے اور وہ نسبت حق تعالیٰ کی طرف صفات متقابلہ معقولہ کے جیسا کہ ظہور اور بطون اور اولیت اور آخریت وغیرہ ذلک اور یہ نسبتین باہم متساوی ہین پس منشا امکان کا یہی نسبت متقابلہ ہے اور یہی ممکن من حیث ذات اپنی بنظر تعین علمی کے بغیر ملاحظہ اسباب اور شرائط وجود کے ممکن ہے اور یہی ممکن بعینہ واجب بالغیر ہے بنظر اسباب اور شرائط وجود کے اور یہی ممکن بعینہ واجب لذاتہ ہے بنظر حقیقت اوسکی کے مع قطع نظر تعین علمی اور اسباب اور شرائط وجود خارجی کے پس جبکہ معلوم ہوا کہ وجود یک ہی ہے کہ پایا جاتا ہے اوسمین وجوب اور امکان دو جہت سے پس وجوب باعتبار ذات اور اطلاق کے ہے کہ قدیم ہے اور امکان باعتبار تعین اور تقید اور تغیر کے کہ حادث ہے پس حق تعالیٰ مجمع الکمالات ہے اور کمال اوسکا جامع ہے جمیع المتقابلین سے کہ مراد اوس سے تضایف اور تضاد اور عدم و ملکہ ہین کالاول والآخر والظاہر والباطن والمحیی والممیت والہادی والمضل وغیرہ الیٰ آخرہ والمکین بخلاف نقیضین کے کہ عبارت وجود اور عدم محض سے ہین حاصل یہ کہ حق تعالیٰ تینون تقابلات تضایف و تضاد و عدم و ملکہ کا جامع ہے اور تقابل نقیضین کا جامع نہیں بسبب استحالہ اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین کے کما قال صاحب کلمۃ الحق قدس سرہ
اِذَا الْمُؤْمِنُ يَتَّصِفُ بِالتَّقَابُلِ بَيْنَ الْمُتَقَابِلَيْنِ مِنَ التَّضَادِّ وَالتَّقَابُلِ مِنَ الْعَدَمِ وَالْمَلَكَةِ وَالتَّضَايُفِ

اور تعینات اور اعتبارات اور شیون اور صفات کے ساتھ پس جو عدم بطون کے معنی میں ہے منتسب ہوتا ہے
اوس وجود سے جو ما بہ الموجودیۃ کے معنی میں ہے اور عارض ہوتا ہے وہ عدم جو بمعنی بطون کے ہے جو کہ
اطلاق میں خواہ اطلاق وجود کا قبل متعدد ہونیکے ہو یا بعد رفع قید کے لیکن وہ عدم جو معنی میں نفی عن الواقع
و نفس الامر کے ہے یعنی عدم محض تو کچھ نہیں کہ وجود حقیقی سے جو معنی میں ما بہ الموجودیۃ کے ہے منتسب ہو وسکے کیونکہ
یہ نقیض اوسکا ہے پس درمیان بطون اور ظہور کے نسبت تقابل عدم و ملکہ ہوگی اگر تفسیر کیا جاوے بطون کا
عدم ظہور کے ساتھ کہ شان شے اوسکی یہ ہے کہ ظاہر ہووے اور نسبت تقابل تضاد کی ہوگی اگر تفسیر کیا جاوے بطون کا
ستر کے ساتھ اور ایسی ہی درمیان عدم بمعنی البطون کے اور درمیان وجود بمعنی ظہور کے نسبت تقابل عدم و ملکہ
اور تقابل تضاد کی ہے پس خفی اور مخفی عدم حقیقی کے لوازمات سے ہیں اور ثبوت اور ظہور اپنے وجود کے
وجود حقیقی کے لوازمات سے ہیں ظہور اور [illegible] اور بطون اور [illegible] وجود حقیقی کے عوارض و مقارنات
سے ہیں [illegible] پس یہ سب قیود و اعتبارات
اور شیون [illegible]
[illegible]
[illegible] المطلق واجب الامتناع [illegible]
[illegible]
[illegible] الممکن [illegible] الواجب [illegible]
[illegible]
واجب الوجود [illegible]
[illegible] پس اسی وجود کو بعض بدیہی کہتے ہیں اور بعض نظری کہتے ہیں اور دلائل فریقین کے مطولات
میں مذکور ہیں اور دلائل انکا باوجود منافات کے رجوع کرتے ہیں طرف نزاع لفظی کے اسلیے کہ جو قائل ہیں
بداہت کے مراد لیتے ہیں اوس سے معنی مصدری اور جو قائل ہیں نظری ہونیکے مراد لیتے ہیں اوس سے
معنی ما بہ الموجودیۃ [illegible] یہ ہے کہ وجود ساتھ دونوں معنی کے بدیہی ہے [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] **چودھواں مراقبہ** اس امر کی تحقیق میں کہ وجود عین ماہیات موجودات کا
ہے یا غیر ماہیات موجودات کا اور وہ یہ ہے کہ بعض حکما اور ابو الحسن اشعری اور ابو الحسین بصری
معتزلی کے نزدیک وجود عین ماہیۃ واجب اور عین ماہیۃ ممکن کا ہے اور متکلمین کے نزدیک عکس اسکا

جیسے شقوق باطل ہوگئے ہیں پس ایسا ہی لازم ہی ہے جبکہ منتزع ہونا وجود حقیقی کا ماہیت ممکن سے باطل ہے اور بطلان شق رابع کا
ظاہر ہے اسلیے کہ ہم ملاحظہ کرتے ہیں اور انتزاع کرتے ہیں وجود مصدری کو ماہیت ممکن سے پس اگر وجود حقیقی ماہیت ممکن کا
مقارن ہوتا انتزاع وجود مصدری کا ماہیت ممکنہ سے ممکن ہوتا اور بطلان شق خامس کا اسلیے ہے کہ اگر وجود حقیقی
جز ماہیت ممکن کا ہوگا تو جز آخر یعنے ماہیت ممکن یا تو عین وجود حقیقی کا ہوگا پس اس تقدیر میں درمیان دونوں جز کے
تمیز نہ ہوگی اور یہ خلاف مفروض ہے یا غیر اوسکا ہوگا پس تمیز درمیان اون دونوں کے یا بسبب دیگر وجود کے ہوگی
پس تسلسل لازم آوے گا یا تمیز درمیان اون دونوں کے بسبب عدم کے ہوگی اور یہ ممتنع ہے اسلیے کہ عدم کوئی شئے
نہیں ہے کہ درمیان دو چیز کے تمیز دیوے پس باطل ہوا جز ہونا وجود حقیقی کا ماہیت ممکن میں پس جبکہ شقوق ایسا
اخیرہ باطل ہوئے ثابت ہوا شق اول یعنے وجود حقیقی معروض ہے اور تمامی ماہیات ممکنہ عارض ہیں وجود حقیقی کو
اور منتزع ہیں اوس سے اور وجود حقیقی باوجود وحدت اپنے کے منشاء انتزاع تمامی ماہیات ممکنہ کا ہے
اعتبارات کثیرہ کے ساتھ جیسا کہ کرہ آسمان باوجود اپنی وحدت کے منشاء انتزاع دوائر کثیرہ کا ہے اعتبار کثیرہ کے
ساتھ اور وجود حقیقی موصوف ہے اور تمامی ماہیات ممکنہ اوسکے اوصاف انتزاعیہ ہیں اور یہی وجود حقیقی اون
ماہیات ممکنہ کے لیے ما بہ الموجودیۃ ہے پس مذکورہ بالا سے ثابت ہوا کہ ماہیات ممکنہ وجود حقیقی سے قائم اور اوس سے
منتزع اور اوسکو عارض ہیں اور دلیل حضرات صوفیہ کی اس امر پر کہ وجود حقیقی عین ذات ممکن کا ہے یہ ہے کہ جبکہ
ذات الشیٔ ما یقوم بہ الشیٔ کو کہتے ہیں اور سابق میں ثابت ہوا کہ قیام ممکنات کا وجود حقیقی سے ہے پس ثابت ہوا
کہ وجود حقیقی عین ذات ممکنات کا ہے اور معروض اونکا اگرچہ وہ ممکنات کے ماہیات کا غیر ہووے اور اوس سے
یہ بھی ثابت ہوا کہ ممکن عین واجب کا ہے ذاتا و وجودا اور غیر اوسکا ہے ماہیۃ واعتبارا اور یہ بھی ثابت ہوا کہ ممکن
کے لیے وجود حقیقی نہیں ہے نہ نفس الامر میں و نہ ذہن میں و نہ خارج میں ہاں ممکنات کے لیے وجود بالعرض ہے انکے
وجود منشاء کے ساتھ پس تمامی ممکنات حقائق باطلہ ممتنعات الوجود ہیں بنظر اونکے نفس مفہومات اعتباریہ کے
اور ممکنات الوجود ہیں بنظر انکے منشاء کے اور قابلات ہیں واسطے نسبت وجود منشاء کے طرف اونکے بسبب منتزع ہونکے
وجود منشاء سے پس تمامی ممکنات وہی ہیں اور نسبت وجود منشاء کی طرف ممکنات کے صرف وہی ہے پس قول
بعض حکما کا کہ وجود کے لیے ممکن قابل بالذات ہے محض حکم وہم کا ہے اور حکم عقل کامل غیر مشوب بالوہم کا یہ ہوگا کہ ممکن
ممتنع الوجود ہے بنظر اپنی ماہیت کے اور ممکن الوجود ہے بنظر اوسکے منشاء کے کہ ذات اوسکی ہے پس یہی ہے مذہب
حضرات صوفیہ صافیہ رضوان اللہ تعالی علیہم کا پس باطل ہوا زعم بعض حکما اور ابو الحسن اشعری وغیرہ کا کہ وجود حقیقی
عین ہر ماہیت ممکنہ اور واجب کا ہے اسلیے کہ عینیت وجود حقیقی کی ماہیت ممکنہ کے ساتھ باطل ہے کما مر اور اسواسطے
کہ وجود مصدری انکے بیان بھی ایک مفہوم ہے پس واجب ہے کہ اوسکا منشاء انتزاع بھی کہ ما بہ الموجودیۃ ہے ایک
نہ متعدد بسبب تعدد ماہیات کے اور زعم ان حکما کا اسواسطے باطل ہے کہ اگر وجود حقیقی عین ماہیت ممکن کا ہوتا تو ممکن
واجب ہوتا اور یہ باطل ہے جیسا کہ سابق میں کہا ہوا اور اسواسطے کہ اگر ماہیات متعددہ عین وجود حقیقی کی ہوتیں
حالانکہ وجود حقیقی واحد ہے بسبب وحدت اوسکے لازم ہے کہ وجود مصدری ہے البتہ باطل ہوتا تعدد ماہیات
ممکنہ کا اسلیے کہ وحدۃ الوجود مستلزم ہے اوس چیز کی وحدت کو کہ وہ عین اوسکا ہے اور یہ خلاف نفس الامر کے ہے
اور یہی باطل ہوا قول بعض کا کہ کہتے ہیں کہ وجود حقیقی عین واجب تعالی کا ہے اور غیر ماہیت ممکن کا اور عارض ہے
ماہیت ممکن کو اسلیے کہ پہلے باطل کیا ہے عروض وجود حقیقی کا ماہیت ممکن میں پس باطل ہوئے مذاہب ان سب کے

اگر بالاعتبار ہو اور صوفیہ کی اصطلاح مین واجب الوجود وجود خاکی انسانی کو بھی کہتے ہین یعنی لازم الوجود اسلیے
کہ ظہور روح انسانی کا بدون اس وجود خاکی کے ممکن نہین اسی لزوم کے لیے اسکو واجب الوجود کہتے ہین اور
کبھی ممکن الوجود پر کہ جسم مثالی ہے اور کبھی بمعنی ثبوت عام ہے کہ ثبوت اوسکا وجود خارجی سے ہی استعمال
کرتے ہین پس باعتبار اس معنی کے حضرات صوفیہ کے نزدیک ہر موجود پر وجود کا اطلاق کرسکتے ہین خواہ وہ وجود
موجود حقیقی ہو وسے خواہ انتزاعی واقعی اور عوام علیہ ثبوت مترتب الآثار خارجی پر وجود خارجی اور ثبوت مترتب الآثار
ذہنی پر وجود ذہنی کا اطلاق کرتے ہین اور باعتبار اس معنی کے اطلاق سے لفظ وجود کے ممکنات پر حضرات صوفیہ
انکار نہین کرتے ہین اور وجود بمعنی مابہ الموجودیہ والفعلیہ اور مترتب الآثار کی انکا ہیچ کہ یہ محل نزاع کا ہو
جیسے کہ سابق مین مذکور ہوا حضرات صوفیہ اوسکو وجود حقیقی اور واجب الوجود اور شخص واحد کہتے ہین اور ممکنات
کو وجود اس معنی مین نہین کہتے ہین بلکہ مجعول واجب کا جانتے ہین اوسکو بجعل بسیط لصور اعیان ثابتہ غیبیہ
مترتب الآثار اور کا بنا بجعل مرکب اور صور اعیان کو مترتب الآثار کیا اور یہ مرتبہ مترتب الآثار عالم کثرت سے
اخص مظاہر اوسکا روح اعظم ہے اور مستوی عرش پر یہی روح اعظم ہے اور فرق درمیان معنی ثبوت عام اور مابہ الموجودیۃ
کے عموم و خصوص مطلق کا ہے لیکن وجود ممکن کا بہ نسبت معنی مابہ الموجودیہ کے ایسا ہے جیسے کہ نصفیہ و ثلثیہ جسم
متصل مین ثابت ہے اور وجود اسکا مستقل نہین ورنہ لازم آویگا موجود ہونا اجزاے غیر متناہی خارجی کا بعینہ
مین اور یہ محال ہے پس وجود خارجی بمعنی مابہ الموجودیہ والفعلیہ نزدیک ماتریدیہ کے ایک صفت ہے واجب مین
جو مستوی عرش پر ہے اور ممکن مین کہ عالم کثرت ہے وہی وجود منضم ہوا ہے اور یہ صریح البطلان ہے اسلیے کہ انضمام
وجود خارجی کا غیر وجود کے ساتھ کہ خارج مین موجود ہو کیونکر متصور ہوگا جیسے کہ بطلان اوسکا سابق مین معلوم ہوا
اور اکثر علماء مشائیہ وجود واجب کو جو نزدیک متاخرین عالم کا ہے عین واجب اور وجود ممکن کو صفت منضمہ ساتھ ممکن کے
کہتے ہین اور بدستور سابق انپر بھی وجود ممکن مین اعتراض مذکور وارد ہوسکتا ہے اگرچہ وجود انکے نزدیک منشا
وجود و مصدر بالکہ وجود حقیقی ہے یہ ذات واجب کہ جو انکے بیان متاخرین عالم کا ہے نفس ذات واجب ہو اور منشا
اوسکا بیچ ممکن کے بوصف استناد ممکن بطرف واجب کے ہے اور یہ بھی نادرست ہے اسلیے کہ بیچ منشا ہونے نفسانیہ
کے مثلا جیسا کہ منشا اوسکا نفس انسان ہے ویسا ہی منشا وجود اوسکا ذات ممکن ہے نہ بوصف استناد اسکی
ممکن ہے پس صفت استناد بالواجب کے کچھ معنی نہین اسلیے کہ وہ وحدۃ الوجود کا قائل نہین کہ بالعرض و بالتبع
کہ سکے اور نزدیک اشعریہ کے وجود واجب مین جو مستوی عرش پر ہے ذات واجب ہے اور وجود ممکن مین عین
ماہیۃ ممکن ہے کا قرار اس قول مین دو احتمال ہین ایک یہ کہ ممکنات عدم محض سے خارج ہوگئے ہین جیسا کہ نزدیک
انکے مشہور ہے یہ احتمال صریح البطلان ہے اسلیے کہ عدم محض کوئی شے نہین ہے کہ وہ موجود ہو جاوے اور اوسپر کوئی حکم
مترتب ہو وسے اور احتمال دوسرا یہ کہ واجب نے باوجود قیام خود بوجود اجیبہ اپنے ساتھ ذات ممکنات متباینہ کو مستقل
متشکل کیا ہے اور بطور خیال انسان کامل کے ظہور پکڑا اور بعید نہین ہے کہ مراد حضرت شیخ مجدد رضی اللہ تعالی
عنہ کی بیچ مکتوبات کے کہ کہا اونھون نے کہ وجود ذات کا واجب ہے اور ممکنات کا مخلوق فی الوہم ہے شاید یہی ہو
اسلیے کہ نسبت عدم محض کے قدرت و ارادہ حق تعالی کا کیونکر متعلق ہوگا حضرت مجدد رضی اللہ تعالی عنہ
بخارت واجب اور ممکن بطور حضرات متکلمین کے قائل ہین اور واجب کو روح اعظم جانتے ہین اگرچہ اس لفظ کو
بالعرض ہین پھر بھی بطور قول اہل وحدۃ الوجود کے واجب کو مثل شمع اور ممکنات کو مثل آئینہ کے جانتے ہین کہ آئینہ مین عکس شمع کا پڑتا ہے

اور اگر حق تعالی عرض ہوتا تو کسی موضوع مین قائم ہوتا جو اوسکے قبل بالذات موجود ہوتا پس اس تقدیر مین تقدم الشی
علی نفسہ لازم آتا اور نہ حق تعالی ایک امر اعتباری ہے جیسے کہ ظالم لوگ کہتے ہین اسلیے کہ حق تعالی اوسوقت بذاتہ
موجود تھا کہ جسوقت یہ لوگ موجود نتھے جو حق تعالی کو اعتباری کہتے ہین خواہ یہ لوگ عقول ہون یا نفوس و یا غیر عقول
و نفوس جیسے کہ رسول علیہ السلام نے فرمایا (کان اللہ ولم یکن معہ شیء) پس حقیقت کسی شے کی مرتبۂ
بشرط شے اور مرتبہ بشرط لاشے مین اعتباری ہونے سے نہین لازم آتا ہے کہ حقیقت اوسی شے کی لابشرط شے مین
بھی اعتباری ہووے اور نہ حق تعالی خارج اور ذہن مین قسمت پذیر ہے اسلیے کہ وہ بسیط محض ہے اسیواسطے اوسکے
لیے نہ جنس ہے نہ فصل پس حق تعالی کی حد نہین ہوسکتی ہے اور نہ اوسکو ابتدا ہے ورنہ محتاج ہوگا طرف علت
موجدہ کے بسبب ممکن ہونیکے اور نہ اوسکو انتہا ہے ورنہ اوسکو عدم عارض ہوگا اور یہ محال ہے بہ سبب
انقلاب حقیقت کے و یا بہ سبب موصوف ہونے اوسکے ساتھ نقیض کے کما مر پس وہ ازلی و ابدی ہے کیونکہ
وہ اول اور آخر اور ظاہر اور باطن ہے

سولھوان مراقبہ

ایضاً متعلق بحث وجود مین مراقبات مذکورہ بالا سے
معلوم ہوا کہ وجود من حیث ہو ہو یعنے وجود لابشرط شے خود بخود موجود اور قائم بنفسہ ہے نہ وہ کبھی نیست تھا اور
نہ وہ کبھی نیست ہوسکتا ہے اور نہ نیست ہوگا اور نہ اوسکو کوئی جزو ہے اور نہ وہ جزو دوسرے کسی کا غیر اوسکے
کوئی ہستی نہین واحد ہی النا طوری بالعین یکتا بے ہمتا واحد حقیقی لاثانی محض لیس کمثلہ شیء ہے نہ وہ قسم
عقول اور ارواح اور نفوس سے ہے نہ فلک نہ زمین نہ ملک نہ کوکب نہ آتش نہ باد نہ آب نہ خاک نہ حجر نہ شجر نہ جانور
نہ انسان نہ ہیولی نہ صورت جسمیہ نہ جسم نہ جزء لایتجزی نہ اعراض اور نہ وہ زمانہ نہ بعد مجرد نہ مقید ساتھ قید
اطلاق اور تقید کے نہ کلی ہے نہ جزئی نہ عام نہ خاص وغیرہ وغیرہ متعینات مین سے بلکہ یہ اشیا لازم ہین اوسکو
بحسب مراتب تنزلات و مقامات تفصیلیہ کے بغیر کسی تغیر کے اوسکی ذات و حقیقت مین کما کان کما کان الآن
رفیع الدرجات ذو العرش اور سری وجود مطلق ساری اور متجلی ہے بیچ تمامی تعینات اجمالی اور تفصیلی کے
مثل سرایت سیاہی کے حروف مفردہ و مرکبہ مین اور سرایت واحد کے مراتب اعداد مین اور سرایت موم کے
فرزین و فیل و پیادہ وغیرہ مین اور سرایت تخم کے شجر مین وغیر ذلک من الامثال اور وہ قیوم ہے تمامی مراتب کا
پس وہ باعتبار تنزلات کے مطلق ہے و مقید کلی ہے اور جزئی عام ہے اور خاص واحد ہے اور کثیر وغیر ذلک
افعال تفصیلیہ مین سے بغیر تغیر ذات و حقیقت اوسکی کے ورنہ متصف ہونا نقیض کا ساتھ نقیض کے یا متحد ہونا
اون دونون نقیضون کا لازم آویگا اور یہ محال ہے اسلیے کہ اسمین انقلاب حقیقت کا لازم آتا ہے کما مر اور یہ
محال ہے اور چونکہ حقیقت اوسکی مطلق ہے خارج مین ہمیشہ متحقق ہوگی پس اصل تمامی موجودات کی یہی ایک
وجود ہے اور تمامی کائنات اوس ایک وجود سے صادر ہوئے ہین اور وہ بذات خود بصور موجودات کے متعین
اور متکیف ہوکر بلباس مخلوقات کے ظاہر ہوا ہے اور ذات اوسکی ساتھ تمامی صفات کمالیہ کے بلکہ خلق ظاہر ہوئی ہے
بغیر انقلاب حقیقت اور صفات اپنے کے باوجود اسکے وہ ساتھ اطلاق اور صفات حقیقیہ اور کمالات ذاتیہ
اپنے کے بحال خود ہے اور باوجود اطلاق حقیقت اور صفات اپنے کے ان تعینات اور تقیدات و تشبیہات
کے ساتھ ظہور فرما کر خلق نما ہوا ہے الحق محسوس والخلق معقول ومن هنا اسلیے کہ وجود عام منبسط
سبکی اصل ہے اور موجودات خاصہ کہ حقائق اشیا ہین فروع اوسکے ہین پس یہ خصوصیات بمنزلہ قوالب موہوم
کے ہین متحقق اور موجود بجز وجود عام منبسط کے دوسرا کوئی شے نہین اسلیے کہ اگر ہم کسی موجود متعین کو تحلیل کرین

اور اعراض سے ایک ہی ہے اور یہی ایک ہیولی منشا ہے واسطے انتزاع مفہومات جنس عالی اور جمیع عوالم علوی اور سفلی کے اور یہی ہے وجود حقیقی جل سلطانہ اور یہ متصف ہے ساتھ جوہریت اور عرضیت کے اور قابل ہے واسطے امتداد اور انقسام اور انفصال کے بسبب مراتب تعینات اور تنزلات اپنے کے کہ بیچ بعض مراتب ظہور اپنے کے نام رکھا جاتا ہے اوسکا ہیولا اولی اور بیچ بعض مراتب ظہور اپنے کے صورت جسمیہ اور جسم اور بیچ بعض مراتب ظہور اپنے کے صورت نوعیہ اور انواع اجسام ہیں سے اور بیچ بعض مراتب ظہور اپنے کے عقل اور نفس اور کم اور کیف وغیر ذلک اسما ہیں ہے پس مفہوم موجود کا بلکہ مفہوم وجود کا جنس عالی ہے اور مصداق اوسکا ہیولا اولی اور مادہ مشخصہ ہے واسطے تمامی ممکنات کے لیکن قول حکماے فلاسفہ مشائیہ کا کہ جسم مطلق مرکب ہے دو جوہر سے ایک ہیولی دوسری صورت جسمیہ اور انواع اجسام کے مرکب ہیں تین جوہر سے ایک ہیولی دوسری صورت جسمیہ اور تیسری صورت نوعیہ پس باطل ہے کہ مبنی ہے اونکے مبنائی فاسد پر جو کہتے ہیں کہ فصول انواع کے جواہر ہیں اور تحقیق سابق میں پہچانا تو نے اوس مطالب بطلان اوسکا پس نہیں ہے ترکیب کسی شے کی مرکبات میں سے دو جوہر سے بلکہ ماہیت ہر شے کی مرکب اور مولف ہے جنس عالی اور عرض واحد سے یا دو عرض سے یا چند اعراض سے اور اعراض تقییدات اور تعینات اور اعتبارات ہیں واسطے اوس ایک جنس عالی کے کہ واجب تعالی ہے پس ماہیت جوہر کی مثلاً نزدیک حکماے فلاسفہ کے مرکب ہے موجود اور (لَا فِي مَوْضُوعٍ) سے اور ماہیت عرض کی نزدیک اونکے مرکب ہے موجود اور (كَوْنُهُ فِي مَوْضُوعٍ) سے اور موضوع عرض کا جوہر ہے اور ایسا ہی ہر حقیقت انواع جوہریہ اور عرضیہ میں سے مرکب ہے جوہر سے کہ جنس عالی ہے اور عرض سے کہ وہ ایک قید ہے قیود میں سے اور ایک تعین ہے تعینات میں سے اور ہر مرتبہ میں مراتب تنزلات میں سے زیادہ ہوتی ہے ایک قید اوپر دوسری قید کے مثلاً جس وقت زیادہ کی جاوے ایک قید (لَا فِي الْمَوْضُوعِيَّةِ) کی اوپر موجود کے ہو جاوے گا وہ جوہر اور جس وقت زیادہ کی جاوے اوپر قید (قَابِلٌ لِلْأَبْعَادِ الثَّلَاثَةِ) کی بھی ہو جاوے گا وہ موجود جسم اور جس وقت زیادہ کی جاوے اوپر قید (النَّامِي) کی بھی ہو جاوے گا وہ موجود نبات اور جب زیادہ کی جاوے اوپر قید (الْحِسِّيِّ وَالْمُتَحَرِّكِ بِالْإِرَادَةِ) کی بھی ہو جاوے گا وہ موجود حیوان اور جب زیادہ کی جاوے اوپر قید (النَّاطِقِ) کی بھی مثلاً ہو جاوے گا وہ موجود انسان اور جس وقت زیادہ کی جاوے اوپر قید دوسری کلی کی ہو جاوے گا وہ موجود صنف اور جب زیادہ کی جاوے اوپر ایک قید یا چند قیود تشخص اور تعین اوسکے کی جیسے کہ سواد و بیاض وغیرہ ہے ہو جاوے گا وہ موجود شخص اور یہ مذکور بیچ ترکیب انواع جواہر اور اشخاص اوسی موجود کی ہے نزدیک فلاسفہ کے وقس علیہ حال انواع العرض و اشخاصہ پس جبکہ وجود عرض کا وجود موضوع سے مغائر نہیں ہے پس جنس عرض اور جوہر کا ایک ہی ہے کہ وہ موجود مطلق ہے اور یہ قیود متنوعہ واسطے عرض کے ہیں بعینہ وہی قیود متنوعہ اوس موجود کے ہیں جو جنس عالی ہے پس جیسے کہ جوہر مصطلح فلاسفہ کا ایک اسم ہے اسماے حسنی موجود مطلق میں سے ویسا ہی عرض بھی ایک اسم ہے اسماے حسنی میں سے اوسی موجود مطلق کے پس اس تقریر سے صاف ظاہر ہوا کہ جواہر مصطلح فلاسفہ بھی اعراض ہیں سے ہیں جنکو وہ جواہر کہتے ہیں ماحصل یہ کہ عالم میں کوئی نوع ایسا نہیں ہے کہ بسیط محض ہووے سواے وجود حقیقی کے اگرچہ فلاسفہ زعم کرتے ہیں کہ بعض اوسکا بسیط ہے اور بعض اوسکا مرکب پس نہیں ہے وجود میں کوئی شے بسیط سواے اوس جنس کے کہ وجود حقیقی واجب تعالی ہے جل سلطانہ اور ہر ہر نوع اون انواع میں سے کہ تحت میں وجود حقیقی کے ہیں ایک ایک ماہیت ہے کہ مرکب ہے جنس عالی سے

حیولیۃ وجود مطلق کے واسطے تمامی موجودات کے البتہ صحیح ہوتا قول اونکا کہ جنس عالی جوہر ہے لیکن اس تقدیر مین
بھی اونکا بہت مقالات فاسدہ باقی رہجاوینگے جیسے قول اونکا کہ فصول جواہر کے جواہر ہین اور فصول علل موجدہ مین
واسطے اجناس کے اور معطی وجود واسطے اون اجناس کے اور تمام عقول اور نفوس مجردات ہین سے اور تمام اجسام
اور اجزاء اجسام کے ہیولی اور صورت جسمیہ اور صورت نوعیہ مین سے جواہر ہین اور سواے اسکے اور بھی بہت سے
اقوال ہونگے ہین کہ سابق مین فساد انکا ظاہر ہوا ہے اور اگر کوئی کہے کہ جبکہ موجود مطلق جوہر اور جنس عالی ہوا تمامی
موجودات کے لیے اس سے لازم آیا یہ کہ تمامی موجودات خاصہ کہ انواع اوسکے ہین جواہر ہوویں نہ اعراض بسبب
صادق آنے تعریف جوہر کے اوپر کل کے (کانہ لا فی موضوع) ہے اسلیے کہ جب ایک جزء اون اجزاء مین سے
موضوع مین نہوا پس نہونگے کل اجزاء بیچ موضوع کے جواب دینگے ہم کہ سابق مین ثابت ہوا ہے کہ انواع متحد ہین ساتھ
جنس عالی کے از روے ذات اور وجود کے اور متغائر ہین جنس عالی سے از روے ماہیۃ اور مفہوم کے اور ظاہر ہے
یہ بات کہ مفہومات تمامی ماہیات کے مفہومات اشتقاقیہ ہین یعنے ایک ذات ماخوذ ہے ساتھ مفہوم کے جیسے کہ مفہوم
ضارب کا مرکب ہے ایک ذات اور صفت ضرب سے اور ضرب جو ایک صفت قائم ہے ساتھ ذات کے اور تمامی مفہومات
مشتقات کے اعراض اور صفات ہین کہ قائم ہین ساتھ ذات موضوع اور موصوف کے پس تمامی مفہومات کا قیام
موضوع سے ہے پس اس صورت مین تمامی مفہومات اعراض ہوئے نہ جواہر جیسے کہ سائل کہتا ہے پس موجود مطلق
اپنے مرتبۂ اطلاقیت مین جوہر اور واجب ہے از روے ذات اور ماہیۃ کے اور موجود مقید کہ مرکب ہے ایک عرض
دیا چند اعراض سے ممکن ہے از روے ماہیۃ اور مفہوم کے اور جوہر ہے از روے ذات کے جیسے کہ کاتب اور
ضاحک اور ضارب وغیرہ اعراض ہین باعتبار مفہومات اور ماہیات اپنے کے اور جواہر ہین باعتبار ذات
اپنے کے پس توہم حکما اور متکلمین کا کہ ماہیات جوہریہ جواہر ہین فاسد اور غلط فاحش ہے اسلیے کہ اونکی اصطلاح کے
روسے بھی کوئی شئے ماہیات جوہریہ مین سے جوہر نہین ہو سکتی ہے اور جبکہ ثابت ہوئی یہ بات کہ ماہیات ممکنہ خواہ
جوہریۃ ہوویں ویا عرضیۃ اعراض ہین اور قائم ہین ساتھ موضوع واحد کے کہ واجب تعالی ہے اور جواہر ثانیہ بسبب
اونکے اعراض ہونیکے نہین صلاحیت رکھتے ہین اسبات کے کہ کوئی دوسرا عرض ساتھ اونکے قائم ہووے بسبب استحالہ
قیام العرض بالعرض کے پس اس سے ظاہر ہوا کہ عالم تمام عرض ہے کہ قائم ہے ساتھ ایک ہی موضوع کے کہ حق سبحانہ
وتعالی ہے اور جبکہ ثابت ہوا کہ ہیولی تمامی عوالم کا وجود حق تعالی کا ہے کہ قدیم اور واجب ہے اور اپنے وجود مین
کسیکا محتاج نہین بلکہ جتنا ماسوا اوسکے ہے محتاج ہے اپنے وجود اور ظہور مین اوسیکے طرف باطل ہوا جو کچھ کہا حکما نے
بیچ اثبات تلازم کے درمیان ہیولی اور صورت کے کہ ہیولی محتاج ہے اپنے وجود اور ثبوت مین طرف صورت کے
تعالی اللہ عن ذلک علوا کبیرا ہان البتہ حق تعالی ظاہر نہین ہوتا ہے بسبب ابہام اور خفاء اوسکے کے
مرتبۂ اطلاق مین بوجہ کمال اشراق اور ظہور اوسکے کے ابصار اور بصائر پیگر بعد تلبس اوسکے کے ساتھ لباس صفات
اور صور اور تعینات کے اور یہ امر حیرت انگیز ہے کہ باوجود کمال اشراق اور ظہور وجود حقانی کے مظاہر کونیہ مین
ابتک اکثر کے نزدیک مخفی ہے جیسے کہ تھا یہاں تک کہ اکثر نظار مظاہر کونیہ مین اوسکے ظہور کے منکر ہین جیسے کہ آنکھ
بسبب کمال ظہور واشراق نور شمس کے شمس کو نہین دیکھ سکتی ہے سواے پردۂ سحاب وغیرہ کے ویسی ہی شان
وجود مطلق کی ہے کہ بوجہ کمال ظہور واشراق نور اوسکے کوئی دیکھ نہیں سکتا ہے مگر آڑ مین حجب ہیولی اور
مظاہر کونیہ کے پس وقت دیکھنے کسی شے کے پہلا نور وجود اوسکا دکھائی دیتا ہے بعد اوسکے الوان اور اشکال

بلکہ اسوقت منشا تشکیک کا امر خارج عن الماہیۃ ہوگا اور یہ خارج عن البحث ہے اور ہمارے نزدیک مذہب اشراقیہ کا
حق ہے اسلیے کہ حکماے مشائیہ بھی وجود مین تشکیک کے قائل ہین کیونکہ وہ کلی مشکک کی مثال وجود کو لاتے ہین
اور وجود ایک ماہیت ہے ماہیات مین سے اور ایک مبدا ہے مبادی مین سے اور جبکہ مشائیہ کے نزدیک وجود مین
تشکیک ثابت ہوئی دیگر ماہیۃ اور مبادی مین بھی تشکیک ثابت ہوگی اور فقط مشتقات مین تشکیک منحصر نہوگی اور
اقرار حکماے مشائیہ کا کہ تشکیک فقط مشتقات مین ہی ہوتی ہے باطل کرتا ہے اونکے مذہب کو کہ انکار تشکیک
فی الماہیات والمبادی ہے اسلیے کہ حمل مشتقات کا متفرع اور موقوف ہے اوپر مبادی کے کہ قائم ہین ساتھ
معروضات کے پس جبتک کہ مبادی اور ماہیات مبادی مین تشکیک متحقق نہو کیونکر مشتقات مین تشکیک متحقق
ہوگی مگر یہ کہ تمامی ماہیات متساوی نہین ہین قبول تشکیک مین کیونکہ ماہیات نوعیہ بعض اونکے مشکک ہین جیسے کہ انسان
اسلیے کہ حمل انسان کا اوپر بعض افراد کے اولی ہے جیسے کہ اصحاب نفوس قدسیہ ہین کیونکہ اونمین آثار انسانیت کے
ساتھ مبدء اول کے اقوی اور اظہر ہین دوسری افراد سے جنس اور مشکک ہین شہوانیہ ہین اور بعضی اونکے
متواطی ہین جیسے کہ سواد شدید اور سواد ضعیف اسلیے کہ مراتب شدت سواد کے مساوی ہین اس نوع کے تمامی
افراد مین جیسے کہ سواد غراب مثلا مساوی ہے اوسکے تمامی افراد مین لیکن تمامی ماہیات جنسیہ قابل تشکیک کے
ہین کیونکہ تمامی ماہیات جنسیہ اوپر مختلفۃ الحقائق کے محمول ہوتے ہین اور جبکہ سابق مین یہ بات ثابت ہوئی کہ تمامی
ماہیات ممکنہ ماہیات اشتقاقیہ ہین اور حکماے مشائیہ کے نزدیک تشکیک مشتقات مین جاری ہے پس واجب ہوا کہ کل
ماہیات مین تشکیک جاری ہووے اسلیے کہ ماہیات بھی مشتقات مین سے ہین اور بعض ماہیات ہین نفس الامر مین
اشتقاقیہ ہین حاصل اس مراقبہ کا یہ ہے کہ جملہ ماہیات ممکنہ عوارض ہین مثل دیگر اعراض مشتقہ کے اوس ایک وجود
حقانی پر کہ ہیولی جمیع عوالم ہے **تیسوان مراقبہ** ماہیۃ اور تعریف مطلق علم کی تحقیق مین واضح ہو کہ واسطے علم کے
دو معنی ہین ایک معنی مصدری دوسری معنی ماہیۃ المعلومیۃ جیسے کہ حکما کے نزدیک وجود کے دو معنی ہین پس معنی مصدری
مین کسیکا خلاف نہین لیکن حکما نے اوسکی تعریف اور تحقیق ماہیۃ مین اختلاف کیا ہے چنانچہ اوسکی تعریف مین چند
قول ہین الاول انہ العلم حصول صورۃ الشی فی العقل الثانی انہ حصول صورۃ الشی عند العقل
الثالث انہ حصول الشی عند العقل الرابع انہ وجود المعلوم للعالم مطلقا الخامس انہ
وجود العلم [illegible] السادس انہ [illegible] الشی من المعلوم السابع انہ
ازالۃ الجہل [illegible] الثامن انہ [illegible] المعلوم للعالم [illegible] التاسع انہ
[illegible] العاشر [illegible] المعلوم [illegible] مذکورہ
معنی مصدری ملکہ ہی [illegible] الحادی عشر انہ
الصورۃ الحاصلۃ من الشی [illegible] الثانی عشر انہ [illegible] الثالث عشر انہ حالۃ
اجمالیۃ [illegible] الرابع عشر انہ [illegible] الخامس عشر انہ اضافۃ بین العالم والمعلوم لیکن
تحقیق اور تحقیق حقیقت ماہیۃ علم کی اس طرح پر ہے کہ علم ایک شے کی عبارت ہے کشف اور ظہور اور تمیز اوس شے سے نزدیک
عالم کے پس مابہ الظہور حقیقت علم کی ہے اور سابق مباحث وجود سے معلوم ہوا کہ جس چیز کے سبب سے ظہور اشیا کا ہے
وہ وجود حقیقی ہے پس وجود حقیقی حقیقت علم کی ہے اسلیے کہ ظہور اور وجود ماہیات عالم کا وجود حقیقی سے ہے اور وجود
حقیقی مین وجود معلوم کا ہے کیونکہ سارا عالم اوسکا وجود ہے اور مراد وجود سے وہ ذات ہے جو بذاتہ موجود ہے اور وجود

علم انفعالی ہے۔ اور دوسرا فریق قائل ہے کہ علم حق تعالیٰ کا علم فعلی ہے اور جو فریق قائل علم انفعالی کا ہے اوسمیں
دو مذہب ہیں اور یہ دونوں مذہب نقل کرتے ہیں علم فعلی کی مذہب اول یہ کہ علم حق تعالیٰ کا انفعالی اور تفصیلی
ہے اور مرتب اور متجدد ساتھ ترتیب حوادث کے اور مراد اس علم سے موجودات حادثہ ہیں دوسرا مذہب یہ کہ علم
حق تعالیٰ کا انفعالی تفصیلی ہے غیر مرتب ساتھ ترتیب حوادث کے بلکہ دفعۃً آن واحد میں وجود دہری کے ساتھ جملہ
موجودات موجود ہوتے ہیں اور جو فریق قائل علم فعلی کا ہے اور کہتا ہے کہ یہ علم مقدم ہے ایجاد عالم پر اسمیں آٹھ
مذہب ہیں مذہب اول یہ کہ علم فعلی حق تعالیٰ کا وجود حق تعالیٰ کا ہے اور وجود عین ذات حق تعالیٰ کا ہے اور وہ
بعینہٖ وجود تمامی موجودات کا ہے اور یہی مذہب اہل حق کا ہے کہ اس پر حضرات صوفیہ کرام اور محققین حکما ہیں اور اسی
علم کو علم اجمالی کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں اور اجمالیت اس علم کی باعتبار اوسکی وحدت کے ہے نہ باعتبار عدم تفصیل
و تمیز کے اوسمیں تعالی اللہ عن ذلک علوا کبیرا دوسرا مذہب یہ کہ علم فعلی حق تعالیٰ کا صور ممکنات ہیں جو بانفسہا
قائم ہیں نزدیک حق تعالیٰ کے اور معبر ساتھ مُثُل افلاطونیہ کے تیسرا مذہب یہ کہ علم فعلی حق تعالیٰ کا صور ممکنات ہیں
جو ذات حق تعالیٰ میں قائم ہیں اور یہ مذہب شیخ ابو علی سینا اور شیخ ابو نصر فارابی کا ہے چوتھا مذہب یہ کہ علم فعلی حق تعالیٰ
کا عین ذات حق تعالیٰ کا ہے اور ذات حق تعالیٰ کی مثل صور علمیہ تمامی موجودات کے ہے پانچواں مذہب یہ کہ علم فعلی
حق تعالیٰ کا عین ذات حق تعالیٰ کا ہے اور ذات حق تعالیٰ کی مبدء انکشاف موجودات کا اوس وجود کی جہت سے
ہے جو عین ذات حق تعالیٰ کی ہے چھٹا مذہب یہ کہ علم فعلی حق تعالیٰ کا عین ذات حق تعالیٰ کا ہے اور یہ وجود موجودات
کا ہے وجود اجمالی کے ساتھ اور یہ عین مذہب اول ہے مگر مذہب اول کی تعبیر اس سے زیادہ صاف ہے ساتواں مذہب یہ کہ
علم فعلی حق تعالیٰ کا عین ذات حق تعالیٰ کا ہے اور یہ علم وجود موجودات کا ہے وجود تفصیلی ظلی کے ساتھ اور یہ مذہب
بھی غیر مذہب اول کا نہیں ہے اور تفصیلی کہنا اونکا اس لحاظ سے ہے کہ علم باری تعالیٰ میں تمیز تام ہے اور وجود
ممکنات کو وجود ظلی اسواسطے کہتے ہیں کہ وجود ظلی اونکے بیان عبارت ہے اوس وجود سے کہ وہ مبدء انکشاف کا ہو اور
اسمیں شک نہیں ہے کہ وجود ممکنات کا قبل ظہور ممکنات کے مرتبہ اطلاق میں وجود واجب کا ہے مبدء آثار ممکنات
کا نہیں ہے پس وجود ممکنات کا اوس مرتبہ میں وجود ظلی ہے آٹھواں مذہب یہ کہ علم فعلی حق تعالیٰ کا ثبوت موجودات
کا ہے غیر ذات حق تعالیٰ کا اور قائم ساتھ حق تعالیٰ کے یہ مذہب بھی غیر مذہب اول کے نہیں ہے اسلیے کہ یہ علم گو غیر
ذات اور زیادہ علی الذات ہے علم مصدری اور وجود مصدری ہے اور یہ علم اہل حق کے نزدیک بھی زائد علی الذات
ہے لیکن علم حقیقی حق تعالیٰ کا کہ وجود حقیقی ہے واسطے واجب اور تمامی ممکنات کے نزدیک محققین کے عین ذات حق تعالیٰ
کی ہے بغیر ذات حق تعالیٰ کی پس حاصل یہ کہ مآل ان دسوں مذہب کا پانچ صورتوں پر ہے اول یہ کہ علم حق تعالیٰ کا ممکنات
موجودہ متعاقبۃ ترتیب حوادث کے ساتھ دوسری یہ کہ علم حق تعالیٰ کا ممکنات موجودہ ہے دفعۃً وجود دہری کے ساتھ
تیسری یہ کہ علم حق تعالیٰ کا صور ممکنات ہے جو قائم بانفسہا ہیں حق تعالیٰ کے نزدیک قبل وجود ممکنات کے چوتھی یہ کہ
علم حق تعالیٰ کا صور ممکنات ہے جو ذات حق تعالیٰ کے ساتھ قائم ہیں اور ذات پر زائد ہیں پانچویں یہ کہ علم حق تعالیٰ کا
وجود ممکنات کا ہے جو عین ذات حق سبحانہ و تعالیٰ کی ہے چار صورتیں اول کی باطل ہیں بسبب لزوم جہل کے مرتبہ
ذات میں موافق ان چار مذہب کے تعالی اللہ عن ذلک علوا کبیرا ساتھ لزوم دیگر محذورات کے جو مطولات میں مذکور
ہیں اور پانچویں حق قابل اتباع ہے بقول المحقق کمثل ما قال الشیخ محی الدین ابن العربی قدس سرہ
فی مشارحہ بعض [illegible] ان الهویة الذاتیة مطلقة بالاطلاق [illegible] حقیقتها

اون انواع کے اوّلی ہین اور بعض اونکے ثانوی تفصیل اوسکی یون ہے کہ وجود حقیقی جو عبارت موجود حقیقی واجب تعالی سے ہے جنس عالی ہے واسطے تمامی موجودات کے جواہر اور اعراض مشہورہ مین سے اور یہ تمامی موجودات اعتبار انتزاعیہ ہین اوس ایک وجود حقیقی سے اور تقییدات اور تعینات انتزاعیہ اوس سے اور اعدام اور فصول اور تجابات اوس ایک ذات مقدس کے اور مبادی اوسکے ظہور کے اور تنزلات مین مرتبہ غیب او رخفاکے اور بروز مین اوسکے استواء کے باعتبار مرتبہ اطلاق کے کہ کمال اشراق کو ساتھ کرلیں موجود حقیقی باعتبار (لَا فِیْ مَوْضُوْعٍ) ہوگی عقل اوسکو جوہر کہتے ہین اور باعتبار (فِیْ مَوْضُوْعٍ) ہونیکے اوسکو عرض کہتے ہین پس عرضیۃ اور جوہریۃ دونون انواع اوّلی مین سے ہین اوس ایک موجود کے بشرطیکہ حیثیت (لَا فِیْ مَوْضُوْعٍ) کو واسطے موجود مطلق کے قید قرار دیا جاوے اور اگر اوس حیثیت کو واسطے اطلاق موجود مطلق کے بیان قرار دیا جاوے پس موجود مطلق جنس عالی ہے اور انواع جوہر کے کہ مجردات اور مادیات مین سے ہین اور ایسا ہی بعض انواع عرض کے جو اعتباری محض ہین بلکہ وہ متحقق وجودی ہین کم وکیف وغیرہ مین سے انواع ثانویہ ہین واسطے اوس جنس عالی کے اور اعتبارات مختصہ ان انواع مین فصول ہین پس زعم حکما کا جو کہتے ہین کہ وہ جوہر کہ اونکے نزدیک ممکنات مین سے ہے جنس عالی ہے غلط فاحش ہے کَلٰکِنْ مُعَقِّیْ لِغُنُوْمِ ذٰنِیْ شَمِیْلٌ ای کُوْجُدٌ دِ الَّذِیْ مِّحْنُ جِنْسٍ مَاءٍ ہان اگر وہ لوگ اوس موجود (لَا فِیْ مَوْضُوْعٍ) سے وجود مطلق حقیقی مراد لیوین اور اوسکا نام جنس عالی رکھین البتہ قول اونکا صحیح ہوگا لیکن اس تقدیر مین بھی گردانا اونکا جوہر مطلق کو جنس عالی واسطے جواہر مرکبہ کے اور گردانا اونکا اس جنس عالی کو عرض عام واسطے بسائط کے اور نکالدینا اونکا عرض اور انواع عرض کو داخل ہونے سے تحت مین جوہر کے صحیح نہوگا اور بر تقدیر اول کے یہ جوہر مطلق اونکا جنس عالی نہوگا بلکہ جنس متوسط ہوگا اور گردانا اونکا جوہر کو جنس واسطے مرکبات جوہریہ کے سوا بسائط جوہریہ کے اور گردانا اونکا عرض کو عرض عام واسطے مقولات تسع عرضیہ کے اور جنس نگردانا اوس عرض کو تحکم محض ہے اسلیے کہ عرض کا جنس ہونے سے کوئی مانع نہین ہے جیسے کہ جوہر کا جنس ہونے سے کوئی مانع نہین ہے اور بھی فرق کرنا اونکا اصطلاح پر کہ جوہر کیلیے قبل اضافت فصل کے اوسکے طرف ایک مفہوم متحصل متعقل ہوتا ہے اور عرض کے لیے قبل اضافت فصل کے طرف اوسکے کوئی مفہوم متحصل متعقل نہین ہوتا ہے تحکم بحت ہی اور غیر قابل اعتنا کیونکہ اسکے بیان بھی واسطے ہر ایک جوہر اور عرض کے مفہوم متحصل ہے اور نہین کسی طرح کا ابہام نہین کہ موجب عدم تصور مفہوم کا ہووے اور دونون جنس اور عرض جنس ہین بنسبت ماتحت اپنیکے اور انواع ہین بہ نسبت فوق اپنیکے اور مبہم ہین بہ نسبت تحت اپنیکے اور متحصل ہین بہ نسبت فوق اپنیکے پس وجود مطلق مبہم صرف ہے اور بس کہ بسبب کمال اشراق کے معقول پر مخفی ہے اور تحقیق متذکرہ بالا سے یہ بھی معلوم ہوا کہ فصول جواہر اور اعراض کے جو اونکے بیان مشہور ہین محض اعراض انتزاعیہ ہین پس زعم حکما کا جو کہتے ہین کہ فصول جواہر کے واجب ہے کہ وہ بھی جواہر ہون باطل ہے اور مبنی ہے اوپنے زعم فاسد پر جو کہتے ہین کہ فصل علت موجدہ ہے واسطے جنس کے اور معطی وجود اوسکا اور فصل ایک علت ہے اور محتاج الیہ پس واجب ہے کہ معلول سے ادنی نہو اور کہتے ہین کہ عرض جوہر سے ادنی ہے اور محتاج ہے طرف جوہر کے اور صلاحیت نہین رکھتا ہے کہ عرض مصدر اور علت ہووے واسطے جوہر کے اور وجہ بطلان اس زعم کی یہ ہے کہ سابق مین معلوم ہوچکا ہے کہ فصل نہ علت موجدہ جنس کی ہے اور نہ معطی وجود اوسکی بلکہ مزیل خفا جنس کی ہے اور دور کرنے والی ابہام اوسکی کی پس جبکہ خفا اور ابہام جنس عالی کا اوسکے کمال اشراق کے سبب سے ہے مثل شمس کے پس لامحالہ روشنی اوسکے خفا کی مزیل ہوگی ظلمت ہوگی جیسے کہ ابر واسطے شمس کے

کہ امور اعتباریہ مین سے ہین جو کچھ کہ عوام مین مشہور ہے کہ مطلق کو وجود نہین ہے غلط محض ہے اسی جگہ سے ہے کہ کہا ہے
مین موجود اصلی کلی طبعی ہے لیکن فی حد ذاتہ کلی طبعی کے بارے مین تین قول ہین پہلا قول یہ کہ وجود افراد کو ہے اور کلی طبعی
اوس سے منتزع ہے یہ لوگ موجود کو تشخص مین محصور رکھتے ہین کہ اگر کلی طبعی موجود ہو وے پس تشخص یا تو کلی موجود
متشخص مین منضم ہوگا یا کلی معدوم مین پس صورت اولی مین کلی قبل تشخص کے متشخص ہونا لازم آتا ہے اور صورت
ثانی مین انضمام موجود کا معدوم کے ساتھ لازم آتا ہے اور یہ ممتنع ہے اور نیا ان لوگون نے کہ بغیر علاقہ کے اطلاق کے
درمیان افراد انسان کے معنی انسانیت واحد کا افراد یعنی زید و خالد و بکر وغیرہ سے کیونکر منتزع ہو سکتے ہین زید
اور عمرو سے تعین ہو سکتے ہین اور جو کچھ جواب مین لکھتے ہین کہ وہ علاقہ مجہولۃ الکنہ ہو نادانی ہے نہین جانتے ہین
کہ بالبداہت وہ علاقہ مجہولہ افراد متعینہ سے خارج نہین ہے اور مراد اوس علاقہ مجہولہ سے کلی طبعی ہے اور موجود
کہ جسپر احکام مترتب ہین اور موجود فقط تشخص پر منحصر نہین اونھون نے معنی کلی کو نہین سمجھا کہ در باطن تشخصات کلی مین
مندرج ہین گو بظاہر موجود نہون دوسرا قول یہ کہ کلی طبعی ضمن مین افراد کے موجود ہے کہ تشخص کلی مین ملکر موجود
ہوا ہے انھون نے بھی معنی کلی کو نہین سمجھا چنانچہ بطلان اسکا تیسرے قول سے ظاہر ہوگا انشاءاللہ تعالی تیسرا
قول کہ صحیح اور معتبر ہے یہ ہے کہ کلی طبعی کو وجود بنفسہ ہے اور ما بہ الاشتراک اور ما بہ الامتیاز شئے واحد ہے کہ وہ ذات
کلی طبعی ہے شرکت اور فردیت کہ دونون باہم مفہوم متغایر رکھتے ہین بطون مین اوس کلی کے مندرج ہین گو مفہوم
اشتراک اور امتیاز کا جدا جدا ہو مگر شئے واحد مین بنظر وجہ اختلاف اعتباری کے ضدیت نہین رکھتے پس اس صورت
مین بالکلیہ حاجت انضمام تشخص کی ساتھ کلی طبعی کے نرہی اور بنفسہ مشترک اور کلی ہوتا اوسکا مشعر ہے اپنی ممتاز
ہونے پر بیچ صورت افراد اپنے کے مثلا انسان موجود ہے اور تشخص تصور اوسکے وقوع شرکت سے مانع نہین ہے
پس بنفسہ مشترک ہونا اوسکا مستلزم ہے اپنے صاحب امتیاز ہونے پر بیچ صور مختلفہ اور اطوار متنوعہ کے پس ہوا بعینہ
حضرات موحدین قائلین وحدۃ الوجود ذات او صفات حق تعالی کے بیان مین موافق کشف اور شہود اپنے کے کہتے ہین
کہ ظاہر اور باطن غیب اور شہادت معنی اور صورت مین بجز ایک ذات اور ایک حقیقت اور ایک وجود کے دوسری
کوئی شئے موجود نہین اسی جگہ سے حضرت شیخ سعدالدین حموی قدس سرہ فرماتے ہین رباعی حق جان جہان ست وجہان
جملہ بدن + ارواح و ملائک چو حواس این تن + افلاک و عناصر و موالید اعضا + توحید ہمین ست دیگر شیوہ و فن
پس جیسے کہ قیام کثرت بدن کا اوپر وحدت جان کے ہے ویسا ہی قیام کثرت جان اور کثرت اکوان کا اوپر جان
جہان اور خالق جان کے ہے اور اگر کوئی کہے کہ مسئلہ وحدۃ الوجود مخالف عقل کے ہے اسلیے کہ بداہۃ عقل حکم کرتی ہے
باستحالہ ظہور واحد کے کثرت مین پس وحدۃ الوجود درست نہین تو جواب اوسکا یہ ہے کہ جو عقل کہ مکتسب علوم باستدلالات
عقلیہ ہے حکم اوسکا خالی اغالیط سے نہین اور یہ حکم بداہۃ مذکورہ کا حکم عقل سلیم کا نہین ہے بلکہ یہ حکم وہم کا ہے تلبیس
اضلال شیطان سے حکم باطل کو بدیہی دکھلاتا ہے اسیواسطے عقل استدلالی کی مشوش ہے اور پریشان کہ کبھی ظہور
واحد کا کثرت مین محال تجویز کرتی ہے اور کبھی اوسکو جائز رکھتی ہے جیسے کہ پایا جانا ماہیۃ واحدہ کا کہ کلی طبعی ہے بیچ اشخاص
کثیرہ مین پس کہان باقی رہا حکم بداہۃ کا باستحالہ ظہور واحد کے کثرت مین اگر عقل ضعیف ہے کہ واقع اور نفس الامر تک
ہے ادراک کر سکتی ارسال رسل اور انبیا علی نبینا و علیہم السلام کی حاجت تھی اور جب ارسال رسل اور انبیاء
علیہم السلام کی حاجت ہوئی تو معلوم ہوا کہ عقل استدلالی قابل اعتماد کے نہین ہے لیکن عقل سلیم کاملین کی کہ
بلا تاویل نصوص کی مکتسب علوم بریاضات اور مکاشفات اور مشاہدات کے ہے اور منور بنور الہی اور تابع رسل ہو

ذہن متکلم و سامع سے کتاآر اور مستقر ہے اسلیے کہ اگر استقرار کلام کا ذہن میں متکلم اور سامع کے نہو تا تکلم اور سماعت
اوس سے ممتنع ہوتا اور جیسا کہ تمام حرکات محسوسہ ہر متحرک کے اور نشو و نماے اطفال وغیرہ کا آغاز سے انجام تک
ذہن میں دیکھنے والونکے صور علمیہ او رحاضر ہوتے ہیں اور ایسا ہی ہر شخص جانتا ہے کہ منامات میں بعض حوادث
آیندہ بجمیع خصوصیتہاے زمانی و مکانی مطابق اوس چیز کے کہ واقع ہونیکا ہے بعینہا دیکھتا ہے بلا تغیر کے مرئی ہوتے
ہیں حالانکہ وہ امور ابتک خارج میں وجود نہیں رکھتے ہیں اور نہ دماغ اوسکی گنجایش رکھتا ہے ہو ایسا ہی ہے
کشف صحیح کو بعض اوقات بحالت بیداری چشم بصیرت میں وقائع آیندہ مع تا مشہود ہوتے ہیں اور عند الوقوع
دوسرا شخص بھی مطابق اوسکے مشاہدہ کرتا ہے پس جائز ہے کہ او پر اس طور کے نہ او پر اس حقیقت کے تمام امور
غیر قارہ کہ متغیر ہوا کرے اور حوادث میں بیچ علم ازلی حضرت حق جل و علی کے ساتھ تمامی خصوصیات اور استعدادات زمانی اور
مکانی کے کہ ازل سے ابد تک ظاہر ہونیکے ہیں او پر سبیل انطوا اور اشتمال کے حاضر اور مشہود ہوویں پس صورت
میں وجود اور حلول حوادث کا ذات باری تعالی میں لازم نہ آیا قال الشیخ صدر الدین القونوی قدس سرہ فی
مقدمتہ لشرح الفصوص والحق ان کل من انصف یعلم من نفسہ ان الذی ابدع الاشیاء واخرجہا
من العدم الی الوجود سواء کان انعدامہا سابقا او لاحقا مالم یعلم تلک الاشیاء بحقایقہا فی
نفوسہا الازلیۃ الذہنیۃ والخارجیۃ قبل ایجادہ ایاہا والا لا یمکن اعطاء الوجود لہا
فالعلم بہا والفعل بانشائہا لذا ان یکون ذاتہ تعالی وعلمہ الذی ہو عین ذاتہ محلا للامور
المتکثرۃ المتغیرۃ اذا کانت غیرہ تعالی کما عند المحجوبین عن الحق واما اذا کانت عینہ من
حیث الوجود والحقیقۃ وغیرہ باعتبار التعین والتقید فلا یلزم ذلک لان الحقیقۃ لیس حالا
ولا محلا لشیء لاجل ظہورہا بالصفۃ تارۃ والحالیۃ اخری فی نفس الامر عبارۃ عن العلم الذاتی
الحاوی بصور الاشیاء کلہا کلیہا وجزئیہا صغیرہا وکبیرہا جمعا وتفصیلا عینیۃ کانت
او علمیۃ لا یعزب عنہ مثقال ذرۃ فی الارض ولا فی السماء وقال ایضا فیہا الماہیات
کلہا وجودات خاصۃ علمیۃ لانہا لیست ثابتۃ فی الخارج منفکۃ عن الوجود الخارجی فیلزم
الواسطۃ بین الموجود والمعدوم کما ذہب الیہ المعتزلۃ بان یکون الشیء اما ان یکون ثابتا
فی الخارج واما ان لا یکون کذلک والثابت فی الخارج ما ہو الموجود فیہ بالضرورۃ والمنفی
ہو المعدوم واذا کان کذلک فکونہا منفکۃ عن الوجود الخارجی فی العقل وکل ما
فی المعقول من الشیء فانشأہ من الحق کونہ الشیء ومن غیرہ مسبوق بعلمہ بہ فہی ثابتۃ
فی علمہ تعالی بعلمہ وجودا لا ذاتہ فکل کانت الماہیات عین الموجود ذات المتعینۃ فی العلم
کان ذاتہ تعالی محلا للامور المتکثرۃ المغایرۃ لذاتہ کما الحقیقۃ وہو محال وقال
صاحب الملخص باب لمد ریۃ اعلم ان اللہ تعالی لا یمکن ان یکون محلا للحوادث فلیس فی ذاتہ
ولا فی صفاتہ حدوث وانما الحدوث فی تعلق صفاتہ بمتعلقاتہا حتی یظہر الافعال
وتحقیقہ ان التعلق انما لیس بحادث ولکن الحادث ہو التعلق فیظہر احکام التعلق
متفاوتۃ لتفاوت المتعلقات وہو بریء عن الحدوث والتجدد من جمیع الوجوہ اور اگر
مراد معترض کی یہ ہے کہ تغیرات اور تحولات اگرچہ ایسے نہیں ہیں کہ اون سے ذات حق سبحانہ وتعالی میں تغیر او

الٰہ ہے اور اوسکو زبان عربی اور سنسکرت مین اگر کہتے ہین اور زبان عبرانی مین ایل اور وہ عبارت ہے معبود سے
اور معبود لغت مین عبارت ہے اوس شئے سے کہ آگے اوسکے کوئی دوسری شئے متذلل ہووے اور نہین ہے کوئی
موجود کہ اوسکے آگے دوسرا موجود متذلل نہو جیسے کہ حدیث صحیح مین وارد ہے [illegible]
اور کوئی شئے ایسی نہین ہے کہ وجود مطلق کے خیال سے باز رکھتی ہو پس معبود معین ہر شئے کا ہوا اگر ہوئی علاوہ اسکے
معبود ہونا ہر شئے کا افراد عالم مین سے کیونکہ جو عکس اروانی مین مفصلاً مذکور ہے پس اس سے لازم آیا کہ بحسب حقیقت
ہر شئے عین اللہ ہے پس معبود درحقیقت ہر آئینہ مین اللہ ہے کہ اوسمین ظاہر ہے اگرچہ عابد اصنام از راہ حماقت کے نجانتا
ہو اسی جگہہ سے ہے کہ حضرت مولانا جلال الدین رومی قدس سرہ مثنوی مین فرماتے ہین ۔ تیغ لا در قتل غیر حق براند
در نگر زان پس کہ بعد از لا چہ ماند ۔ ماند الا اللہ باقی جملہ رفت ۔ شاد باش اے عشق شرکت سوز زفت ۔ اور دوسرے
بزرگ فرماتے ہین ۔ غیرتش غیر در جہان نگذاشت ۔ لاجرم عین جملہ اشیا شد ۔ اکابر علماے ظواہر نے گمان کیا ہے کہ لا
الٰہ الا اللہ آیات متشابہات مین سے ہے اس تقدیر مین لازم آتا ہے کہ واسطے خلق کے حق تعالیٰ پر حجت ہووے
اسلیے کہ تاویل آیات متشابہات کی سواے حق تعالیٰ و راسخین کے اور کوئی نہین جانتے ہین اور اکثر لوگ
علماے راسخین مین سے نہین ہین حالانکہ حق تعالیٰ فرماتا ہے هُوَ الَّذِی بَعَثَ فِی الْاُمِّیِّینَ رَسُولاً مِّنْهُمْ یَتْلُوا عَلَیْهِمْ
آیَاتِهٖ وَیُزَکِّیْهِمْ وَیُعَلِّمُهُمُ الْکِتَابَ وَالْحِکْمَةَ ۔ پس بر تقدیر انکے زعم کے تمام ہوئی حجت خلق کی حق تعالیٰ پر اور یہ
باطل ہے یعنی عالم ہونا حجت اور الزام خلق کا حق تعالیٰ پر باطل ہے بلکہ فائدہ ارسال انبیاء علیہم السلام کا یہ ہے کہ خلق
پر حق تعالیٰ کی حجت اور الزام تمام ہووے نہ برعکس اسکے پس اس سے ثابت ہوا کہ کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ آیات
محکمات مین سے ہے جسمین تاویل کی گنجایش نہین اور اکابر علماے ظواہر کا یہ گمان ہے کہ کلمہ طیبہ کو ساتھ کلمہ خبیثہ کی تاویل کی
ہے کہ جس سے ذاتاً غیریت عالم کی ساتھ حق تعالیٰ کے لازم آوے کہ لا الٰہ الا غیر اللہ ہے کیونکہ وہ غیریت کے قائل
اور وہ اسکی تاویل اسطرح پر بھی کرتے ہین کہ نہین ہے الٰہ حق موجود کہ شرع نے اوسکی عبادت کے لیے اجازت دی ہو
سواے اللہ کے پس اس سے لازم آیا کہ اگر الٰہ باطل کہ شرع نے اوسکی عبادت کے لیے اجازت نہ دی ہو موجود ہووے
تو مضائقہ نہین اور نہ سمجھا اونھون نے کہ یہ تاویل محض بعید ہے عبارت اوسپر دلالت نہین کرتی ہے خصوصاً ابتداے
خطاب مین کہ اوسمین کلام ماؤل جائز نہین اور نیز جب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار قریش کو خطاب کرکے
فرمایا کہ ایک کلمہ ہے اگر تم صدق دل سے کہوگے مالک عرب اور عجم کے ہوجاؤگے ابوجہل نے کہا آیا ایک کلمہ ہے آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہان پس ابوجہل لعنہ اللہ و دوسرے حاضرین صنادید کفار قریش نے کہا کہ ایک کیا کہو ہم قبول
کرتے ہین بلکہ دس کلمے کو پس سید عالم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم نے فرمایا کہو لا الٰہ الا اللہ پس کفار قریش متنگر
متفرق ہوئے ۔ وانجب مین ہے اور سبھی نے کہا کہ کَیْفَ یَسَعُ الْخَلْقَ الْکَثِیْرَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ یعنی کیونکر گنجایش کریگا خلق کثیر کو الٰہ
واحد اور اوسپر یہ بھی کہا کفار نے اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهاً وَّاحِداً اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ یعنی کلمہ طیبہ سے بہیئت
سمجھکر کہا اونھون نے کہ آیا گردانا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے الٰہ کثیر کو الٰہ واحد تحقیق یہ ایک شئے عجیب ہے پس اس قصے
مین بعین انصاف نظر کرنا چاہیے کہ مخاطبین کلمہ توحید سے یہی سمجھے تھے کہ الٰہ کثیر عین اللہ ہین اور کفار الٰہ کثیر کو غیر اللہ
کا جانتے تھے الٰہ واحد گردانسے سے تعجب مین ہے اور اگر فہم مین انکے یہ بات آتی کہ الٰہ حق عین اللہ ہے نہ الٰہ
باطل تعجب نہ کرتے کیونکہ مادر ہوتا باوجود اسکے کہ مخاطبین اہل لسان تھے جو کچھ کہ کلمہ توحید سے سمجھے تھے معنی لفظ کے
وہی تھے نہ غیر اوسکے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکی فہم سے انکار نہین فرمایا اور نہ کہا کہ مراد کلمہ توحید سے

اور اسکا جھتا کچھ نگر ہاتھ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا اوپر ہاتھ مبائعین کے پس اس سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم عین اللہ ہیں مشاہدہ میں صحابہ کے بائعین کے اور ہاتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ
اللہ کا ہے اس مشاہدہ میں اور فرمایا اللہ تعالی نے اِنَّمَا اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ اور کہا اِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ
ان دونوں آیتوں سے آلہہ کثیرہ کا الہ واحد ہونا لازم آتا ہے اور فرمایا اللہ تعالی نے فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ
یعنی جو شئے مرئی و محسوس ہے وجہ اللہ ہے اسلئے کہ اللہ وہ محض کا مرئی و محسوس ہونا محال ہے اور خلق معقول
و موہوم ہے اور فرمایا اللہ تعالی نے هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ خصوص اس آیت کے چاروں
لفظوں میں جمیع اشیا خواہ کلی ہوں یا جزوی کلی ہوں یا جزئی محسوس ہوں یا معقول حسن ہوں یا قبیح منحصر ہیں پس
نہ ترک کیا حق تعالی نے کسی شئے کو مگر داخل کیا اس عبارت میں اسلئے کہ جب اول اور آخر باطن اور ظاہر اللہ
ہی اللہ ہے تو پھر غیر اللہ کا ٹھکانا کہاں باقی رہا اور فرمایا اللہ تعالی نے سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ
اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ یعنی جب تک کہ عینیت حق تعالی کی انفس و آفاق کے ساتھ خوب کر
ظاہر ہو سکیگا اور فرمایا اللہ تعالی نے اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ نور وہ ہے کہ ظاہر ہووے بذاتہ اور مظہر
ہووے غیر کو اگرچہ یہ غیر بالاعتبار ہو اور مراد نور سے وجود مطلق ہے کَمَا صَرَّحَ بِهِ الشَّيْخُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ
تفسیرہ اور فرمایا اللہ تعالی نے فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَيْمَنِ فِي الْبُقْعَةِ
الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ يّٰمُوْسٰٓى اِنِّيْٓ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ پس منادی اور قائل وہی درخت
تھا پس عبارت نص سے عینیت درخت اور دلالت نص سے عینیت جمیع اشیا کی حق سبحانہ و تعالی کے ساتھ ثابت
ہوئی اسلئے کہ اشیا اور درخت مذکور ممکن ہونے میں مساوی ہیں اور بہت سی آیتیں ہیں کہ وحدۃ الوجود اور
اور معیت ذاتی پر دلالت کرتے ہیں کما قال تعالی لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا، لَوْ كَانَ مَعَهٗٓ
اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا، مَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ
اِلٰهٍۢ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا
تُبْصِرُوْنَ وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ اَلَآ اِنَّهُمْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ وَمَا
رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى
ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ الخ اَمْ لَهُمْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ وَلِلّٰهِ
مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا یہ ان آیات سے کہ مذکور ہوئیں صاف صریح
بلا تاویل وحدۃ الوجود اور عینیت اور معیت ذاتی حق تعالی کی ہر مخلوق کے ساتھ ثابت ہے کما لا یخفی علی
مَنْ لَّهُ الْعَقْلُ السَّلِيْمُ اور مؤید اس معنی کی بہت سی حدیثیں ہیں کما قال علیہ الصلوۃ والسلام
حِكَايَةً عَنِ اللّٰهِ كُنْتُ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ الخ وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ وَلَوْ دُلِّيْتُمْ بِحَبْلٍ اِلَى الْاَرْضِ
السَّابِعَةِ السُّفْلٰى لَهَبَطَ عَلَى اللّٰهِ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
اس آیت شریف کو واسطے تاکید مضمون حدیث کے عقب میں اوسکے پڑھا قَالَ مُوْسٰى يَا رَبِّ اَقَرِيْبٌ اَنْتَ
فَاُنَاجِيْكَ اَمْ بَعِيْدٌ فَاُنَادِيْكَ فَاِنِّيْ اُحِسُّ حُسْنَ صَوْتِكَ وَلَا اَرَاكَ فَاَيْنَ اَنْتَ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى
اَنَا خَلْفَكَ وَاَمَامَكَ وَعَنْ يَّمِيْنِكَ وَشِمَالِكَ اَنَا جَلِيْسُ عَبْدِيْ حِيْنَ يَذْكُرُنِيْ وَاَنَا مَعَهٗ
اِذَا دَعَانِيْ وَلَا تَسُبُّوا الدَّهْرَ فَاِنَّ الدَّهْرَ هُوَ اللّٰهُ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُهٗ وَغَيْرُ ذٰلِكَ مِنَ الْاٰيَاتِ

مؤدّی الاطلاق ونحوها غیر ذلک من القیاسات والوھمیات مقابلۃ النص الجلی عند
اھل اللسان من الصفۃ وکیتکلم اطلاق تحقیقہ من الوجوب لہ لا الامکان وعدم المنع
عن عبادۃ الاوثان وکونہ بیدہ سبحانہ ان کان جوھرًا وغیر ذلک من القیاسات والوھمیات
کالحجاب من الایات الکریمۃ ان ما یاتین بالحق تعالی الشرع تعود غیر اللہ وترتیب
اجمالی وقع مقصود فلا یکون نصا اذ لابد للنص من کلام سیق الکلام التام وما کان
سیق فی الکلام عبادۃ والقیاس الی الحق وھو المتیقن وکی کلہ علن ولم یکن الا الحق فی نفی الوحدیۃ
مطلقا والمقصود منہ نفی الحصار سبحانہ فی الی الالہ ثم ذکر اللہ فیما ارادۃ الالزم
اذ الالہیۃ تقتضی انحصار سبحانہ وتعالی فی الحق والانس والجن او تذکار ادم علیہ السلام
ولکن المقصود ذاتیۃ بانھا ایضا تقتضی انحصار سبحانہ تعالی الانی ای الشرکۃ والذکر و
ذکر اتیان عیسی علیہ السلام زعمًا کما بینہم من ھو الانحصار فی الالہ والمولودیۃ غیر الوالد
والمولودیۃ اللہ سبحانہ جامع بجمیع الاضداد دعویٰ ان تکون الکثرۃ بان تعلقہ بان تعلا لا الہ
الا غیر اللہ ولا نعبد وحدہ واعبدوا کلمۃ سواء ذلک اللہ خالق کل شیء والحق کل شیء
وھو وکما الحجاب من القیاسات والوھمیات والوسوسات انھا کلھا قیاسات
مقابلۃ للنص من الجلیۃ نحو لا الہ الا اللہ وھو الاول والاخر والظاہر والباطن
وغیرھما مما ذکرنا من. لا دلالۃ تحقق ان ایمان الشخص فیہ مسنۃ آنذاک محکم نعقد
المقصود ص والایمان غیر جدہ خلاف النصوص بالقیاس والوھم فایمان المقرب بالعقل
المعروف ای القیاس فیکون مخالفا للنصوص وبھذا اندفع ما قیل فی المعنی ان ایمان
العلماء بالنصوص والایمان الشیخ فیہ بالنص فی کتم النص حق ھو ان النصوص انما
مخصصۃ پس اسی جگہ سے قول حضرت شیخ سمنانی قدس سرہ کا کہ مقتدا حضرات شہودیہ ہیں اور قول اکثر حضرات
متکلمین کا کہ غیریت کے قائل ہیں اور مخالف مسئلۂ وحدۃ الوجود کے ہیں رفت ہوگا پس معبود حقیقی وہ ہے
کہ ہمہ وجوہ مرجع تمامی امور کا ہووے اور وہ ذات بحت اور وجود مطلق ہے وبس اور غیر اسکا یعنی مباین
اور جدا گانہ اوس سے وجود دوسری شے کا متصور نہیں اسلیے کہ اگر غیر اوسکا موجود ہوگا تو یا معدوم ثابت
یعنی عدم اضافی ہوگا یا معدوم محض اور معدوم ثابت کا ثبوت خود وجود حقیقی سے ہے اور معدوم محض
کوئی شے نہیں کہ موجود ہووے اور موجود وجود حقیقی ہی کہا مر [illegible] پس ترجمہ کلمۂ طیبہ کا یہ ہے
کہ نہیں ہے کوئی الٰہ زمین میں ہو یا آسمان میں بلکہ جملہ عالم میں ارواح اور امثال اور اجسام میں سے غیر
حق تعالیٰ کا یعنی جدا و مباین حق تعالیٰ سے پس اس تقدیر میں تو اب قائل اوسکا زمین اور آسمان میں
بلکہ جملہ عالم میں ارواح اور امثال اور اجسام سے گنجایش نہیں ہو سکتی ہے اسلیے کہ اوسکے معنی نے جملہ عالم کو
حصر کر لیا ہے پس اس صورت میں عبادت تو نکی ناجائز ہوئی کہ مفید مطلق کے نہیں ہے اور جملہ آیات توحید
دلالت کرتی ہیں کہ سوا وجود حقیقی خارجی مطلق کے دوسری کوئی شے موجود نہیں پس معنی آیۃ لیس کمثلہ
شیء اور آیۃ ھو الاول والاخر والظاھر والباطن وغیر ذلک من الآیات کے بلا تاویل درست
اور معنی سورۂ اخلاص کے بھی بلا تکلف صحیح اسلیے کہ خلاصہ معنی اوسکا یہ ہے کہ وجود حقیقی خارجی مطلق کو نام

بھتے ہیں اور اگر غیر خدا کو نافع اور ضار جانتے کو تو جیسا اور خلاف اوسکے کو اشراک کہتے ہیں پس اس معنی میں بھی مومن
اور مشرک برابر ہیں اسلیے کہ جیسا کہ مشرک آلہۂ باطلہ کو موثر اور نافع اور ضار جانتے ہیں ویسا ہی مومن بھی تاثیر
اور نفع اور ضرر کی بھی غیر خدا کے طرف نسبت کرتے ہیں جیسا کہ نسبت احراق کی طرف آتش کے مثلاً اور جو کچھ فرق کا
درمیان اون دونوں کے یہ ہے کہ مومن تاثیر اسباب کو باستقلال اونکے نہیں جانتے ہیں اور مشرک تاثیر آلہۂ باطلہ کو مستقل جانتے ہیں اور
مومن شفاعت انبیا علیہم السلام کو محض باذن اللہ گمان کرتے ہیں اور مشرک شفاعت آلہۂ باطلہ کو مستقل اوسکے
وجہ عدم صحت معنوی فرق مذکور کی یہ ہے کہ قول حق تعالیٰ کا وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ
لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ وقولہ وَيَقُولُونَ هٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ صریحاً دلالت کرتا ہے کہ مشرکین اور عابدین اصنام خالق سموات
اور ارض کو موثر حقیقی جانتے ہیں اور اصنام اور اوثان کو محض وسائل تقرب الی اللہ اور ذریعہ شفاعت عند اللہ
گمان کرتے ہیں اور یہ نہیں کہتے ہیں کہ شفعا ہمارے محض باذن اللہ شفیع ہیں یا برخلاف ارادہ الٰہی کے نفع یا ضرر
پہونچاتے ہیں پس اس سے معلوم ہوا کہ جو کچھ کہ مذکور ہوا مدلولات کلمۂ طیبہ سے مناط شرک کے نہیں ہیں اور جس امر سے
کہ انکار منشا یہ رکھتے ہیں وہ امر دیگر ہے پس وہ امر دیگر کہ مناط شرک کا ہے زعم غیریت کا ہے اور فرق کرنا درمیان
حق تعالیٰ اور درمیان اصنام اور تمامی اشیا کے پس واسطے رد زعم غیریت اور شرک کے ارشاد اللہ تعالیٰ نے
لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ اور دیگر آیات توحید کو کہ مطابق اور مؤید کلمۂ طیبہ کی ہیں ورنہ اثبات وحدۃ الوجود کی حاجت
تھی اسلیے کہ واقع اور نفس الامر میں مغایرت اور تفرقہ کہاں جو قرآن تو اسے طالب کرتا ہی امت کے نزدیک ثابت
ہوا ہے کہ کلمۂ طیبہ رافع شرک کا ہے پس دیکھو تو بنظر انصاف کے کہ قول لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ نے کس چیز کو نفی کیا اور کس
چیز کو ثابت کیا پس نفی کیا اوسنے عبارت نص سے غیریت کو درمیان اصنام اور حق تعالیٰ کے اور جسنے اعتقاد کیا
غیریت کا درمیان اصنام اور حق تعالیٰ کے پس انکار کیا اوسنے آیۂ محکم کا کہ کلمۂ طیبہ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ہے کہ اصل
اصول دین اور آیات محکمات کی ہے اور ایمان لایا وہ ساتھ لَا إِلٰهَ غیرہ کے کہ عکس کلمۂ طیبہ کا ہے لَا إِلٰهَ إِلَّا
غیر اللّٰه یا جیسے کہ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ از روئے عبارت اور دلالت کے راجع ہے طرف لَا موجود حقیقی مطلقاً إِلَّا اللّٰه
اور عکس اوسکا از روئے عبارت اور دلالت کے راجع ہے طرف لَا موجود مطلقاً إِلَّا غیر اللّٰه کے پس اس سے
صاف ظاہر ہوا کہ اشتراک اور کفر زعم غیریت کا ہے درمیان کسی شے کے اشیا میں سے اور درمیان حق سبحانہ وتعالیٰ
کے کہ حق تعالیٰ ... فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ إِلَّا الضَّلَالُ اور اگر کوئی کہے کہ جبکہ موجودات اور تعینات عالم مظاہر
اور مجالی حق تعالیٰ کے ہیں اور حق تعالیٰ کے ساتھ ذاتاً اتحاد رکھتے ہیں پس عبادت انکی کیوں ممنوع ہوئی جواب اوسکا
یہ ہے کہ عبادت ان مظاہر کی دو طرح پر ہے ایک یہ کہ عبادت اوس متعین کی من حیث انہ متعین ہے کے ہے پس یہ عبادت
شرک ہے اور ظلم عظیم اور عابد اوس متعین کا خواہ وہ اوس متعین کو بحیثیت مذکورہ کے حق تعالیٰ سے جانے یا اوسکے غیر
سے جانے لیکن بسبب جہل کے نیت میں اوسکے عبادت اوس متعین خاص کی ہے خواہ وہ عابد اوس متعین خاص کو الٰہ
حقیقی جانے یا متقرب الی اللہ جانے بہرحال وہ مشرک اور ظالم ہے بظلم عظیم اور مخلد فی النار اور ہرگز یہ مشرک
نہ بخشا جاویگا دوسری وجہ یہ کہ وہ عابد عبادت کرتا ہے اللہ تعالیٰ کی اسطرح پر کہ وہ مطلق ہے اور ظاہر ہے ان مظاہر میں
اور سجدہ کرتا ہے طرف کسی مظہر خاص کے مظاہر میں سے لیکن مقصود اور نیت اوسکی سجدہ اللہ تعالیٰ کا ہے نہ اوس
مظہر خاص کا پس اس صورت میں یہ مظہر قبلہ عبادت اللہ تعالیٰ کا ہوگا پس اگر شارع نے اس صورت میں کسی مظہر خاص
کو قبلہ عبادت تجویز کیا ہے جیسا کہ بیت اللہ شریف ہے پس عبادت اللہ تعالیٰ کی اس وجہ سے جائز ہے بلکہ واجب ہے

القائمین فرمایا لیکن فرق عظیم ہے درمیان اظہار خطاء اور القاء خفیہ اوسکی ہے جیسا کہ معجزہ ہے حق تعالی نے اوسکو انبیا علیہم السلام کے ہاتھ سے ظاہر فرمایا ہے لیکن رد پر خواہ باعث اجابت ہو یا باعث دعوت اوسکی خفیہ القا نہین فرمائی مگر انکی اجابت کو وہ نہین لیسا ہی حقیقت جو اوکی جمع الجمع کی یعنی حقیقۃ وحدۃ الوجود کی القا نہین فرمائی مگر دلون مین حضرات صوفیہ کرام کہ اخص الخواص ہین اسیواسطے جو لوگ منکر حقیقہ وحدۃ الوجود کے ہین حیران اور ضلالت اور غوایت کی نسبت حضرات صوفیہ کے طرف کرتے ہین جیسا کہ اسبعد دعوت معجزات انبیا علیہم السلام کو سحر اور کہانت پر حمل کرتے ہین انکے رد مین حق تعالی فرماتا ہے ما شئتم جا جیکے کہ منطقی ہی پس نہین ہے کوئی اصل کتاب اور سنت سے اوپر عدم ہوا ناطق ا مسئلۂ وحدۃ الوجود کے عوام الناس پر بخوف ترک احکام شرع شریف کے جیسا کہ نہین ہے کوئی اصل اور دلیل بثبوت تقریر علاوہ اسکے صوفیہ کب کہتے ہین کہ عالم مین کل الوجوہ عین حق ہے بلکہ وہ کہتے ہین کہ عالم ایک وجہ سے عین حق ہے اور ایک وجہ سے غیر حق یعنی عین حق ہے باعتبار ذات اور حقیقت کے اور غیر حق ہے باعتبار تعینات اسماء اور صفات اور افعال کے اگرچہ یہ غیریت وہمی ہے اور اسی غیریت پر ہے ظہور گنج مخفی اور نظام عالم اور ارسال رسل اور ترتیب کتب وسنت اور اجرای امر ونہی اور ترتیب ثواب وعقاب اور مدار جملہ احکام شریعت کا پس زمین کو زمین اور آسمان کو آسمان اور انسان کو انسان اور حیوان کو حیوان اور نباتات کو نباتات اور عناصر کو عناصر اور دیگر تعینات کو تعینات بحکم صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِیْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَیْءٍ کہ زوال پذیر نہین ہین جاننا اور کہنا موحدین کے نزدیک عین ایمان ہے لیکن قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ مامور ہوئے ہم کہ کلام کرین بقدر عقول آدمی کے معنی اوسکے یہ ہین کہ مامور ہوئے ہم کہ کلام کرین بقدر عقول کے اسرار توحید مین نہ کہ تحدید مین عقول کا لحاظ کرین اسلیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظاہر کیا توحید کو تینون مرتبہ کلمہ طیبہ کے ساتھ پس ادراک کیا اونہون نے آپکی مراد کو چنانچہ کہا اونہون نے اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا پھر ثانیا تاکید کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے توحید ہر قسم کے ساتھ اور فرمایا قُلْ هُوَ اور استشہاد فرمایا اوسپر ساتھ قول اللہ تعالی کے اور کہا هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ الخ پھر ثالثا ساتھ قول اللہ تعالی کے لَوْ کَانَ فِیْهِمَآ اٰلِهَةٌ الخ تیسرا امر اقتباس اوسکے بیان مین کہ عوام کو ایمان جمعیت کا بالجمع حاصل ہے جان تو اے طالب کہ حاصل ہونا ایمان ورا زبان توحید کا اکثر لوگونکے دلونمین دشوار ہے مثل دشواری داخل ہونے شتر کے سوراخ سوزن مین اسلیے کہ قلوب انکے تنگ ہین نہین گنجایش ہوتی ہے اونمین جمع اور مشیت کی بسبب ونکی غلاف وہم ہونیکے کہ سلطان القوی ہے پس ثابت ہوا اس سے کہ یہ ایمان اکثر کی طاقت سے خارج ہے قال اللہ تعالی لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا پس ارادہ کیا حق تعالی نے یہ کہ حاصل ہووے اونکو ایمان جمعیت کا بالجمع اور بہ حاصل ہووے یہ ایمان اونکے دلونمین مثل داخل ہونے رشتے کے سوراخ سوزن مین پس ختم کیا جزو ثانی کو کہ محمد رسول اللہ ہے جزو اول کے ساتھ کہ لا الٰہ الا اللہ ہے پس اگر ایمان لاوین دو جزو اخیر کے ساتھ اگرچہ تفرقے کے ساتھ ہو پس تحقیق ایمان لائے وہ ساتھ جمع کے بھی کہ مقصود اصلی جزو اول سے ہے اسلیے کہ ایمان جزو ثانی کا متضمن اور ملتزم اور کفیل ہے ایمان جزو اول کا کہ مقصود اصلی ہے پس جسوقت ایمان لاوے کوئی جزو اخیر کے ساتھ اگرچہ تفرقہ کے ساتھ ہو پس گویا کہ تصدیق کی اوسنے اون چیزونکی کہ لائے اونکو محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے نزدیک تضمن اور التزام کے رو سے اسطرح پر کہ اوسکو اس ایمان بالجمع والوحدۃ سے خبر نہین اسلیے کہ منجملہ اون امور کے کہ لائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اونکے پاس ایمان بالجمع والوحدۃ ہے پس اکتفا کیا حق تعالی نے نادان اسقدر ایمان تضمنی کو جو مجازی وحدۃ الوجود کے ہے کہ اوسکو اسکا علم نہین از راہ کرم کے کیونکہ اوسکو ایمان حقیقی

١

حصول تصدیق اوپر اذعان سالتہ رویۃ حق تعالی کے کہ جملہ عقائد حقہ مین سے ہے معقول نہین اسلیے کہ تصدیق اور
اذعان حقیت رویۃ کی موقوف ہے موافق عقل کے حصول صورت مرئی پر اور شئے منزہ کی صورت اور شکل کہان
کہ مرئی ہووے اسی واسطے معتزلہ اور روافض اور جمع کثیر اہل اسلام سے منکر رویت حق تعالی کے ہوئے ہین اور اشاعرہ
اور دیگر متکلمین کہ متاخرین مین سے ہین قائل حقیت رویۃ حق تعالی کے تو ہین لیکن کیفیت رویت کی بوضع معقول نہین
بتلاسکے ہین کہ اطمینان قلبی اوسپر مترتب ہووے اور بعض حضرات صوفیہ کہ مقلدین متکلمین کے ہین ادراک اوس
رویت کا ساتھ کشف او ر وصول بمقام فنا کے خاص کرتے ہین اور حصول اوسکا دار آخرت مین بطریق قرض
محال کے جانتے ہین اور اوسکا اعتقاد رکھتے ہین پس انکے طریق پر مسئلہ رویت مین علم الیقین بھی نصیب نہین
عین الیقین اور حق الیقین کا تو کیا ذکر اگر کوئی کہے کہ قول تمہارا کہ رویت حق تعالی کی واسطے ہر شخص کے دنیا و عقبی
مین حاصل ہے مخالف شریعت کے ہے اسلیے کہ شریعت مین تصریح کی گئی ہے کہ اگر کوئی دعوی کرے کہ چشم سر سے دنیا مین
بحالت بیداری مین حق تعالی کو دیکھا ہے پس وہ کاذب ہے اور زندیق ہے جواب اوسکا یہ ہے کہ کلام الہی اور حدیث صحیح
مین کہین یہ تصریح واقع نہین ہے اگر کہین اس مضمون کے طرف اشارہ بھی ہے تو مراد اوس سے یہ ہے کہ وجود مطلق
اور ذات بحت کو کہ مرتبہ تنزیہ اوس سے معتبر ہے ان حواس ظاہری سے کہ عادی ادراک محسوسات اور مشبہات
کے ہین نہین دیکھ سکتے ہین نہ یہ کہ رویت حق تعالی کی مطلقاً مشبہ اور غیر مشبہ دنیا مین ممکن ہی نہین اس معنی کے صحت پر
نص قاطع أَلَا إِنَّهُمْ فِي مِرْيَةٍ مِنْ لِقَاءِ رَبِّهِمْ أَلَا إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُحِيطٌ آخر سورۂ فصلت مین موجود ہے اور جو کوئی
کہ خلاف اسکے بیان کرتا ہے لازم ہے کہ اپنی صحت دعوت پر کوئی دلیل بیان کرے اور موافق مذہب قائلین
وحدۃ الوجود کے یہ دولت عظمی اور موہبت کبری ہر شخص کو دنیا و عقبی مین حاصل ہے اسلیے کہ فی الحقیقۃ غیر اوسکا
کون ہے کہ منظور نظر ہووے لیکن مثل محجوب کے مبتلا اوہام غیریت کے ہو رہے حضرت فریدالدین عطار قدس سرہ
فرماتے ہین (ابیات) ناظر خود خود ست و خود منظور + خود تماشا و خود تماشا کار + عاشق خود خود ست خود معشوق
خود طبیب و خود ست خود بیمار + از برای فریب خود خود گشت + جلوہ در قد و در قدم رفتار + تاب در زلف و وسمہ
بر ابروہ + سرمہ در چشم و غازہ بر رخسار + رنگ در آب و آب در یاقوت + بوے در مسک و مشک در تاتار +
زینت آرای گوش خود خود گفت + خود بخود کرد حسرت دیدار + باز خود گفت لن ترانی زود + ہر چہ ہر گر می باز ار
آیا تو نہین دیکھتا ہے تو اے طالب کہ آب نابستہ تھا بیرنگ اور بے صورت جبکہ بستہ ہوا اوسنے صورت یخ کی پکڑی
اور کبھی کسوت برف و ژالہ کی پہنی پس دیکھا اے طالب کہ یخ اور برف اور ژالہ وہی آب بسیط بیرنگ ہے یا غیر اسکا
اور جب گھل جاوے وہی آب بسیط بیرنگ ہے یا دوسری چیز پس جسنے پہچانا اور چشم حقیقت بین رکھتا ہے تمامی
مراتب اور کیفیات آب کی آب جانتا ہے رباعی دریاست وجود صرف ذات وہاب + ارواح و نفوس ہمچو نقش
اندر آب + بحر یست کہ موج میزند اندر خود + گہ قطرہ و گاہ موج گاہست حباب + جو شخص نادان ہے بند لباس
اور کیفیت اور تغیر بینی مین رہتا ہے فرق درمیان عارف اور جاہل کے یہی ہے پس عرفان زیادہ اس سے
نہین ہے کہ تو اپنے کو پہچانے ورنہ تو مین اوسکا تماشا ہی ہے محال ہے کہ غیر اوسکا موجود ہووے نقش اور
نقطہ اور رقم تمام وجود سیاہی سے ہی ظاہر ہوتے ہین جیسا کہ بیخ اور شاخ اور میوہ تخم سے ظاہر ہوتے ہین لیکن یہ
کثرت مانع وحدت کی نہین ہے رباعی کردہ زیگانگی دوئی را تاراج + با ہر کہ کنی بجز خود را تو علاج + واحد منکشف
نشود از اعداد + دریا متجزی نشود از امواج + جبکہ ذات حسب تقاضاے حب ذاتی واسطے مشاہدہ دیدار اپنے کے تعین

فی النار ہے لازم آوے گا اور جبکہ منشا تعظیم یعنی بے نیازی حقیقی بیچ کسی مظہر کے مظاہر الٰہیہ میں سے کبھی نہیں
پائی جاسکتی ہے پس کوئی مظہر مظاہر الٰہیہ میں سے استحقاق عبادت اور تعظیم کا نہیں رکھ سکتا ہے اسی جگہ سے تعظیم
اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ کے لائق ہو اور اسپر کوئی اشکال وارد نہیں ہوسکتا ہے کما قال اللہ تعالیٰ وَمَا
خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ پس حال استحقاق عبادت عبادات کا متعلق ہو معلوم ہو بلکہ بعض مفسرین نے تفسیر
لِیَعْبُدُوْنِ کی لِیَعْرِفُوْنِ کے ساتھ کرتے ہیں اسلیے کہ عبادت بغیر معرفت کے کامل طور پر نہیں ہوسکتی ہے اکثر لوگ
حق تعالیٰ کو کیا پہچانیں گے بلکہ سوا اجسام کے امثال اور ارواح کو بھی نہیں جانتے ہیں پس جبکہ معرفت روح اور مثال
کی دشوار ہے قیاس کرنا چاہیے کہ معرفت جان جانان اور خالق جان کی کسقدر دشوار ہوگی اسی جگہ سے ہے
کہ کفار اور بت پرست بعض عزیر علیہ السلام کو اور بعض عیسیٰ علیہ السلام کو اور بعض آفتاب اور مہتاب کو اور
بعض آتش کو اور بعض رام اور کشن اور مادہ گاؤ اور بہت مادہ اور شجر و جبل اور طلا اور نقرہ اور سنگ تراشیدہ و ناتراشیدہ
اور گنگا اور جمنا اور نرسنگا اور مہادیو وغیرہ شیاطین کو اور بعض اہرمن اور یزدان کو صاحب اور مالک اور نفع
اور نافع جانکر پرستش کرتے ہیں یہ ایسے صغیر ہیں کہ پارہ خشت اور گوبر اور شکل غضب اور فرج اور اقسام سانپ کو
پوجتے ہیں باوجود اسکے کہ زہر سانپ کا قاتل ہے اسکو سلام پر سلام کرتے ہیں اور واسطے دفع مرض کے بول مادہ گاؤ کا
سبب انکا فیض سمجھتے ہیں اور جسم پر چھڑکتے ہیں اور لعاب دہن آدمی سے کہ اشرف المخلوقات ہے نفرت شدید رکھتے
ہیں اور بعض محمود عشق کو اور بعض روح کو اور بعض عناصر اربعہ کو اور بعض ہاوس نور کو کہ آنکھ کے ملنے سے ظاہر ہوتا
ہے خدا جانتے ہیں اور بعض طبائع اشیا کو جیسا کہ خیال طبیعی کا ہے اور بعض نجوم کو جیسا کہ حال نجومی کا ہے ہو قوت علم
جانکر کاروبار اونہیں پر موقوف رکھتے ہیں اور اسکے خالق کی طرف نہیں متوجہ ہوتے ہیں قال اللہ تعالیٰ اَفَحَسِبَ الَّذِیْنَ
کَفَرُوْا اَنْ یَّتَّخِذُوْا عِبَادِیْ مِنْ دُوْنِیْ اَوْلِیَآءَ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْکٰفِرِیْنَ نُزُلًا اور فلاسفہ حق تعالیٰ کو
عالم جزئیات نہیں جانتے ہیں اوسکو ساتھ عقل ناقص اپنے کے کمال گمان کرتے ہیں سبحان اللہ عجب جہل مرکب ان عقلاء کو
ہے بسبب اس جہل مرکب کے نقصان جہل کو کمال گمان کرتے ہیں اور عیب کو ہنر جانتے ہیں انہیں کے حال میں ارشاد
ہے اُولٰٓئِکَ کَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِیْلًا پس یہ تمام نتیجہ عدم عرفان کا ہے اَللّٰهُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا
وَّارْزُقْنَا اتِّبَاعَهٗ وَاَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَّارْزُقْنَا اجْتِنَابَهٗ عابدین ماسوی اسکے خارج ہیں احصا
ہی بعض جغرافیہ دیکھنے سے پتا لگتا ہے سوا ان مراقبہ اقسام توحید کے بیان میں توحید دو قسم پر ہے ایک
توحید وجودی دوسری توحید شہودی توحید شہودی بھی دو قسم پر ہے ایک صوری دوسری معنوی توحید شہودی صوری کو جسکو
توحید قولی اور تقلیدی بھی کہتے ہیں اسپر اعتقاد جمہور متکلمین اور علماء متقدمین اور عوام مومنین کا ہے سلف سے
خلف تک یہ فقط قالب اور صورت توحید ہے یہ کہتے ہیں کہ صانع ایک ہے اور تمامی مصنوعات اوس ایک صانع
مخلوق ہیں اگر اون سے پوچھا جاوے کہ وہ مصنوعات کس چیز سے پیدا کیے گئے ہیں کیا وجود حق تعالیٰ سے یا غیر وجود
حق تعالیٰ سے کہتے ہیں کہ وجود حق تعالیٰ سے نہیں ہیں بلکہ تمامی مصنوعات خارج وجود حق تعالیٰ سے ہیں پھر اگر ان سے
پوچھا جاوے کہ خارج وجود حق تعالیٰ کا کیا شے ہے اگر خارج وجود حق تعالیٰ کا کوئی شے ہے تو وہ وجود حق تعالیٰ سے غیر ہے
ضد وجود کی ہوگی اور وجود حق تعالیٰ کا ضد سے منزہ ہے پس خارج وجود کیا چیز ہے اور تعریف اوسکی کیا ہے اور
تعریف خارج کی کیا ہے جواب دیتے ہیں کہ اسمیں بحث کرنا علم شارع کا نہیں ہے اور بعض انکے اس اعتقاد کے ساتھ
اون آیات کو کہ وحدۃ الوجود پر دلالت کرتی ہیں بلا تاویل یا اعتقاد حقیقت کے علم اوسکا حق تعالیٰ پر پھیر کرتے ہیں

يتعلق و يتعلمه فيكون امرًا و نهيًا وخبرًا و استفهامًا و نسبة و اضافية و احتمال في تلك الصفة كونه
الآن كما كان وان يكون قديمة كما سنذكر في الواحد كقولهم بما يحصل الكلام الحسي والقديم
فيترتب عليه ما لا يترتب على تلك الصفة من التراكيب فلا يصح وجود الحق تعالى في كل
محل و احاطته بالاشياء على بعض تشبيها كالقرابطة و كما من ان العقل يمتنع من
ان يكون وجود ذات حقيقية موجود الحق بنفسه كما ان تحقق القدرة والارادة
والعلم فلا كما عدا اذا تحقق اثبات وحدة الوجود بدليل اذ يكفي الا ارباب الكشف ان لا يكون
كشفهم مخالفا للعقل الذي هو حجة الله ولا الشرع الذي هو احكام الملة والقرآن انتهى و دوسری توحید
شہودی معنوی کے قائلین اور معتقدین اوسکے باوجود مشارکت انکے ساتھ اعتقاد توحید شہودی صوری کے کہتے ہیں
کہ تمامی مخلوقات مظاہر خالق کے ہیں لیکن ذوات مخلوقات کی ذات خالق سے جدا ہیں بدلیل آیۃ ان الشیطان
لکم عدو فاتخذوہ عدوا اور کریمہ الا لعنۃ اللہ علی الظالمین اور حدیث کل الناس فی ذات اللہ
حمقی ای فی معرفۃ ذات اللہ اور حدیث تفکروا فی آلاء اللہ ولا تفکروا فی ذات اللہ
وغیر ذلک من الدلائل الدالۃ علی الاثنینیۃ جیسا کہ ظل غیر مظل اور عکس غیر معکس ہے اسلیے کہ اون
کے نزدیک عالم عکوس اسما اور صفات کا ہے کہ بیچ مرایا ہے اعدام کے مقابلے میں اسما اور صفات کے منطبع ہوا ہو لیکن
وجود درمیان ذات مخلوق اور ذات خالق کے ساری ہے اور معنی وجود کے ہستی کے کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وجود
ایک صفت ہے صفات باری تعالی میں سے یعنی نزدیک جمہور متکلمین اور بعض صوفیہ مثل شیخ علاء الدولہ سمنانی اور
شیخ احمد سرہندی قدس سرہما کے کہ سرامد شہودیہ ہیں وجود ایک صفت ہے صفات باری تعالی میں سے زائد بر ذات
کے اور ذات حق کو احدیت کہتے ہیں اور ذوات خلق کو واحدیت اور وجود کو وحدۃ جانتے ہیں اور مثال اوسکی اسطرح
بیان کرتے ہیں جیسا کہ قرص قمر اور قرص شمس ذات دونوں کی جدا جدا ہے اور وجود جیسا کہ ضیا ہے درمیان ان
دونوں کے ساری ہو اپر یہ اعتراض عائد ہوتا ہے کہ فقط قرص قمر اور قرص شمس کو کہ ذات ہر ایک کی جدا جدا کہتے ہیں
آیا قرص قمر قرص شمس سے پیدا کیا گیا ہے یا نہیں جیسا کہ اہل شہود صوری پر وارد ہوتا ہے محققین قرص مع ضیا
ذات کہتے ہیں اسلیے کہ ضیا جو جز ذاتی شمس کا ہے فقط شمس کو بغیر ضیا کے شمس نہیں کہتے ہیں کہ ناقص ہے اسلیے کہ شمس
میں جرم اور ضیا با یکدیگر عین شمس ہیں بالفرض محال اگر ضیا شمس کو حقیقت شمس پر زائد تصور کی جاوے یعنی جرم
شمس کو بے صفت ضیا کے خیال کیا جاوے تو اوس سے تعریف شمس کی بالکل ساقط ہو جاویگی پس اس سے معلوم
ہوا کہ شمس بالذات روشن ہے بلا صفت روشنی زائد کے پس وجود حق تعالی کا بعض حکما اور شیخ ابو الحسن اشعری
اور محققین صوفیہ کرام کے نزدیک عین ذات حق تعالی کی ہے یعنی حق تعالی بذاتہ خود موجود ہے نہ اوس وجود کے
ساتھ جو مغائر ذات حق تعالی کا اور زائد ذات پر ہو ورنہ استکمال بالغیر لازم آوے گا اور یہ محال ہے کما مر
مرارا اور اہل توحید شہود معنوی یہ بھی کہتے ہیں کہ اعیان ثابتہ عالم کے کہ صور علمیہ ہیں حضرت علم حق میں افنہ وجود
کرکے موجود ہوئے ہیں یعنے جبکہ حق تعالی نے بارادہ ظہور کے ارادہ کیا بعد ارادے کے تمامی اشیا یعنی اعیان
ثابتہ علم حق میں عدم سے فی نفسہ موجود نہیں ہیں کہ اعیان عدام ہیں اور عدم ایک شے ہے مقابلے میں وجود کے نہ وہ
واسطے اعیان کے جاعل ہے ونہ جعل اور یہ جعل جاعل سے مبرا ہیں اور وجود معدن خیر اور صفات حمیدہ۔ کتا
اور عدم معدن شر اور صفات ذمیمہ کا ہے لیکن اشیا یعنی اعدام کہ صور علمیہ ہیں اور علم حق میں موجود ہونے کے

اور یہ دونوں یعنی ذات اور وجود الفاظ مترادف ہیں سے سمجھیں اور تمامی مخلوقات وجود حق تعالی سے پیدا کی گئی ہیں اور وجود
خارجی یعنی وجود حق تعالی کا ہے اسلیے کہ کون و مکان میں بجز ذات حق تعالی کے دوسری کوئی چیز موجود نہیں اگر دوسری
چیز موجود ہوگی تو بغیر وجود حق تعالی کی ہوگی سوا وجود حق تعالی کے دوسری چیز کو موجود کہنا بجز شرک اور کفر کے نہوگا معاذ اللہ ہم ایمان
توحید پر لاتے ہیں نہ کہ شرک پر اور اعیان وجودی علمی کہتے ہیں کہ اعیان ثابتہ کو سو علمیہ ہیں عالم حق میں وجود حق سے موجود اور متمیز ہوئی
ہیں اسلیے کہ اوس جگہ سوا ذات و وجود حق تعالی کے دوسری کوئی چیز موجود نہیں پس اس سے معلوم ہوا کہ ذات اور وجود حق تعالی کا یعنی
ذات اور وجود عالم کا ہے علاوہ اسکے سلسلہ موجودات کا منتہی ہوتا ہے واجب الوجود تک اور واجب تعالی واحد
بوحدۃ حقیقی اور ساذاۃ واحد حقیقی بوحدۃ حقیقی کے خود بخود موجود تھا اور ثانیا تمامی موجودات اوس ایک اصل الوجود
سے موجود ہوئے ہیں اور اسمیں شک نہیں ہے کہ تمامی موجودات حضرت واجب الوجود سے متاخر ہیں اور ممکن نہیں
کہ مرتبہ حضرت واجب میں دوسری کوئی شے موجود ہو وے بلکہ مقابلے میں اوس مرتبہ کے سوا عدم صرف اور لاشے
محض کے کسی شے کا توہم بھی نہیں ہو سکتا ہے پس یہ موجودات عالم کے خالی اس سے نہیں ہیں کہ یا عین اوس ذات
کی ہوں اور وہی ذات ساتھ صوران موجودات کے نمایاں ہے یا وہ موجودات غیر اوس ذات کے ہوں کہ عدم
صرف اور لاشے محض ہے اور شق ثانی خود باطل ہے اسلیے کہ عدم محض کا موجود ہونا محال ہے اسلیے کہ کوئی حکم اور
اثر عدم محض پر مترتب نہیں اور ان موجودات پر احکام اور آثار مترتب اور نمایاں ہیں پس ہونگے یہ موجودات
عدم محض اور محال ہے ساتھ ان موجودات کے عدم محض کا ظاہر ہونا اسلیے کہ اسمیں لازم آتا ہے قلب حقیقت کا
اور منقلب ہونا وجود کا ساتھ عدم کے اور منقلب ہونا معدوم کا ساتھ موجود کے ممکن نہیں فلا یمکن ان العدم الصرف
ظاہر او متحققا بالموجودات فتکون الموجودات کلھا عین الحق تعالی باعتبار حقیقتہ وجگہ یہ کہ ممکن نہیں
کہ نتیجہ اور ثمرہ ریاضات اولیاے کرام اور کشوفات انکے کہ وحدۃ الوجود ہے خلاف نفس الامر کے ہو وے اسلیے
کہ بہت سی آیات اور احادیث دلیل اوسکی ہیں اگرچہ متکلمین خلاف واقعی تاویل اونکی کرتے ہیں چنانچہ سابق میں
مذکور ہوا پس موجودات اور متعینات عالم از روے حقیقت کے عین حق تعالی ہیں از روے مجاز اور اعتبار اور
نسبت اور اضافت اور تعین کے غیر حق اور اس مجاز کو مجاز واقعی اور نفس الامری کہتے ہیں اسلیے کہ بسبب تعین
کے آثار اور احکام مختلفہ اونپر مترتب ہیں اور مدار احکام شریعت غراکا بھی اسی غیریت پر ہے اسی جگہ سے بعضوں کا یہ
فرمایا ہے **شعر** ہر مرتبہ از وجود حکمی دارد ٭ گر حفظ مراتب نکنی زندیقی ٭ پس مثال ذات اور وجود مطلق کی عالم کے ساتھ
جیسا کہ ظہور صورت نوعیہ کا اوسکے افراد میں و یا مثل نسبت آب و دریا کے ساتھ امواج اور حباب کے یا مثل زر و سیم کے
ساتھ انواع حلیہ کے و یا نسبت طین کے ساتھ مختلف اوانی کے و یا نسبت موم کے ساتھ فرزین اور پیل اور پیادہ
وغیرہ کے و یا روئیت قطرات کے دریا میں و یا روئیت ثمر کی شجر میں اور روئیت شجر کی گٹھلی میں و یا نسبت حروف
مفردہ اور مرکبہ کی ساتھ سیاہی ساوجکے و یا نسبت واحد کی ساتھ مراتب اعداد مرکبہ کے وغیر ذلک من الامثال
بحکم یحسبھا من کثرۃ الا وقد ضبطھا الی حد ٭ وھو محتجب بکل متعین منکوف بالاکوان اور یہ
کثرت متعینہ فقط وہم میں ہے حقیقت اور نفس الامر میں ایک ہی ذات اور ایک ہی وجود ہے پس ذات اور وجود
حق تعالی کا عالم میں مستور ہے جیسا کہ صورت نوعیہ اپنے افراد میں اور موم فرزین وغیرہ میں مستور ہے وعلی ہذا القیاس
فی الامثال پس یہ مثالیں واسطے تفہیم اور تقریب ذہن طالب کے ذکر کی گئی ہیں ورنہ وللہ المثل الاعلی حق تعالی
با وجود اسکے کہ بہجہ ہزار عالم اوسکی ذات سے ظاہر ہوئے ہیں الان کما کان منزہ ہے اور سبحانہ منزہ اور اطلاق

باوجود مشارکت اپنے کے ساتھ توحید شہودی متکلمین اور علماے ظواہر اور عوام مومنین کے دیگر مراتب توحید میں منفرد اور مختص ہیں آٹھواں مراقبہ توحید افعالی اور توحید صفاتی اور توحید ذاتی وغیرہ کے بیان میں واضح ہو کہ صوفیاے کرام کی اصطلاح میں مقام (ہمہ از اوست) کو توحید افعالی کہتے ہیں یعنی اول سالک کو یہی توحید پیش آتی ہے اسلیے کہ تجلی افعال سے تجلی صفات اور معرفت ذات کی ثابت ہوتی ہے اسلیے کہ جو کچھ کہ خیر اور شر ہے اور راحت نفع اور ضرر موت اور حیات کفر اور ایمان طاعت اور عصیان وغیر ذلک کہ افعال موجودات سے ہیں حق تعالی کی خلق ہیں کہ فاعل حقیقی وہی ہے جیسا کہ اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ و کہتے ہیں اللہ تعالی واحد ہے پس بجز ارادہ حق تعالی کے صدور افعال مخلوق کا محال ہے جو کچھ کہ ہوتا ہے حق تعالی ہی سے ہوتا ہے اسکو شریعت کہتے ہیں اور مقام (ہمہ با اوست) کو توحید صفاتی کہتے ہیں یعنی بعد محویت توحید افعالی کے سالک کو توحید صفاتی پیش آتی ہے یعنی تمامی صفات سے بھی معرفت ذات کی حاصل ہوتی ہے اسلیے کہ جمیع صفات کہ حیات اور علم اور ارادت اور قدرت اور سمع اور بصر اور کلام اور خالقیت اور رازقیت وغیرہ کہ ہزار ہا صفات ہیں بدون ذات کے وجود انکا محال ہے صفات ذات سے اور ذات صفات سے کبھی منفک نہیں پس اسکو معیت اور نسبت اور حیثیت اور اضافت اور طریقت کہتے ہیں کما قال اللہ تعالی وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ پس جیسا کہ افعال کے رو سے حق تعالی کو پہچانا صفات کے رو سے بھی پہچاننا چاہیے مثلاً اگر کوئی چیز کسی کو دیوے دینے والے کو معطی اور لینے والے کو قابض اور اگر کسی سے کوئی چیز منع کیے منع کرنے والے کو مانع اور جسکو منع کیا ممنوع تصور کرے وعلی ہذا القیاس جمیع صفات کو اپنے میں تصور کرے اور اسمیں اپنے کو محو کرے اور مقام (ہمہ اوست) کو توحید ذاتی کہتے ہیں یعنی بعد محویت توحید صفاتی میں سالک کو توحید ذاتی پیش آتی ہے اسلیے کہ صفات اور ظہور صفات اور افعال اور آثار انکے کہ مظاہر ہیں بدون ذات کے ممکن نہیں اور یہ کبھی ذات سے منفک نہیں ہر صفت میں ذات موجود ہے بغیر وجود ذات کے ظہور کسی صفات کا محال ہے پس وجود صفات اور افعال اور آثار اوس ایک وجود مطلق اور ذات بحت سے ہے اسی واسطے صفات اور افعال اور آثار کو عین ذات اور ہمہ اوست کہتے ہیں حضرت شیخ کمال الدین عبد الرزاق کاشی قدس سرہ سے وحدۃ الوجود میں کسی نے سوال کیا آپنے جواب دیا کہ ہمہ اوست نہ ہریک اوست مثلاً اگر کسی نے بہ نسبت آنکھ یا کان یا ہاتھ یا پاؤں یا اور کسی عضو خاص زید کے کہا کہ یہ زید ہے پس وہ شخص خطا کریگا اسی طرح سے اگر کسی نے کسی مظہر بسیط یا مرکب کو کہا کہ یہ حق ہے وہ شخص کافر اور زندیق ہوگا قال الشیخ المہائمی قدس سرہ فی اراءۃ الدقائق لیس لمظاہر الحق حکم الالوہیۃ من حیث ہی فان العقل الاول او النفس او الطبیعۃ او ما کان فی الکواکب والعناصر والمولدات یا غیبا یا انہا الحق فقد اخطا کمن قال لبدن زید انہ زید ان کان تشبیہا من حیث تجلیہ وان کان تحقیقا فی الملاقیۃ لا لبعید عن ما لیس بالحق فقد کفر کذا ذکرنا پس جیسا کہ ہم نے ذکر کیا کہ تجلی افعال اور صفات اور ذات کی ویسا ہی خیال دوئی کا اور تفرقہ کا دل سالک سے دور ہوتا اور یگانگی کا خیال جمتا اور ذات حق میں محو رہنے کو اصطلاح میں انکی وصال کہتے ہیں حضرت فرید الدین عطار قدس سرہ منطق الطیر میں فرماتے ہیں ۔ تو مباش اصلا کمال اینست و بس ۔ تو درو گم شو وصال اینست و بس ۔ اور صاحب گلشن راز قدس سرہ فرماتے ہیں ۔ وصال این جا بگردد محو خیال ست ۔ چو غیر از پیش برخیزد وصال ست ۔ تیسرا ان توحید میں ایک توحید اور ہے کہ جسکو توحید حقیقی بھی کہتے ہیں وہ یہ ہے کہ حق تعالی ازل الآزال میں باوصف وحدت

وَتَحْصِيلُ مَنْ يُطْلِقُ مِنْ تَنْبِيهٍ مُتَابَعَتِهِ أَبْطَلَهَا الْوَاحِدُ. وَرُجُوعًا إِلَيْنَا وَتَحْقِيقًا. وَكَتَبَ مِنَ الْمُتَعَلِّقَةِ الْأَوْحَدِ. ترجمہ مراقبہ توحید وجودی اور شہودی کے توفیق میں تسامح ہو کر اکثر صوفیہ متقدمین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم سلف سے خلف تک مسئلہ وحدۃ الوجود میں متفق ہیں اور یہ مسئلہ مطابق واقع اور نفس الامر کے ہے جیسے کہ دلائل عقلیہ اور نقلیہ قطعیہ اوس پر قائم ہیں چنانچہ سابق میں معلوم ہوا مگر حضرت شیخ ابو المکارم رکن الدین علاؤ الدولہ سمنانی قدس سرہ بخلاف جمہور محققین صوفیہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کے قائل بوحدۃ الشہود کے ہوئے ہیں کیونکہ قَالَ عَنْهُ عِنْدَ تَرْجِيعِهِ إِلَى مَا هُوَ الْحَقُّ حَيْثُ مَا قَالُوا شَيْخُنَا أَكْثَرُوا كَذَلِكَ بِعَيْنِهِ الْحَاكِمُ إِلَى الْمُتَضَيِّقِ كَمَا نَقَلَهُ الشَّيْخُ مُحْيِي الدِّينِ هُوَ الْإِلَهُ إِيَّاهُ وَفِي قُلُوبٍ مِنْ شَيْءٍ فَعَبَدُوهُ اگرچہ میاں حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بنظر ظاہر مکتوبات کے طرف مسئلہ وحدۃ الشہود کو پایا جاتا لیکن بنظر اصلاح کے بجانب حضرت مجدد کا طرف مسئلہ وحدۃ الوجود کے معلوم ہوتا ہے چنانچہ مکتوب اول جلد ثانی میں فرماتے ہیں کہ (عالم موجود خارجی ست بوجود ظلی) اور ہو الیسویں مکتوب میں جلد مذکور کے لکھتے ہیں کہ (عالم موجود ست موہوم متحقق) اسی واسطے حضرت شیخ ولی اللہ صاحب دہلوی قدس سرہ کہ اجلہ خلفائے حضرت مجدد کے ہیں مکتوب مدنی میں مطابق کلام حضرت مجدد کو ساتھ کلام صاحب فصوص حضرت شیخ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کیا ہے جیسا کہ انھوں نے کہا مِنْ أَنَا كَمَا قِيلَ عَنْ تَأَمُّلِ الْأَسْمَاءِ وَذَرِيعَةِ الْمُمْكِنَاتِ فِي هَذِهِ الْمَرْتَبَةِ وَتِلْكَ عِبَادَةٌ كَانَتْ وَكَلَّفْنَا مَا يَجْمَعُهُ فِي أَحَدٍ لَهُمَا يَعْنِي عِبَارَةَ إِمَامِ الْأَئِمَّةِ الشَّيْخِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ رَحِمَهُ اللهُ كَانَ عَنْهُ أَنَّ حَقَائِقَ الْمُمْكِنَاتِ هِيَ الْأَسْمَاءُ وَالصِّفَاتُ مُتَمَيِّزَةٌ فِي مَرْتَبَةِ الْعِلْمِ وَالْكِتَابَةِ يَعْنِي عِبَارَةَ الشَّيْخِ الْمُجَدِّدِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ كَانَ عَنْهُ أَنَّ حَقَائِقَ الْمُمْكِنَاتِ هِيَ عُكُوسُ الْأَسْمَاءِ وَالصِّفَاتِ الْمُنْطَبِعَةِ فِي الْأَعْدَامِ الْمُتَقَابِلَةِ لَهَا وَلَا فَرْقَ بَيْنَ الْعِبَارَتَيْنِ إِلَّا أَنَّ نَشْأَتَهُمَا بِحَيْثُ التَّمْيِيزُ مِنْ حَقَائِقِ الْأَشْيَاءِ عَلَى مَا هِيَ عَلَيْهِ فِي الْحَقِيقَةِ فَالْقَوْلُ بِأَنَّ حَقَائِقَ الْمُمْكِنَاتِ عُكُوسُ الْأَسْمَاءِ الْمُنْطَبِعَةِ الْمُتَقَابِلَةِ لَهَا لَيْسَ خِلَافًا لِكَلَامِ الشَّيْخِ ابْنِ الْعَرَبِيِّ وَأَتْبَاعِهِ وَكُلُّ مَنْ تَشَرَّحَ أَوْ تَلَى مِنْ بَعْدُ الْمَعْنَى وَلَكِنْ كَمَا قَالَ الْوَجْهُ الْمُشْكِلُ فَلَا حَاجَةَ إِلَى الْحُكْمِ بِمَوْقِعِ الْكِتَابِ بِتَرْكِهِ وَقَوْلِهِ تَعَالَى وَأَيْضًا قَالَ قُدِّسَ سِرُّهُ فَمِنْ عِلْمِنَا أَنَّ وَحْدَةَ الْوُجُودِ وَوَحْدَةَ الشُّهُودِ كَمَسْأَلَتَيْنِ فِي مَنْ يَحْكِي كَثِيرًا لَا يُسْتَعْمَلُ لِأَحَدِ مِنْ سَاحِقِ الْعِلْمِ إِلَى اللهِ تَعَالَى لِيُقَالَ هَذَا السَّالِكُ الْأُمَمُ مَعَ مَا سَبَقَ وَحْدَةُ الْوُجُودِ وَذَلِكَ مَقَامُهُ وَحْدَةُ الشُّهُودِ وَمَقَامُ وَحْدَةِ الْوُجُودِ هُنَا الْإِسْتِغْرَاقُ فِي مَرْتَبَةِ الشُّهُودِ الْجَامِعَةِ الَّتِي تَعَيَّنَ الْعَالَمُ فِيهَا بِحَيْثُ تَسْقُطُ عَنْهُ أَحْكَامُ التَّكَثُّرِ وَالتَّمَايُزِ الَّتِي هِيَ مَعْرِفَةُ الْخَيْرِ وَالشَّرِّ مُتَرَتِّبَةٌ عَلَيْهَا وَالْفَرْعُ وَالْعَقْلُ مُحِيطَانِ عَنْهَا مُتَبَايِنَانِ لَهَا أَكْثَرُ بَيَانٍ كَمَا أَنَّ إِحْيَاءَهَا وَهَذَا مَقَامٌ يَحِلُّ فِيهِ بَعْضُ السَّالِكِينَ عَلَى خَاصَّةِ اللهِ كَانَ وَمَعْنَى كَشْفِ الشُّهُودِ هُنَا الْجَمْعُ بَيْنَ أَحْكَامِ الْجَمْعِ وَالتَّفْرِقَةِ فَيَعْلَمُ أَنَّ الْأَشْيَاءَ وَاحِدٌ بِحَسَبِ الْجَمْعِ وَكَثِيرَةٌ مُتَبَايِنَةٌ بِوَجْهٍ آخَرَ وَقَدْ كَانَ الْأَنَامُ وَسَكَنَ تَارِعٌ مِنَ الْأَكْثَرِ وَتَارَةً يُسْتَعْمَلُ فِي مَعْنَى تَحْقِيقِ الْأَشْيَاءِ عَلَى مَا هِيَ عَلَيْهِ تَكَثُّرٌ ذَاتِيٌّ وَهُوَ ارْتِبَاطُ الْحَادِثِ بِالْقَدِيمِ وَقَدْ قَعَ عِنْدَهُمْ أَنَّ الْعَالَمَ أَعْرَاضٌ مُجْتَمِعَةٌ فِي حَقِيقَةٍ وَاحِدَةٍ كَمَا أَنَّ صُورَةَ الْإِنْسَانِ وَصُورَةَ الْفَرَسِ

ہوا ہے اور اسما اور صفات مقام حضرت علم مین فقد نسبتین اور اضافات اور شیون ذاتیہ کو کہتے ہین کہ اعیان اور اسما اس
مقام مین بوجود خارجی کی نہین رکہتے ہین اور ثبوت اون اعیان کا ذات مین ایسا ہے جیسا کہ دوائر صغار درکیا
کرہ مین اور شجر گٹھلی مین اور اسما وصفات جزئیہ غیر متناہی ہین اگرچہ اصول متناہی کے طرف منتہی ہوتے مین لیکن
یہ تعدد اور کثرت غیر متناہیہ وحدۃ الوجود حق تعالی کے منافی نہین ہے جیسا کہ تعدد اسما وصفات زید کے مثلاً شل
نوم اور یقظہ اور قیام اور قعود وغیرہ شیونات زید کے ہین وحدۃ زید کہ منافی نہین ہین گیارہوان مراقبہ
معرفت مکان مین یہ تتمہ کلام وحدۃ الوجود کا ہے سالک جبتک کہ عارف مکان اور زمان کا نہوگا توحید وجودی اور
معرفت ذات وصفات حق تعالی کی اوسکو بخوبی حاصل نہوگی واضح ہو کہ بعضے متکلمین کے نزدیک اور نیز لغت اور عرف
عوام مین مکان اوس چیز کو کہتے ہین کہ جسمین دوسری شئے قرار پکڑے جیسے تحت زمین میں اور زید گھر مین اور گیہون
ظرف مین اور بعض حکما اور اکثر متکلمین خلاے مجرد عن المادہ یعنے بُعد موہوم کو جو جسم مین ساری ہے مکان کہتے ہین اور
سواے جسم کے اس مکان کا جداگانہ کچہ تاصل نہین بلکہ جسم متمکن سے ایک فضا اور فراغ موہوم انتزاع کرتے ہین اور
ارسطو مشائی اور اوسکے تابعین کی اصطلاح مین مکان عبارت ہے سطح باطنی جسم حاوی سے جو مماس سطح ظاہر جسم
محوی کے ہے اور حیز بھی ایک مکان ہے کہ حاصل ہوتا ہے اوس سے تمایز اجسام کا اشارہ حسیہ مین اور حیز مرادف
مکان کا ہے لیکن مشائیہ کی اصطلاح کے موافق حیز اعم ہے مکان سے اسلیے کہ انکے بیان تعریف مکان سے عرش
خارج ہوجاتا ہے کیونکہ عرش کو مقدار وضع اور محاذات خاص ہے بہ نسبت جوف اور ماتحت اپنے کے اور واسطے اسکے
کوئی جسم حاوی نہین ہے پس اسکے بیان عرش متحیز ہوگا نہ متمکن اور افلاطون اشراقی اور اوسکے تابعین خلا یعنی
بُعد مجرد عن المادۃ موجود فی الخارج کو مکان کہتے ہین اور یہ مکان جسم متمکن مین ساری ہے اور یہ وجود موجود فی الخارج
ہے لیکن مدافع اور مزاحم جسم متمکن کے نہین ہے اسلیے کہ وہ مادیات مین سے نہین ہے اور افلاطون اوسکو جوہر قرار دیتا ہے
صور اجسام کے اوسمین کبھی ہیولی کے ساتھ تعبیر کرتے ہین اور کبھی صورت جسم کے ساتھ کیونکہ بُعد قرار دہ صور اجسام
کے اوسمین ابعاد ثلثہ تقدیر کرسکتے ہین اور انکے بیان جسم ہیولی وصورت سے مرکب نہین ہے جیسے کہ مشائیہ کہتے
ہین و نہ جزء لا یتجزی سے جیسے کہ متکلمین کہتے ہین بلکہ اشراقیین کہتے ہین کہ جسم ایک جوہر بسیط ہے کہ قائم بالذات اور
قابل اتصال اور انفصال کے ہو پس باعتبار جوہر اور ذات کے جسم اور باعتبار صورت نوعیہ کے ہیولی کہتے ہین پس یہ
چہار مذہب ہین پس مذہب اول ایک معنی اصطلاحی ہین مطابق لغت اور عرف عوام کے کیونکہ یہ ایک اسم ظرف
ہے بمعنی جاے بودن کے فلا مناقشہ فیہ ولیکن مذہب ثانی پس اگر ارادہ کرتے ہین وہ موہوم سے صرف امر وہمی
انتزاعی لاشئے محض پس یہ تو بالبداہۃ باطل ہے اور اگر ارادہ کرتے ہین وہ اوس سے ایک امر منتزع کہ کسی موجود
منشا سے جیسے کہ دوائر منتزعہ وجود کرہ سے پس یہ قریب من الحق ہے جیسے کہ طرف حضرات صوفیہ کرام کا بھی بیان
ہے کہ مذہب رابع ہے ولیکن مذہب ثالث پس وہ بھی ایک امر اصطلاحی ہے کہ اخص ہے حیز سے یہ بھی قابل
مناقشہ کے نہین لیکن ایرادات اصحاب سطح کے اصحاب بُعد پر اسطرح کہ بُعد اگر موجود ہووے البتہ مادی ہوگا اسلیے
کہ بُعد لوازم مادہ مین سے ہے اور اگر بُعد ساری ہووے تمامی اجسام مین ہر آئینہ تداخل ہوگا بعض مواد کا بعض ابعاد مین
اور یہ محال ہے اور اگر مکان بُعد مجرد ہووے تو ترجیح ہوگا اقتضاے طبیعت بعض اجسام کا اپنے مکان کو نہ سبب
مشابہ ہونے بعض اجزا مکان کے ساتھ بعض کے اس تقدیر مین پس بیجا ہین اور ساقط پس ایراد اول ساقط ہے
اسطرح پر کہ اصحاب بُعد مراد لیتے ہین بُعد مجرد سے لطیف کو جو ضد غلیظ کا ہے اور مادی سے مراد لیتے ہین غلیظ کو

لیکن جو کچھ کہ باعتبار مکان جسمانیات کثیف کے بعید ہے باعتبار مکان جسمانیات لطیف کے قریب ہے اسلیے کہ جو مسافت مکان جسمانیات کثیف مین مثلاً ایک مہینے مین جا سکتا ہے مکان جسمانیات لطیف مین مثلاً ایک ساعت مین جا سکتا ہے اور جو ایک ساعت مین مکان جسمانیات لطیف سے جا سکیگا مکان جسمانیات کثیف سے ایک مہینے مین بھی نجا سکیگا اور اسی پر قیاس کیا چاہیے آواز رعد اور توپ وغیرہ کو اور اوسکے قرب اور بعد کو بھی حسب مراتب اوسکے تیسرا مکان جسمانیات الطف کا ہے جیسا کہ مکان نور آفتاب اور مہتاب اور ستارے اور مثلاً آتش وغیرہ کا ہے جو کچھ کہ مکان جسمانیات لطیف مین دور ہے مکان جسمانیات الطف مین نزدیک ہے مشرق اور مغرب مکان جسمانیات لطیف مین دور ہے اور مکان جسمانیات الطف مین نزدیک ہے دلیل اوسکی یہ ہے کہ بجرد طلوع داری قرص آفتاب کے افق مشرق سے بلا توقف اور درنگ سطح عالم اوسکی باوجود بُعد مسافت کے مغرب کو پہنچتی ہے اور روشنی آفتاب کی بفرض وتقدیر اگر مکان ہوا مین ہوتی تو ایک مدت مین مغرب تک پہنچتی اور نور آتش وغیرہ بھی یہی حکم رکھتا ہے دوسری دلیل یہ کہ جب شمع مثلاً گھر مین لائی جاوے اور روشن کی جاوے تمام گھر مین روشنی پھیل جاتی ہے اور گھر روشن ہو جاتا ہے بدون اسکے کہ ہوا گھر کی نکل جاوے پس اس سے جانا گیا کہ جو اگر دوسرا ایک مکان الطف ہے مکان ہوا سے کہ ہرگز ہوا بسبب کثافت اپنے کے اوس مکان الطف مین نہین جا سکتی ہے اور نور آفتاب بھی بسبب لطافت کے مکان ہوا مین بر تقدیر خلو ہوا کے نہین جا سکتا ہے لیکن بسبب غایت قرب کے درمیان ان دونون مکانون کے باہمدگر تمیز اور شناخت کرنا بجز براہین عقلی اور مکاشفات قلبی اور مشاہدات سری اور معاینات روحی کے متعذر ہے اے سالک اگر اسمین اشکال جانتے ہو برہان دیگر یہ ہے کہ حقیقت آتش کی حرارت ہے اور خاصیت اوسکی احراق اور توجسکو آتش جانتا ہے صورت آتش کی ہے اور خاصیت اوسکی اضاءت ہے اور آتش ضد آب کی ہے اسلیے کہ طبیعت اور حقیقت آب کی رطوبت ہے اور خاصیت اوسکی سردی اور ضدین کا جمع ہونا محال ہے اور ہرگز نہین ہو سکتا ہے کہ آب و آتش ایک مکان مین جمع ہو وین جب یہ جان لیا تو نے پس جان تو اے طالب کہ آب گرم مین بالفرد آتش موجود ہے اسلیے کہ اس سے مثلاً ہاتھ جلتا ہے زبانی سے اور حال یہ کہ درمیان آب و آتش کے ضد ہے ہرگز یہ ایک مکان مین جمع نہیں رہ سکتے ہین پس اس سے معلوم ہوا کہ واسطے آتش کے درمیان پانی کے سواے مکان پانی کے دوسرا مکان ہے اور پانی کے مکان مین آتش نہین کیونکہ اگر آب اور آتش ایک مکان مین جمع ہو وین تو اجتماع ضدین کا لازم آوے گا اور یہ محال ہے لیکن یہ دونون مکان باہمدگر نہایت قریب ہین اور ملے ہوے ہے نہ جدا ہے و نہ باہم متصل وہ منفصل اوس سے جب تجھکو یہ معلوم ہوا پس جان تو اے سالک کہ درمیان ان دونون مکان کے مزاحمت اور مضایقت نہین ہے دلیل اوسکی یہ ہے کہ جب ایک شمع روشن کسی حجرے مین لائی جاوے تو نور اوسکا تمامی ہوا مین کہ اندرون حجرے مین ہے بلو پہنچتا ہے اور اسی طرح اگر سیکڑون شمع اوسمین لائی جاوین تو انوار سبکا اوس ایک حجرے مین جمع ہونگے بدون اسکے کہ نور شمع اول کا اوس حجرے سے نکل جاوے اور اس مکان کو بُعد بھی ہو اسلیے کہ نور آفتاب کا حجاب کثیف سے نہین گذر سکتا ہے اور بہ سبب بُعد دنی بُعد مفرط کے وہ نور منقطع ہو جاتا ہے پس اس سے معلوم ہوا کہ جو کچھ کہ پیچھے حجاب کے ہے ویا وراء بُعد مفرط کے اس مکان سے دور ہے پس یہ تینون قسم مکانون کی کہ مذکور ہوئے مکانات جسمانیات کے تھے دوسرا مکان روحانیات کا ہے انواع اوسکے بہت ہین ماحصل اونکا چار نوع پر ہے نوع اول مکان اون فرشتون کا ہے جو موکل ہین اوپر دوزخ اور زمین اور جبال اور کل ذی روح روے زمین او دریا اور رعد اور سحاب وغیرہ ذلک مثل ملک...

حار یابس ہے اور طبیعت ہوا کی حار رطب اور طبیعت پانی کی بارد رطب اور طبیعت خاک کی بارد یابس ہے مکان خاک کا
تو ظاہر ہے اور اس مکان خاک کثیف میں دوسرا مکان پانی کا ہے لطیف اور مکان آب میں مکان ہوا کا ہے لطیف تر
اوس سے اور مکان ہوا میں مکان آتش کا ہے اوس سے لطیف تر اور اوس سے زیادہ لطیف تر اوس میں مکان روح
کا ہے اور اوس سے زیادہ لطیف تر اوس میں مکان خاص حق تعالیٰ کا ہے یہ مکان فوق سب مکانوں کے ہے حدیث
قدسی میں ہے اِنَّ فِیْ جَسَدِ ابْنِ اٰدَمَ لَمُضْغَۃً وَفِی الْمُضْغَۃِ قَلْبٌ وَفِی الْقَلْبِ فُؤَادٌ وَفِی الْفُؤَادِ سِرٌّ وَفِی السِّرِّ خَفِیٌّ وَفِی الْخَفِیِّ
اَخْفٰی وَفِی الْاَخْفٰی اَنَا اور بعض روایت میں فِی الْمُضْغَۃِ فُؤَادٌ وَفِی الْفُؤَادِ رُوْحٌ وَفِی الرُّوْحِ سِرٌّ وَفِی السِّرِّ خَفِیٌّ
وَفِی الْخَفِیِّ اَخْفٰی وَفِی الْاَخْفٰی اَنَا وغیرہ مولانا جلال الدین رومی قدس سرہ مثنوی میں فرماتے ہیں * اتصالے بے تکیف بے قیاس
ہست رب الناس را با جان ناس * اور کسی بزرگ نے فرمایا رباعی معشوق عیان بود نمیدانستم * با ما بمیان
بود و نمیدانستم * گفتم بطلب مگر بجائی برسم * خود تفرقہ خوان بود نمیدانستم * اور یہ امکنہ کہ مذکور ہوئے بیگانہ گرفتہ
ہیں اور یار یگانہ قریب تر یار دہ ہے اے رب حضوری تیرے سے اور غیبت اور غفلت میری سے فریاد ہے جمال
با کمال تیری ہے اور نابینائی میری سے فریاد و ہزار فریاد لیکن اے جانم فدائے وقربان تو باد اگر کوئی کہے
کہ بر تقدیر اثبات مکان کے کہا جاویگا کہ مکان ازل میں تھا یا نہیں اگر تھا تو لازم آتا ہے کہ قدیم ہووے اور
حق تعالیٰ کے ساتھ دوسری قدیم کو ثابت کرنا کفر ہے اور اگر ازل میں نہ تھا تو حادث و مخلوق ہوگا اور حلول قدیم
کا حادث میں محال ہے پس اس سے معلوم ہوا کہ بہر حال اثبات مکان کا متعذر ہے جواب اوسکا یہ ہے کہ ہرگز حلول
ذات اور صفات حق سبحانہ و تعالیٰ کا کسی مخلوق میں روا نہیں نہ حلول کسی مخلوق کا ذات میں اوسکے لیکن اس
طرح سے ہم کہتے ہیں کہ جس طرح سے معیت روح کی قالب کے ساتھ ہے روح تمامی ذرات قالب کو محیط ہے اور روح
مع حقیقت اپنے ہر ذرہ قالب کے ساتھ موجود ہے باوجود اسکے کہ حلول اوس میں روا نہیں اسلیے کہ حلول اور اتحاد
اور انتقال عوارض اجسام سے ہے اور کوئی شے عوارض اجسام سے روح پر جائز نہیں ہے جیسا کہ روح مع حقیقت
خود تمامی ذرات اور اجزاء قالب کے ساتھ موجود ہے بے حلول اور بے اتحاد کے اوس مکان میں کہ لائق لطافت روح کے
ہو ویسا ہی ذات مقدس رب العزت کی ساتھ ذرات تمامی مخلوقات کے مع حقیقت اپنے موجود ہے بے حلول
اور بے اتحاد اور بے انتقال اور بے مماسہ اور بے محاذات کے اوس مکان میں کہ لائق قدس اور نزاہت اور
پاکی اور رفعت اوسکی کے ہووے کہ برتر ہے تمامی معقولات اور مخلوقات سے کیونکہ یہ مکان عین وجود مطلق کا ہے
اور ایک اسم اسما سے حق تعالیٰ کا ہے پس حلول و اتحاد وغیرہ لوازم اجسام کی یہاں گنجائش کہاں پھر اگر کوئی کہے کہ لوازم مذکورہ کا لازم آنا جو کہ حق سبحانہ
و تعالیٰ بذات خود مواضع قذرہ میں بھی موجود ہے مثل مراحیض و مزابل وغیرہ کے اور یہ امر نہایت مستنکر ہے جواب اسکا
یہ ہے کہ رعایت ادب بیچ مراتب وجود کے فرض عین ہے * ہر مرتبہ از وجود حکمی دارد * گر حفظ مراتب نکنی زندیقی
اسی واسطے کہنا چاہیے کہ اے خالق عرش * یہ نہ کہنا کہ اے خالق خوک و مار و کژدم و پدید آرندہ خاک و خاشاک اگرچہ حق سبحانہ و تعالیٰ
خالق تمام اشیاء کا ہے سوائے اوسکے ایک ذرہ بھی کوئی نہیں پیدا کر سکتا ہے واسطے رعایت اسی ادب کے فرمایا
ابراہیم علیہ السلام نے وَاِذَا مَرِضْتُ فَھُوَ یَشْفِیْنِ یعنی جب بیمار ہوتا ہوں میں اور نہ کہا کہ جب بیمار کرتا ہے وہ
مجھکو اگرچہ خالق بیماری کا حق تعالیٰ ہے چونکہ وہ مکروہ طبیعی ہے نسبت اوسکی اپنے طرف کی اور شفا خوش اور
مرغوب طبیعی ہے نسبت اوسکی طرف حق تعالیٰ کے کی واسطے تعلیم اسی ادب کے فرمایا حق تعالیٰ نے مَا اَصَابَکَ
مِنْ حَسَنَۃٍ فَمِنَ اللّٰہِ وَمَا اَصَابَکَ مِنْ سَیِّئَۃٍ فَمِنْ نَّفْسِکَ چنانچہ حضرت شیخ اکبر رضی اللہ عنہ نے اس امر کو فصوص

نصوص لکھتے ہیں کہ عرب اطلاق عرش کا کبھی ملک پر بھی کرتے ہیں جیسے کہ کہتے ہیں کہ (ثُلَّ عَرْشُ الْمَلِكِ) یعنے خلل پڑا بیر ہوا ملک بادشاہ کا اسی جگہ سے اکابر اولیا کہتے ہیں کہ جو عرش پانی پر تھا وہ ملک ہے اسلیئے کہ عرش رحمن کی ایک صورت ہے اون صورتوں میں سے جو ہیولی کلی پر فائض ہیں اور ہیولی کل عبارت ہے پانی سے جو مشتمل ہے صور عالم کو اور اسی کی طرف اشارہ کیا حق تعالی نے ساتھ قول اپنے کے کہ (لَا تَنْجِيْ الْمُنْجُوْنُ بِمَا) ہے یعنی جو مستلی ہے صور موجودات سے اور یہ بحر عبارت ہے ہیولی کلی سے جسکو نفس رحمانی بھی کہتے ہیں اور یہ پانی جو ظاہر ہونے کا سبب ہے پانچواں عرش عظیم فلک الافلاک اور فلک اطلس ہے اور یہ عرش اجسام کا ہے اور جمیں تمامی صور کائنات جزئی منتقش ہیں اور یہ قابل محو اور اثبات کے ہیں بعض اسکو عرش مجید اور بعض جسم کل کو عرش عظیم کہتے ہیں چھٹا عرش کریم کہ وہ کرسی ہے ساتواں یہ کہ تمامی افراد عوالم وجود کے عرش رحمن کے ہیں آٹھواں یہ کہ حقائق بحر امکان کے عرش ہیں واسطے حقائق بحر وجوب کے اور بحر وجوب مستوی اور متصرف ہے اوپر بحر امکان کے اور حقیقت انسانیہ برزخ ہے درمیان بحر وجوب اور بحر امکان کے نواں یہ کہ عرش عبارت ہے اوس تخت سے کہ جسپر قیامت کے روز روح اعظم متمثل ہوگی بدلیل آیہ کریمہ یَوْمَ یَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ اور حدیث کہ حق تعالی ادا بصورت منکر اور بعد اوسکے بصورت معروف واسطے مومنین کے متمثل ہوگا دسواں یہ کہ عرش عبارت ہے قلب مومن سے اور مراد قلب سے احدیت روح اور جسم ہے اسلیئے کہ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ عَرْشُ اللّٰهِ وارد ہے اور مراد مومن سے مومن کامل ہے یعنے حضرت آدم اور دیگر انبیا علی نبینا و علیہم السلام اور اونکے وارثین فرمایا اللہ تعالی نے سورہ اعراف میں اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ یعنی رب تمھارا وہ اللہ ہے کہ جسنے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ کہ درمیان اون دونوں کے ہے بیچ عرصہ چھ روز کے پھر متصرف ہوا اوپر دل مومن کامل کے یعنے آدم صفی اللہ کے اور تفسیر اوسکی بیچ توریت تکوین کے وارد ہے کہ حق تعالی نے بیچ عرصہ چند روز کے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ کہ درمیان اون دونوں کے ہے پیدا کیا اور ساتویں روز آدم صفی اللہ کو پیدا کیا اور تطبیق دونوں کتاب کی درکار ہے اور بیچ تفسیر استواء عرش ساتویں روز کے جو کچھ کہ توریت میں ہے ذکر کرنا چاہیے تو مجہول معلوم سے دریافت ہو جاوے یعنے مطابق تفسیر دونوں کتاب کے اس عرش سے قلب آدم مراد ہے اور آدم ساتویں روز پیدا ہوئے اور اس عرش کو بعض کرسی کے ساتھ بھی تعبیر کرتے ہیں پس جبکہ از روے اصطلاح اور محاورے کے معنی عرش کو تو نے جان لیا اور یہ بھی تو نے معلوم کیا کہ اطلاق عرش کا اوپر ان معانی متذکرہ بالا کے ہوتا ہے کما قال کَلَّاۤ اِنَّ کِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِیْ عِلِّیِّیْنَ پھر جان اے طالب کہ استوا عبارت ہے تعلق تصرف سے جیسا کہ تعلق تصرف روح کا ہے جسم کے ساتھ پس ایسا ہی استوا رحمن کا یعنے تعلق تصرف رحمن کا ان عرشوں پر سمجھنا چاہیے پس اس اعتبار سے علی الترتیب جملہ تعینات عالم کو محل استواء حق تعالی کا سمجھنا چاہیے اور بلسان اشارہ اطلاق عرش کا دوام ظہور حق تعالی بلا حجاب پر بھی ہوتا ہے اسلیئے کہ استواء آفتاب ہے حسب محاورے کے اشارہ ہے طرف دوام ظہور آفتاب بلا احتجاب نیم روز میں اگرچہ نور آفتاب کا شب و روز یکساں ہے لیکن محتاجان نور کو استواء کے وقت بہرہ تمام ہے اسی طرح ذات مقدسہ اور صفات علیا حق تعالی کو بھی قبل استواء اور بعد استواء کے قدس اور نزاہت اور جمال اور کمال یکساں ہے اور دوام ظہور بلا حجاب میں فیض عام ہے اور ہر حکم عالم ناسوت میں اسی عرش سے آتا ہے دیگر یہ کہ بادشاہی بادشاہان مجازی نمودار بادشاہی بادشاہ حق جل علی کی ہے اسلیئے کہ بادشاہان مجازی کو ایک دربار خاص ہے واسطے خاصان اور محرمان کے

ہووے ساتھ حرکت فلک اعظم کے کہ یہ بھی اونکے یہان عرض ہے لازم آتا ہے اوس سے قیام العرض بالعرض اور
یہ باطل ہے اونکے نزدیک بھی اور دوسری وجہ بطلان کی یہ کہ اگر قائم ہووے زمان ساتھ حرکت کے البتہ قائم ہوگا
وہ ساتھ حرکت توسطیہ کے یا ساتھ حرکت قطعیہ کے اور یہ دونون باطل ہین لیکن بطلان اول کا اسواسطے ہے کہ حرکت
توسطیہ ایک امر غیر منقسم ہے اونکے یہان پس کیونکر وہ حرکت ذی مقدار ہوگی اور کسطرح ہوگا زمان امر منقسم متصل
غیر قار الاجزاء اور بطلان ثانی کا اسواسطے ہے کہ اگر زمان ساتھ حرکت قطعیہ کے قائم ہووے تو وہ بھی ہوگا جیسے کہ
حرکت قطعیہ وہی ہے کہ اصلا وجود خارجی نہین رکھتی ہے جیسے کہ مذہب متکلمین کا ہے اور یہ باطل ہے مشائیہ کے نزدیک
بھی ولیکن زعم متکلمین کا پس یہ بھی باطل ہے اوس دلیل سے کہ جس دلیل سے اوسکو حکما نے باطل کیا ہے اور وہ
دلیل یہ ہے کہ اگر زمان موہوم اور غیر موجود فی الخارج ہووے ساتھ قطع نظر ذہن کے نہ صحیح ہونگے احکام ہمارے کہ اوسپر
واقع ہین پس تالی باطل ہے پس مقدم بھی مثل اوسکے باطل ہے اور اگر زمان حادث ہووے تو ہوگا وہ مسبوق بالعدم
ساتھ سبقت زمانیہ کے اسطرح پر کہ نہ جمع ہووے مسبوق ساتھ سبقت زمانیہ کے اور اس قسم کا تقدم لوازم زمان سے ہے
پس لازم آیا اس سے کہ واسطے زمان کے زمان ہووے اور لازم آیا وجود زمان کا وقت فرض عدم زمان کے اور
یہ خلاف مفروض ہے اور باطل اور خصوصا حکماے مشائیہ پر کہ قدم زمان کے قائل ہین وارد ہوتا ہے کہ اگر زمان متجدد
غیر قار الاجزاء ہووے تو البتہ واسطے ہر ایک جزو کے اوسکے اجزا مین سے عدم سابق اور عدم لاحق ہوگا پس اس تقدیر
پر وہ جز حادث ہوگا اور مجموع اور مرکب حوادث کا بالضرور حادث ہوگا پس بر تقدیر ہونے زمان کے متجدد اور غیر
قار الاجزا کیونکر وہ قدیم ہوگا باوجود اسکے مسلمات حکماے مشائیہ مین سے ہے کہ جو چیز مرکب حادث ہوتی ہے پس حق یہ ہے
کہ وجود مطلق کہ سبکو محیط ہے دہر اور سرمد ہے کہ تمامی عالم کو مستوعب ہے کما ورد فی الحدیث الشریف یؤذینی ابن
آدم یسب الدهر وانا الدهر پس یہی ہے مذہب صوفیہ کا والغایۃ مظنونۃ واذا قد تکثرت الاعداد
عقول للعدد المقصود المحجوبین عن ادراکہ پس نہین ہے وہ مقدار کسی شے کا بلکہ بسبب اوسکے قدیم اور ازلی
اور ابدی ہونیکے منتزع ہوتا ہے اوس سے امتداد زمان اور یہ بسبب حوادثات زمانیہ کے اوسمین متبدل
ہوتا ہے وہ ایک لباس سے ساتھ دوسرے لباس کے اور ایک صورت سے ساتھ دوسری صورت کے اور منقسم
ہوتے ہین حوادثات متجدد اوسکے طرف پس اسی سے حکما وغیرہ اسبابکا توہم کرتے ہین کہ اس امتداد انتزاعی مین
تجدد اور غیر قار الاجزا ہے اور نام رکھتے ہین اس امر وہمی کا زمان اور اوسمین خرافات بکتے ہین کہ وہ موجود خارجی
قدیم ازلی ابدی ہے باوجود اسکے اونکے نزدیک بھی امور انتزاعیہ کے لیے وجود خارجی نہین ہے جیسے کہ کہ امور
انتزاعیہ کے لیے مثلا کوئی وجود خارجی نہین ہے سواے وجود کرہ کے اور اگر زمان حرکت سے منتزع ہوتا جیسے
کہ حکما گمان کرتے ہین البتہ وہ امور انتزاعیہ مین سے ہوتا پس کیونکر ہوگا وہ موجود خارجی ہان زمان نفس الامر مین موجود
ہے اوسکے منشا کے وجود کے ساتھ جو دہر اور سرمد ہے یعنے منشا زمان کا وجود حقیقی ہے نہ حرکت جیسے کہ فلاسفہ کہتے
ہین اسلیے کہ حرکت انتزاعیہ غیر موجود فی الخارج ہے پس کیونکر ہوگی حرکت علت واسطے وجود موجود خارجی کی کہ زمان
ہے اور واقع مین اس امتداد انتزاعی مین اصلا تجدد نہین بلکہ یہ لوازم حوادثات ہین سے ہے پس یہ امتداد بھی انتزاعی
قار الاجزاء ہے نہ غیر قار الاجزاء جیسے کہ حکما غیر قار الاجزاء توہم کرتے ہین پس اصطلاح متکلمین کا کہ زمان کو امر موہوم حادث
غیر موجود فی الخارج کہتے ہین اگر اوس موہوم سے امر انتزاعیہ کسی منشا سے مراد لیتے ہین تو البتہ واسطے اوسکے ایک
وجہ صحت کی ہوگی لیکن اسکو بھی نظر دقیق باطل کرتی ہے اور معلوم کرتی ہے کہ حقیقت مین منشا اوسکا دہر ہے نہ یہ امر

دوسرا زمان جسمانیات لطیف کا ہے اور وہ زمان جن اور شیاطین کا ہے جو زمان جسمانیات کثیف میں دراز ہے جسمانیات
لطیف میں کوتاہ ہے جو کام زمان جسمانیات لطیف میں ایک روز میں کرتے ہیں زمان جسمانیات کثیف میں ایک مہینے میں بھی نہیں کر سکتے
ہیں جیسے کہ سرعت افعال جن اور شیاطین اور سرعت بالسیر کی اونکے نزدیک ایک یوم میں ہے افعال اور بالسیر کی آدم
کی مہینوں میں بھی نہیں ہوتی ہے تھوڑا زمان جنوں کا بنسبت زمان جسمانیات کثیف کے بہت ہے اور کوتاہ اوسکا دراز ہے
اور واسطے زمان جنوں کے بھی ماضی اور مستقبل اور حال ہے لیکن ماضی اور مستقبل آدمی کا جنوں کے نزدیک حال ہے تیسرا
زمان روحانیات کا ہے اسکے اقسام بہت ہیں غرض ہماری ایک قسم سے حاصل ہوتی ہے اور اسپر اختصار کیا جاتا ہے زمان
فرشتوں کا ہے زمان وراء جنوں کا بیچ زمان فرشتوں کے کوتاہ ہے ہزار سال مثلاً جنوں کا ایک دم ملائکہ کا ہے ماضی اون ملائکہ کا
ازل ہے اور مستقبل اوسکا ابد اور یہ زمان ازل اور ابد کو محیط نہیں اسلیے کہ متناہی غیر متناہی کو محیط نہیں چوتھا زمان
حق تعالیٰ کا ہے کہ یہ زمان حقیقت تمامی ازمنہ کی ہے نہ اسکو ماضی ہے نہ مستقبل یہ ازل اور ابد کو محیط ہے بلکہ ازل اور
ابد ایک نقطہ اوس زمان کا ہے اور ازل اوسکا عین ابد ہے اور ابد اوسکا عین ازل بلکہ اوس زمان میں ازل اور
ابد ایک لمحہ اور ایک طرفۃ العین ہے اور اوس زمان کو ایاب اور ذہاب اور تجدد اور تعدد اور تبعض نہیں ہیں جیسا کہ
مکان حق تعالیٰ کا ایک ہے تعدد پذیر نہیں اور کوئی ذرہ ذرہ ہائے مخلوقات میں سے اوس سے دور نہیں ایسا ہی زمان اوسکا
بھی ایک ہے تعدد پذیر نہیں اور اوسکے ملکوت میں تمامی مخلوقات ایک ذرہ ہے اور وہ ایسا ایک زمانہ ہے کہ اوس میں
تعدد پایس نہ ملنے اور پاس زمانے کی یاد اوس لحظہ اور پس لحظے کی نہیں ہو سکتی ہے پس حق تعالیٰ بیچ اس ایک زمان غیر متعدد
کے قدیر ہے ازلاً و ابداً بیک قدرت غیر متعدد اوپر تمامی مقدورات غیر متناہی کے اور علیم ہے ازلاً و ابداً بیک علم غیر متعدد
کے تمامی معلومات غیر متناہی کو اور مرید ہے ازلاً و ابداً بیک ارادہ غیر متعدد کے تمامی مرادات غیر متناہی کو اور سمیع
ہے ازلاً و ابداً بیک سماعت غیر متعدد کے مسموعات غیر متناہی کو اور بصیر ہے ازلاً و ابداً بیک بصارت غیر متعدد کے
تمامی مبصرات غیر متناہی کو اور کلیم ہے ازلاً و ابداً بلا انقطاع بیک کلام غیر متعدد کے تمامی کلمات غیر متناہی کے ساتھ
اسی جگہ سے ہے کہ خاموشی حق تعالیٰ پر محال ہے گروہ اہل بدعت جب ان اسرار کا اسرار کے انوار سے محجوب ہیں قدم
قرآن مجید اور دیگر کتب سماویہ کے منکر ہوئے اور کہا کہ اوسوقت نہ موسیٰ علیہ السلام تھے اور نہ طور سینا کیونکر آمین
حق تعالیٰ نے موسیٰ کے ساتھ کہا کہ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ إِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى بیچارے اگر بجاہدہ نفس
زمان اور مکان اور تنگنا سے عالم اجسام سے درگذرتے اور ازمنہ اور امکنہ روحانیات میں سفر کرتے اور سرو حالی
کی دوربین سے امکنہ اور ازمنہ کو بخوبی مطالعہ اور ملاحظہ کرتے البتہ جانتے کہ حق تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ
طور سینا میں کیونکر کلام کیا تھا سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج کے قصے میں فرمایا کہ رَأَيْتُ يُونُسَ فِي
بَطْنِ الْحُوتِ وَرَأَيْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ پس اس سے معلوم ہوا کہ جناب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس زمانے میں یونس علیہ السلام اور عبد الرحمن رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ پچاس ہزار سال ماضی
اور پچاس ہزار سال مستقبل مثلاً اوس میں ایک حال ہے بلکہ ایک نقطہ ہے پس حق سبحانہ و تعالیٰ نے ازل الآزال میں موسیٰ
علیہ السلام کے ساتھ حقیقۃً کلام کیا تھا اوس حالت میں کہ موسیٰ علیہ السلام طور سینا میں تھے حاصل یہ کہ اگرچہ بظاہر
ایک زمانہ دوسرے زمانے سے غائب ہے لیکن تمامی زمانہ اور زمانیات بلکہ ازل سے ابد تک روبرو سرمد کے
مستوی ہیں کے حاضر ہیں جیسے ہیں بظاہر کے منظر سے اور ہماری نظر میں سے غائب ہے لیکن روبرو زمین محیط کے دونوں
حاضر ہیں مطالعہ اس زمان اور مکان کا کبھی عوام مومنین کو خواب میں اور انبیا اور خواص اولیا کو بیداری میں

کہہ گئے تھے اور ایسا ہی قصہ معراج سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے کہ ایک لحظے میں تمامی تفاصیل عالم آپکے نزدیک
پیش کیے گئے اور نوے ہزار کلمات حق تعالیٰ کے سنے جب وہان سے پلٹ آئے بستر گرم تھا اور ستر اسمین یہ ہے
کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک زبان مین عروج فرمایا تھا کہ وہان زمان ماضی اور زمان مستقبل کی ایک حالت ہے
بلکہ ایک نقطہ ہے مثال فراخی اور کشادگی مکان کے تنگ ہونیکی قصہ اوس درویش کا ہے کہ کسی منجم نے اوس درویش کو
کہا کہ آج نیا چاند لوگ دیکھینگے درویش نے کہا نہ دیکھینگے منجم نے کہا کہ اگر آج نیا چاند نہ دیکھینگے تو مین ایسے ایسے تاوان
دونگا جب رات ہوئی درویش نے ایک ہاتھ اپنا زمین پر رکھا اور اوس پر تکیہ کر کر بیٹھ گیا ہر چند کہ لوگون نے تفحص کیا ہلال
نہ نظر آیا لوگون نے منجم سے تاوان طلب کیا درویش نے تبسم کیا اور کہا کہ آج ہلال تھا لیکن مین نے ہلال کو اپنے ہاتھ
کے نیچے چھپا دیا تھا خیال کرنا چاہیے کہ درویش نے اپنے ہاتھ کو تو زمین پر رکھا تھا آسمان تنگ کیونکر ہو گیا کہ ہلال کو
چھپا دیا سبب اسکا یہ ہے کہ درویش اوس مقام مین تھا کہ وہان کشادہ مکان تنگ ہے اور ایسا ہی ایک درویش
بیمار تھا اور نماز تیمم کے ساتھ پڑھتا تھا ایک دن اوس نے کہا کہ تیمم آسمان مین کرنا جائز ہے حاضران مجلس نے کہا
کہ اے مخدوم آسمان کہان اور آدمی کہان درویش نے بہ نیت تیمم کے اپنے دونون ہاتھ آسمان پر مارے اور اپنے
منھ پر مسح کیا اور پھر دونون ہاتھ آسمان پہ مارے اور دونون ہاتھ پر مسح کیا حالانکہ درویش اپنی جگہ مین ہے اور
آسمان اپنی جگہ مین لیکن حاضران مجلس نے سمجھا کہ درویش ایسے ایک مقام پہنچ گیا کہ وہان قرب و بعد مکانی کی گنجایش
نہین نقل ہے کہ سلطان محمود نے ایاز کو لشکر کے ساتھ دوسرے کسی ملک مین تعین فرمایا تھا جب سلطان کھانا کھاتا
تھے موافق معتاد اپنے کے ایک رکابی چینی مین اپنا پس خوردہ اوٹھا کے رکھتا اور ایاز کو دیتے اور ایاز اپنی جگہ
سے اوس رکابی کو مع طعام تعظیم کے ساتھ سلطان سے لیتا اور رکھتا تا اسی حالت مین مدت گذری تو مطبخ مین کاسہ
چینی کی کم ہو گئین مطبخی کو رکابیونکی تلاش ہوئی سلطان نے فرمایا کہ سب رکابی ایاز کے پاس مین منگوا لو
بیت در راہ عشق مرحلہ قرب و بعید نیست ✻ می بینمت عیان و دعا می فرستمت ✻ اسے موحد اگر آئینہ مصفا کو
مقابل آسمان کے رکھے تو عکس آسمان اور عکس آفتاب کا جو کہ آسمان مین ہے صفائی آئینہ مین ظاہر ہو تو ظاہر ہے صفائی
آئینے کی ایسا ایک صحرا اسے بے پایان ہے کہ اسمین مسافت دراز کی گنجایش اوسمین ہوئی اسے سالک مواحد کہ یہ سبب
صیقل کے آہن مین اتنا بڑا ایک صحرا پیدا ہوا اگر تو دل کو محبت اور عشق معشوق حقیقی سے صیقل کرے تو ایسا ایک
صحرا اوسمین ظاہر ہوگا کہ اگر کرور ہا مرتبہ عرش اور جو کچھ کہ اوسمین ہے اوس صحرا کے گوشے مین رکھا جاوے تجھکو
خبر بھی نہوگی اور مثال تنگ مکان کے فراخ اور کشادہ ہونیکا قصہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی قدس سرہ کا ہے
کہ اونھون نے ایک بت سنگین کو فرمایا کہ ابریق بھرلا وہ بت تمام حوض کا پانی
بھر لایا اور حوض مین سوائے کیچڑ کے ایک قطرہ پانی باقی نہ رہا یہ قصہ مشہور ہے فی المثل اگر سات دریا کا پانی بھرتا
تو بھی ابریق مین سما جاتا یہ تو ایک حضرت بندہ درگاہ خدا کا ہے حوض یکسارے پانی ابریق مین کیونکر گنجایش ہوئی
خیال کرنا چاہیے مثنوی جہان را سر بسر آئینہ میدان ✻ بہر یک ذرہ در صد مہر تابان ✻ اگر یک قطرہ را دل بر شگافی ✻
برون آید ازو صد بحر صافی ✻ بہر جزوے زخاک ار بنگری راست ✻ ہزاران آدم اندر وے ہویداست ✻ وسعے
ہر جزو صد خرمن آمد ✻ جہانے در دل یک ارزن آمد ✻ بہ پر پشہ در جائے جہانی ✻ درون نقطہ چشت آسمانی ✻
اسے سالک مت تعجب کر اور مسئلہ اندراج الکل فی الکل کو خیال کر جاننا چاہیے کہ حق سبحانہ وتعالیٰ واحد حقیقی ہے
نہ واحد عددی کیونکہ واحد عددی قابل تجزی اور تبعیض کے ہے اور واحد حقیقی تجزی اور تبعیض سے مبرا اور منزہ

ارادے کا ساتھ کسی شئے حادث کے موجب و مقتضی حدوث اوس ارادے کا ہوتا ہے اسلیے کہ تعلق ارادۂ قدیم کا
حادث کے ساتھ محال ہے پس وہ مرادات کہ ابداً آباد تک ظہور میں آوینگے متعلق ساتھ ارادۂ موجبہ کے ازل الآزال
مین تھا کیونکر ہو سکتا ہے کہ تعلق حادث کا قدیم کے ساتھ لازم آتا ہے اور بعض موجودات مین سے ہے کہ چھ ہزار
سال مین موجود ہوا ہے جیسا کہ آسمان اور زمین جیسا کہ قال تعالیٰ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ۔ وَاِنَّ یَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۔ اور بعض اشیا
مین سے ہے کہ چالیس ہزار سال مین موجود ہوئی جیسا کہ آدم علیہ السلام مین گما ورد فی الحدیث خَمَّرْتُ
طِیْنَةَ اٰدَمَ اَرْبَعِیْنَ صَبَاحًا پس کن فیکون چالیس ہزار سال مین ظاہر ہوا باوجود یکہ
کہ وہ طرفۃ العین ہے جواب اوسکا یہ ہے کہ بے شک ارادۂ موجبہ مقتضی حصول مرادات کا ہے مگر واسطے نفاذ
ارادے کے حسب وضع اور حرکات فلک وغیرہ کے چند شرطین ہین بغیر اون شرطون کے نفاذ ارادے کا ناقص
ہوتا ہے اور نقصان نفاذ سے نقصان ارادے کا ہے شرط اول یہ کہ مراد موافق ارادے مرید کے ہووے نہ کم
بیش دوسرے یہ کہ ظاہر ہووے مراد جسوقت مرید چاہے نہ آگے نہ پیچھے تیسرے یہ کہ ظاہر ہو وے مراد جس جگہ
مرید چاہے چوتھے یہ کہ مراد اوس مدت مین ظاہر ہو وے کہ مرید چاہے نہ کم و بیش پس فرمایا آدم کو فلان شکل پیدا ہو
فلان وقت اور فلان جگہ اور فلان مدت مین ہو چالیس موجود ہوئے آدم جیسا کہ چاہا حق تعالیٰ نے اگر طرفۃ العین
مین موجود ہوتے خلاف مقتضا ہے امر کن فیکون کے ہوتا اسلیے کہ مقتضا کن فیکون کا حق مین آدم کے یہ تھا
کہ چالیس ہزار سال مین موجود ہو وین نہ کم و بیش پس اس سے معلوم ہوا کہ حق تعالیٰ جو کچھ کہ پیدا کرتا ہے امر
کن سے پیدا کرتا ہے اور اختلاف مرادات کا مقتضیات سے ارادۂ کن فیکون کے ہے نہ منافی اوسکے فی
الفتوحات قدس سرہ کل حقیقۃ ممکن وجودھا وان کانت باعتبار ثبوتھا فی الحضرۃ العلمیۃ
ازلا وابدا ما شمت رائحۃ الوجود لکن باعتبار مظاھرھا الخارجیۃ کلھا موجودۃ
فیہ ولیس شیء منھا باق فی العلم بحیث لم یوجد بعد لانھا بلسان استعدادا تھا طلبت
الوجود بعینھا فلو لم یعط الواھب الحقیقی الجواد وجودھا لم یکن الجواد جوادا وبعضھا
دون البعض مع انھا کلھا طالبۃ للوجود الخارجی یکون ترجیحا بلا مرجح وان
لم تکن فیھا المراتب التی تطلبھا الحق وقوعھا فیھا انتھی من المبدا الی المعاد بعضھا منحصر الی
الاعراض التی تظھر فی الاخرۃ ایضا کما جاء فی الحدیث الصحیح المؤمن اذا اشتھی
الولد فی الجنۃ کان حملہ ووضعہ وسنہ فی ساعۃ واحدۃ کما یشتھی
قال تعالیٰ ولکم فیھا ما تشتھی انفسکم ولکم فیھا ما تدعون اور فرمایا حق تعالیٰ نے وما امرنا الا
واحدۃ کلمح بالبصر او ھو اقرب اور دوسری جگہ فرمایا ہے وما امر الساعۃ الا کلمح البصر او ھو
اقرب یعنی بل ھی اقرب اور درازی قیامت کی پچاس ہزار سال کی ہے کما قال تعالیٰ فی یوم کان مقدارہ خمسین
الف سنۃ پس اس سے جانا جاتا ہے کہ پچاس ہزار سال حق تعالیٰ کے نزدیک ایک طرفۃ العین سے بھی کم ہے جو تم
کہ ازل اکثر اصطلاح مین دو جگہ مین استعمال کرتے ہین اول مرتبہ ذات بلا صفات مین اور اس مرتبے کو مرتبہ سلب
صفات اور لاتعین اور احدیت اور خالص مرتبہ ذات اور واجب الوجود بھی کہتے ہین اسلیے کہ خود بخود موجود ہے موجود
ہونے مین اپنے محتاج کسیکا نہین ہے اور نہ تھا اور نہ ہوگا اور اوسکے وجود کی ابتدا نہین اسلیے کہ ابتدا وجود اوسکی نہ ہینہ

بخلاف ممکن کے کیونکہ ممکن اگرچہ غیر متناہی ہے لیکن وہ محکوم علیہ ہے ساتھ انقطاع کے بسبب مسبوق بالعدم ہونیکے
اور جو شئے مسبوق بالعدم ہے مرجع اوسکا طرف ما کان کے ہوگا پس ضرور ہے کہ اوسپر انعدام کا حکم کیا جاوے
ورنہ لازم آوے گا برابر ہونا اوسکا حق تعالی کے ساتھ اوسکے بقا مین اور یہ محال ہے اور علاوہ اسکے اگر ایسا نہوگا
تو واسطے حق تعالی کے تجرید صحیح نہوگی پس ابد حق تعالی کا ابد الآباد ہے جیسے کہ ازل اوسکا ازل الآزال ہے پس ابد اوسکا
عین ازل ہے جیسے کہ ازل اوسکا عین ابد ہے اور درحقیقت ازل اور ابد حق تعالی کی دو صفتین ہین واسطے حق تعالی کے امور
اضافیہ مین سے ظاہر کیا اونکو اضافت زمانیہ نے بسبب تعقل وجوب وجود اوسکے کے ورنہ کہان ہے واسطے حق تعالی
کے ازل اور ابد بسبب عدم مرور زمان کے اوسپر کان اللّٰہ ولم یکن معہ شیء اور قدم بکسر قاف وفتح
دال عبارت ہے حکم وجوب ذاتی حق تعالی سے پس وجوب ذاتی حق تعالی کا ایک امر ہے کہ ظاہر کیا
اوسکو اسم قدیم حق تعالی نے اسلیے کہ جسکا وجود بذاتہ واجب ہے وہ مسبوق بالعدم نہوگا اور جو مسبوق بالعدم نہوگا
وہ قدیم بالحکم ہوگا اور نہ حق تعالی منزہ ہے اوس قدم سے جو عبارت امتداد زمان سے ہے پس قدم حق تعالی کا عبارت
ہے اوس حکم سے جو وجوب ذاتی حق تعالی کو لازم ہے کیونکہ درمیان حق تعالی اور خلق کے کوئی زمانہ اور کوئی وقت حاجز
نہین ہے بلکہ قدم حکم وجود حق تعالی کا وجود مخلوقات پر مسمی بالقدم ہے اور افتقار اور احتیاج مخلوق کی اپنے موجد کی طرف
مسمی بالحدوث ہے اگرچہ واسطے حدوث کے دوسرے معنی بھی ہین کہ ظہور وجود مخلوقات کا ہے بعد اسکے کہ وہ کوئی شئے مذکور نتھی جسکو حدوث زمانی
کہتے ہین جو حدوث کہ لازم مخلوق ہے افتقار اور احتیاج اوسکی ہے اپنے موجد کی طرف پس یہی معنی موجب حدوث کے
ہین اگرچہ وہ علم حق مین موجود تھی کہ جسکو حدوث ذاتی کہتے ہین پس باعتبار اس معنی کے اطلاق کرنا اسم قدیم کا مخلوق پر
صحیح نہوگا اگرچہ وہ علم الٰہی مین قبل وجود خارجی کے موجود تھی پس باعتبار اس معنی کے اعیان ثابتہ عالم کے علم الٰہی مین
حادث ہین ساتھ حدوث ذاتی کے اگرچہ باعتبار علم الٰہی کے قدیم ہین اور اس قسم کے قدیم کو حدوث ذاتی منافی نہین ہے
بخلاف حدوث زمانی کے اسلیے کہ یہ من کل الوجوہ حادث ہے اور فرق درمیان ازل اور قدم کے یہ ہے کہ ازل عبارت
ہے معقولیت اولیت حق تعالی کے لیے اور قدم عبارت ہے انتفا مسبوقیت حق تعالی سے عدم کے ساتھ پس ازل مفید
اسبا کا ہے کہ حق تعالی قبل اشیا کے ہے اور قدم مفید اسبات کا ہے کہ حق تعالی مسبوق بالعدم نہین ہے اپنے نفس ذات
مین اشیا پر پس ہونگے ازل اور قدم کے ایک ہی معنی اگرچہ مآل دونون کا واحد ہے اور ایام الٰہ عبارت ہے تجلیات
اور ظہور حق تعالی سے ساتھ انواع کمالات ذات حق تعالی کے حسب اقتضاء ذات حق تعالی کے اور ہر تجلی کے لیے
ایک ایک حکم الٰہی ہے جسکی تعبیر شان کے ساتھ کی جاتی ہے اور اسی حکم کے لیے وجود حادث مین ایک اثر ہے جو لائق اوس
تجلی کے ہے پس اختلاف اور تغیر جو حادث کا ہر زمانے مین ایک اثر ہے واسطے شان الٰہی کے جو مقتضی ہے اوس تجلی الٰہی
کو حالم ہے وہ تجلی وجود کے ساتھ تغیر وجود اوسکے اور یہی معنی آیہ کل یوم ہو فی شان کے ہین جان تو اے طالب اس آیہ کے
لیے دو سرے معنی بھی ہین کہ راجع ہین طرف حق تعالی کے اور وہ یہ ہین کہ جیسے واسطے تجلی کے ایک شان ہے اور واسطے
اوس شان کے وجود حادث مین ایک اثر ہے ویسا ہی واسطے اوس تجلی کے ایک مقتضی ہے اور واسطے اوس مقتضی کے
نفس حق تعالی مین باعتبار ذات حق تعالی کے تنوع اور تحول ہے اسلیے کہ حق تعالی اگرچہ فی نفسہ تغیر کو قبول نہین کرتا
ہے ولیکن اوسکی ہر تجلی مین ایک ایک تغیر ہے اور اسیکو تحول فی الصور کے ساتھ تعبیر کرتے ہین پس عدم تغیر حق تعالی کا
ایک حکم ذاتی ہے اور تنوع اور تغیر تجلیات مین حق تعالی کے لیے ایک امر وجودی یعنے خارجی ہے پس حق تعالی متغیر اور
لا متغیر ہے یعنی متنوع اور لا متنوع کے یعنے متحول ہے صورتون مین اوسی نفس حسب اقتضا اوسکی کمالات کے ساتھ

یقین قطعی حاصل ہو۔ پس بہرحال عالم کے حادث زمانی ہونے مین کچھ شک نہین یعنے عالم کے لیے ابتدا ہے ویسا نہین ہے جیسا کہ دلیل جرانی اور بعضی فلاسفہ کہتے ہین کہ عالم قدیم ہے کما قال اللہ تعالیٰ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى وقال تعالیٰ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ

چودھوان مراقبہ مسئلۂ معیت کے بیان مین واضح ہو کہ جبکہ مسئلۂ وحدۃ الوجود سے یہ امر ثابت ہوا کہ وجود واجب تعالیٰ و تقدس کا واحد او مطلق ہے اور ضد اور شریک اوسکا محال اور وجود عالم کا مقید اور مظہر اوس وجود مطلق کا ہے پس اس صورت مین معیت ذاتی بین حق سبحانہ تعالیٰ کے عالم کے ساتھ گنجایش کلام کی باقی نرہی تاہم واسطے اطمینان اور تسکین طالب کے اوسمین سے کچھ ذکر کیا جاتا ہے قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَهُوَ مَعَكُمْ یعنی اللہ تعالیٰ ساتھ تمھارے ہے ایک چیز دوسری چیز کے ساتھ ہونے کو معیت کہتے ہین اور یہی معیت دو قسم پر ہے ایک حقیقی دوسری مجازی حضرات متکلمین اور علماے ظواہر کہتے ہین کہ معیت حق تعالیٰ کی ساتھ عالم کے مجازی ہے یعنی حق تعالیٰ بعلم خود تمامی ذرات عالم کے ساتھ ہے نہ ساتھ حقیقت اور ذات اپنے کے باوجود اسکے وہ سب پر قادر ہے اور اون نصوص کو کہ معیت ذاتیہ پر دلالت کرتے ہین معیت علمیہ کے ساتھ تعبیر کرتے ہین اور حضرات صوفیہ کرام ظاہر اور مجاز پر قناعت نہین کرتے ہین بلکہ طالب حقیقت ہر شئے کے ہوتے ہین اور کہتے ہین کہ معیت حق تعالیٰ کی ساتھ تمامی ذرات عالم کے ذاتی اور حقیقی ہے یعنی حق تعالیٰ بذات خود ساتھ اشیا کے حقیقۃً ہے نہ مجازاً لیکن معیت اوسکی نہ مثل معیت ایک جسم کی دوسرے جسم کے ساتھ ہے اسلیے کہ وہ جسم نہین ہے اور نہ مثل معیت جوہر کی ساتھ اجسام کے اس لیے کہ وہ جوہر نہین اور نہ مثل معیت عرض کی ساتھ جوہر اور اجسام کے اسلیے کہ وہ عرض نہین متکلمین اور علماے ظواہر کے نزدیک مفہوم معیت کا انھین تین قسم پر منحصر ہے کہ مذکور ہوگے اور حضرات صوفیہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کے نزدیک سواے ان تینون معنونکے ایک اور معنی معیت کے ہین اور وہ یہ ہین کہ معیت حق تعالیٰ کی تمامی کائنات کے ساتھ مثل معیت روح کے ہے جسد کے ساتھ نہ بطور دو اشیا مباین کے اسلیے کہ روح نہ درون قالب ہے و نہ بیرون قالب نہ متصل قالب ہے و نہ منفصل قالب بلکہ روح دوسرے عالم سے ہے روح کو دخول اور خروج اور اتصال اور انفصال وغیرہ لوازم اجسام سے کچھ نسبت نہین تفصیل اوسکی یون ہے کہ اطلاق قرب کا کبھی با اتصال دو اشیا مبائن پر ہوتا ہے جیسا کہ کہتے ہین زید ساتھ عمرو کے قریب ہے قرب حق تعالیٰ کو عالم کے ساتھ ایسا سمجھنا کفر ہے اور کبھی اطلاق قرب کا اوپر اتصال مطلق کے ساتھ مقید او مظہر اپنے کے ہوتا ہے جیسا کہ معیت اور قرب اور اتصال انسان کا ساتھ زید و عمرو وغیرہ کے جزئیات انسان مین سے ہے یا مثل معیت اور قرب کرہ موجودہ کے ساتھ دوائر اور خطوط واقعیہ نفس الامریہ کے و یا مثل معیت موم اور زر اور سیم کے ساتھ اشکال مختلفہ اپنے کے کہ اون سے مصنوع ہین بلکہ ہر مطلق قریب ہے ساتھ مقیدات اور مظاہر اپنے کے پس بلا تشبیہ مثل اس قرب اور معیت کے قرب اور معیت ہستی حقیقی کے ساتھ مظاہر اور شیون اپنے کے سمجھنا چاہیے بلکہ وجود حقیقی عین مظاہر اور شیونات اپنے کا ہے اسلیے کہ ضد اور شریک وجود کا محال ہے چنانچہ مسئلۂ وحدۃ الوجود سے ثابت ہوا ہے پس اس صورت مین ہونگے دو مظہر مگر غیر وجود حقیقی کہ عین اونکا ہے اور نہونگے تین مظہر مگر چوتھا وجود حقیقی کہ عین اونکا ہے دیکھو مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ اور نہ کم و نہ زیادہ مگر حق تعالیٰ ہمراہ اونکے ہے بلکہ عین اونکا لقریبۃ الا ہو معھم کہ اور یہی صحیح ہے بخلاف تثلیث نصاریٰ کے کہ یہ کفر ہے اسلیے کہ یہ موجب زیادتی عدد کا ہے کہ قائل غیریت کا ہے واضح ہو کہ قوم نصاریٰ بعد حضرت عیسیٰ

جلال چاہتے ہین کہ اختفا کرین صفات جلال جو ظاہر مین نابود کرتے ہین نہ باطن مین اصل ان سبکی تقاضاے ذاتی ہے
اَنَا فَانَا او صفات کبھی معطل نہین ہوتی ہے اسی سبب سے صفات بھی واضح ہو کہ حق سبحانہ و تعالی بحکم کُلَّ یَوْمٍ هُوَ فِی شَأْنٍ
اور کُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَيَبْقَى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ کے خواہ تجلیات وجودی مین ہو خواہ
تجلیات شہودی مین ہو ہر آن مین ساتھ ایک ایک اسم کے اور ساتھ ایک ایک صفت اور شان کے ظاہر ہوتا ہے
اور صورت تازہ دکھلاتا ہے اور ہر دم دوسری صورت کے ساتھ نمودار ہوتا ہے اور ہر آن مین ہر صورت نئی
معلوم ہوتی ہے اور ساری آن مین مماثل اول کے وجود مین آتی ہے اور تجلی مکرر نہین ہوتی ہے اسلیے کہ ہر آن مین فنا
ایک صورت کا اور حدوث اور بقا دوسری صورت کا کہ مماثل اوسکے حاصل ہوتا ہے اور موجب حدوث اور بقا
کا تجلیات متعاقبہ ہین فرمایا ابو طالب مکی قدس سرہ نے لَا يَتَجَلَّى الْحَقُّ سُبْحَانَهُ فِي صُورَةٍ وَاحِدَةٍ لِشَخْصٍ
وَاحِدٍ مَرَّتَيْنِ وَلَا فِي صُورَةٍ وَاحِدَةٍ لِاثْنَيْنِ وَلِأَنَّهُ لَزِمَ التَّكْرَارُ فِي التَّجَلِّي وَهُوَ عَبَثٌ وَيَتَعَالَى
الْوَاحِدُ الْحَقُّ عَنِ الْعَبَثِ اور اگر کوئی کہے کہ عدم تکرار تجلی مین دو فساد لازم آتے ہین ایک یہ کہ جزا و سزا مکلفین
کو دنیا اور آخرت مین اسلیے کہ مکلف وقت جزا دینے کے غیر اوسکا ہے کہ فعل مین تھا دوسرا ابطال حشر اجساد اور
جزاے اعمال کا لازم آتا ہے حالانکہ حشر اجساد اور جزا اعمال کی شرعاً و کشفاً ثابت ہوئی ہو جواب دیا جاوے گا
کہ بنا اون دونون امر کی اتحاد ذات اور حقیقت اوس شے کی ہے اور وہ منافی نہین ہے مختلف ہونے سے صور
اور لباس اور احوال اور نشأۃ مین جاننا چاہیے کہ حقیقت آدمی کی بلکہ حقیقت ہر ذرہ عالم کی
بہ نظر ذات اور حقیقت اپنے کے نہ بہ نظر موجد اپنے کے نیستی اور عدم ہے کما قال تعالی اَوَلَا يَذْكُرُ الْإِنْسَانُ
اَنَّا خَلَقْنَاهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا لیکن بواسطہ رابطہ وجود علمی کے کہ واسطہ اوس شے کے بیچ علم قدیم حق تعالی
کے صورت معلومہ حاصل تھی فیض وجود حق سے بسبب قابلیت اوس شے کے وجود اوسپر عارض اور ربط الہی ہوتا
ہے پس بعد عارض ہونے اس وجود کے بموجب کُلُّ شَیْءٍ یَرْجِعُ اِلٰی اَصْلِهٖ کے ہر دم طرف اصل اپنی کی کہ نیستی اور
عدم ہے بالذات میلان حاصل ہوتا ہے ولیکن بسبب اوس معیت کے صفت بقاے حق تعالی سے اوسکو دم بدم بخشی
ہے فنا سے محفوظ رہتا ہے اسی واسطے کوئی آن اثر موجد اور خالق کا اوس سے منقطع نہین ہوتا ہے اگرچہ اوس
علاقہ اوسکے اصول سے آگاہی نہو اور آیۂ بَلْ هُمْ فِي لَبْسٍ مِنْ خَلْقٍ جَدِيدٍ سے اسیکے طرف اشارہ ہے لیکن
بجو بہ ہے کہ نظر مین بواسطہ تعاقب امثال اور تناسب احوال کے عالم ایک حال پر دکھلائی دیتا ہے اور بسبب
سرعت آمد و رفت وجودات متتالیہ اور متعاقبہ کے مثل شعلہ چراغ کے و یا شعلہ جوالہ و یا آب روان و یا آب
فوارہ کے ایک امر ممتد اور مستمر محسوس ہوتا ہے اور نفس الامر مین فقط وجود مطلق مین واحد حق تعالی کا قائم
بالذات ہے اور تمامی عالم خواہ ارواح ہون خواہ اجسام جواہر ہون خواہ اعراض فی نفس الامر مین چند اعراض
مجتمع ہین اوس وجود مطلق حقانی مین صاحب گلشن راز قدس سرہ فرماتے ہین ❊ من تو عارض ذات وجود دم
مشبکہای مشکوۃ وجود دیم ❊ بخلاف اسکے اہل نظر اپنے زعم مین بعض اجزاے عالم کو جواہر اور بعض کو اعراض
کہتے ہین چنانچہ تفصیل اوسکی اونکے نزدیک یہ ہے کہ موجود دو قسم پر ہے ایک واجب الوجود کہ واجب بالذات ہے
کہ وجود اوسکا ضروری ہے باعتبار ذات اپنے کے کہ حق تعالی ہے کہ بسیط محض ہے مرکب جنس اور فصل سے نہین ہے
دوسرا ممکن الوجود کہ عالم اوسی سے عبارت ہے یہ بھی دو قسم پر ہے جوہر اور عرض جوہر وہ ہے جو قائم بالذات ہو محتاج
کسی محل کا نہو اور متحول یعنے افراد اوسکے پانچ ہین ایک جسم جو قابل ابعاد ثلثہ ہو یعنے طول عرض عمق رکھتا ہو دوسرا

شرط واسطے بقاے جواہر کے اسطرح پر کہ وجود جوہر کا بدون عرض کے محال ہے اور عرض دائما ہر آن مین متجدد ہوتا ہے اور بسبب اس تجدد اور حدوث کے دائما محتاج صانع کا ہوتا ہے پس اس ذریعے سے احتیاج جوہر کی بھی ساتھ صانع کے بالواسطہ ثابت ہوئی پس اس صورت سے عالم ساتھ جمیع اجزا اپنے کے محتاج صانع کا ہوا فلکل اقاکل بعض شاذیّۃ لعقضی حی اور حسبانیہ کہ مشہور بسوفسطائیہ ہین بیچ تمامی اجزاے عالم کے خواہ جواہر ہوں خواہ اعراض قائل تجدد امثال کے ہوئے ہین لیکن ان دونون فریق نے ایک وجہ سے خطا کی ہے اسلیے کہ اشاعرہ اگرچہ اعتقاد مین عدم بقاے اعراض کے محق ہین لیکن خطا اونکی یہ ہے کہ اونھون نے سواے حقیقت حق اور وجود مطلق تعالی وتقدس کے جواہر متعددہ کو ثابت کیا ہے اور یہ نہین جانتے ہین کہ عالم بجمیع اجزا خواہ اعراض ہون خواہ جواہر ایک ہی ذات مین اعراض مجتمع ہوئے ہین اور ہر دم اور ہر آن مین اسی ذات سے زائل ہوتے ہین اور مماثل اونکے ساتھ اوس ذات کے متلبس ہوتے ہین شلا ایک عنصر یعنے عنصر زمین مثلا کبھی ساتھ عنصر آب کے متبدل ہوا اور دوسرے روز ساتھ عنصر ہوا کے تیسرے روز ساتھ عنصر آتش کے متبدل ہوا باوجود اسکے جوہر واحد ان سب صورتون مین باقی ہے کہ وہ ہیولی ہے اور ہیولی جوہر عناصر اربعہ ہے کہ وہ بسبب صور عناصر اربعہ کے متبدل ہوتے ہین ھو کَانَ اٰحَادُ جَمِیْعِ الْمَوْجُوْدَاتِ فِی الْوُجُوْدِ الْمُطْلَقِ الْحَقَّانِیْ کہ باوجود قیام خود ہر دم اور ہر آن نیا نیا لباس بدلتا جاتا ہے لیکن ناظر بسبب سرعت تعاقب امثال کے غلطی مین پڑا ہے اور ان موجودات کو ایک امر مستمر اور مستدگمان کرتا ہے مولانا عبدالرحمن جامی قدس سرہ فرماتے ہین ÷ بحر یست نہ کاہندہ نہ افزایندہ ÷ امواج چند بر روندہ وآیندہ ÷ عالم چو عبارت ازہمین امواج ست ÷ نبود دو زمان بلکہ دو آن پایندہ ÷ پس حقیقت الحقائق کہ ذات الہی ہے حقیقت تمامی اشیا کی ہے اور وہ فی حد ذاتہ واحد ہے اور ہمین تعدد کو راہ نہین لیکن باعتبار تجلیات متکثرہ اور متعددہ کے مراتب کونیہ مین کبھی حقائق جوہریہ متبوعہ ہے اور کبھی حقائق عرضیہ تابعہ پس ذات واحد حق تعالی کی بواسطہ صفات متعددہ کے جواہر اور اعراض متکثرہ معلوم ہوتی ہے اور من حیث الحقیقۃ کے ایک ہے اصلا اوسمین تعدد اور تکثر نہین ÷ اور سوفسطائیہ اگرچہ اعتقاد تبدل کل اجزاے عالم یعنی تبدل جواہر اور اعراض اور عدم بقا اونکے مین محق ہین لیکن خطا اونکی بھی یہ ہے کہ یہ لوگ ذات اور وجود مطلق حقانی سے کہ جمیع اجزاے متغیرہ عالم صورت اور لباس اوسکی ہین غافل ہین اور عالم کو محض خیال بے اصل جانتے ہیں حالانکہ مراتب کونیہ اوسیکے مظاہر اور اعراض ہین اور خارج مین سواے اوس ایک ذات اور ایک وجود کے جملہ موجودات متعینہ عالم موہوم جامی قدس سرہ فرماتے ہین ÷ سوفسطائی کہ از خرد بیخبر ست ÷ گوید عالم خیالی اندر گذر ست ÷ آرے عالم ہمہ خیال ست ولی ÷ پیوستہ در و حقیقتے جلوہ گر است ÷ اور یہی حدود اور تعریفات سے اہل نظر کے کہ تحدید اور تعریف مین حقائق اشیا موجودہ کے کہتے ہین جملہ اجزاے عالم اعراض مجتمعہ ایک ذات مین معلوم اور مفہوم ہوتے ہین مثلاً انسان کو حیوان ناطق اور حیوان کو جسم نامی حساس متحرک بالارادہ اور جسم کو جوہر قابل ابعاد ثلثہ اور جوہر کو موجود لا فی موضوع اور موجود کو ذات لہ الحقیقۃ والتحقق کہتے ہین پس ان حدود اور تعریفات مین جو کچھ کہ مذکور ہوا سواے ایک ذات مبہم کے کہ اوس مذکورین ملحوظ ہوئی ہے تمامی از قبیل اعراض کے ہین اسلیے کہ معنی ناطق کے ذات من لہ النطق کے ہین اور معنی نامی کے ذات من لہ النمو کے وَیَبْقٰی الْبَوَاقِیْ اور یہی ذات مبہم مین وجود حق اور ہستی مطلق ہے کہ بذات خود قائم ہے اور مقوم ان اعراض کے جیسا کہ صورت نوعیہ افراد انسان کی داخل ظہور ہوئی ہے جو

سریان اور ظہور سیاہی کے بصورت حروف مفردہ اور مرکبہ کے اطلاق حلول کا تبین ہو سکتا ہے پس اطلاق اس قسم حلول
سریانی کا یعنی اطلاق مثل سریان اور ظہور مطلق کے بصورت مقیدات کے ذات حق تعالی پر قباحت نہیں اسلیے کہ خارج مین
بجز موجود اور ذات حق تعالی کے دوسری کوئی شئے موجود نہیں اور جملہ عالم ساتھ صور ظاہری اور باطنی اپنے کے صور و مظاہر
حق تعالی کا بین حق تعالی کا ہے حاصل یہ کہ جبکہ غیر حق تعالی کا کوئی موجود نہیں ہے کہ مغائر حق تعالی کا ہو وے اور
حلول عبارت ہے در آنے سے ایک شئے موجود کے دوسری شئے موجود مین کہ مغائر اوسکا ہے جیسے کہ حلول رنگ کا کپڑے
مین پس ہستی مطلق کسی شئے مین حلول نکریگا اور نہ کوئی شئے اوسمین حال ہوگی بلکہ تمامی کثرت متعینہ بمقابلہ وجود حق تعالی
کے موجود نہیں ہے بلکہ تمامی کثرت موہوم منتزع ہے وجود حق تعالی سے نہ منضم اور حال پس جبکہ مغائرت بندہ کی
حق تعالی سے اوٹھ گئی بندہ اپنی حقیقت پر واقف ہوگا انانیت اور خودی اپنی موہوم اور منتزع محض بعض
بوجہ عدم اطلاع کے حضرات صوفیہ کرام کی اصطلاح پر اعتراض کرتے ہین کہ صوفیہ معتقد حلول کے ہوئے حاشا وکلا پس جبکہ
حلول متصور نہین ہے اتحاد حق تعالی کا دوسری شئے کے ساتھ کیونکر متصور ہوگا فافہم **عنوان مراقبہ** مسئلہ
اندماج الکل فی الکل کے بیان مین اندماج لغت مین داخل ہونا اور در آنے اور لپٹ جانیکو کہتے ہین اور اصطلاح
مین حضرات صوفیہ کے داخل ہونا ایک شئے کا ہے ایک شئے مین بے حلول اور اتحاد کے یعنے حلول وہ ہے کہ حقیقتاً
دو شئے مباین ہون اور انمین سے ایک شئے دوسری شئے مین داخل ہووے کما مر فی المراقبۃ السابقۃ اور اندماج
وہ ہے کہ حقیقت مین وہ دونون ایک شئے ہون اور صورت مین دو اور انمین سے ایک دوسرے مین داخل ہووے
پس اسکے بیان اندراج الشئے فی الشئے کا ایک مسئلہ ہے دقیق کہ ایک شئے دوسری شئے مین مندرج اور مندمج ہے
یعنی ہر ایک شئے مظہر ایک ایک اسم خاص کی ہے بالفعل اور وہی ہر ایک شئے بالقوۃ مظہر تمامی اسماکی ہے مثلاً اسم
ممیت سے خاک پیدا ہوئی ممیت فاعل اور مربی خاک مربوب اور مفعول خاک مظہر اسم ممیت کی ہے بالفعل اور آتش
مظہر اسم قابض کی ہے بالفعل پس خاک ضد آتش کی ہے ظہور مین فقط اور بطون مین کچھ تغایر نہین اسلیے کہ ممیت
اور قابض وغیرہ کہ اسماے الٰہی ہین ان سبکا جامع اسم مبارک اللہ ہے پس ظہور اسم کا ممیت اور قابض مین ہوا
پس اسصورت مین اندراج الشئے فی الشئے اور ہر شئے مظہر تمام ظاہر ہوئی قال تعالی اِنَّ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ کَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا وَاَیْضًا قَالَ تعالی تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّیْلِ
وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ واضح ہو کہ جسکو عقل سلیم اور ذہن مستقیم بطریق
حدس کے دریافت کرسکتا ہے کہ جو کچھ کہ عالم مین ہے اندماج اور انفتاح اوسمین واقع ہے خصوصاً نباتات اور
حیوانات مین بدیہی ہے مثلاً درخت سدرہ کہ تخم مین اوسکے تمام درخت اور شاخ اور ورق اور پھول اور پھل
مندرج ہین اور عقل بضرورت اور بداہتہ حکم کرتی ہے کہ تخم سے ایسا درخت اور شاخ اور ورق اور پھول
اور پھل ظاہر ہونگے اور اسکے غیر ہرگز نہوگا پس جب اوس تخم کو بوتے ہین جیسا کہ عقل نے حکم کیا تھا ویسا ہی
تفصیل وار ظاہر ہوتے ہین پھر وہ تفصیل اوسکی تخم مین مندمج اور مندرج ہوتی ہین وعلیٰ ہذا عجب تر
یہ کہ حالت انفتاح اور تفصیل مین حقیقت اجمالیہ سدرہ کی بیچ تمامی اجزا درخت سدرہ کے محفوظ ہین دلیل
اوسکی یہ ہے کہ جب کوئی شاخ کسی درخت سدرہ کی دوسرے درخت سدرہ کے ساتھ پیوند کرتے ہین اور اس
شاخ اوس دوسرے درخت کی منقطع کرتے ہین اور نشوونما اور بالیدگی سے اوسکو موقوف کرتے ہین وہی شاخ
درخت مقطوع منہ کی کہ جسکو دوسرے درخت کے ساتھ پیوند کیا گیا ہے نشوونما مین آتی ہے اور پھل

نہین اور استدلال اونکا مخالف آثار اور احکام کے آخر رجوع طرف اسی بداہت کے کرتا ہے ولیس الامر
کذلک اسلیے کہ اگر عدم اندراج بدیہی ہوتا بعض طائفہ قدماے حکماین سے جیسا کہ انکساغورس اور اتباع
اوسکے کہ اصحاب کمون اور بروز ہین کمون اور بروز کے قائل نہوتے اسلیے کہ انکے نزدیک طبائع اجسام موجودہ
کے خواہ بسائط ہون یا مرکبات متصغرة الاجزا سے ہین کہ بعض اونکے ساتھ بعض کے مختلط ہین اور تمامی اجسام
بیچ ہر ایک اون اجسام کے مندرج ہین پس نار اور ہوا اور آب اور خاک اور لحم اور عصب اور ہلیل اور
عظم اور عنب اور حنطہ اور عفص وغیرہ باہم مختلط اور مندرج ہین پس جب اجزاے کثیرۂ متماثلہ جمع ہوتے
ہین طبیعت کامنہ بعض اونکے بارز ہوتی ہے اور متعلق ہوتی ہے اوسوقت حس ساتھ اوس طبیعت بارزہ کے
احکام اور آثار کے ساتھ اور اوسوقت طبائع دیگر مختفی رہتی ہین پھر جب طبیعت کامنہ اوس بعض دیگر کے
بارز ہوتی ہے اور احکام اور آثار اوسکے باقتران اجزاے متماثلہ اوسکے ظاہر ہوتے ہین پس اوسوقت طبیعت
بارزہ کی کامنہ ہوجاتی ہے اور احکام اور آثار اوس طبیعت بارزہ کی بھی مختفی ہوجاتی ہین اور بنظر فعلیت آثار
اور احکام اوسکے نام اونکا رکھا جاتا ہے یعنے اگر فعلیت احکام اور آثار ناری ہے نام اوسکا نار ہوجاتا ہے
وعلی ہذا القیاس ورنہ آتش آب ہے اور ہوا اور خاک وعلی ہذا القیاس بجمیع اشیا باہم مندرج ہین پس ہر شے جمیع اشیا
ہے اور یہ حکما کہ اصحاب بروز اور کمون ہین قائل استحالے کے نہین ہین نہ صورت مین نہ کیفیت مین اور نہ یہ قائل
کون بعد العدم کے ہین اور نہ عدم بعد الکون کے دلیل انکی یہ ہے کہ مثلاً ہوا پانی ہوجاتی ہے جیسا کہ بیچ صورت جمد کے
اور پانی ہوا ہوجاتا ہے جیسا کہ جاڑے تہہ خانہ مین رکھتے ہین اور ہوا اوسین منتقل ہوجاتی ہے اور آب منتقل اوسین ہوا
ہوجاتا ہے اور آب ہوا کے ساتھ متبدل ہوجاتا ہے اور پانی پتھر اور نمک ہوجاتا ہے وعلی ہذا القیاس اور انقلاب
بروز طبیعت کا ہے کہ اوسمین کامنہ ہے نہ استحالہ وغیرہ دلائل انکے کتب حکمت مین مذکور ہین ابو علی سینا نے انکے دلائل کو
رد کیا ہے پھر امام فخر الدین رازی نے ابو علی کی حجتونکو دفع کیا ہے پھر محقق طوسی بجواب امام فخر الدین رازی
کے درپے ہوئے پھر طوسی کے جواب پر لوگون نے اعتراض کیا اگر انکار منکرین مسئلۂ اندراج کا بدیہی ہوتا طائفۂ
حکما قائل اندراج کے نہوتے اور تردد کلام کی جانبین سے وقوع مین نہ آتی پس بداہت عدم اندراج کی باطل
ہوئی وَاَمَّا عِنْدَ الصُّوفِیَّۃِ حَقِیْقَۃُ کُلِّ شَیْءٍ ہِیَ الْحَقِیْقَۃُ الْحَقَّانِیَّۃُ مَعَ اِعْتِبَارٍ مِّنَ الْاِعْتِبَارَاتِ
الْاَلٰہِیَّۃِ مَعَ التَّلَبُّسَاتِ الْمُقْتَضِیَۃِ لِلْاَحْکَامِ مَعَ الْاٰثَارِ پس بقول صوفیۂ کرام کے سرایت حقیقت مقدسکی تمامی
حقائق مین لازم آئی اور فرق درمیان اصحاب بروز وکمون اور حضرات صوفیہ کے یہ ہے کہ اصحاب بروز وکمون اندراج
کو اجسام کے ساتھ تخصیص کرتے ہین اور حضرات صوفیہ تمامی حقائق کے ساتھ تعمیم کرتے ہین اور اصحاب بروز وکمون
کے نزدیک کثرت حقائق کی حقیقی ہے باوجود اسکے اندراج کو جائز رکھتے ہین اور حضرات صوفیہ کے نزدیک کثرت حقائق
کی غیر حقیقی ہے پس مذہب صوفیۂ صافیہ رضوان اللہ تعالی علیہم کا قریب العقل واظہر ہے اکثار رضوان مراتب
مسئلۂ بروز اور تمثل کے بیان مین بعض نا واقف ہے اسکو بھی تناسخ کہتے ہین نہ تناسخ ہوکر بروز عبارت ہے تعلق اور
تمثل روحی سے بجای دیگر باوجود قیام اور ثبوت تعلق اپنے کے ساتھ جاے اول کے بغیر کسی تغیر اور نقصان کے
حالت اصلی اپنے مین یا ظہور اور تمثل ایک شے کا کسی رسم مین باوجود قیام خود بجاے اصلی اپنے کے اور کوئی خلل
اور نقصان بارز مین نہو اور تناسخ عبارت ہے تعلق روحی سے بجاے دیگر اس عالم مین اور جاے اول سے
تعلق چھوڑ دیوے تمامی اہل اسلام اور نصاری اور اکثر ہنود منکر تناسخ کے ہین نہ بروز اور تمثل کے پس تعلق

اور عمرو وغیرہ کا ہے یعنی ضاحک کا بھی ہوگا اور اسی معنی مین ہر مطلق اور مظہر اور شان اوسکی عین یکدیگر کا ہوگا
اور ہر عدد کو واحدیت مرکب ہے یعنی واحد کا اور سطح کو جسم سے منتزع ہے یعنی جسم کا ہوگا اور کبھی یک جگہ معنی عینیت کے
لیتے ہین اور دوسری جگہ معنی غیریت کے جیسے کہ صفات ذاتیہ حق تعالی کے مثل وجوب اور حیات اور علم وغیرہ کہ ہین
نہ عین ذات ہین بمعنی اول کے اور نہ غیر ذات ہین بمعنی ثانی اور ثالث عینیت کے گو مبدا اون صفات کا نفس ذات
حق تعالی کی ہو پس اس تقدیر پر ثبوت غیریت سے از روے ایک معنی کے نفی عینیت ساتھ جمیع معنون کے نہین لازم آتی
ہے واضح ہو کہ حق تعالی کی ذات مین عینیت حقیقی لغوی اور عینیت حقیقی اصطلاحی دونون از روے تحقق اور وجود
کے ثابت ہین اسلیے کہ عینیت لغوی وہ ہے کہ دو چیز باہم یکدیگر ایک ہو وین جیسا کہ دریا اور موج تموج اور حباب آب اور
اور گل اور بو آفتاب اور ضیا اور تخم اور درخت شکر اور مٹھائی اس قسم کی عینیت ذات اور صفات عبد اور
رب مین جاری ہے اور عینیت اصطلاحی جیسا کہ شخص اور عکس ہین اور واسطے یافت شخص اور عکس کے آئینہ درکار ہے
پس اس قسم کی عینیت بھی ذات اور صفات حق تعالی مین روا ہے اسلیے کہ عالم شخص ہے اور معلوم عکس اور علم آئینہ
یعنی وجود اور احدیت اور ذات کو شخص کمالات اور صفات اور واحدیت اور صور اعیان کو عکس برزخ کبری اور
حقیقت محمدی اور علم کو آئینہ کہتے ہین جاننا چاہیے کہ لفظ حقیقت کو کبھی مقابلے مین مجاز کے لاتے ہین یعنی باطن کو بمقابلے
ظاہر کے جیسا کہ اجسام مجاز ہے حقیقت اوسکی عالم مثال ہے اور عالم مثال مجاز ہے حقیقت اوسکی عالم ارواح ہے اور
عالم ارواح مجاز ہے حقیقت اوسکی اعیان ثابتہ ہے اور اعیان ثابتہ مجاز ہے حقیقت اوسکی علم حق ہے اور علم حق مجاز ہے
حقیقت اوسکی ذات حق تعالی کی ہے اور کبھی مقابلے مین اعتبار کے استعمال کرتے ہین یعنی ذات حق تعالی کی حقیقت تمام
عالم کی ہے اور حقیقت ہر ایک افراد عالم کی اوسی ایک ذات سے اعتبار کی گئی اور ذات حق تعالی کی حقیقت الحقائق ہے
اور کبھی نفس الامر اور واقع مین بھی لفظ حقیقت کو بولتے ہین کہ وہ محل صور علمیہ اور اعیان ثابتہ کا ہے پس باعتبار اس
نسبت عینیت کے کہ مذکور ہوئی وحدۃ الوجود اے رحمہ اوسے کہتے ہین غیریت لغت مین بیگانگی اور بیگانہ ہونیکو کہتے
ہین اور آنکی اصطلاح مین غیریت آٹھ قسم پر ہوتی ہے اضافی مجازی اعتباری نسبی وہمی خیالی حقیقی اصطلاحی حقیقی
لغوی پس سواے غیریت حقیقی لغوی کے باقی سات قسم غیریت کی عینیت لغوی اور اصطلاحی کے ساتھ جمع ہوتی ہین
بلکہ نفس الامر مین غیریت حقیقی لغوی بھی ساتھ اون دونون کے جمع ہوتے ہین تفصیل اوسکی یہ ہے کہ اول غیریت اضافی
کہ وہ عبارت ہے وجود اضافی سے کہ صفات باری تعالی اور ممکنات ہین انکو وجود اضافی اسواسطے کہتے ہین کہ انکو وجود
مستقل بنفسہ نہین وجود انکا وجود حقیقی سے ہے یعنی باوجود مغائرت درمیان عبد کے کہ وجود اضافی رکھتا ہے اور
درمیان رب کے کہ وجود حقیقی رکھتا ہے دونون ایک ہین جیسا کہ باوجود مغائرت کے درمیان موج اور دریا حباب اور
موج تموج اور شجر گل اور بو آفتاب اور ضیا شخص اور عکس سیاہی اور حروف مفردہ اور مرکبہ لفظ اور معنی کی عینیت
ثابت ہے اسلیے کہ در حقیقت سواے ایک وجود کے دوسری کوئی شے موجود نہین اشیاے موجودہ کو فقط غیریت اضافی
ہے ورنہ حقیقت مین ایک وجود ہے پس اضافت اور نسبت درمیان عبد اور رب کے حقیقی ہے اسکو بعض عرفا اضافت
اور نسبت عینیت بھی کہتے ہین اور یہ حقیقت ہے اسمین مجاز کا کچھ دخل نہین جیسا کہ درمیان حروف اور سیاہی وغیرہ
مذکور ہوئی اسلیے کہ سواے متعین ہو جانے سے درمیان مین فقط ایک نسبت پیدا ہوئی جیسا کہ درمیان طین اور اوانی کے
دوسری غیریت مجازی وہ یہ ہے کہ حق تعالی نے اپنے علم مین صفات اور کمالات اور ممکنات کو مجاز بنا جان لیا ہے
یعنی قابل ظہور اسی سبب سے انکو غیریت مجازی کہتے ہین تیسری غیریت اعتباری وہ یہ ہے کہ حق تعالی نے خلق ممکنات

عین ذات باری ہے اور دوسری وجہ سے غیر ذات باری فَالخَلقُ خَلقٌ وَالحَقُّ حَقٌّ وَالحَقَائِقُ لَا تَتَبَدَّلُ
[illegible] كُلُّ شَيْءٍ [illegible] إِلَيْهِ [illegible] وَإِلَيْهِ تُقْلَبُونَ ہیں باعتبار اون نسبت غیریت
کے کہ ذو رہو لی وحدۃ الشہود اور ہمہ از وست اور ہمہ اوست کہتے ہین پس صوفی جبتک کہ اس مسئلے کو نہ سمجھیگا
کامل نہوگا اور ملحد اور اتحادی ہو جائیگا اسلیے کہ احکام شریعت غراء کے انہیں اقسام غیریت مذکورہ پر مترتب ہین پس کافر اور
مومن اور فاسق اور مطیع اور ملحد اور عارف وغیرہ صور مقیدہ ہین اور ارسال رسل اور انزال کتب اور اوامر
اور نواہی اور تحلیل اور تحریم اور خلق بہشت و دوزخ واسطے اونکے اور خطاب اور عتاب اور سزا اور جزا
اور اہانت اور اکرام اور ایلام اور انعام اور اجرا ے وعد اور وعید واسطے اون مقیدات اور متعینات مذکورہ کے
ہین پس اسی مسئلہ عینیت و غیریت سے نسبت معیت اور ربط عینیت کی مابین عالم اور حق تعالی کے واقع ہے بخوبی
ثابت ہوتی ہے چنانچہ فصوص آدمی کی بحث حکمت الٰہیہ سے واضح ہے کہ مابین امور کلیہ ذہنیہ کہ خارج مین وجود نہین
رکھتے ہین مثل علم و حیات وغیرہ کے اور مابین موجودات خارجیہ کے مثل زید و عمرو و بکر وغیرہ کے ایسی ایک نسبت
لازم و ملزوم کی واقع ہے کہ کبھی ایک دوسرے سے منفک نہین ہوتی ہے بلکہ ایک عین دوسرے کا ہے اسلیے کہ جملہ
جواہر خواہ اعراض وجود باری تعالی مین اعراض مجتمعہ ہین پس جبکہ باوجود عدم جامعیت کے ارتباط اور عینیت بین
امور ذہنیہ اور خارجیہ کے حاصل ہے پس باوجود جامعیت کے ارتباط اور عینیت درمیان دو موجود خارجی کے
کہ عبارت عالم اور وجود حق تعالی سے ہے بطریق اولی حاصل ہوگی اور ایسا ہی اس ارتباط اور عینیت کو کہ درمیان افراد
انسان کے واقع ہے معقولی بھی ثابت کرتے ہین اور کہتے ہین کہ بوجہ تشخصات اور تقیدات کے اگرچہ باہم مباینت ہے
لیکن بحسب ماہیت و اطلاقیت کے عین یکدیگر ہے وَقِيلَ عَلَيْهِ أَفْرَادُهُ كَجِنْسٍ عَالِيَةٍ كَانَتْ أَوْ سَافِلَةً
لیکن یہ لوگ اپنی کوتہ نظری سے فقط طبیعیات مین رہگئے متکلمین اور علماے ظاہر اس ارتباط اور عینیت کو کہ درمیان
عالم اور حق تعالی کے واقع ہے نہین تسلیم کرتے ہین اور اون آیات اور احادیث کو کہ اس ارتباط و عینیت پر دلالت
کرتے ہین اپنی راے سے تاویل کیے ہین خلاصہ اس مسئلے کا یہ ہے کہ عینیت اور غیریت کے حمل پانچ شق ہوئے شق
اول ان دونون کا لغو ہونا یعنی ارتفاع نقیضین کا ہونا شق دوم ان دونون کا دونون محض ہونا کہ مذہب سوفسطائیہ
ہے یہ دونون شق باطل و دور از قیاس عقل ہین اب باقی رہے تین شق یعنی عینیت محض کا ہونا کہ قائل اوسکا ملحد ہے
اور غیریت صرف کا ہونا کہ قائل اوسکا مقلد اور جامع ان دونون کا موحد ہے پس شق سوم و چہارم بھی محض باطل
ہین اور شق پنجم مطابق نص قرآن اور موافق وجدان اہل عرفان کے ہے **بیسوان مراقبہ** مسئلہ قضا و قدر کے بیان مین
قضا لغت مین حکم اور حکم کرنے کو کہتے ہین اور قدر بفتح قاف اور سکون دال لغت مین اندازہ اور اندازہ کرنے کو
بولتے ہین بعض علما کہتے ہین کہ قضا ایک حکم ہے حق تعالی کا مخلوقات کے حق مین کہ وقت وقوع واقع ہوا ہے اور قدر وہ ہے
کہ جو کچھ کہ بتدریج اوقات معینہ مین موافق اوسی حکم کے عرصہ ظہور مین واقع ہوا ہی واسطے قضا کو امر اور قدر کو
مامور کہتے ہین اور اصطلاح مین حضرات صوفیہ کرام کے قضا ایک حکم کلی ہے حق تعالی کا اشیا مین حسب اقتضاے اعیان
ثابتہ اور استعدادات اون اعیان کے اور اوس حکم کلی کو اندازہ اور جزئی معین مخصوص کرنا زمانہ معین مخصوص
مین قدر کہتے ہین اور یہ ایسا ہی کہ اوس سے ایک ذرہ کم و بیش نہین ہوتا ہے پس حق تعالی نے عالم کو خصوصا انسان
جامع جلال و جمال کا پیدا کیا ہے اور تقدیر ہر ایک کی موافق استعداد اوسکے کی ہے اور ہر ایک کو حسب استعداد اوسکے
ایک ایک صفت اپنی صفات مین سے بخشی اگر استعداد کسی بندے کی مائل بصفات جلال ہے اور صفات جلالی سے

كالشمس في الحمل والاخر فيما يليه ولا يلزم من ان لا تكون حادثة بالحدوث الذاتي الا انها ليست مخلوقة

كما توهم بعض الصوفية المتصوفة لما ان ادركوا انظار شيء لم يكن يلزم ما تخوف الاعيان الثابتة عن الحق

تعالى مجعولة ثم انما هي ثابتة بل علمه تعالى بذاته بذلك يستلزم علمه بالاعيان من غير تأخر عنه

تعالى الا ان وجود يعني الوجود الذي يلزم تلك الاعيان لا يصلح آخر فيتأخر عنه من حيث كذلك

بالعالم يعني الشيء الاول فانهم قالوا ان الجاعل تعالى ... الانبياء الثابتة

جميعها انها ماهيات غير مجعولة فقال بعضهم نفي مجعولية الماهيات من حيث انها صور

علمية وانها معدومة في الخارج والمجعول لا يكون الا موجودا الا ان الصور العلمية

والماهيات التي في اذهاننا بانها مجعولة لكنها لم توجد في الخارج فالجعل انما يتعلق بها

بالنسبة الى الخارج ومنهم من بحث عاصله ان الماهية الممكنة لما انها محتاجة الى الفاعل

في وجودها الخارجي كذلك محتاجة اليه في وجودها العلمي سواء كان ذلك الفاعل مختارا

او موجبا فالمجعولية بمعنى الاحتياج الى الفاعل من لوازم الماهية الممكنة مطلقا فانها

اينما وجدت كانت متصفة بهذا الاحتياج الى الفاعل حتى لو كان انها بسيطا او مركبا

بل فان تيسر المجعولية بانها الاحتياج الى الفاعل في الوجود الخارجي كان الكلام صحيحا

والتفصيل انه لا يصح ان يقال ان المراد بكون الماهيات غير مجعولة ان نفس الماهية

لا يتعلق بها جعل جاعل وتأثير مؤثر بالفعل اذ لا تخلط ماهية الشيء اصلا ولم يكن

معها مفهوم يتعلق به الجعل اذ لا مغايرة بين الماهية ونفسها حتى

يتصور توسط جعل بينهما فيكون احدهما تلك والاخرى كذلك لا يتصور تأثير الفاعل

الموجد في جعل الموجود فان الجعل في الماهيات باعتبار الوجود بمعنى انه يجعلها متصفة بالوجود

لا بمعنى انه يجعلها انها موجودة فالمصنف اي الجعل لان الصباغ مثلا اذا صبغ ثوبا فانه لا يجعل الثوب

ثوبا ولا الصبغ صبغا بل يجعل الثوب متصفا بالصبغ في الخارج وان لم يجعل اتصافه به موجودا

في الخارج فليست الماهيات في انفسها مجعولة ولا وجوداتها ايضا في انفسها مجعولة

بل الماهية في كونها موجودة ... وهذا المعنى مما لا ينبغي ان ينازع فيه ولا منافاة

بين نفي الجعل عن الماهيات بالمعنى الذي ذكرناه اولا وبين اثباتها بما بيناه

ثانيا فان نفي الجعل عنه مطلقا واثباتها مطلقا كلاهما خطأ اذا حمل على ما ذكرناه

اور اگر کوئی کہے کہ صدور عالم کا حق تعالیٰ سے اگر بطریق ایجاب کے کہا جاوے تو قدم عالم اور اضطرار حق تعالیٰ کا لازم آوے

جیسا کہ فلاسفہ کہتے ہیں باوجود اسکے کہ عالم کے حدوث زمانی ہونے میں حضرات صوفیہ کرام اور علماء ظواہر کا اتفاق

ہے جواب دیا جاویگا کہ حق تعالیٰ فاعل مختار ہے اور حق تعالیٰ سے عالم بالاختیار صادر ہوا ہے اگرچہ بظاہر بطریق ایجاب

کے معلوم ہوتا ہے فان قلت صدور ... بالاختيار ... لان ...

... الا ان ...

... الفلاسفة من انه تعالى ... حيث

بالذات لا فاعل بالارادة والاختيار ... لا ...

خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف جو نسبت اسکے واقع ہوئی اور وہ اوس سے صبر نہ کرسکا اور اوسکے بدلے مین جبکہ
استعمال بعض مطعومات اور مشروبات کا موجب امراض مخوفہ اور مہلکہ ہوتا ہے معذب ہوگا اور صرف ان امور اور
حالات مخصوصہ کا نام اوسکا تھا اور علم ازلی مین بلا خلق ارادی حق تعالی کے یہ تمامی امور اور حالات معینہ متحقق اور
ثابت تھے پس اب شکایت اوسکی حق سبحانہ وتعالی سے وہی حکایت ہے کہ ممتنع کو ممکن کیون نہین کیا یعنی مین ایسا کیون
ہوتا اور اوالی باب بھی یہی ہے کہ اسمین معنی کا ذہن مین تصور نہین ہوسکتا جاہئیے یہ کہ تشریع شرائع اور بعثت انبیا اور
دعوت امم اور اتباع اور انحراف مکلفین اور سوال اور جواب اور تنعم اور تالم اور حساب وکتاب اخروی اور انبیا
وعلا اور عدم دعا اور اجابت اور عدم اجابت اور سعادت اور عدم سعادت اور شقاوت اور طول عمر اور قصر عمر غرض کمال سے وغیرہ
اسباب اور مسببات شرعیہ اور غیبیہ مثل تمامی اسباب اور مسببات دنیویہ محسوسہ اور تخلف اور عدم تخلف باہم
انکے مناسب اور معالجات سے ساتھ ہر شخص کے قسم سے اوضاع مخصوصہ کے مجموعہ اونکا مثلاً طاؤس کہتے ہین جاننا
چاہیئے پس اوس چیز سے کہ باب تقدیر مین مذکور ہوئی گمان نکرنا چاہیئے کہ طاؤس مثلاً قدرت الٰہی سے بیل نہین ہوسکتا
ہے یعنی شانشاہ وہ امتناع امر دیگر ہے اور یہ جواز امر دیگر اسلیئے کہ طاؤس کا بیل ہوجانا بھی بتقدیر وقوع اوسکے
مقتضیات مین سے اوسکے عین ثابتہ کے ہوگا واضح ہو کہ ہستی مکلفین کو اس اعتبار سے کہ وہ عین ہستی حضرت حق سبحانہ
وتعالی کی ہے تفرقہ تنعم اور تالم کی گنجایش نہین اور اس اعتبار سے کہ ہستی اونکی غیر ہستی حضرت حق سبحانہ وتعالی کی
ہے ارادہ اور قدرت اور اختیار اونکا غیر ارادہ اور قدرت اور اختیار حق سبحانہ تعالی کا ہے پس اس تقدیر مین جو کچھ
کہ مکلفین سے خیر و شر سرزد ہوتا ہے اسمین کسی جبر جابر کا دخل نہین ہے اسی جگہ سے ہے کہ نسبت ظلم و بے رحمی کی حضرت
حق جل وعلی سے مسلوب ہے اگرچہ احکام الٰہیہ خواہ تکوینی ہون خواہ تشریعی حضرت جامع جمیع صفات کمال سے تنزل پاتے
ہین پس خلاصہ کلام مسئلہ قضا و قدر کا یہ ہے کہ ہر فریق خواہ خیر ہو یا شر واسطے مطلب اپنے کے صراط مستقیم اور راہ
راست پر ہے پس بسبب آیہ کریمہ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ہر راہ
راہ راست ہے یعنی اہل جنت براہ جنت اور اہل دوزخ براہ دوزخ راہ راست پر ہین لیکن صراط مستقیم اصحاب
انعام یعنی طریق شریعت حضرات انبیا علیہم السلام خصوصاً طریق شریعت حضرت سلطان الانبیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی
طلب کرنا چاہیئے نہ راہ یہود و مغضوب و نہ طریق نصاری ضالین و نہ طریق دیگر مشرکین و کفار وغیرہ پس اس سے معلوم
ہوا کہ حکم حق تعالی کا دو طرح پر ہے ایک تکوینی ارادی کہ موافق اس حکم کے ہوا جو کچھ کہ ہوا اور ہوگا جو کچھ کہ ہوگا پس
باعتبار اس حکم کے کوئی مخالف حق تعالی کا نہین ہے بلکہ منکرین اور کفار بھی واسطے حکم تکوینی ارادی کے مطیع فرمان
ہین اور دوسرا حکم تشریعی ہے کہ اوسمین بیان حالات کمال نوع انسانی کا ہے اور یہ حکم مختلف ہوتا ہے کہ حق تعالی
سنہ مع جوادیت اپنے حسب امکان انتظام عالم کے بہت کچھ چاہا ہے کہ ایمان لاوین اور محکوم شرائع شریعت کے
نہ ہووین پس بسبب عدم امکان انتظام عالم اور عدم ارادہ حق تعالی کے ایمان نہین لاتے ہین اسلیئے کہ اصل امر
یہ ہے کہ جیسا کہ امکان انتظام عالم کا ہے مطابق اوسکے علم حق تعالی کا ساتھ اوسکے متعلق ہوتا ہے اور مطابق علم کے
ارادہ اور مطابق ارادہ کے قدرت اور مطابق قدرت کے صور عالم ہین پس انشاء حق تعالی بموافق امکان انتظام اور استعداد عالم کے ہے پس اعمال
او ر عقائد حسب قابلیت و استعداد کے ہوئے اور مطابق اعمال و عقائد کے جزا اور سزا ہے جبکہ اہل ایمان یعنی اہل جزا اس عالم مین تکالیف
شرعیہ اور مشاق ہیں اور پاک ہوگئے لائق جنت کے ہوئے اور اہل سزا اس عالم مین جبکہ تکالیف شرعیہ نہین اوٹھائی
اور ایمان نہین لائے مستحق دوزخ کے ہوئے اور جب روز قیامت دوزخ مین جاوینگے پوچھینگے کہ کیون یہ تکلیف

مختار اور یکبار کسی جسم سے منتزع ہوتے ہیں یہ دونوں قسم مدار احکام نفس الامریہ کے ہیں اور سوائے ان دونوں
قسم مذکورہ کے اور ایک قسم ہے محض فرضی اور صرف وہمی اختراعی بلا منشاء انتزاع کے جیسا کہ انیاب الاغوال
اور شریک الباری اور اجتماع النقیضین ہیں یہ مدار احکام نفس الامریہ کے نہیں ہیں اور یہ بھی اہل عقل کے نزدیک پوشیدہ
نہیں کہ جسوقت دونوں پلے ترازو کے مساوی الوزن ہوں ایک اون دونوں کا مائل بزیر نہوگا جیسے کہ ممکن
خاص کہ دونوں جانب وجود و عدم اوسکے مساوی ہیں ایسا ہی ہر ممکن کہ نسبت وجود اور عدم اوسکی مساوی
ہے پس اس تقدیر میں وہ بغیر علت کے ہرگز موجود نہوگا پس فرقہ باطلہ اہل بخت و اتفاق سے گریز کرنا چاہیے اسلیے کہ وجود
ممکنات کو بلا علت اور بے سبب جانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ موجود ہونا ممکنات کا اتفاقات سے ہے بلا صانع کے لقوله
تعالیٰ ذلک اور اولیت وجود اور اولیت عدم بدون پہنچنے حد ضرورت کے متصور نہیں لِاَنَّ الشَّيْءَ مَا لَمْ يَجِبْ
لَمْ يُوجَدْ کما هو پس احتمال اولیت کا باطل ہوا اور یہ بھی ظاہر ہے کہ عدم مطلق کہ جسکو عدم محض بھی کہتے ہیں کچھ چیز
نہیں ہے کہ علت موجدہ کسی ممکن کی ہووے پس سبب اوس فرقہ سیطانیہ کے احتراز کرنا چاہیے کہ با وجود قائل ہونے
ترکیب آفتاب اور ستاروں کے اجزاء لایتجزی سے کہتے ہیں کہ یہ محتاج صانع کے نہیں ہیں اور حرکات اور سکنات انکے
اور انتظام عالم کے حادث دہر معدوم مجہول الذات سے گمان کرتے ہیں حالانکہ اصل وجود وہی دہر ہے اور ذاتی
پردہ عدم میں حدیث قدسی میں لَا تَسُبُّوا الدَّهْرَ فَإِنَّ الدَّهْرَ هُوَ اللّٰهُ وارد ہے اور مراد دہر سے وہ زمانہ
نہیں ہے جو عبارت مقدار حرکات فلکیہ سے ہے کما مر بلکہ اسجگہ دہر سے ذات مجہول النعت مراد ہے اور یہی جاننا چاہیے
کہ جب انتظام عالم کا مشہود اور معلوم ہے پس کسی علت اور سبب کا ہونا ضرور ہے گو مجہول الذات ہو پس سبب اسیلیے
اوس فرقہ دہریہ کے اجتناب کرنا چاہیے کہ عالم کو مجموعہ اعراض بلا سبب سمجھتے ہیں اور اعتراض کرتے ہیں کہ صانع واجب نے
اگر عالم کو پیدا کیا پس ایجاد اوسکی یا بغرض ہوگی پس محتاج ہوا یا بلا غرض پس لغو ہوئی اسلیے کہ شق ثالث یہاں
موجود ہے کہ یہ ایجاد نہ بغرض ہے نہ لغو بلکہ واسطے فائدہ رسانی غیر کے ہے اگرچہ یہ غیریت بالاعتبار ہو پس اگر
کہ انتظام عالم کثرت کا اوپر اس ترتیب شیق کے ہے وجود صانع کا ظاہر اور اگر کوئی کہے کہ افعال ارادیہ میں کوئی
غایت اور غرض کا ہونا ضرور ہے پس بنظر اسکے اگر حضرت حق سبحانہ و تعالیٰ کے نسبت ایجاد عالم میں کوئی غایت و غرض
تجویز کی جاوے استکمال بالغیر لازم آویگا ورنہ افعال اوسکے جزافی اور تخمینی ہونگے تعالیٰ اللّٰہ عن ذلک علوا
کبیرا تو جواب دیا جاویگا کہ ہر فعل ارادی کو کوئی غایت جداگانہ ہونا ضرور نہیں ہے مثلاً التذاذ کہ فعل ارادی نفس کا ہے
اور خود وہ نفس مقصود بنفسہ واقع ہوا ہے اور مثلاً جسکو جود صادق کا ملکہ فطری حاصل ہے اوسکے عطا اور بخشش سے
کوئی غرض اور غایت متعلق نہیں ہوتی ہے ورنہ وہ جود جود نہوگا کما ثبت فی الحکمۃ العلیۃ اور اس قسم کے
افعال کو جزافی کہنا بالاتفاق باطل ہے اسی طرح تعلق ارادہ ازلیہ حق تعالیٰ کا از روے جود ذاتی کے ہے اور
ظاہر ہے کہ جو فعل ارادی ہے ورنہ لائق حمد کے نہوتا پھر اگر کوئی کہے کہ نفس التذاذ کہ جسکو حاصل بالمصدر کہتے
ہیں فعل طبیعی نفس کا ہے اسواسطے وہ کسی غایت کو نہیں چاہتا ہے اور ایسا ہی ملکہ جود صادق کا بمنزلہ فعل طبیعی کے
ہوتا ہے اسلیے کہ اوسکو کوئی غرض درکار نہیں تو جواب دیا جاویگا کہ ظہور حب ازلی کا تطورات ارادیہ کے ساتھ
درحقیقت جود ذاتی ارادہ ازلیہ حضرت مبدا کا ہے اور نفس ظہور تعلق اور تنوع اوسکا بمنزلہ فعل طبیعی اوس ارادہ کے
ہے کہ بطریق وجوب کے واقع ہے اور تخلف اوس سے ممتنع ہے کما قال تعالیٰ إِنَّمَا أَمْرُهُ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا
أَنْ يَقُولَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ اور ازلی ہونا صفت ارادے کا عقلاً منافی اسبات کا نہیں ہے کہ تجدد اضافات اوسکا

المقالة الفصوص من اعلم أن شؤون الكمال الحق سبحانه من وجهين أحدهما كماله من حيث الذات
وتحقق بيانه عن شؤونات وجودها منها كان من عندها فهي غنية عن وجودها وبقائها وكذا وجودها
عما سواها والكمال الثاني وهو كمال تفصيل الحق تعالى من حيث أسمائه الحسنى وذلك
إنما يكون بظهور النسب الربانية والحقائق الأسمائية وكثرة أحكامها في مواطنها ومظاهرها
وكان الحق الواجب في كماله الذاتي وغنائه الأحدي يرى هذا الكمال في ذاته وذلك ذاتيه
علينا ومع ذلك لا منفك عنها ويرى أسمائه وصفاته أيضا نسبة ذاتية لها وشؤونا
حقيقية مستهلكة الأحكام تحت قهر الأحدية غير ظاهرة الآثار ومتميزة الأعيان بعضها
عن بعض الكنه شاء أن يظهرها من حيث كمالها الأسمائي ويرى أعيان مظاهرها متميزة الآثار
والأحكام وجهه من حيث اسم الله تعالى ويبسط نور الوجود على الممكنات المعلومة في الملاء
المتنوع فصار مظهرا تفصيليا لحقائق الأسماء ويتجلى مرآة بصفات الأحدية لكنه كان
بدن ونور وجود آدم جعلت المسألة مرآة الحق الأدنح فيه پس ذات من حيث ہی ہی
محض ہے اور اسی ہستی کو بغیر اعتبار تعین اور لاتعین کے اصطلاح میں لابشرط شے اور احدیۃ ذاتیہ اور احدیۃ مطلقہ
اور احدیۃ صرفہ اور لاتعین اور عالم لاہوت اور ازل الآزال اور تعین الکافور اور ذات بحت اور ذات صرف
بلا اعتبار اور ذات مطلقہ اور ذات احدیہ اور ذات بلا تعدد اور ذات ہویۃ اور ذات ساذج اور ہویہ اور
وجود بحت اور مطلق وجود اور عدم العدم اور بطون البطون اور خفاء الخفاء اور قدم القدم اور اول لا ابتدا
اور آخر لا انتہا اور غیب ہویۃ اور غیب الغیب اور غیب المصون اور عالم ہاہوت اور جمع تجلی اور تجلی ہو کہتے ہیں
اس تجلی ہو کو نور ذاتی اور مقام حیرت بھی کہتے ہیں اور نور ذاتی کو نور سیاہ کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں پس اس مرتبے
میں فقط ہانت ذات کی ہے بلا اعتبار اجمال اور تفصیل صفات کے اور اس مرتبے میں کنہ ذات حق تعالیٰ کی کسی
مخلوق کو مفہوم اور معلوم اور مدرک نہوئی اور نہوگی اسلیے کہ فہم اور علم اور ادراک ہر عالم کا بنظر ذات اوسکی کے محدود
اور متناہی ہے اور ذات حق تعالیٰ کی تعین اور تناہی سے منزہ پس احاطہ کرنا غیر محدود اور غیر متناہی کو محدود اور
متناہی سے بدیہی الاستحالہ ہے کما قال تعالیٰ ولا یحیطون بہ علما وایضا قال تعالیٰ لا تحیط بہ الاوہام
کنہت کے اسی واسطے اعرف المعارف سلطان الانبیا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نسبت اس مقام کے
فرمایا ما عرفناک حق معرفتک لیکن معرفت درجات اور مراتب تفصیلی اور تنوعات ظہور اوسکے متعلق ہے ساتھ
انبیا اور اولیا کے ہے **دوسرا مراقبہ** مرتبہ وحدۃ کے بیان میں اور وہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے حسب تقاضاء حب
کے کما قال کنت کنزا مخفیا فاحببت ان اعرف فخلقت الخلق وتعرفت الیہم فبی عرفونی خود بخود
اپنے میں آپ تجلی کی اور مرتبہ احدیۃ ذاتیہ سے مرتبہ وحدۃ میں تنزل فرمایا یعنی ذات نے اپنی ذات سے ذات ہی
کو علم مطلق اور علم اجمالی کے ساتھ مشاہدہ کیا اور اپنی ذات کو ساتھ جمیع شیونات کے ساتھ اسماء الٰہی اور اسماء کیانی
کے بطریق اجمال بدون امتیاز ایک کے دوسرے سے ملاحظہ اجمالی فرمایا کہ میں ہی موجود ہوں سوائے میرے اور کوئی
موجود نہیں اور قابلیت اور صلاحیت رکھتا ہوں ظہور کی اور یہ مرتبہ جامع عامہ جامعیہ قابل ہے ہر مفہوم کلی وجوبی و امکانی
اور اسی مرتبے کو انا مطلق کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں یعنی انانیت ہر مقید کی منسوب ہے طرف اس انا مطلق کے اور اسی انا
کہ ہستی مطلق سے مخلوط انا وجود مقیدات وافعیہ کے منتزع ہوتے ہیں اور اسی مقام تفصیل میں انا تعینہ کا

اگر ذات غیر متناہی احاطے مین علم سقالی کے آوے تو ذات غیر متناہی نرہے گی اگرچہ یہ علم سقالی بھی بہ نسبت تنزلات اور حوادثات کے غیر متناہی ہے مگر بہ نسبت ذات بحت کے تعین پس معلوم ہوا کہ اس مرتبے مین علم بھی عین ذات ہے نہ صفت اوسکی اور اسی طرح سے نور کہ ذات غیر متناہی بذاتہا اپنے مین آپ روشن ہے نہ اوس نور سے کہ صفت ذات کی ہے جو اضافی نسبی ہے پس اس مرتبے مین نور بھی عین ذات ہے نہ صفت ذات کی اور اسی طرح سے شہود کہ ذات غیر متناہی اپنے مین آپ مشہود ہے نہ اوس شہود سے کہ صفت ذات کی ہے جو امور نسبی ہے پس اس مرتبے مین شہود بھی عین ذات ہے پس درمیان ان چارون اعتبارات اور ذات بحت کے بجز اعتبار اجمالی کے غیریت کا لحاظ بالکل نہوا اسلیے کہ اس مرتبے مین ذات خود عالم اور خود معلوم اور خود علم اور خود مستور اور خود ظہور اور خود شاہد اور خود مشہود اور خود شہود ہے پس ان چارون اعتبارات مین تمام صفات و اسمائے الٰہی اور اسمائے کیانی مستغرق ہین بطریق ارتقاء کہ مرتبہ واحدیت کی ہیولیٰ ہے پس مرتبہ وحدت قابل محض اور محل صرف ہے اور اجمال کو تفصیل ہے اور تفصیل بدون کثرت صفات و اسمائے محال ہے اسی واسطے پہر ذات نے حسب قولہ تعالیٰ الم تر الی ربک کیف مد الظل کی اپنے مین آپ تجلی کی اور تعین ثانی مین تنزل فرمایا پس یہ تعین جامع جمیع صفات کا اور تفصیل اعتبارات تعین اول کی ہے پس اس مرتبے مین تفصیل اسمائے الٰہی اور اسمائے کیانی کی ہوئی اور یہ صور علمیات اور تعینات علمی ہین اور ان تعینات علمی کو اصطلاح مین اعیان ثابتہ کہتے ہین یہ اعیان دو قسم پر ہین ممکنات اور ممتنعات ممکنات وہ ہین کہ موجود ہونا اونکا خارج مین ممکن ہو یہ تو ظاہر ہے اور ممتنعات بھی دو قسم پر ہین ایک اون دونون کا بلا منشاء انتزاع کے ہے اور یہ محض فرض عقل پر موقوف ہین جیسا کہ اجتماع الاحوال اور شریک باری اور اجتماع نقیضین یہ عدم محض ہین نفس الامر مین انکا وجود نہین دوسرا قسم ممتنعات کا فرض عقل پر موقوف نہین بلکہ نفس الامر مین ثابت ہین اور علم باری مین موجود اور بواسطہ ذات حق تعالیٰ کی لازم ہین اسلیے کہ یہ صور مین اسمائے غیبیہ کی ہین اور مختص ہین باطن کے ساتھ اور ضد ہین اسم ظاہر کی اور طالب ہین واسطے باطن کے اور ممتنع ہے موجود ہونا انکا خارج مین ان اسما کو سوائے حق تعالیٰ کے بجز انبیا اور اولیائے کاملین کے اور کوئی نہین جان سکتا ہے اسی کے طرف اشارہ کیا نبی علیہ السلام نے اور فرمایا آپنے دعا مین کہ او استاثرت بہ فی علم الغیب عندک پس اس مرتبہ واحدیت کو اصطلاح مین بتشریطاتے نور واحدیت اور تعین ثانی اور تجلی ثانی اور فلک الحیاۃ اور حضرت الربوبیۃ اور حضرت الجمع اور منشاء الکثرت اور معدن الکثرت اور احدیۃ الکثرت اور قابلیۃ ظہور اور مرتبہ ثانی اور منتہی العروج اور منبت الوجود اور منشاء السوی اور حضرت الالوہیۃ اور منتہی العابدین اور حضرت الارتسام اور برزخ ثانی اور کون جامع اور آدم ثانی اور ظہور ثانی اور ظل ثانی اور ظل ممدود اور نفس رحمانی اور تجلی رحمانی اور عما اور وجود مضاف اور مبدء ثانی اور منشاء ثانی اور عالم باطن اور عالم معانی اور مجمع الارواح اور نماز ثانی اور عالم اسما اور عالم وجوب اور مقام ارواح اور معاد ارواح اور مرکز وحدۃ اور ظل وحدۃ اور مبین الصفات اور مرکز الارواح اور معدن الارواح اور عین الیقین اور باطن ملک اور عالم جبروت اور حقیقت انسانی کہتے ہین اس مرتبے مین یافت ذات کی تفصیل صفات کے ساتھ ہے اور یہ مرتبہ مسمی برحیم ہے ماخوذ رحمت کہ دوسرے پر رحم کرتے ہین ظہور اور اثر اسکا حضرت آدم صفی اللہ ہین اور اس مرتبے کو مرأت حضرتین اور قابل وصفین بھی کہتے ہین اور مراد حضرتین اور وصفین سے حضرت وجوب اور حضرت امکان اور حضرت وجوب اسمائے الٰہی کلی اور ارباب کو کہتے ہین کہ صفت لازمی انکی وجوب اور فعل ہے اور یہ اجمالاً بین ہین اس تفصیل کے ساتھ البدیع الباعث الباطن الآخر الظاہر الحکم المحیط الشکور الحی المقتدر الرب العلیم القاہر النور المصور المحصی المبین

(بطین) (ثریا) (دبران) (ھقعہ) (ھنعہ) (ذراع) (نثرہ) (طرفہ) (جبہہ) (الزبرہ) (صرفہ) (عوا) (سماک) (غفر) (زبانا) (اکلیل) (قلب) (شولہ) (نعائم) (بلدہ) (سعد الذابح) (سعد بلع) (سعد السعود) (سعد الاخبیہ) (المقدم) (المؤخر) (رشا) تعلیق اور ترتیب منازل قمری کی اسماے کیانی کے ساتھ باعتبار ترتیب وجود اور ظہور اونکے ہے باطن معارف خارج کے اور ان اٹھائیس منازل کو منازل قمری اسواسطے کہتے ہین کہ قمر کی دوسرے ستارونکی حرکت سے سریع تر ہے اسلیے کہ قمر اٹھائیس روز مین دورے کو پورا کرتا ہے پس اس اعتبار اٹھائیس منزل فلک البروج مین تعیین کرتے ہین کما قال تعالی والقمر قدرناہ منازل اور ان منازل کو بارہ برج مین تقسیم کرتے ہین پس ہر ہر برج مین دو منزل صحیح اور ایک ثلث منزل کسر واقع ہوئی اور ظہور مقادیر ازمان اور کاربار افراد و ستہ مردمان اور تمام حادثات جو ہان دنیا مین بذریعہ قمر اور فلک قمر کے ظہور مین آتے ہین اور شرطین وغیرہ کہ اسماے منازل قمری ہین ستارونکے نام ہین کہ ہر ہر منزل مین وہی ستارہ واقع ہوا ہے اور ان منازل کو ہندی مین نچھتر کہتے ہین واضح ہو کہ یہ تمام اسماے کیانی کہ مذکور ہوئے مقتضیات اور مربوبات اسماے الٰہی کے ہین مرتبہ ربوبیہ مین کہ انکو اعیان ثابتہ اور ظاہر علم بھی کہتے ہین پس اسماے الٰہی رب اور موجد اور مظہر اور اسماے کیانی مربوب اور مظہر ہین اسم بدیع مثلاً رب اور موجد اور مظہر ہے عقل کل اور حرف ہمزہ اور فلک ہمزہ اور شرطین کا اور یہ سب مربوب اور مظہر اوسکے ہین و قس علیہ البواقی سبحانہ الذی بیدہ ملکوت کل شی پس مربوب کلی رب کلی سے اور مربوب جزئی رب جزئی سے صادر ہے اور یہ تخصیص باعتبار غلبے کے ہے ورنہ ہر اسم الٰہی ہر اسم کونی مین موثر ہے پس تمام موجودات حاصل ہوئے حرکت نفس رحمانی سے مثل حصول حروف ملفوظ کے حسب ترتیب مخارج انکے پس تمام اسماے کیانی کلی کو مبدء اور تمام اسماے الٰہی کلی کو معاد کہتے ہین اسلیے کہ ابتدا سے عروج سالک کی اسماے کیانی سے ہے اور معاد اوسکا اسماے الٰہی تک ہے اور اس عروج مین باعتبار سلوک کے چار منزلین ملحوظ ہین ناسوت ملکوت جبروت لاہوت ناسوت کو فنا کرنیسے ملکوت مین یعنی مثال مین اور مثال کو فنا کرنیسے جبروت مین یعنے روح مین عروج کرتے ہین اور روح کو فنا کرنے سے اعیان مین یعنی لاہوت مین عروج کرتے ہین اعیان کو لاہوت اسواسطے کہتے ہین کہ احدیت اور وحدت اور واحدیت ایک ہی مرتبہ ہے کہ یہ تینون مراتب ذاتی اور تنزیہی اور داخلی ہین سالک کے حق مین منزل ناسوت وہ ہے کہ سالک غیر حق کو فراموش کرے اور منزل ملکوت وہ ہے کہ سالک یاد حق مین ہمیشہ قائم رہے اور منزل جبروت وہ ہے کہ سالک اپنی خودی کو فراموش کرے اور منزل لاہوت وہ ہے کہ نظر سالک کی ہمیشہ ذات حق پر رہے جاننا چاہیے کہ اسماے کیانی مین سے عقل کل اور نفس کل اور طبیعت کل اور جوہر ہباء اور جسم کل اور شکل کل غیر مجسم ہین اور باقی مجسم اور ماتحت ہر ایک کے جزئیات بے شمار ہین پس عقل کل عقول باقیہ تحتانیہ کو اور نفس کل نفوس باقیہ تحتانیہ کو اور طبیعت کل طبائع باقیہ تحتانیہ کو اور جوہر ہباء یعنے مادۃ المواد مادہاے باقیہ تحتانیہ کو اور جسم کل اجسام باقیہ تحتانیہ کو اور شکل کل اشکال باقیہ تحتانیہ کو محیط اور حاصر ہین اور اسی طرح ہر کلی جزئیات ماتحت اپنے کو حسب ترتیب سلسلہ کائنات کے محیط اور حاصر ہے پس کوئی کون خواہ کلی ہو یا جزئی اون اکوان مذکورہ سے خارج نہین حتی کہ میزان اور صراط اور جنت اور دوزخ اور دیگر جزئیات بھی ان اکوان کلیہ مین داخل ہین افلاک مع کواکب سیارہ وغیر سیارہ کو آباے علوی اور عناصر کو امہات سفلی اور حیوانات و نباتات اور کائنات کو اولاد کہتے ہین اسیواسطے افلاک مع کواکب کے عناصر پر مشتمل

٥٥

مخلوق اور حادث پس آسی نفس رحمانی کو باعتبار ثبوت اعیان اور استعداد اونکے کے فیض اقدس اور تجلی ذاتی
حُبّی کہتے ہیں کہ اوس سے ظہور اسماے مشروطی کا ہے اور آسی نفس رحمانی کو باعتبار ظہور خارجی کے فیض مقدس اور
تجلی اسمائی اور صفاتی کہتے ہیں کہ اوس سے ظہور اسماے کیانی کا ہے خارج میں اور باعتبار قابلیات محض بدون
تفصیل کے وحدۃ کہتے ہیں اور باعتبار سلب قابلیات کے احدیۃ کہتے ہیں کہ تعلق ساتھ ازلیۃ اور اولیۃ کے رکھتا ہے
اور باعتبار ثبوت قابلیات اور تفصیل اونکے کے واحدیۃ کہتے ہیں کہ تعلق ساتھ ابدیۃ اور آخریۃ کے رکھتا ہے پس
اسی سے اسم اول اور آخر اور ظاہر اور باطن متعین ہوئے وَعَلٰی هٰذَا الْقِيَاسِ لِيُلَاحَظْ لَهَا الْاَوَّلِيَّةُ وَالْاٰخِرِيَّةُ
وَالظُّهُوْرُ وَالْبُطُوْنُ فِيْ جَمِيْعِ الْمَرَاتِبِ التَّجَلِّيَاتِيَّةِ پس ہر چند کہ تضاعف نسبت اور اسما بیشتر ظہور ذات کا
بیشتر مانع ہے مگر ذات کا بیشتر ہے کاملین کے نزدیک بسبب تضاعف نسبت اور اسما کے ظہور زیادہ ہے اور
ناقصین کے نزدیک خفا زیادہ ہے مخلوقات کا باعتبار اطلاق کے ہے اور ظہور ہر ایک کا باعتبار مظاہر اور متعینات
کے پس جیسا کہ نام ذات کا بہ نسبت تعینات اور صفات اور اسما کے ہر ہر مرتبہ داخلی میں جدا جدا ہے ویسا ہی عقل
کل کا بھی کہ مخلوق اول ہے ہر ہر مرتبہ خارجی میں نام جدا جدا ہے بلکہ ابتداے عالم امر سے آخر عالم ناسوت تک
کہ انسان ہے ظہور عقل کل کا ہے پس حاصل یہ کہ ان ساتوں صفات کے مرتبہ جامع کا نام الوہیۃ ہے اور ساتوں صفات
کو امہات صفات اور ائمہ صفات کہتے ہیں اور یہ امہات صفات غیر مشروطی ہیں محتاج بظہور مخلوق کے نہیں ہیں بلکہ
بسبب کمال ذاتی اپنے کے متعلق بغیر اطلاق کے ہیں اور ان اسما کو دیگر اسما پر تقدم ذاتی ہے اور اسماے مشروطی
محتاج ہیں واسطے کمال جلا اور استجلا اپنے کے طرف ظہور مخلوق کے جیسا کہ خالق اور رازق وغیرہ اسما ہیں آسی
تعینات کے ظاہر ہونے کو جلا کہتے ہیں اور مشاہدہ فرمانا حق تعالیٰ کا اپنے تئیں مراتب تعینات میں استجلا کہتے ہیں
آسی مرتبہ الوہیۃ اور مرتبہ احدیۃ ذاتیہ پر اسم حق اور اسم اعظم اسم کو اطلاق کرتے ہیں اور اسم رب کو اوس مقام
میں استعمال کرتے ہیں کہ جہاں صفات الٰہی مشروطی پائے جاویں خواہ وہ کلی ہوں یا جزئی پس الوہیۃ کہ نام اوس
مرتبے کا اسم ہے بسبب جامع ہونے ان ساتوں امہات صفات کے جامع جمیع صفات الٰہی اور کیانی کی ہوئی کما قال
الْقَيْصَرِيُّ لَيْسَ مِنْ شَيْءٍ فِيْ مُقْتَضٰى مَشَارِبِ الْمُتَصَوِّفِيْنَ كَمَرْتَبَةِ الْاُلُوْهِيَّةِ الْمُتَحَقِّقَةِ بِلِسَانِ الشَّرْعِ
بِالْعَمَاءِ وَهُوَ اَوَّلُ الْكَثْرَةِ وَقَعَتْ فِي الْوُجُوْدِ وَبَرْزَخٌ بَيْنَ الْحَضْرَةِ الْاَحَدِيَّةِ الذَّاتِيَّةِ وَبَيْنَ
مَظَاهِرِهَا الْخَلْقِيَّةِ لِاَنَّ ذَاتَهٗ تَعَالٰى اِقْتَضَتْ بِذَاتِهٖ بِحَسَبِ مَرَاتِبِ الْاُلُوْهِيَّةِ وَالرُّبُوْبِيَّةِ
صِفَاتٍ مُتَعَدِّدَةً مُتَقَابِلَةً كَاللُّطْفِ وَالْقَهْرِ وَالرَّحْمَةِ وَالْغَضَبِ وَالرِّضَاءِ وَالسُّخْطِ وَغَيْرِهَا
وَيَجْمَعُهَا النُّعُوْتُ الْجَمَالِيَّةُ وَالْجَلَالِيَّةُ اِذْ كُلُّ مَا يَتَعَلَّقُ بِاللُّطْفِ هُوَ الْجَمَالُ وَمَا يَتَعَلَّقُ بِالْقَهْرِ
هُوَ الْجَلَالُ وَلِكُلِّ جَمَالٍ اَيْضًا جَلَالٌ كَالْهَيَمَانِ الْحَاصِلِ مِنَ الْجَمَالِ الْاِلٰهِيِّ فَاِنَّهٗ عِبَارَةٌ عَنْ
انْقِهَارِ الْعَقْلِ مِنْهُ وَتَحَيُّرِهٖ فِيْهِ وَلِكُلِّ جَلَالٍ جَمَالٌ وَهُوَ اللُّطْفُ الْمَسْتُوْرُ فِي الْقَهْرِ الْاِلٰهِيِّ كَمَا
قَالَ تَعَالٰى وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يَّا اُولِي الْاَلْبَابِ وَقَالَ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيٌّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ
سُبْحَانَ مَنِ اتَّسَعَتْ رَحْمَتُهٗ لِاَوْلِيَائِهٖ فِيْ شِدَّةِ نِقْمَتِهٖ وَاشْتَدَّتْ نِقْمَتُهٗ لِاَعْدَائِهٖ فِيْ سَعَةِ
رَحْمَتِهٖ وَمِنْ هٰهُنَا ظَهَرَ قَوْلُهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ وَحُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ
وَهٰذَا الْمَقَامُ الْبَرْزَخِيُّ بَيْنَ كُلِّ صِفَتَيْنِ مُتَقَابِلَتَيْنِ كَالذَّاتِ مَعَ صِفَةٍ مُعَيَّنَةٍ وَاعْتِبَارِهَا
تَجَلٍّ مِنْ تَجَلِّيَاتِهٖ تُسَمّٰى بِالْاِسْمِ فَاِنَّ الرَّحْمٰنَ ذَاتٌ لَهَا الرَّحْمَةُ وَالْقَهَّارَ ذَاتٌ لَهَا الْقَهْرُ

ظاہر وجود مظہر الوجوب ہے اور مظاہر علم مظہر الامکان اور وہ مقید ہے ساتھ اسماے الٰہی کے اور یہ مقید ہے ساتھ اسماے کیانی کے اور اسماے واجب ہین اسلیے کہ وجود انکا ضروری ہے اور اشیا ممکن ہین اسلیے کہ وجود اور عدم وجود انکا غیر ضروری ہے انتفاء اسما کا من حیث الفاعلیہ ہے اور انتفاء اشیا کا من حیث المعلومیۃ اور مفہوم ہر ایک اسم کا اسما مین سے باہم متغائر اور مصداق ہر ایک کا واحد ہے پس حاصل یہ کہ اس دائرۂ واحدیۃ مین جہت باطن باعتبار سلب کے اور جہت ظاہر باعتبار ثبوت کے ہے جہت باطن الوہیۃ کو کہ جہت ثبوتیہ ہے قوس عروجی اور اسماے الٰہی اور اسماے وجوبی اور مظاہر وجود کہتے ہین اس قوس مین ظہور وجود واحد کا بصور اسماے الٰہی کے واقع ہوا ہے اور جہت ظاہر الوہیۃ کو کہ جہت متافیہ ہے قوس نزولی اور اسماے کیانی اور اسماے امکانی اور ظاہر علم کہتے ہین اس قوس مین ظہور علم واحد کا بصور اشیا کے واقع ہوا ہے اور اسکے قاب کو یعنے قطر کو من حیث اثبات اثنینیۃ امتیازی کے قاب قوسین اور برزخ ثانی اور برزخ صغریٰ اور مرتبہ جامعہ اثنینیہ مذکورہ کے حقیقت انسانی اور حقیقت سائر انبیا کہتے ہین اور اس کمال خفائی کا فیض اقدس نام رکھتے ہین اور اس دائرہ وجود یعنے دائرۂ واحدیہ مین قوس عروجی کو قوس ولایۃ اور قوس نزولی کو قوس نبوت کہتے ہین اسلیے کہ ولایۃ اور قرب حق اور معرفت ذات اور صفات اور اسما اور افعال حق تعالیٰ کے متعلق ہین ساتھ سیر سفر عروجی کے اور انبیا اور اخبار اور دعوت خلق کی طرف اسد تعالیٰ کے اور ہدایۃ گمراہون کی متعلق ہے ساتھ سیر سفر نزولی کے پس یہ مراتب ذاتیہ کہ مذکور ہوے داخل ذات اور قدیم ہین تقدم اور تاخر انمین فقط رتبی ہے نہ زمانی و نہ مکانی اور ذات درمیان اس علم اور مشاہدہ کے وجود عالم اور عالمیان سے مستغنی ہو اسلیے کہ حق تعالیٰ اپنے کمالات ذات اور صفات کو کہ تفصیلوار مذکور ہوے اپنے مین آپ پاتا تھا اور بمقتضا اسماے سلبی غیر مشروطی کے کہ مثل قدوس اور سلام وغیرہ اسماے سلبیہ ہین پیدا کرنے سے عالم کے غنی تھا اور ذات اور کمالات ذاتیہ اپنے تعین کہ مسمی بالاسماے والصفات ہین ساتھ جمیع مظاہر اور شیون اونکے کہ اپنی ذات مین بذاتہٖ عین اولیۃ اور باطنیۃ کے مشاہدہ فرماتا تھا اوس حالت مین کہ مندرج تھے وہ کمالات بعض اونکے بیچ بعض کے جیسے کہ اوپر مرتبہ ملکوت کے بیان مین پس جبکہ اسماے مشروطی کہ ارباب ہین واسطے ظہور مربوبات اپنے کے متقاضی اور سائل ہوئی اسلیے کہ ربط ربوبیۃ ارباب کا ساتھ مربوبات اپنے کے علم ازلی الٰہی مین ثابت تھا چنانچہ اس ربط کو فیض اقدس اور اون مربوبات کو اعیان ثابتہ کہتے ہین اور یہی تمام مراتب صفات اور اعتبارات اونکے کہ مذکور ہوے بمناسبت ذات کے قدیم کہتے ہین مثل روشنی آفتاب کے کہ آفتاب کو لازم اور اوس سے غیر منفک ہے پس چاہا حق تعالیٰ نے کہ وہی علم اجمالی اور تفصیلی کو خارج مین بھی یعنے اعیان خارجیہ حضرت آخریۃ مین اور ظاہریۃ مین بھی اوسی منوال سے مشاہدہ کیجاتا کہ مطابق ہووے اول ساتھ آخر کے اور باطن ساتھ ظاہر کے اور بعد اوسکے رجوع کرین وہ طرف اصل اپنی کے اور یہ بجز ایجاد عالم کے خصوصًا ایجاد انسان کامل کے حاصل نہین تو مراتب خارجیہ سے کوئی گمان نکرے کہ یہ ذات باری سے خارج ہوگئی ہین بلکہ مراد داخل اور خارج وغیرہ الفاظ سے مقصود تعین اور تشخص ذات مطلق کا ہے یعنے عالم بالقوہ سے بالفعل ہونے مین ذات حق تعالیٰ سے خارج نہوا مثلًا دریا مین مچھلی پیدا ہوجانے سے ذات دریا سے خارج نہین ہوجاتی ہے بلکہ دریا اسکو محیط ہو یہ مثال من کل الوجوہ مربوط نہین اسلیے کہ اگرچہ دریا محیط ہی لیکن بلحاظ خارج جسم مچھلی کا ہونا محل کے اسعوقت مین بسبب جسم مچھلی کے دریا مین خلو ہوجاویگا علاوہ اسکے جبکہ مچھلی حرکت کرتی ہے تو دریا کو بھی حرکت پیدا ہوتی ہے حالانکہ ذات مطلق مین باعث ظہور اس عالم کے کوئی خلو پیدا نہین ہوا اور نہ کوئی حرکت مثلًا روشنی آفتاب مین جو ذرات یا چھلیان بطور ہی متحرک ہون تو بسبب اس حرکت کے نور آفتاب مین کہ ان پتلیون مین ساری ہے اصلا جنبش نہوگی اسی طرح بسبب گردش افلاک

ملہ یعنے قلم اعلیٰ اور عقل اول اور روح محمدی عبارت ہے جوہر فرد سے اوسکو باعتبار خلق کے قلم اعلیٰ اور باعتبار مطلق خلق کے عقل

کہ جامع جمیع قابلیات صور قوی کا ہے جو ہر ہیولی کہتے ہین کہ ستہ یعنی شئے کی خارج مین عبارت اوسی سے ہے اور یہ جوہر ہباء قوت اور قابلیۃ محمدی ہے اور تمام قوی اور قابلیات عالم کی تفصیل اوسکی ہین اور یہ تفاصیل روح الروح کی کہ مذکور ہوئین بدون امتیاز ہر ایک کے تعین معلوم ہوتی ہین پس باعتبار اسکے کہ اوس روح الروح کو امتیازات حاصل ہوئین اوسکو شکل کل کہتے ہین او شکل مقدار کو کہتے ہین اور یہ شکل کل محمدی ہے اور تمام اشکال کہ مقدارات عالم کی ہین تفصیل شکل کل کی ہین اور باعتبار اسکے کہ روح الروح مفعول باری تعالی کا ہے بالقوۃ اوسکو احتیاج پیدا ہوئی اور احتیاج لازم جسم کی ہے اس اعتبار سے اوس روح الروح کو جسم کل کہتے ہین اور یہ جسم کل جسم محمدی ہے کہ جسم مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا لطیف ہے اسی واسطے معراج آپکی بالائے عرش بہ ساتھ جسم کے ہوئی ہے اور جسم مبارک آپکا اور روح مین داخل ہے اسکی واسطے آپکے جسم مبارک کا سایہ نتھا کہ سایہ لازم جسم کثیف کا ہے اور تمام اجسام عالم کے سایہ اور تفصیل جسم کل کی ہین پس یہ چہہ مراتب کہ مذکور ہوے آئینہ حقیقت محمدی کے ہین انکو عالم اور مراتب محمدی کہتے ہین کہ اجمال ہین اور تفصیل اس اجمال کی تمام مخلوقات ہین کہ تحت مین کرسی کے واقع ہین اور ان مخلوقات کو عالم خلق کہتے ہین اور آیہ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ اور حدیث كُنْتُ نَبِيًّا وَّ اٰدَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ اوسی مذکور کے طرف اشارہ ہے اور آدم علیہ السلام ظہور آئینہ حقیقت انسانی کے ہین اسی جگہ سے حضرت شیخ اکبر رضی اللہ تعالی عنہ نے فصوص الحکم مین فرمایا ہے کہ حقیقت محمدی کو ہر ہر مرتبہ مین مراتب تنزلات مین سے ظہور اور تصرف خاص ہے پس اس مقام مین مرتبہ محمدی کو کہ سابق نبی اللہ موسوم ہوا تھا دو جہت پیدا ہوئین ایک جہت ظہور دوسری جہت بطون جہت بطون اُسکی عقل کل ہے کہ علم باری تعالی اور آئینہ احدیۃ ذاتیہ کا تقاضا اسجگہ بجاے احدیۃ روح الروح کے واقع ہوا ہے اور جہت ظاہر اوس روح الروح کی نفس کل ہے کہ مفعول علم باری تعالی اور آئینہ واحدیۃ کا تقاضا اسجگہ بجاے واحدیۃ روح الروح کے واقع ہوا ہے اور روح الروح بیان وحدۃ اور برزخ ان دونون جہتون کی واقع ہے پس اس وحدۃ ثالثہ مین بھی چار اعتبار پیدا ہوے جیسا کہ وحدۃ اولی مین چار اعتبارات یعنے وجود و علم و نور و شہود اعتبار کیے گئے تھے پس بجاے وجود کے اس مقام مین طبیعت کل بصورت جمیع موجودات کے واقع ہوئی ہے اور بجاے علم کے اسجگہ ہیولی یعنے جوہر ہباء ہوا ان موجودات مین ساری ہے اور بجاے نور کے یہان شکل کل اشکال موجودات مین واقع ہوئی ہے اور بجاے شہود کے اس مرتبہ مین جسم کل اجسام موجودات مین اتم شہود واقع ہوئی ہے پس یہ چارون اعتبارات روح الروح کے کہ طبیعت کل اور ہیولی اور شکل کل اور جسم کل ہین بمناسبت اون چارون اعتبارات وحدۃ اولی کے نفس کل مین ثابت کیے گئے تا کہ باعث ظہور اور تفصیل روح الروح کی ہووے پس روح الروح نے بمناسبت وحدۃ اولی کے کہ خود ظہور اوسکا تھا اوسکی واسطے تفصیل کے تقاضا کیا اور بمناسبت اعیان ثابتہ کے تفصیل پائی اور اس تفصیل کو عالم ملکوت اور عالم مثال کہتے ہین پھر اوس تفصیل کو باعتبار لحوق علم سلطی کے روح انسانی کہتے ہین اور یہ روح انسانی ظہور اور تفصیل روح محمدی کی ہے اور باعتبار لحوق علم فاعل اپنے کے ملکوت اعلی اور عالم ارواح اور خیال منفصل کہتے ہین کہ یاد حق مین مستغرق ہین اور بالکل تعلق اور تصرف اجسام کے ساتھ نہین رکھتی ہین او باعتبار لحوق مفعول علم فاعل اپنے کے ملکوت اسفل اور عالم مثال اور خیال متصل کہتے ہین کہ تعلق اور تصرف اجسام کے ساتھ رکھتے ہین حتی کہ ہر ہر نبات کے ساتھ ایک ایک فرشتہ پیدا ہوکر اوسمین بند ہوتا ہے کہ روح اوس نبات کی ہے چونکہ اس مقام مین ملکوت کا ذکر آیا مناسب معلوم ہوا کہ اوسکی بھی بیان بطریق جملہ معترضہ کے کچھ

اور ملائک تامرات اور صافات اور زاجرات اور تالیات اور مرسلات اور عاصفات اور ناشرات اور فارقات اور ملقیات ذکر
نازعات اور ناشطات اور سابحات اور سابقات اور مدبرات اور مقسمات بھی انھین سے ہین تیسرے نفوس مجردہ ہین کہ واسطے
تدبیر اجسام کے اجسام کے ساتھ تعلق رکھتے ہین انکو ملائکۂ ملکوتیہ اور ملائکۂ مدبرہ اور قلوب مجردہ اور نفوس ناطقہ کہتے
ہین تدبیر اجسام نورانیہ اور ظلمانیہ طبیعیہ اور عنصریہ بسیطہ و مرکبہ انھین سے متعلق ہے اونکے رئیس کو باعتبار کلیہ
کے نفس کل اور باعتبار ظہور اشیا کے اوسمین تفصیلوار کتاب مبین اور باعتبار عدم تغیر اور تبدل کے جو کچھ کہ اوسمین
ہے لوح محفوظ کہتے ہین ارواح ملکوتیہ مین سے اون ارواح کو کہ علویات یعنے افلاک و فلکیات مین متصرف ہین ملکوت اعلی
کہتے ہین نفس کل اور نفوس جزئیہ فلکیہ علی اختلاف طبقاتہا و صفوفہا و درجاتہا اسی ملکوت اعلی مین قیام رکھتے
ہین حاملان عرش اور خازنان کرسی اور دار و غہاے بہشت اور دوزخ اور ساکنان سدرۃ المنتہی اور مجاوران
بیت المعمور اور محرکان کواکب اور سموات اور دربانان اونکے کہ ساتھ اجسام علوی کے متعلق ہین انھین ملکوت
اعلی مین سے ہین اور جو ارواح کہ سفلیات یعنے عنصر اور عنصریات مین متصرف ہین ملکوت اسفل کہتے ہین نفوس جزئیہ
عنصریہ بسیطہ اور مرکبہ علی اختلاف طبقاتہا و صفوفہا و درجاتہا مقام ملکوت اسفل مین قیام رکھتے ہین ملائکہ بر اور
باد اور امطار اور بحار اور جبال اور اوراق اور اشجار اور حافظ بنی آدم وغیرہ اور انکے کاتب اعمال اور مدبرات و معلومات
تالیات اسمار اسمار کتاب اسرار اور عزیمت خوانان اسی قسم سے ہین حاصل یہ کہ ہر چیز پر خواہ علویات مین ہو خواہ
سفلیات مین سے بسائط مین سے ہو خواہ مرکبات مین سے ایک ایک فرشتہ موکل مقرر ہے جبتک کہ موجود ملکوتی نہو وجود
کسی جسم کا ممکن نہین چوتھا نفوس منطبعہ ہین کہ تدبیر اجسام کی بتوسط انھین ارواح کے ہوتی ہے اور انتعاش صور
جزئیہ اور کیفیات متغیرہ کا انھین کے سبب سے ہے اور انکا ارواح جاریہ بھی کہتے ہین جیسے روح سیلانی آدمی کی جو خواب مین سیر کرتی ہے
وہ یہی روح سیلانی ہے صورت اس روح کی مثل صورت آدمی کے ہے جسوقت وہ مضغہ خون مین پھونکی جاتی ہے
اس مضغہ کو مثل اپنی صورت کے کر دیتی ہے بلکہ صورت ہر فرد عالم کی مثل صورت روح منطبعہ کے ہے روح مقیم کے سبب سے آدمی
خواب مین زندہ رہتا ہے اور یہ نفوس مجردہ کے قوی ہین لسان شرع مین کتب نحو و اشارات اور اصطلاح صوفیہ مین نفوس
اور حکمت فلسفیہ مین نفوس منطبعہ کہتے ہین رئیس ان نفوس کا نفس جسم کل کا ہے نفس جسم کل اور نفوس جزئیہ فلکیہ اور
عنصریہ بسیطہ و مرکبہ علی اختلاف طبقاتہا و صفوفہا و درجاتہا اسی مقام مین قیام رکھتے ہین اقافعہ مین قول خلیفۃ اللہ
ہین اور نفوس ناطقہ خلیفہ عقول کے اور نفوس منطبعہ خلیفہ نفوس ناطقہ کے ہین پانچوان ارواح سدنہ ہین انکو خدام
اور قوی نفوس کے کہتے ہین جیسا کہ زمین مین تخم بوتے ہین اور اجزاے لطیفہ آب اور ہوا اور زمین ہر طرف سے اسکو
احاطہ کرتے ہین پس وہ تخم بسبب قوت مودعہ اپنے کے اون اجزاے لطیفہ کو اپنی طرف کھینچتا ہے اور ایک صورت خاص
اور نظام معین کے ساتھ بتدریج زیادتی جسم اپنے کے اقطار ثلثہ مین تصرف کرتا ہے پس برگ اور ساق ظاہر ہوتے ہین اور
رفتہ رفتہ شاخ اور اوراق اور پھول اور پھل اوسمین ظاہر ہوکر آخر الامر ضعف پیدا کرتا ہے اور متلاشی ہوجاتا ہے
اسی طرح منی اور خون رحم مین والدہ کے جمع ہوتے ہین اور نفس والدہ کا تدبیر اوسکی کرتا ہے یہان تک کہ جب قلب
اور کبد اور دماغ اور دیگر اعضا ظاہر ہوتے ہین اوسوقت روح ہوائی منفوخ ہوکر صورت دیگر پیدا ہوتی ہے پس قوت
تنمیہ اور مغذیہ اور ہاضمہ اور ماسکہ اور جاذبہ اور مولدہ اور دافعہ وغیرہ ذالک یہ سب سدنہ نفوس ہین یہ پانچون
قسم بترتیب وار مذکور ہوئے بتقسیم اور بترتیب ارواح مین فرق ہے روح اعظم کی ہین واقع ہوکر تمام عالم کو گھیرتا ہے
ہین بعض اونکے اصول ہین اور بعض فروع قال القیصری قدس سرہ فی مقدمۃ شرح الفصوص

فَكُلُّ مَا فِي الْوُجُودِ مِنَ الْعَقْلِ وَالنَّفْسِ وَالْقُوَى الرُّوحَانِيَّةِ وَالْجِسْمَانِيَّةِ وَغَيْرِهَا لِأَنَّهَا
مِمَّا يَنْتَقِشُ فِيهَا الْحُكْمُ الْمَوْجُودَاتُ إِمَّا كُلُّهَا أَوْ بَعْضُهَا سَوَاءٌ كَانَتْ مُجْمَلًا أَوْ مُفَصَّلًا
وَأَقَلُّ ذَٰلِكَ انْتِقَاشُ أَحْكَامٍ عَلَيْهَا فَقَطْ انْتَهَى مُلَخَّصًا وَلِهَٰذَا قَالَ عَلِيٌّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ
دَوَاؤُكَ فِيكَ وَمَا تَشْعُرُ + وَدَاؤُكَ مِنْكَ وَمَا تُبْصِرُ + وَتَزْعُمُ أَنَّكَ جِرْمٌ صَغِيرٌ + وَفِيكَ
انْطَوَى الْعَالَمُ الْأَكْبَرُ + وَأَنْتَ الْكِتَابُ الْمُبِينُ الَّذِي + بِأَحْرُفِهِ يَظْهَرُ الْمُضْمَرُ + وَقَالَ الشَّيْخُ
الْأَكْبَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ + أَنَا الْقُرْآنُ وَالسَّبْعُ الْمَثَانِي + وَرُوحُ الرُّوحِ لَا رُوحُ الْأَوَانِي + فُؤَادِي
عِنْدَ مَشْهُودِي مُقِيمٌ + يُنَاجِيهِ وَعِنْدَكُمْ لِسَانِي + اسی واسطے خودشناسی اور خداشناسی کے
درمیان لازم وملزوم کی نسبت واقع ہوئی ہے اسپر حدیث مَنْ عَرَفَ نَفْسَهُ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهُ دلالت کرتی ہے
یعنی خودشناسی سے خداشناسی حاصل ہوتی ہے اور بغیر اسکے خرط القتاد اسی واسطے حق تعالی فرماتا ہے وَفِي أَنْفُسِكُمْ
أَفَلَا تُبْصِرُونَ یعنی اپنی ذات میں ہستی ذات حق کو اور اپنی صفات میں صفات باری کو اور اپنے افعال میں افعال
الٰہی کو ملاحظہ کرو اسلیے کہ انسان نسخہ جامعہ اوراق عالم کا ہے اسی واسطے ارشاد ہوا کہ اِقْرَأْ كِتَابَكَ یعنی ہر شخص
کتاب اللہ ہے جو جامع ہے جمیع حروف مفردات ومرکبات کا بلکہ حروف مقطعات کا بھی اوّلاً چشم سر یعنے ظاہری آنکھوں سے
خوبی خطاے ظاہری کی ملاحظہ کروگے تو چشم باطن یعنی عقل کی آنکھوں سے قواے باطنی کے اوصاف واطوار کو اور
ارتباط اور عینیت جسم اور روح کی دریافت کروگے اور حکمرانی روح کی جسم پر کس استقلال کے ساتھ ہے معلوم
کروگے اور جب چشم باطن نور عرفان سے منور ہوجاویگی تو تصرف روح الروح کا بھی جمیع ارواح واجسام پر کیونکر ہے تجھ
روشن ہوجاویگا اور مثل حکمرانی روح کے جسم پر تصرف وحکومت روح الروح کی بھی جمیع مخلوق پر کیونکر ہے واضح ہوگا
اور جیسا کہ روح کو نہ داخل جسم کہسکتے ہیں نہ خارج جسم ویسا ہی روح الروح کو نہ داخل عالم کہسکتے ہیں نہ خارج عالم
یہ بھی تجھپر واضح ہوجاویگا اور جیسا کہ جسم مظہر روح کا ہے ویسا ہی تمامی مخلوقات مظاہر روح الروح کے ہیں مگر فرق
یہ ہے کہ اگرچہ قیام صورت وہیئہ اجتماعی جسم کا روح سے ہے مگر قیام مادہ جسم کا کہ عبارت اربعہ عناصر سے ہے بلکہ مادہ کل
اجسام جمیع عالم کا روح الروح سے ہے نہ روح سے بلکہ روح کا قیام بھی روح الروح کیساتھ ہے اور احوال جسمی کے آثار فقط روح
عارض ہوتے ہیں نہ روح الروح پر اور روح الروح اس سے منزہ ہے اور وجود روح الروح کا قیام بھی بذاتہ نہیں
بلکہ یہ ایک نور ہے ذات حق تعالی کا اور واسطہ ہے درمیان حق تعالی اور درمیان عالم کے یعنے حق تعالی روح ہے روح
الروح کا اور یہ جسم ہے اسکا اور روح جسم ہے روح الروح کا یعنے اجسام کی ارواح نفوس مجردہ ملکیہ ہیں اور باعث
قیام حیات اور وجود انکے اور نفوس کے ارواح عقول ہیں اور عقول کی ارواح اعیان ثابتہ ہیں اور اعیان ثابتہ کی
ارواح اسماے الٰہی ہیں اور اسماء کی روح ذات حق تعالی کی ہے درحقیقت وجود مطلق روح الروح اور قیوم تمام عالم ہے لَا إِلٰهَ
إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ پس ذات مقدس کی توجہ ظہور عالم کی طرف ہے اگر ایک آن بھی متوجہ باطن کی طرف ہوجاوے
سارا عالم نابود ہوجاویگا پس جو کچھ کہ عالم ناسوت میں واقع ہوتا ہے کون وفساد سے حتی الحرکۃ والسکون اول فیض
حق تعالی سے اسماے الٰہی کو پہنچتا ہے کہ ارباب ہیں پھر ان سے اعیان ثابتہ کو کہ مربوبات ہیں پھر بواسطہ اعیان ثابتہ
کے روح اعظم کو پھر بذریعہ اسکے تمام ارواح کو بحسب استعداد انکے اور وہاں سے بوساطت عالم مثال کے اجسام
کو پہنچتا ہے اسی جگہ سے اہل کشف کہتے ہیں کہ سانس ہر ذی روح کی حرکت ذات باری تعالی سے ہے یعنی محرک اسکا
ذات باری تعالی ہے اگرچہ روح واسطہ ہے اور مراد حرکت ذات باری تعالی سے تجلی ذاتی ہے اور ذات مقدس الآن

جمیع اجسام کے قالب انسانی کو پیدا کیا اور اوس نور کو بسبب تعلق علم مطلق باری تعالی کے روح الروح موسوم
ہوا تھا قالب انسانی میں پھونکا کما قال تعالیٰ فَاِذَا سَوَّیْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِیْ آخر میں توندیم
تاکہ انسان جان اور جلا عالم کی ہووے واضح ہو کہ تسویہ عبارت ہے اون افعال متواترہ سے کہ جن سے صفت
اعتدال کی حاصل ہووے چنانچہ واسطے حصول اوس اعتدال کے طینت آدم چالیس دن خمیر کی گئی کما ورد
فی الحدیث خَمَّرْتُ طِیْنَةَ آدَمَ بِیَدِیْ اَرْبَعِیْنَ صَبَاحًا یعنی طینت آدم کی خمیر ہوئی بعد
تبدیل اطوار و حالات متواترہ اربعین صباح کے لطیف و معتدل بنکر محل مستوی اور قابل روح کے ہوئی لیکن
واسطے اولاد آدم کے وہ محل نطفہ قرار پایا کما قال تعالیٰ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِیْنٍ ثُمَّ جَعَلَ
نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِیْنٍ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ یعنی جبتک کہ منی و یا نطفے میں
تعدیل و تسویہ و تصفیہ بالفعل حاصل نہو وہ محل قابل ظہور روح اور قبول عکس نور وجود کا نہیں ہوتا ہے
مانند اوس لکڑی کے کہ خشک محض و یا تر ہو کہ بعد تعدیل مزاج و ترکیب خاص کے لائق اشتعال کے ہوتا ہے
اسی طرح سے منی و یا نطفہ بھی بعد تبدیل اطوار و حالات متواترہ دفعتاً بعد خلق کے قابل قبول روح کی ہوتی
ہے مثلاً مٹی پانی سے امتزاج پا کر چالیس دن خمیر پائی اور قابل قبول روح کے ہوئی اسی طرح نطفہ مرد کا ساتھ
نطفہ عورت کے ممتزج ہو کر چالیس دن تک رحم میں نضج پایا تو علقہ بنا پھر وہ مضغہ بنا پھر وہ بعد تبدیل اطوار
و حالات متواترہ کے حد اعتدال و صفت تسویہ کی لیکر مستعد قبول روح کا ہوا تو اوس وقت ساتھ اوسکے روح
متعلق ہوتی ہے جیسا کہ آئینے میں بعد صیقل ہونے کے صورت شخص کی منعکس ہوتی ہے حاصل یہ کہ بعد افاضہ نور
وجود کے قالب مستوی میں عکس نور وجود کا حادث ہوتا ہے کہ جسکو روح سے تعبیر کرتے ہیں اور اوسمیں تصرف کو
حیات سے تعبیر کرتے ہیں اور نور وجود بقدر قابلیت اور استعداد کے ہر مظہر پر بغیر بخل کے برابر افاضہ کرتا ہے اور
اس افاضے کو نفخ روح سے استعارہ کیا گیا اسلیے کہ صورت نفخ کی نکلنا ہوا کا ہے وہاں نافخ سے منفوخ فیہ کی طرف
اور یہ ذات حق تعالی میں جائز نہیں لہذا نفخ روح سے مجازاً افاضہ اور تعلق تصرف روح کا مراد لیا گیا ہے پس فیض
وجود حق تعالی کا مثل فیض نور شمس کے بے اختیار و یا مانند فیض شخص آئینے میں کہ بسبب نور اور حدوث صورت
ہوتا ہے پس جیسا کہ اس افاضے میں اتصال اور انفصال نہیں لازم آتا ہے ویسا ہی فیضان نور وجود الہی بھی
بلا حلول و اتحاد و اتصال و انفصال کے آئینہ قالب میں سبب ظہور صورت روح کا ہوتا ہے نہ مثل فیضان باران
کے جو ابر سے جدا ہو کر اشیا میں پہونچتا ہے کہ جس سے اتصال و انفصال لازم آتا ہے بلکہ فیض نور وجود مطلق کا
مثال فیض نور شمس و فیض شخص سے بھی منزہ ہے پس حاصل یہ کہ جبکہ وہ روح تارک سر آدمی سے پھونکی گئی
اور تمام قالب میں پہونچی اوس حالت میں کہ قالب عناصر اربعہ سے مرکب اور مستوی تھا بسبب صحبت اوس
روح کے ہر عنصر نے بصفات جداگانہ ظہور کیا پس خاک بصفات گوشت اور پوست اور استخوان اور دل اور
گردہ اور جگر اور رگ و پی اور ودہ اور موی اور مانند اونکے مبدل ہوئی اور آب بصفات لعاب اور آب
بینی اور پسینہ اور آنسو و مانند اونکے اور ہوا بصفات خون اور چھینک اور فربہی اور آماس اور لرزہ اور
مانند اونکے اور آتش بصفات اشتہائے طعام اور شراب اور ہاضمہ اور سرکشی اور مانند اونکے مبدل ہوئی
اور ایسا ہی روح لطیف علوی نے بھی بصحبت اجسام کثیفہ کے صفات سفلی اور تعلق ماسوی اللہ پیدا کی اور
نام اوسکا روح سفلی اور نفس رکھا گیا پس وہی روح بجز دو پہنچنے کے گردن تک روح جسمانی اور گلو تک روح

اور اولیا کو جمیع علوم باطنی قلب مین اسی حیثیت سے بطریق حواس خمسۂ باطنی کے بالہام و تجلی ربانی دیا بواسطۂ ملائکہ
کے بدون تعلیم و تعلم کے حاصل ہوتے ہین علوم ظاہری بہ نسبت علوم باطنی کے بہت قلیل ہین اور اگر کسی طالب خدا کو یہ علوم
بطریق ذوق یا بدلائل عقلی کے حاصل نہون تو چاہیے کہ اوسپر ایمان لاوے اور تصدیق کرے اور انکار نکرے تاکہ ان تینون درجے
کشف اور برہان اور تقلید سے محروم نرہے اور قلب کو قوت معرفت جمیع علوم ظاہری اور باطنی اور تمامی مصنوعات کی
ہے باوجود اسکے کہ وہ قسمت پذیر نہین بلکہ تمامی عالم قلب انسانی مین ایسا ہے جیسے کہ ایک خردل لق و دق صحرا مین اور
ایک قطرہ بحر قلزم مین اسی سبب سے انسان کو شرف ہے واضح ہو کہ وسعت کبھی اوس وسعت کو مراد لیتے ہین جو بتعبیر
احاطے کے ہو پس اس معنی مین معنی جزئی بھی وسعت رکھتے ہین اپنی کلی کے نہ صفت کلی اپنے کی جیسا کہ زید ایک
جزئی ہے جزئیات انسان مین سے وسعت معنی انسانکے رکھتا ہے نہ صفت کلی اپنی کی کہ انسان ہے پس اسی جگہ سے
معنی حدیث الکین کیسعنی قلب عبدی المؤمن مین فہم کرنا چاہیے اور یہ بنظر تنزل اور تعین روح اعظم کے ہے ورنہ وجود
کو بیچ صورت ہر شاہ کے لیاقت اتانی ہے کہ مین اناالمطلق ہے جیسا کہ قرب فرائض اور نوافل مین ظاہر ہے اسی وجہ سے
حدیث مین وارد ہے کہ الحق ینطق علی لسان عمر بن الخطاب کہ ذات فاروق مین ذات حق تعالیٰ کی مشغول
ہے اور بھی دوسری حدیث مین وارد ہے کہ فکنت سمعہ الذی یسمع بہ وبصرہ الذی یبصر بہ الخ ہے پس
درحقیقت ہر انا مین انانیت اوسکی ہے اسی جگہ سے فرمایا حضرت شیخ جنید بغدادی رضی اللہ عنہ نے طلبتہ فی الصغر
کے جدلۃ لہ فلاقی ہیا اور کبھی وسعت کو معنی مین احاطہ کلی کے استعمال کرتے ہین جیسا کہ کلی اپنے جزئیات کو
محیط ہے مثلاً مطلق انسان اپنے مقیدات کو محیط ہے اور کبھی استعمال کرتے ہین وسعت کو معنی
مین احاطہ ہیولی اور واحد کے جیسا کہ ہیولی محیط ہے اپنے صور اعتباریہ کو اور واحد محیط ہے
تمام اعداد کو اور کبھی وسعت کو معنی مین احاطہ مشتق کے اپنی شان کو بولتے ہین جیسا کہ احاطہ زید کے نوم اور یقظہ
اور قیام اور قعود وغیرہ کو اور احاطہ جسم کی سطح کو اور احاطہ سطح کے خطوط کو اور احاطہ خط کے نقطون کو اور احاطہ
وجود مطلق کے اپنے شیون کو اور کبھی وسعت کو معنی مین ظرفیت کے لیتے ہین یہ معنی درمیان وجود حقیقی اور ممکنات کے
متنفی ہین حاصل یہ کہ انسان کامل باعتبار جامعیت قالب مظہر اسم اعظم اللہ کا ہو کر مستحق خلافت کا ہوا اسلیے کہ وہ
جان عالم اور خلاصہ جمیع موجودات کا ہے اور مقصود اقصیٰ نزول حق تعالیٰ سے یہی انسان کامل ہے یعنی خاتم الانبیا صلی اللہ
علیہ وسلم اور باعتبار قابلیت اور استعداد انسانکے تمام موجودات انسان مین ثابت ہین اسلیے کہ تمام موجودات
دو قسم پر ہین روحانی اور جسمانی خلاصہ موجودات جسمانی سے قالب انسانکا ظاہر ہوا اور خلاصہ موجودات روحانی
سے جان انسانکی ظاہر ہوئی اور جامعیت سے ان دونون کے ایسی ایک یافت پیدا ہوئی کہ انانیت انسانکی عبارت
اسی یافت سے ہے اور یہ یافت قبل اتصال روح اور جسم کے نہ روح مین تھی نہ جسم مین اور اجتماع سے ان دونون کے
ایسی ایک انانیت ظاہر ہوئی کہ جامع جمیع موجودات کی ہے اور اشارت انانیت کی نہ فقط روح کی طرف ہو سکتی ہے
و نہ خاص جسم کی طرف بلکہ انانیت سے اشارہ اوس مرتبے کی طرف ہے کہ قابلیت ثبوت اتصاف باعتبار نزول اور
علو کے اور سلب اتصال باعتبار عروج کے رکھتا ہو اگرچہ تمام مراتب اوس مرتبے مین اعتدال کے ساتھ ہو وین جیسا کہ
رفیع الدرجات مین ہین وہ آئینہ رفیع الدرجات کا ہوگا اور رفیع الدرجات کو اپنے مین پاویگا کہ خود برزخ ہے درمیان
نزول اور عروج کے اور اگر بمناسبت نزول کے عروج کو تمام کرے گا اور بتوجہ تمام طرف اصل اپنے کے رجوع کریگا
اور مقیدات کو اپنے نظر سے اٹھا دیگا اور شعور ان تعینات کا بالکلیہ فانی کرے گا اور ذات اور صفات اور افعال ...

وصول الی اللہ کے ہین اور مقصود ہذا ور کتاب فصوص الحکم خود ذکر او ر فکر اور شغل اور مراقبے مین داخل ہین گو بطریق سلاسل کے شوق طالب صادق کے لیے درباب معرفت اور وصال اور فنا کے یہ دونون اکسیر اعظم ہین گویا فی زماننا طالب کے لیے یہ اصول جدیدہ ہین بشرط عمل کے اوسپر علاوہ اسکے بعض اذکار اور اشغال اور مراقبات بطریق اختصار حسب سلاسل کے بھی ہم ذکر کرتے ہین تا کہ سالک حتی الامکان اوسپر بھی عمل کرین اور یہ مشتمل شات مقدمہ پر ہے **پہلا مراقبہ** عقائد کے بیان مین کیونکہ بدون عقائد صحیحہ کے کوئی عبادت وغیرہ اعمال حسنہ مین سے درست نہین واضح ہو کہ علماء امت محمدی کے تین گروہ ہین اصحاب حدیث اور فقہا اور صوفیہ کرام لیکن اصحاب حدیث پس اونھون نے کتاب اللہ اور حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کے ساتھ تمسک کیا ہے کیونکہ یہ دونون اساس اور بنیاد دین اور اسلام کے ہین جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے مَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا پس مشغول ہوئے یہ لوگ سننے اور نقل کرنے اور لکھنے اور تمیز کرنے مین درمیان احادیث صحیح اور سقیم اور آحاد اور مشہور اور متواتر کے اور مطابقت کرنے مین احادیث کے ساتھ کتاب اللہ کے کیونکہ رسول علیہ السلام نے فرمایا اِذَا رُوِيَ لَكُمْ عَنِّي حَدِيْثٌ فَاعْرِضُوْهُ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ فَاِنْ وَافَقَهُ فَاقْبَلُوْهُ وَاِلَّا فَرُدُّوْهُ پس یہ طائفہ اہل حدیث نگاہبانان دین محمدی ہین ولیکن فقہا نے کہ ائمہ دین متین محمدی ہین بعد استیفاے علوم احادیث کے فہم اور استنباط احکام مین کتاب اور احادیث سے اور دریافت کرنے مین حقائق کتاب اور احادیث اور اجماع امت کے دقائق نظر کے ساتھ ترتیب و تبیین احکام اور حدود دین اسلام کے اور تمیز کرنے مین درمیان ناسخ اور منسوخ اور مطلق اور مقید اور مجمل اور مفسر اور خاص اور عام اور محکم اور متشابہ وغیرہ کی اہل حدیث سے بڑھکر دوسری خصوصیت اور فضیلت بھی حاصل کی ہے پس یہ طائفہ حکام دین متین اور ائمہ شرع مبین اور اساطین اسلام ہین خصوصًا ائمہ اربعہ مجتہدین اور اجتہاد انکا ایک اصل ہے اصول اربعہ شریعت محمدیہ مین سے ولیکن طائفہ صوفیہ کرام پس یہ ان دونون طائفہ متذکرہ بالا کے اعتقادات کے ساتھ اور اونکے علوم کے قبول کرنے مین متفق ہین اور کسی طرح کی مخالفت نہین رکھتے ہین اور اون احکام مین کہ وہ دونون طائفہ اتفاق رکھتے ہین حضرات صوفیہ بھی اونکے اجماع کے ساتھ اتفاق رکھتے ہین اور اون احکام مین جو وہ دونون اختلاف رکھتے ہین حضرات صوفیہ اون احکام مین سے جو احسن اور اولی ہے اخذ کرتے ہین کما قال اللہ تعالی فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ اسی جگہ سے کہتے ہین کہ اَلطَّرِيْقَةُ كُلُّهَا الشَّرِيْعَةُ لَا غَيْرُهَا اور اختلاف انکا مسائل فروع مین رحمت ہے کما قال علیہ الصلوۃ والسلام اِخْتِلَافُ الْعُلَمَآءِ رَحْمَةٌ بعض نے پوچھا کہ جنکے اختلاف مین رحمت ہے وہ کونسے علما ہین فقال هُمُ الْمُتَمَسِّكُوْنَ بِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلْمُجْتَهِدُوْنَ فِيْ مُتَابَعَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلْمُقْتَدُوْنَ بِالصَّحَابَةِ پس فروع دین مین اختلاف رحمت ہو اور اصول دین مین بدعت اور ضلالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت مین تہتر اور چند گروہ ہونگے اون مین سے ایک گروہ جنتی ہو گا صحابہ نے عرض کیا کہ وہ کونسا گروہ ہے آپنے فرمایا کہ وہ اہل سنت وجماعت ہین جاننا چاہیے طالب کہ ان تینون گروہ نے کہ اہل سنت وجماعت ہین اجماع کیا ہے اسبات پر کہ حق تعالی واحد حقیقی ہے اور آپ ہی آپ اپنی پاک ذات کے ساتھ موجود ہے اور تمامی اشیا اوسکے پیدا کرنے کے سبب سے موجود ہین اور اشیا اپنے وجود اور بقا مین اوسکی محتاج ہین اور وہ کسی چیز کا محتاج نہین اور اوسکا کوئی شریک اور ضد اور ند اور شبہ اور مثل نہین یہ سب واحد عددی مین گنجایش رکھتے ہین واحد حقیقی مین اور حق تعالی جسم نہین کیونکہ جسم دو جز یا زیادہ سے مرکب ہو اور حق تعالی بسیط محض ہے اور حق تعالی جوہر نہین کہ جوہر متحیز ہے اور حق تعالی اس سے منزہ ہے اور حق تعالی

اور نفس اور سمیع اور بصیر وغیرہ ذکر کیا ہے اور اوسکو اپنی طرف منسوب کیا ہے اور اوسکو رسول علیہ السلام نے بھی صحیح کہا
حق تعالی کے لیے ثابت ہین بغیر تمثیل اور تشبیہ اور تاویل کے اور صفت استوا علی العرش معلوم ہے اور کیفیت اوسکی
مجهول اور ایمان اوسپر واجب ہے اور سوال اوسمین بدعت ہے اور مذہب انکا صفت نزول حق تعالی مین سماے
دنیا پر اسی طریق پر ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینزل الرب بعد نصف اللیل الی السماء
الدنیا فیقول ہل من داع فاستجیب لہ وہل من سائل فاعطی سؤالہ وہل من مستغفر
فاغفر لہ اور اجماع کیا ہے اونھون نے اسبات پر کہ قرآن مجید کلام حق تعالی کا ہے اور کلام خدا کا قدیم ہے مخلوق
اور حادث نہین اور لکھا گیا ہے مصاحف مین پڑھا جاتا ہے ہماری زبان سے اور محفوظ ہے ہمارے دلون مین اور
کسی محل مین وہ حال نہین اور اجماع کیا ہے اونھون نے اوپر جواز رویت حق تعالی کے چشم سر سے بہشت مین اس مسئلے
مین معتزلہ اور خوارج اور زیدیہ کا خلاف ہے کیونکہ رویت سے وہ منکر ہین اور اجماع کیا ہے اونھون نے اسبات پر کہ اقرار
کرنا اور ایمان لانا اون چیزون پر کہ حق تعالی نے اپنی کتاب مین ذکر کیا ہے اور جو کچھ کہ رسول علیہ الصلوۃ والسلام نے خبر
دی ہے بہشت اور دوزخ اور لوح محفوظ اور قلم اور حوض اور صراط اور شفاعت اور میزان اور رؤیا اور قصور اور عذاب
قبر اور سوال منکر و نکیر اور بعث بعد موت سے واجب ہے اور یہی اقرار کرنا اور ایمان لانا اسبات پر کہ بہشت اور دوزخ
دونون ہمیشہ باقی رہینگی اور فانی نہونگی اور اہل بہشت ہمیشہ بہشت مین متنعم اور اہل دوزخ ہمیشہ دوزخ مین معذب بلا انقطاع
تک رہینگے واجب ہے اور اجماع کیا ہے اونھون نے اسبات پر کہ حق تعالی خالق افعال عباد کا ہے جیسے خالق انکی ذوات کا
ہے قال اللہ تعالی واللہ خلقکم وما تعملون پس پیدا کرنا اور وجود مین لانا یہ صفت بھی خاص حق تعالی کی
لیے ہے اور طاقت نہین کہ ایک ممکن دوسرے ممکن کو پیدا کرے پس سارے ممکن خواہ جواہر ہون خواہ اعراض خواہ بندگی
کا ہو یا اختیاری سب کے سب مخلوق اوس خالق کے ہین بندہ خالق نہین اپنے کام کا نہ کسی اور چیز کا اسی واسطے نبی علیہ السلام
نے فرمایا کہ ہماری امت مین فرقہ قدریہ مجوس ہین ولیکن بندے کاسب ہین اور حق تعالی نے ظاہری اسباب اور وسیلے کو اپنے
کام کا پردہ کر رکھا ہے اور جملہ خلائق اپنے آجال سے مرتے ہین اور طاعت اور معصیت اور ایمان اور کفر تمامی حق تعالی کی
قضا و قدر سے ہین ولیکن حق تعالی کفر اور معصیت عباد پر راضی نہین اور حق تعالی پر کسی کی حجت نہین اور نماز ہر مسلمان کے
پیچھے جائز ہے خواہ نیک کار ہو یا بدکار اور کسی پر قطعی بہشتی ہونیکا حکم نہین کر سکتے ہین بواسطہ حسنات اور خیرات کے
اگرچہ بہت ہون اور نہ کسی پر دوزخی ہونیکا حکم کر سکتے ہین بواسطہ شرور اور سیئات کے اگرچہ کثیر ہون اور ایمان لانا ہی
اسبات پر کہ تمامی انبیا اور رسل علیہ السلام اور تمامی کتب منزل حق ہین اور تمامی انبیا اور رسل تمامی خلائق سے افضل ہین اور محمد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم سب سے افضل ہین اور حق تعالی نے پیغمبری آپ پر ختم کی ہے اور معراج حضرت خاتم الرسالۃ والنبوۃ صلی اللہ
علیہ وسلم کی اور اونکا تشریف لیجانا رات کو مکہ شریف سے بیت المقدس کی مسجد تک اور وہان سے ساتوین آسمان پر
اور سدرۃ المنتہی مین جانا حق ہے اور تمامی کتب اور صحائف آسمانی جو تمامی رسولون اور انبیا علیہم السلام پر نازل
ہوئی ہین حق ہین بلا لحاظ تعداد اور تعیین انبیا اور رسل اور کتابون اور صحیفون کے کیونکہ تعیین انکا دلیل قطعی سے ثابت نہین
ہوا ہے اور ایمان لانا چاہیے اسبات پر کہ فرشتے بندے خدا کے ہین اور پاک ہین گناہون سے اور نہ مرد ہین اور نہ عورت
اور نہ مشغول طرف کھانے اور پینے کے نگاہ رکھنے والے وحی کو ہین اور اوٹھانے والے عرش کے اور جس کام پر مقرر کیے گئے ہین
اوسی پر قائم ہین اور رسل اور انبیا اور فرشتے اور اولیا باوجود اسکے بہترین مخلوق اور مقرب درگاہ الٰہی کے ہین
وہ سب خود اپنی ذات سے کچھ علم اور قدرت نہین رکھتے ہین بلکہ اس مقدمے مین جیسے اور مخلوق ہین ویسے ہین مگر جسقدر

رکھتے تھے وہ شخص قرآن کا منکر ہے اور جو شخص اونکے ساتھ بغض اور خفگی رکھتا ہے قرآن مین اوسکو کافر کہنا آیا ہے
جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ یعنے تاکہ اللہ تعالی غصے مین ڈالے اونکے سبب سے کافرونکو صحابہ
یاد رکھنے والے قرآن کے اور روایت کرنے والے فرقان کے تھے پس جو شخص منکر صحابہ کا ہوگا اوسکو قرآن پر اور
قرآن کے سوا ایمان کی اور متواتر چیزون پر ایمان کا لانا ممکن نہوگا جیسے کہ فرقہ روافض و خوارج وغیرہ ہین کہ خلاف
اجماع صحابہ کرام کے اعتقاد رکھتے ہین اور اصحاب کرام کو ایذا دیتے ہین اور رنج پونہچاتے ہین نعوذ باللہ من ہذا الاعتقاد
پس یہی ہے خلاصہ عقائد فرقہ ناجیہ اہل سنت و جماعت کا جو بطریق اختصار کے مذکور ہوا جاننا چاہیے کہ بنا مسلمانی کی
پانچ چیز ظاہر اور پانچ چیز باطن پر ہے اور پانچ چیز ظاہر کلمۂ طیبہ اور نماز اور روزہ اور زکوٰۃ مال اور حج خانۂ کعبہ
ہین اور پانچ چیز باطن مراقبہ اور مشاہدہ اور معائنہ اور مکاشفہ اور مناسبہ ہین انکو عارف جانتے ہین لیکن کلمہ
پس زبان سے لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ کہنا اور دل سے اوسکی تصدیق کرنا جس سے آدمی مومن ہوتا
ہے اور انتہا اسکی وحدۃ الوجود کے مشاہدے مین مستغرق اور اپنی خودی سے خلاص اور فنا ہوجانا اصطلاح
کو جد معرفت کرے اور مرتبہ فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ کا مشاہدہ ہو جسکو توحید ذاتی بھی کہتے ہین و لیکن نماز پس وہ
تین قسم پر ہے نماز عام اور نماز خاص اور نماز خاص الخاص نماز عام کی وہ ہے کہ نمازی جانتا ہے کہ یہ نماز مجھ پر
فرض ہو یا واجب یا سنت یا نفل اور اسکو اوقات مقررہ مین اور نماز خاص کی وہ ہے کہ وہ خطرات نفسانی کو
دور کر کے حضور دل کے ساتھ نماز پڑھتا ہے کما قیل لَا صَلٰوةَ إِلَّا بِحُضُورِ الْقَلْبِ اور نماز خاص الخاص کی وہ ہے کہ نمازی
ماسوی اللہ کو حرام کرتا ہے اپنے پر یہ نماز عاشقون کی ہے اونھون نے دنیا سے وضو کیا اور آخرت سے غسل کرڈالا اور
اپنے نفس کو قربانی کیا اور دریائے فنا مین غوطہ لگایا اور اپنے وجود کو ترک کیا مثنوی نماز زاہدان سجدہ و سجود است
نماز عاشقان ترک وجود است ۔ قیام و قعدہ و تکبیر و نیت ۔ ہمہ پوست در عین معیت ۔ اس مقام مین سوائے ذات
مطلق باقی کے سب چیز فانی ہوجاتی ہے الصَّلٰوةُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِيْنَ اسی عبارت سے اسی جگہ سے حضرات صوفیہ
کرام فرماتے ہین اَلْمُصَلِّيْ مُنَاجٍ لِلّٰهِ وَالْقُرْبُ وَصْلٌ ان اسرار سے وہ شخص واقف ہوگا جو مقام فنا الفنا مین پونہچا
ہو ورنہ خطرا القتادہ ہے و لیکن روزہ پس وہ بھی تین قسم پر ہے روزۂ عام روزۂ خاص روزۂ خاص الخاص
روزہ عام کا عبارت ہے امساک طعام صبح سے شام تک یہ شریعت ہے اور روزہ خاص کا عبارت ہے نگاہ رکھنے
سے اپنی زبان کو گویائی اور شنوائی اور بینائی ماسوی اللہ سے اور روزہ خاص الخاص کا وہ ہے کہ سالک اپنے دل مین
ماسوی اللہ اور آسایش وغیرہ کو جگہ نہ دیوے اور بغیر یاد معشوق کے وقت ضائع نکرے یہی ہے صوم حقیقی و لیکن
زکوٰۃ پس یہ بھی تین قسم پر ہے زکوٰۃ عام اور زکوٰۃ خاص اور زکوٰۃ خاص الخاص زکوٰۃ عام کی وہ ہے کہ اپنے مال حلال سے
اگر چالیس درم سوائے اخراجات طعام و لباس وغیرہ خانگی کے بعد حولان حول کے بچ گیا ہو اور قرض کسی کا نہ
ہو ایک درم مسکین وغیرہ کو جو مستحق زکوٰۃ کے ہے دیوے اور زکوٰۃ خاص کی وہ ہے کہ حقوق اربعہ عناصر کے ادا کرے
اور آئندہ صفحے مین انشاء اللہ تعالی خواص عناصر کو ہم بیان کرینگے اور زکوٰۃ خاص الخاص کی وہ ہے کہ سالک
خدا کی راہ مین اپنے کو دیڈالے اور اپنی خودی گم کرے پس یہی زکوٰۃ حقیقی ہے مَنْ عَشِقَنِيْ قَتَلْتُهٗ وَمَنْ قَتَلْتُهٗ فَأَنَا دِيَتُهٗ و لیکن حج
پس وہ بھی تین قسم پر ہے حج عام اور حج خاص اور حج خاص الخاص حج عام وہ ہے کہ طواف خانۂ کعبے کا کرے
اور مناسک حج ادا کرے اور حج خاص کا وہ ہے کہ اپنے کعبے کو کہ دل اپنا ہے اور ہمیشہ اپنے کو لوث ماسوی
اللہ اور کدورت اور غیریت اور کثرت سے پاک کرے بیت دل خانۂ خداست کہ دور و کردہ جا صنم ہے یا رب

بوقت حضور نفس ذکر کے مخصوص شو تا بیت یار سایان روے در مخلوق • پشت بر قبلہ میکنند نماز • پس یہ جو چار
ورد جو بیاں کیے گئے طریق کلی کے ہیں اسکے جزئیات بہت ہیں سالک زیرک اسپر ہر ہر عبادت مالی و بدنی
کو قیاس کر لے سکتا ہے واضح ہو کہ تمامی اساطین حکما نے مشکوٰۃ نبوت انبیا علی نبینا و علیہم السلام سے حکمت کو اخذ کیا
ہے چنانچہ تواس رسالہ افلاطون میں مذکور ہے کہ میں نے اپنے اُستاد سقراط سے سنا ہے کہ وہ فیثاغورس سے اپنے استاد
فیثاغورس سے کہ جو حکیم کسی نبی کے احکام و جو بیہ میں سے کسی حکم کو ترک کرے تو وہ زندیق ہے حکیم نہیں ہے - اور یہی
اونہیں حکما سے مشہور ہے کہ علم جزئیات کا کلیات سے اور علم کلیات کا مبادی عالیہ سے اور علم مبادی عالیہ کا حضرت
مبدا اعلیٰ سے اخذ کرتے ہیں اور یہی روح قدس توسط ہے درمیان حضرات انبیا اور حضرت مبدأ جل و علیٰ کے لیکن بعد
انقراض قرون افلاطونی کے بعض تلامذہ ارسطو باتباع عقل ناقص کے ملحد ہو گئے اور رفتہ رفتہ اسی سے فلاسفہ
بدنام ہو گئے - اور حکمت مشائیہ طبعیہ اور الٰہیہ کہ بالفعل درس میں ہے نسبت اوسکی ساتھ اساطین حکما سے فلاسفہ کی
مثل نسبت علم کلام اسلامیہ کے ہے کہ افادات میں سے حکمت حضرت خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے جبکہ بنا اوسکا
فلاسفہ مشہورہ کی عقل ناقص پر ہے اوسکے رد میں حکمائے اسلامیہ نے بھی بطریق عقل کے کلام کیا ہے دوسرا مراقبہ اذکار
اور اشغال اور مراقبات بطریق سلسلہ علیہ قادریہ کے بیان میں آنا مراس طریقے کے حضرت محبوب سبحانی قطب ربانی غوث الاعظم
سیدنا ابو محمد محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں اور ولادت باسعادت آنحضرت کی سنہ چار سو اکہتر ہجری میں
ہے اور وفات شریف آپکی سنہ پانسو اکسٹھ ہجری میں اور عمر مبارک آپکی نوّے برس کی تھی اور بیت ؎ سنینش کامل و عاشق تولد
وصالش دان ز معشوق الٰہی • جو مشتمل تاریخ تولد اور سال عمر اور وفات شریف ہے مشہور اور معروف ہے اس
طریقے میں اوّلاً ذکر جہر یہ تلقین فرماتے ہیں مراد جہر سے جہر مفرط نہیں اس تقریر سے ذکر جہر مخالف حدیث کا نہوا جو حضرت
ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ تم اعتدال اختیار کرو اور نرمی کرو اپنی جانوں پر کہ بہرے اور غائب کو
نہیں پکارتے ہو اور تم سمیع اور بصیر کو پکارتے ہو اور وہ تمہارے ساتھ ہے اور جسکو تم پکارتے ہو وہ تمہاری رگ جان سے
قریب تر ہے بیت ؎ اتصالی بی تکیف بے قیاس • ہست رب الناس را با جان ناس • منجملہ ذکر جہری کے ذکر کلمہ نفی
و اثبات کا ہے اور وہ ذکر لا الٰہ الا اللہ کا ہے اور طریقہ اوسکا یون ہے کہ ذاکر بطور نماز کے دو زانو رو بقبلہ بیٹھے
اور اپنی آنکھیں بند کرے اور لا کو گویا کہ اوسکو اپنی ناف سے نکالتا ہے پھر اوسکو کھینچے یہانتک کہ داہنے مونڈھے تک
پہنچے اور الٰہ کو گویا کہ اوسکو دماغ کی جہت سے نکالتا ہے پھر الا اللہ کو دل پر شدت اور قوت سے ضرب کرے اور
محبوبیت اور مقصودیت اور وجود کی نفی غیر حق تعالیٰ سے ملاحظہ کرے اور اوسکے اثبات کا حق تعالیٰ کی ذات مقدس میں
خیال کرے لیکن یہ ملاحظہ اور قصد حسب حال ذاکرین کے ہے مبتدی محبوبیۃ اور متوسط مقصودیۃ اور منتہی وجود کی
نفی غیر حق تعالیٰ سے اور اثبات اوسکا ذات مقدس حق تعالیٰ میں کرے بیت ؎ تا بجاروب لا نروبی راہ • نرسی در سرای الا اللہ
• اور منجملہ ذکر جہری کے اسم ذات ہے اور وہ اسم مبارک اللہ ہے خواہ ایک ضربی ہو طریقہ اوسکا یون ہے
کہ لفظ مبارک اللہ کو سختی اور درازی اور بلندی سے دل اور حلق دونو کی قوت کے ساتھ کہے پھر ٹھہر جاوے
یہانتک کہ ذاکر کی سانس اپنے ٹھکانے پر آ جاوے پھر بار دیگر اسی طرح ذکر کرے جہانتک ہو سکے خواہ ذکر دو ضربی
ہو اوسکا طریقہ یہ ہے کہ نماز کی نشست پر قبلہ رو بیٹھے اور جلالہ یعنے اسم ذات کو ایک بار داہنے زانو میں اور دوسری
بار دل میں ضرب کرے اور اسکو بار بار بلا فصل ذکر کیا کرے اور مناسب ہے کہ ضرب قلبی قوت اور سختی کے ساتھ
ہو تا کہ دل پاش پاش ہو اور خاطر یکسو ہو جاوے اور پریشان خاطری اور وسواس مندفع ہو خواہ ذکر سہ ضربی ہو اسکا

لیکن جامع اقسام کثیرہ کا ایک ہی امر ہے اور وہ یہ ہے کہ کوئی کلمہ یا کوئی آیت آیات قرآنی میں سے سالک ترے
مثلاً کہے کہ اَللّٰہُ حَاضِرِیْ اَللّٰہُ نَاظِرِیْ اَللّٰہُ مَعِیْ یا پڑھے وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَمَا كُنْتُمْ یا کہے أَيْنَمَا تُوَلُّوا
فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ و یا أَلَمْ يَعْلَمْ بِأَنَّ اللّٰهَ يَرَىٰ و یا نَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ و یا إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ
مُحِيطٌ و یا إِنَّ مَعِيَ رَبِّي سَيَهْدِينِ و یا هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ کہے اور انکے معانی
فہمید کے ساتھ کہے اور دل میں خیال کرے کہ خدا کو نگراں ہے اور اسکے تحقق اور ثبوت کی کیا صورت ہے اور اسی صورت پر
خاطر جمع کرے اس طرح پر کہ اوسمیں ڈوب جاوے اور سوائے اوسکے اور خطرہ نہ آوے اور اوسمیں استغراق پیدا کرے پس
یہ مراقبا واسطے تعلق قلب کے لیے حق تعالیٰ کے ساتھ بہت مفید ہیں اور طریقہ قادریہ میں اور ایک مراقبہ ہے جو قطع علائق
اور بے خودی اور فنا کے لیے مفید ہے اور وہ مراقبہ اس آیت کا ہے کہ سالک کہے كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَيَبْقَىٰ وَجْهُ
رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ اور سالک اپنے کو آپ تصور کرے کہ مر گیا اور ایسی راکھ ہو گیا جسکو زمین اوڑاتی
ہیں اور آسمان ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا اور ہر چیز کی ترکیب اور ہیئت اور شکل مٹ گئی اور اسم کو باقی اور موجود خیال
کرے اور اس تصور میں دیر تک قائم رہے تو یہ موت اور سکر اور فنا کو بہت مفید ہے اور ایسے ہی مراقبہ آیت إِنَّ الْمَوْتَ
الَّذِي تَفِرُّونَ مِنْهُ فَإِنَّهُ مُلَاقِيكُمْ أَيْنَمَا تَكُونُوا يُدْرِكْكُمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِي بُرُوجٍ مُشَيَّدَةٍ
مفید موت اور فنا کا ہے رسول علیہ السلام نے دو چیز پر ترغیب دلائی ہے ایک ذکر جو زبان سے بولا جاوے دوسری
فکر کہ مراد اوس سے مراقبہ ہے بعض مشائخ قادریہ نے واسطے کشف وقائع آیندہ کے یہ کہ مجرب ہے فرمایا ہے کہ طالب
خلوت میں اعتکاف کرے اور غسل کرے اور عمدہ لباس پہنے اور خوشبو لگاوے اور مصلے پر بیٹھے اور کلام مصحف اپنی داہنے
طرف اور بائیں طرف اور سامنے اور پیچھے رکھے اور حق تعالیٰ سے بکوشش تمام یہ دعا کرے کہ فلانے واقعے کو مجھے
اوپر ظاہر کر دے اور اسم ذات کا ذکر بدون آنکھ بند کرنے کے شروع کرے تو ایک بار داہنے مصحف پر اور ایک بار
بائیں مصحف پر اور ایکبار پیچھے مصحف پر اور ایکبار سامنے مصحف پر ضرب لگاوے یہاں تک کہ اپنے دل میں کشایش اور نور کو پاوے
اور خلوت کے ساتھ سات دن تک اوس پر مداومت کرے تو البتہ اوس پر کشف حال ہوگا کہ مجرب ہے لیکن اسمیں ایک شرط کی
سوا ادبی ہے اور بعض نے اس طرح میں کہا ہے کہ طالب اعتکاف میں بیٹھے اور غسل کرے اور عمدہ لباس پہنے اور خوشبو
لگاوے اور مصلے پر بیٹھے بدون مصحف کے اور يَا عَلِيْمُ يَا مُبِيْنُ يَا خَبِيْرُ کہے اور ضرب لگاوے جیسے کہ ایک ضربی
میں مذکور ہوا ہے و یا سہ ضربی میں اور مشائخ قادریہ قدس سرہم نے کشف ارواح کے لیے فرمایا ہے کہ طالب بشروط
مذکورہ کے ساتھ داہنے طرف سُبُّوْحٌ کی ضرب لگاوے اور بائیں طرف قُدُّوْسٌ کی اور آسمان کی طرف رَبُّ الْمَلٰئِكَةِ
کی اور قلب میں وَالرُّوْحِ کی ضرب لگاوے یہ بھی مجرب ہے اور اونھوں نے امور مہمہ مشکلہ کے حاصل کرنے کے لیے شروط
مذکورہ کے ساتھ کہا ہے کہ طالب تہجد کی نماز پڑھے جسقدر اوسکے لیے مقرر ہے اور داہنے طرف يَا حَيُّ کی ضرب و یا
اور بائیں طرف يَا وَهَّابُ کی ضرب لگاوے اسی طرح ہزار بار کرے اور واسطے انشراح خاطر اور دفع بلا کے لیے یہ نحو
کہا ہے کہ اَللّٰهُ کی ضرب قلب میں لگاوے اور لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ کی ایسی ضرب لگاوے جیسے کہ نفی اور اثبات میں بیان
کیا گیا ہے اور اَلْحَيُّ کی ضرب داہنے طرف اور اَلْقَيُّوْمُ کی ضرب بائیں طرف لگاوے اور بعضی اونھوں نے واسطے
شفا بیماری اور دفع گرسنگی اور کشایش رزق اور مغلوبی دشمن کے لیے فرمایا ہے کہ شفا بیماری کے لیے يَا شَافِيْ اور
دفع گرسنگی کے لیے يَا صَمَدُ اور کشایش رزق کے لیے يَا رَزَّاقُ اور مغلوبی دشمن کے لیے يَا مُمِيْتُ یا مناسب
اسکے اسماء حسنیٰ میں سے دو ضرب یا تین ضرب یا چار ضرب کے ساتھ ذکر کرے جیسے کہ سابق مذکور ہوا اور آنحہ ہو کرتا

میانہ چال چلتا ہے تو ہر قدم مین اَللّٰہُ اَللّٰہُ کہے اور اگر جلدی چلتا ہے تو لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہے اور اگر آہستہ چلتا ہے تو داہنے قدم رکھتے وقت لَآ کہے اور بائین قدم رکھتے وقت اِلٰہَ کہے پھر داہنے قدم رکھتے وقت اِلَّا کہے اور بائین قدم رکھتے وقت اَللّٰہُ کہے اس کتاب کے مترجم فصوص الحکم کے نزدیک بہتر یہ ہے کہ ہر چال مین اَللّٰہُ اَللّٰہُ کہے تاکہ ذاکر ایک ہی چال پر عادی ہوجاوے اور دل اوسکا پراگندہ نہو منجملہ ذکرکے اونکے یہان اثبات مجرد ہے یعنے اسم مبارک اَللّٰہُ کا ذکر کرے بدون نفی واثبات وغیرہ کے یہ ذکر متقدمین نقشبندیہ کے نزدیک نتھا حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ و یا اونکے قریب العصر والون نے نکالا ہے لیکن ذکر نفی واثبات سلوک کے لیے مفید تر ہے اور اثبات مجرد جذبہ کے لیے مفید تر اور طریقہ ذکر اثبات مجرد کا یون ہے کہ اَللّٰہُ کی لفظ مبارک کو سالک اپنے ناف سے لبشدت تمام نکالے اور کھینچے یہانتک کہ اوسکے دماغ کی جھلی تک پونہچے حبس دم کے ساتھہ اور رفتہ رفتہ حبس دم زیادہ کرتا جاوے جہانتک ہوسکے بعض ایکدم مین اسکو ہزار بار تک پونہچاتے ہین اور بعض نفی واثبات کو ایک دم مین دو سو بار تک پونہچاتے ہین دوسرا طریقہ وصول الی اللہ کا توجہ اور مراقبہ معنی بیچون اور بیچگون اور بےشبہ اور بےنمون کا ہے اور اونکے یہان طریقہ مراقبے کا جیسے کہ بعض نے لکھا ہے یہ ہے کہ ناف کے نیچے تھوڑا سا دم کو بند کرے اور اپنے جمیع حواس مدرکہ کے ساتھہ اوس معنی بسیط کے طرف متوجہ ہووے جسکو ہر شخص اللہ بولنے کے وقت تصور کرتا ہے لیکن ایسے لوگ کمتر ہین جو اس معنی بسیط کو لفظ سے جدا کرسکین پس طالب کو چاہیے ایسی کوشش کرے کہ اس معنی بسیط کو الفاظ سے جدا کرے اور بلا مزاحمت خطرات اور التفات ماسوی اللہ کے اوسکے طرف متوجہ ہووے اور جن لوگون سے اس قسم کا ادراک نہین ہوسکتا ہے تو بعض مشائخ ایسے شخص کو اسطرح کی دعا بتاتے ہین جسکا طریقہ یون ہے کہ ہمیشہ دل سے کہا کرے اے رب تو ہی میرا مقصود ہے اور مین تیرے ماسوا کے بیزار ہون دنیا ما سوا اوسکے اور کوئی دعا ہو اور بعض مشائخ شخص مذکور کو خلا محیط یا نور بسیط کے خیال کرنے کو فرماتے ہین تاکہ طالب اس تخیل سے بتدریج توجہ مذکور کی طرف پونہچ جاوے تیسرا طریقہ وصول الی اللہ کا رابطہ اور اعتقاد کامل بہم پونہچانا ہے اپنے مرشد کے ساتھہ یہ راہ سب راہون سے اقرب ہے بشرطیکہ مرشد کامل مکمل ہووے کیونکہ مرید مین اگر قابلیت ہو تو اوسکی مزید محبت سے مرشد اوسمین تصرف کرتا ہے مشائخ طریقت نے فرمایا ہے کہ اول اگر ہوسکے اللہ ہی کے ساتھہ صحبت رکھو یہ اگر تم سے نہوسکے تو اون لوگون کے ساتھہ صحبت رکھو جو اللہ کے ساتھہ صحبت رکھتے ہین یعنے پہلے کمال بیداری اور ہوشیاری سے حق تعالی کا سامنا کرنا چاہیے تاکہ ایک پرتو تجلی ذاتی کے طفیل سے تعلق کونین سے خلاصی حاصل ہووے اور اگر بسبب عدم استعداد اوسکے یہ نہوسکے تو اون لوگون سے تعلق بہم پونہچانا چاہیے جو تجلی ذاتی سے مشرف ہوئے ہین وہ اپنے نفوس اور علائق ماسوی اللہ سے نجات پاگئے ہین اور آیہ کُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ سے اسی کے طرف اشارہ ہے اور مرشد کامل کی توجہ سے اندک زمانے مین وہ حاصل ہوتا ہے جو سالہا سال کی محنت سے حاصل نہین ہوسکتا ہے لیکن مرشد کامل کہ ایک نعمت عظمی ہے اس زمانے مین صورت عنقا کی رکھتا ہے اوسکے تلاش مین تضییع اوقات ہے بہتر یہ ہے کہ طالب اپنے تئین پہلے ہی ہوشیاری اور اخلاص کے ساتھہ حق تعالی کا سامنا کر دے اسصورت مین وہی خود مربی اوسکا ہوجاتا ہے اور رابطہ مرشد کا اوس شرط کے ساتھہ مفید ہے کہ مرشد کامل مکمل ہو اور صاحب فنا و بقا ہو اور قوی التوجہ ہو یاد داشت کی مشق دائمی رکھتا ہو اور واصل بمقام مشاہدہ ہو اور تجلیات ذاتی سے مشرف ہو اور اوسکی صحبت سے دنیا سرد ہو اور اوسکی صحبت مین ہر طرف سے دل فکر حضرت

فرما وے پس اسکی کثرت اشغال اور مراقبات سالک کو رفتہ رفتہ آہستہ آہستہ جمع کی طرف کھینچے گا اور
تعلقات صوری سے تعلقات معنوی کی طرف پہنچاوے گا اور ایک شخص کی آنکھ مین جمال گلستان اور چمن کا
تمام چیزون سے بہتر معلوم ہوتا ہے پس ایسے شخص کے لیے برزخ بھی لگ جاہیے اور یہی برزخ اوسکو تفرقہ سے
جمع کی طرف پونہچاوے گا نہ برزخ شیخ و حسن تخلی ہٰذا جاننا چاہیے کہ حضرات نقشبندیہ قدس اسرارہم کے نزدیک
چند اصطلاحات ہین جنپر اونکے طریقے کی بنا ہے اور وہ (ہوش در دم) اور (نظر بر قدم) اور (سفر در وطن)
اور (خلوت در انجمن) اور (یاد کرد) اور (باز گشت) اور (نگہداشت) اور (یادداشت) ہین یہ
آٹھ تو منقول ہین حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی قدس سرہ سے اور (وقوف زمانی) اور (وقوف قلبی)
اور (وقوف عددی) یہ تین مروی ہین حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند قدس سرہ سے پس ہوش در دم کے معنی
ہشیاری اور بیداری ہے ہر دم کے ساتھ پس طالب ہمیشہ بیدار اور متجسس رہے اپنی ذات سے ہر سانس
مین کہ وہ غافل ہے یا ذاکر اور یہ ایک طریقہ ہے کہ اس سے بتدریج دوام حضوری حاصل کرنے کا ہے اور
اس طرح کی ہوشیاری مبتدی کے واسطے مخصوص ہے پھر جب طالب آگے بڑھے اور سلوک کے درمیان مین
آوے تو چاہیے کہ خروج کرتا ہے اپنی ذات کا تھوڑی تھوڑی مدت مین اس طرح پر کہ تامل کرے ہر ساعت کے بعد
کہ اس ساعت مین غفلت آئی یا نہین پس اگر غفلت آئی تو استغفار کرے اور آئندہ کو اوسکے چھوڑنے کا
ارادہ کرے اسی طرح مدام تفحص کرتا رہے یہانتک کہ دوام حضور کو پہنچ جاوے اور یہ پچھلے طریقہ کی ہشیاری
کو وقوف زمانی کہتے ہین حضرت خواجہ نقشبند نے اسکو استخراج کیا ہے کیونکہ اونھون نے معلوم کیا ہے کہ متوجہ
ہونا عالم العلوی کی طرف بیچ اپنے دانست کو دریافت کرنا ہر دم مین سالک متوسط کے حال کو پریشان کرتا ہے
سالک متوسط کے لیے توجہ الی اللہ مین استغراق مناسب ہے اس طرح پر کہ اسکو اپنے متوجہ ہونیکی دانست بھی مزاحم
حال نہو حاصل یہ کہ ہر ہر دم کا محاسبہ عبارت ہے ہوش در دم سے پس یہ مبتدی کے مناسب حال ہے نہ متوسط
کے اور قدرے مدت کا محاسبہ جسکا نام وقوف زمانی ہے مناسب حال سالک متوسط کے ہے حدیث مین وارد ہے
کہ ہوشیار وہ شخص ہے جسنے اپنے نفس کو دبایا اور مابعد موت کے لیے عمل کیا اور نظر بر قدم سے مراد یہ ہے کہ سالک
پر واجب ہے کہ اپنے چلنے اور پھرنے کے وقت کسی چیز پر نظر نڈالے اپنے قدم کے سوا اور نہ اپنے بیٹھنے کی حالت
مین دیکھے مگر اپنے روبرو اسواسطے کہ نقوش مختلفہ کا دیکھنا اور عجیب انگیز شکلونکا نظر کرنا سالک کی حالت کو
بگاڑ دیتا ہے اور اوس سے روکتا ہے جسکی وہ طلب مین ہے اور لوگونکی آوازین اور اونکی باتونکی طرف کان لگانا
در حکم نظر ہے اور مراد سفر در وطن سے نقل کرنا سالک کا ہے صفات بشریہ خسیسہ سے صفات ملکیہ فاضلہ
کی طرف پس سالک پر واجب ہے کہ ہمیشہ اپنے حال پر متفحص رہے کہ صفات ذمائم مثل کبر و خیلا و محبت دنیا
و حسد و بغض وغیرہ مین سے کچھ باقی ہے یا نہین اگر ہے اوسکے ازالہ مین کوشش کرے کیونکہ یہی باعث اسکا
ہے کہ مانع وصول الی اللہ ہے اور غیر خدا کے محبت کی رگین دل کے اندر بہت چھپی ہوئی ہین اونکا نکالنا
ممکن نہین مگر کمال تفحص اور تلاش سے اور سالک پر واجب ہے کہ ان رگون کو تلاش کر کے پاوے اگر دل مین کبر
اور محبت دنیا اور محبت جاہ وغیرہ یا کسی کا کینہ یا حسد یا کسی کا اعتراض موجود ہے تو اوسکو توڑا کرے
ساتھ مدد و سعت کلمہ طیبہ کے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جسنے اللہ کی محبت کا خالص مزا چکھا
تو اوسنے اوسکو طلب دنیا سے باز رکھا اور سب لوگون سے اوسکو وحشی کر دیا اور مراد خلوت در انجمن سے

اینما کنتم ہے سالک اپنے ساتھ اور تمامی ذرات عالم کے ساتھ معیت حق تعالیٰ کی لحاظ میں رکھے اور اسی لحاظ میں مشغول اور مستغرق ہووے اس مقام میں ذکر تہلیل لسانی ساتھ توجہ قلبی اور بدون توجہ قلب ساتھ حق تعالیٰ کے معنی کے لحاظ کے ساتھ بہت فائدہ ہے بعد اوسکے مراقبہ ولایت صغریٰ کا کیا کرے اور ولایت صغریٰ ولایت اولیا کی ہے اس مقام میں مورد فیض کا لطیفہ قلب ہے اور یہ دائرہ ظلال اسما و صفات بھی کہتے ہیں اور اسجگہ تجلیات افعالیہ الٰہیہ میں سالک کی سیر ہوتی ہے اور اسکو دائرہ ... ہے اور توحید وجودی اور ذوق و شوق اور آہ و نالہ اور استغراق اور بیخودی اور دوام حضور اور نسیان ماسوی اللہ کہ عبارت فنا سے قلب ہے یہ حاصل ہوتے ہیں اور جب توجہ سالک کی شش جہت کو احاطہ کرے اور جہت فوق بیطرف ہووے اور تزکیہ نفس کہ جسکا محل وسط پیشانی ہے حاصل ہووے تو ولایت کبریٰ میں کہ ولایت انبیا علیہم السلام ہے سیر شروع ہوتی ہے اور یہ ولایت تین دائرہ اور ایک قوس پر مشتمل ہے دائرہ اولیٰ میں مراقبہ اقربیت کا کیا کرے ساتھ مفہوم آیۂ نحن اقرب الیہ من حبل الورید کے یعنے میں دائرہ اولیٰ میں ہوں فیض آتا ہے اوس ذات پاک سے جو نزدیک تر رگ جان سے اور منشا ہے دائرہ اولیٰ کا ولایت مراقبہ اوپر لطیفۂ نفس مع دیگر لطائف خمسہ کے کیا کرے ذکر تہلیل لسانی او خیالی ساتھ شرائط مذکورہ بالا کے ترقی اور عروج اور نزول اور جذبات حاصل ہوتے ہیں بلکہ آفتاب الیہ میں جو اقربیت کا ہے سیر سے ہے میری کبریٰ میں اور یہ اور اس مراقبہ میں اور حضور اور نگرانی مدریجا تمامی بدن میں انجذاب حاصل ہوتا ہے اور اس مقام میں کیفیات اور حالات بنسبت قلب کے بے رنگ اور بے مزہ ہے اور بعض قوت نسبت لطیفۂ قلب کے سالک کو نسبت قلب کی فراموش ہو جاتی ہے اور دائرۂ ثانی میں ساتھ مفہوم آیۂ یحبہم و یحبونہ کے یعنے فیض آتا ہے اوس ذات پاک سے کہ مجھکو دوست رکھتی ہے اور میں اوسکو دوست رکھتا ہوں اور ساتھ منشا کے دائرہ ولایت کبریٰ کے کہ اصل دائرہ اولیٰ کی ہے مراقبہ کیا کرے ان دونوں دائرے میں مورد فیض فقط لطیفۂ نفس ہے اور دائرۂ ثالث میں بھی بایں لحاظ کہ فیض آتا ہے اوس ذات پاک سے کہ مجھکو دوست رکھتی ہے اور میں اوسکو دوست رکھتا ہوں اور ساتھ منشا دائرۂ ثالث کے کہ اصل دائرۂ ثانی ولایت کبریٰ کا ہے مراقبہ کیا کرے اور ایسا ہی قوس میں کہ فیض آتا ہے اوس ذات پاک سے کہ دوست رکھتی ہے مجھکو اور دوست رکھتا ہوں میں اوسکو اور وہ ذات منشا دائرۂ قوس ہے کہ اصل دائرۂ ثالث ولایت کبریٰ کی ہے مراقبہ کیا کرے اور یہ اصول سہ گانہ حضرت ذات میں اعتبارات ہیں کہ مبادی صفات اور شیونات ہیں بیت ہر زمانی روی جانانہ نقاب بصد نگیست ہر حجابی را کہ طے کردی حجابی دیگرست اس مقام میں شرح صدر اور صبر اور دوام شکر اور رضا اوپر اوس چیز کے کہ قضا و قدر کے حکم پر وارد ہوتی ہے حاصل ہوتا ہے اور قبول کرنے میں تکلیفات شرعیہ کی احتیاج دلیل کی نہیں رہتی ہے اور استدلالی بدیہی ہو جاتی ہے اور اطمینان اور شور شہا سے مقام جذبہ سے اور قوت یقین ساتھ مواعید الٰہی کے اور استہلاک اور اضمحلال جیسے کہ برف آفتاب پر گزرتی ہے اور توحید شہودی اور انتفاے انا کہ وجود اور توابع وجود کو حق سبحانہ و تعالیٰ کی طرف منسوب جانتے ہیں اور اطلاق کرنا لفظ انا کا اپنے پر جرأت نہیں کر سکتے ہیں اور تہذیب اخلاق سلوک کا اور تزکیہ رذائل حرص اور بخل اور حسد اور حقد اور کبر اور محبت جاہ اور عجب

اشارہ ہے اور فوق اس مرتبۂ مقدسہ حقیقت قرآن مجید کی اور ایک مرتبۂ عالی ہے جسکو حقیقت صلوٰۃ کہتے ہیں اس مقام میں مراقبہ اسی طرح سے معمول ہے کہ فیض آتا ہے کمال وسعت بیچون حضرت ذات سے کہ منشاء حقیقت صلوٰۃ ہے سالک کی ہیئت وحدانی پر اس مقام کی وسعت اور علو تبیین اسقدر ہے کہ حقیقت قرآن مجید اوسکا ایک جزء ہے اور حقیقت کعبہ اوسکا دوسرا جزء ہے جو سالک اس حقیقت مقدسہ سے کامیاب ہوتا ہے وقت ادائے صلوٰۃ کے اس دنیائے دار فانی سے نکلکر دار باقی اخروی میں داخل ہوتا ہے اور سالک بوجہ کمال بمصداق حدیث شریف اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ بن جاتا ہے اور حدیث اَلصَّلٰوةُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِيْنَ سے اسی مقام کی طرف اشارہ ہے اور بھی فرمایا رسول علیہ السلام نے اَقْرَبُ مَا يَكُوْنُ الْعَبْدُ مِنَ الرَّبِّ فِي الصَّلٰوةِ اور اگر نماز پڑھنے کے لیے حکم نہوتا چہرۂ مقصود سے نقاب کون کھولتا اور طالب کو مطلوب کی طرف کون راہ بتاتا نماز ہے راحت بخشنے والی غمزدون کو اور نماز ہے راحت دینے والی بیمارون کو اور اَرِحْنِيْ يَا بِلَالُ ایک رمز ہے اسی ماجرے کی طرف اور قُرَّةُ عَيْنِيْ فِي الصَّلٰوةِ اشارہ ہے اس مقصود کی طرف اور مافوق مرتبہ حقیقت صلوٰۃ کے مرتبہ معبودیت صرف کا ہے کہ اصل کل اور ماوٰی کل تمامی مراتب کا ہے اس مقام میں وسعت کوتاہ اور سیر قدمی تمام ہوتی ہے اس مقام میں مراقبہ اوس ذات کا کہ معبود صرف ہی کیا کرے اور حدیث معراج میں کہ قِفْ يَا مُحَمَّدُ آئی ہے ہوسکتا ہے کہ اسی مقام کی طرف اشارہ ہو یعنے ساکن اور قائم رہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور قدم آگے مت رکھو کیونکہ اسکے آگے مرتبہ تجرد و امتیازہ حضرت ذات تعالیٰ و تقدس کا ہے حضرت مجدد رضی اللہ عنہ قدس اسرارہم یہ بھی فرماتے ہیں کہ حقیقت کلمۂ طیبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کی اس مقام میں ثابت ہوتی ہے اور نفی عبادت از غیر مستحق العبادۃ اور اثبات عبادت معبود حقیقی کا کہ بجز اوسکے اور کوئی مستحق عبادت کا نہیں ہے اس مقام میں حاصل ہوتا ہے اور کمال امتیاز درمیان عابدیت اور معبودیت اور عابد اور معبود کے معلوم ہوتا ہے اور یہ بھی جان لیتا ہے کہ معنی کلمۂ طیبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے بنسبت حال منتہیوں کے لَا مَعْبُوْدَ اِلَّا اللّٰهُ اور بنسبت مبتدیوں کے لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللّٰهُ اور بنسبت متوسطون کے لَا مَشْهُوْدَ اِلَّا اللّٰهُ ہیں اس مرتبہ علیا میں نماز سے سالک کو ترقی ہوتی ہے کہ کام منتہیوں کا ہے اور سیر حقائق الٰہیہ کا اسی مقام تک تمام ہوتا ہے اس مقام میں ترقی محض فضل حق تعالیٰ پر موقوف ہے اس مقام سے سیر حقائق انبیاء علیہم السلام کی شروع ہوتی ہے اس مقام میں ترقی سید کائنات حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت پر موقوف ہے پس جیسے کہ حضرت حق سبحانہ و تعالیٰ اپنی ذات کو دوست رکھتا ہے ویسے ہی اپنی صفات اور افعال کو بھی دوست رکھتا ہے اس محبت میں دو اعتبار ہیں ایک محبیت دوسری محبوبیت پس ظہور کمالات محبیت ذاتیہ کا حضرت موسیٰ کلیم علیٰ نبینا و علیہ السلام میں اور ظہور کمالات صفاتی اور محبوبیت اسمائی حضرت خلیل اور دیگر انبیاء علیٰ نبینا و علیہم السلام میں متحقق ہے پس اول شروع سیر سالک کی کمالات صفاتی اور حقیقت ابراہیمی پر ہوتی ہے اور مقام خلت اسی سے کنایہ ہے اسجگہ مراقبہ اوس ذات کہ منشاء حقیقت ابراہیمی ہے کیا کرے یہ مقام کثیر البرکات ہے تمام انبیاء علیہم السلام اس مقام میں ابراہیم خلیل علیہ السلام کے تابع ہیں اور حضرت حبیب الرحمٰن خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم با مر اِتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا کے مامور ہیں اسواسطے اپنے درود اور برکات مطلوبہ کو ساتھ درود ابراہیم علیہ السلام

نشأ محبت بھی رکھتی ہے اگرچہ اسقدر بھی بالا صالۃ نہیں ہے لیکن مانع مقام محبوبیت صرف ہے اور ولایت احمدی محبوبیت صرف کا ناقی ہے اسمین بالکل شائبہ محبت کا نہیں ہے یہ خالص مقام محبوبیت ہے اور یہی ولایت احمدی بہ نسبت دوسری ولایت کے مطلوب سے نزدیک تر ہے اور محب کو مرغوب تر کیونکہ محبوب جسقدر اپنی محبوبیت مین تمام تر اوسا استغنائی اور بے نیازی مین کامل تر محب کی نظر مین پیارا اور رعنا تر معلوم ہوتا ہے اور اپنے محب کو اپنے طرف جذب کر لیتا ہے اور اپنا شیفتہ اور فریفتہ کرتا ہے **فرد** نتنہا آفتم زیبائے اوست • بلا فزین جایہ والای اوست عجب کرد بلاسے افزا عشق ہے کہ خود مطلوب عاشق طالب کا ہے سبحان اللہ احمد عجب اسم مبارک ہے کہ کلمہ مقدسہ احد بلا میم سے مرکب ہے اور حلقہ حرف میم غوامض اسرار الٰہی مین سے ہے گنجایش نہین کہ سر مکنون عالم بیچون کو عالم چون مین بغیر حلقہ میم کے تعبیر کر سکین اگر حق تعالیٰ احد ہے اور لاشریک لہ اور حلقہ میم طوق عبودیت کا ہے اوسنے بندے کو سوتی ہے اسے متمیز کیا پس بندہ وہی حلقہ میم ہے اور لفظ احد اوسکی تعظیم کے لیے آیا ہے اوسکی خصوصیت کو اظہار کیا علیہ وعلی آلہ الصلوٰۃ والسلام اسکے بعد ہے مقام حقیقت احمدی کے مقام حب صرف کا آتا ہے اسجگہ مراقبہ اوس ذات کا کہ منشأ حب صرف کا ہے کرتے ہین بسبب قرب اس مرتبے کے ذات مطلق اور لا تعین کے ساتھ علو اور بیرنگی اس کو لازم ہے کیونکہ اول اون چیزونکا کہ ذات مطلق سے ظاہر ہین حب ہے کہ منشأ ظہور اور مبدأ خلق مخلوقات کا ہے اور حدیث قدسی کُنْتُ کَنْزًا مَخْفِیًّا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ لِاُعْرَفَ سے اسی کے طرف اشارہ ہے وَعِنْدَ اَهْلِ الْحَقِیْقَةِ اَلْمَحَبَّةُ عِنْدَ التَّحْقِیْقِ وَمَا بَیْنَهُمَا اَوْلَا هُوَ خَلَقَهُمَا اور حدیث قدسی لَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاكَ الخ اس مدعا پر دلالت کرتی ہے یہ مقام سید الاولین والآخرین محمد صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے ساتھ مختص ہے دوسرے انبیا علیہم السلام سے حقائق اسمین نہین پائے جاتے ہین اس مقام کے بعد مرتبہ لا تعین اور حضرت اطلاق کا ہے اسمین سیر کی گنجایش نہین سوائے سیر نظری کے چونکہ حضرت ذات کی انتہا نہین ہے نظر بیچاری ذات غیر متناہی مین حیران اور سرگردان رہتی ہے **فرد** داماں نگہ تنگ وگل حسن تو بسیار • گلچین بہار تو ز داماں گلہ دارد •

یہ مقام بھی خاص سید کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہے اس جگہ مراقبہ اوس ذات کا کہ تعینات سے مبرا اور منزہ ہے کرتے ہین فقط **پانچوان مراقبہ** کا اور شغل اور مراقبات بطریق سلسلہ عالیہ حضرات چشتیہ قدس اسرارہم کے بیان مین اور امام اس طریقہ عالیہ کے حضرت خواجہ معین الدین حسن السنجری الچشتی رضی اللہ عنہ ہین یہ اس امت کے عمدہ اولیاؤن مین ہین کہ ہزارون ہنود آپکے ہاتھ پر مسلمان ہوئے منقول ہے کہ جب آپنے وصال فرمایا آپکی پیشانی پر ظاہر ہوا هٰذَا حَبِیْبُ اللّٰهِ مَاتَ فِیْ حُبِّ اللّٰهِ انکے طریقے مین جب طالب صادق واسطے کسب طریقت کے شیخ کامل مکمل کی خدمت مین آوے تو حضرت شیخ اوسکو تین روز متواتر روزہ رکھنے کو فرماوے اگر ہو سکے تو طالب کا روزہ رکھے ورنہ افطار کے وقت تھوڑا کھاوے اور اگر یہ بھی نہو سکے تو موافق معمول کے روزہ رکھے اور ہر روز تہلیل اور استغفار اور درود ہر ایک کو ہزار ہزار بار پڑھے بعد اتمام روزے کے نہا کر شب کے وقت حضرت شیخ کے پاس حاضر ہووے تو حسب الحکم شیخ کے مرید فاتحہ اور اخلاص اور آمن الرسول اور شہد اللہ حکیم تک پڑھے یا خود حضرت شیخ پڑھے بعد اوسکے شیخ فرماوے کہ بیعت کی تونے اس ضعیف پر اور اس ضعیف کے خواجگون پر اور ہمارے خواجگان خواجگون پر اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر اور حضرت رب العزت پر اور عہد کیا تونے کہ اپنے جوارح کو شرع شریف کے طریقے پر رکھے اور اپنے دل کو حق تعالیٰ کی محبت مین و یوسے پس دست

ذات اور وجود مطلق حق سبحانہ وتعالیٰ کا ہے یعنے نفی خطرات کےلیے صورت شیخ کو تجلی حق تصور کرے اور مراد صفات سے
سمیع اور بصیر صفات ہیں یعنے ذات مطلق کو ساتھ حیات اور علم اور ارادہ اور قدرت اور سمع اور بصر اور کلام کے تصور کرے
اور مراد درست مرکا کا ہے اور مراد شد سے تشدید کلمہ لا الٰہ ہے اور مراد تحت سے بائیں زانو کے تحت سرہ ہے اور مراد
فوق سے داہنے طرف کا مونڈھا ہے اور ذکر مدادی یعنی (لا الٰہ الا اللہ) کو ساتھ شروط مذکورہ کے بائیں طرف سے شروع
کرے اور دونو زانو پہ بیٹھکر نہایت قوت تمام اور ضرب شدید کے ساتھ فضائے دل پر الا اللہ کی ضرب لگا دے جیسے کہ گویا
دونوں ہاتھوں سے ہتوڑی کو زور سے اہرن پر ضرب لگاتا ہے یہ امام ابو حفص حداد قدس سرہ سے منقول ہے
اسمیں مشقت بہت ہے اور فائدہ زیادہ واضح ہو کہ خطرہ چار طرح پر ہے پہلا خطرۂ شیطانی کہ موجب تکبر اور غضب اور
عداوت اور حسد اور مانند اونکے کا ہے موضع اوسکا بائیں زانو کا سر ہے دوسرا خطرۂ نفسانی کہ وہ موجب شہوات
طعام لذیذ اور اوڑھنا اور زینت اور مانند اونکے کا ہے موضع اوسکا داہنے زانو کا سر ہے اکثر اوسمیں نفس اور شیطان
ہمیشہ شریک ہیں تیسرا خطرۂ ملکی کہ باعث طاعات اور عبادات اور مانند اونکے کا ہے واسطے ثواب کے جائے
اوسکی داہنا مونڈھا ہے چوتھا خطرۂ رحمانی کہ وہ سبب اخلاص اور محبت اور ذوق اور شوق اور مانند اونکے کا ہے
اوسکی جگہ فضائے دل ہے چونکہ دفع ان خطرات کا علیحدہ تفصیلی کے موجب تشتت دل طالب کا ہے لہذا اولاً ذاکر کو
لا الٰہ الا اللہ کے ذکر میں لا معبود الا اللہ اور بعد اسکے لا مقصود الا اللہ اور بعد اسکے لا مطلوب الا اللہ
اور بعد اسکے لا موجود الا اللہ کا تعین کریں تاکہ یہ خطرات ذریعہ ان چاروں الفاظ کے تحت میں داخل ہو کر نفی ہو جاویں
بلکہ مناسب یہ ہے کہ شیخ اول وہلہ میں لا موجود الا اللہ تعلیم فرماویں اوس زبان کے ساتھ کہ طالب رکھتا ہے
کیونکہ اس سے خطرات بھی دفع ہو جاویں گے اور قطع طریق اور قلت مؤنت بھی حاصل چند روز طالب کو
اسمیں رکھیں جب نور اوسکا طالب پر ظاہر ہووے یعنے ذوق اور شوق احساس کریں تو ذکر دو ضربی معلوم
یعنے پے درپے تعلیم کریں ایک ضرب لا الٰہ کی داہنے مونڈھے پر اور دوسری ضرب الا اللہ کی فضائے دل پر
لگا دے اور بعد ہمہ اسکے تیسری بار یا پانچویں بار یا ساتویں بار رکے بسبب قلت عروج کے اس
ذکر میں یہ نسبت ذکر چار ضربی کے اثر تو کم ہے بعد ظہور نور اوسکے ذکر دو ضربی فقط الا اللہ کا بحذف لا الٰہ کے
اس خاندان عالیہ میں معمول ہے یعنے الا اللہ کے ذکر میں پہلے ذاکر اپنے سر کو داہنے طرف جنبش دیکر فضائے دل پر
ضرب لگاوے بعد ہو سکے لفظ اللہ کا ذکر کرے اس طریق پر کہ اسم مبارک اللہ کو ناف سے اوپر کو
کھینچے اور (ھُو) کی ضرب فضائے دل پر لگاوے یہ سب جو مذکور ہوا ذکر لسانی ہے خواہ جہریہ ہو خواہ خفیہ لیکن
ذکر مجموعہ لا الٰہ الا اللہ سے ذکر الا اللہ کا زیادہ ہووے اور اس سے ذکر اللہ کا زیادہ تر ہووے یعنے سبق
میں ذکر ماضیہ کا اس ترتیب کے ساتھ لحاظ رکھے بعد ظہور نور اوسکے ذکر لطیفہ کا تلقین فرماوے کہ وہ خفیہ
متصل ذکر کرنا کلمہ اللہ کا ہے بغیر انفصال کے اسمیں طالب کو اختیار ہے چاہے منہ کو بند کر لیوے یا کھولدیوے
بعض اسمیں حبس دم کرتے ہیں بعض نہیں کرتے ہیں اور بعض اسمیں مع حبس دم اور سرگردانی کے فقط لسان قلب سے
ذکر لطیفہ کرتے ہیں یعنے مع ایک دانہ سبحہ کے ایک ایک ذکر کرتے ہیں بعد ظہور نور اوسکے ذکر ثلاثی
تلقین کرے اس ذکر کے تین رکن ہیں ایک رکن اسم ذات ہے دوسرا رکن ملاحظۂ امہات صفات یعنے سمیع بصیر
علیم تیسرا رکن واسطہ جسکو برزخ اور رابطہ کہتے ہیں اس ذکر میں بھی سات شرائط مشہورہ کا لحاظ رکھے یعنے
برزخ ذات و صفات و شد و مد و تحت و فوق اسجگہ برزخ عبارت ہے واسطے سے اور ذات عبارت ہے اسم

سلطان الاذکار حاصل ہوتا ہے حاصل یہ کہ جب ان تینوں صفتوں پر سالک قرار پکڑے تو باقی دیگر سبع ائمہ صفات کو اثبات
اضافہ کرے اور عروج اور نزول کا لحاظ رکھے تکرار تکبیرہ میں دم روک کر شدت اور قوت کے ساتھ بلا اخطرہ دوسرا
ذکر کیا کرے تا کہ بے خودی اور بے ہوشی لاوے جو کچھ کہ بہت گرسنگی اور بیداری سے حاصل ہوتا ہے اسمین اندک
ذکر سے حاصل ہوتا ہے سالک کو چاہیے کہ ذکر اسم کا شش ضربی اور چہار ضربی بھی کیا کرے شش ضربی وہ ہے
کہ ہر جہت میں اللہ کی ضرب لگاوے اور چہار ضربی وہ ہے کہ سالک قبلہ رو بیٹھے اور مصحف کو اپنے سامنے رکھے
یا کسی بزرگ کی قبر کو ضرب اول داہنے طرف اور ضرب دوم بائین طرف اور ضرب سوم مصحف پر اور ضرب
چہارم فضائے دل پر لگاوے اور ذکر میں مستغرق ہووے اس ذکر میں کشف معانی قرآن اور حال اہل قبور
ہو جاوے گا لیکن یہ ذکر ساتھ ملاحظہ واسطے کے چاہیے کہ بدون اوسکے فائدہ نہیں اور ذکر پاس انفاس کا
اصطلاح یہ ہے کہ سالک دم بیرونی کے ساتھ کلمہ لا اِلٰہ کو باہر کھینچے اور دم کے ساتھ ذاکر ہووے اور کلمہ اِلّا اللہ
کو دم درونی کے ساتھ اندر کھینچے اور نظر ہمیشہ پشت کشادہ میں ذات پر رکھے یہ ذکر اسقدر کرے کہ خود دم سالک کا ذاکر
ہو وے خواہ بیداری میں ہو خواہ خواب میں اور اسمین عمر سالک کی دونی ہوتی ہے اور کبھی ذکر پاس انفاس کلمہ
اللہ کے ساتھ بھی کرتے ہین اصطلاح یہ کہ ضمہ ہاے اللہ کو اشباع کے ساتھ پڑھے تا کہ اوس سے ایک واو پیدا ہووے
یعنی لسان قلب سے سانس درونی کے ساتھ اللہ اور سانس بیرونی کے ساتھ ھو کہے ذکر پاس انفاس مین خواہ
ذکر کلمہ طیبہ کے ساتھ ہو یا اسم ذات کے ساتھ ہو اگر ناک کے نتھنون سے آواز پیدا ہو تو اوس ذکر کو ذکر ارّہ
بھی کہتے ہین اس ذکر میں سالک کو شورش اور سوزش بہت پیدا ہوتی ہے لیکن اس سے حرارت اور خشکی بھی
دماغ میں پیدا ہوتی ہے پس اوس وقت چاہیے کہ روغن بادام استعمال کرے اور ضرور ہے کہ فاکر اس ذکر کو
کمال میں پہونچاوے اور کمال اوسکا یہ ہے کہ دم ذاکر کا بے شعور اور بے اختیار ذاکر کے ذاکر ہووے اور اسی
ذکر سے شیخ مرید کو توجہ بھی دیتے ہین جاننا چاہیے کہ سالک ذکر لسانی سے ذکر قلبی میں پہونچتا ہے پس حالت جمع لسان
اور جنان میں ذکر بطریق کمال کے حاصل ہوگا اور یہ ترکیب اکثر سلسلون میں ہے لیکن سلسلہ نقشبندیہ میں
ابتدا سے ذکر قلبی پر اقتصار کرتے ہین اور مبتدیونکو ذکر قلبی سے ہی شروع کرواتے ہین اور کہتے ہین نسبت اول
ما آخر ہر منتہی و آخر ما جیب تمنا ہے لیکن یہ بات ظاہر ہے کہ جو کچھ کہ دوسرے سلسلون میں منتہیون کو حاصل
ہوتا ہے اس سلسلے کے مبتدیون کو حاصل نہین ہوتا ہے ہان اس سلسلے کی ترکیب ایسی ہی واقع ہوئی ہے
پس درمیان صاحب ذکر قلبی دوسرے سلسلون کے اور درمیان صاحب ذکر قلبی اس سلسلے کے مبتدی ہے
فرق عظیم ہے ذکر قلبی سے بعض فقہا انکار کرتے ہین اور ذکر کو فقط ذکر لسانی پر حصر کرتے ہین یہ انکار ان کا محض بیکار
ہے کیونکہ ذکر ضد نسیان ہے اور یہ خاص صفت قلب کی ہے البتہ ہر ایک کے لیے احکام مختصہ ہین کہ ہر ایک پر مرتب
ہوتے ہین ذکر کشف الروح کا کسی روح کا ہو اور کسی مقام میں ہو اصطلاح یہ ہے کہ پہلے اکیس بار یارب کے
یا روح الروح کہکر دل میں ضرب لگاوے اور اپنے سر کو بلند کرے اور یا روح کہے جب ذکر سے فارغ ہووے تو مطلوب
کی طرف متوجہ ہووے انشاء اللہ تعالی وہ روح حاضر ہو جاوے گی بیداری میں ہو یا خواب میں یہ ذکر اگر دو ہزار
بار کرے تو جلد مقصود کو پہونچے گا یہ ذکر حضرت سید محمد گیسو دراز قدس سرہ کو حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی
قدس سرہ سے پہونچا ہے بعض کلمہ طیبہ کے ذکر میں اختصار کرتے ہین اور کہتے ہین لا ضمہ کے ساتھ اور ہ فتحہ کے
ساتھ اور ہ کسرہ کے ساتھ ضرب اول داہنے طرف اور ضرب دوم بائین طرف اور ضرب سوم دل پر ضرب

پس اوسوقت مشاہدہ کریگا وہ اوس نور سے ذات حق تعالی کو اور مطلع ہوتا ہے مرادات اور تلبیس اور احکام متشابہ پر بعد اوسکے منعکس ہوتا ہے وہ نور بصیرت سے بصر کی طرف پس اوسوقت احساس کرتا ہے وہ جوارح ظاہری سے عوالم غیب کو اور منسلخ اور متجاوز ہوتا ہے وہ عوالم ظاہر اور باطن سے واضح ہو کہ سالک کو انوار کبھی سفید اور کبھی سبز اور کبھی عقیقی ظاہر ہوتے ہیں اور سبکے آخر اور انتہا میں نور سیاہ ظاہر ہوتا ہے جسکو نور حیرت اور نور ذاتی بھی کہتے ہیں اور یہ نور تجلی (ھو) کا ہے پس جو نور داہنی طرف متصل مونڈھے کے ظاہر ہو تو وہ نور کاتب یمین کا ہے اور اگر غیر متصل ہو تو وہ نور شیخ کا ہے اور اگر روبرو ظاہر ہو تو وہ نور محمدی ہے اور اگر بائیں طرف متصل مونڈھے کے ظاہر ہو تو وہ نور کاتب یسار کا ہے اور غیر متصل ہو تو وہ نور تلبیس ابلیس کا ہے اور ایسی ہی اگر کوئی صورت بائیں طرف سے ظاہر ہو تو جان لے کہ وہ تلبیس ابلیس کی ہے اور اگر نور بالائے سر اور پیچھے سے سالک کے ظاہر ہو تو جان لے کہ وہ نور ملائکہ حفظہ کا ہے اور اگر بلا جہت ظاہر ہووے اور دل میں اوس سے دہشت پیدا ہو اور بعد جانے کے حضور نرہے تو جان لے کہ وہ تلبیس ابلیس کا ہے اور اگر وقت ظہور کے حضور رہے اور بعد جانے کے فراق اور اشتیاق ہو تو جان لے کہ وہ نور مطلوب کا ہے اور اگر سینے اور ناف کے اوپر ظاہر ہو تو جانے کہ یہ نور تلبیس ابلیس کا ہے اور اگر دل کے اوپر ظاہر ہو تو جانے کہ یہ نور صفائی دل کا ہے لیکن طالب مخلص کو چاہیے کہ ان انوار کی طرف ملتفت نہووے اور ان سے خوش نہووے کہ غیر مطلوب ہے کما مر جان تو اے سالک چند اذکار ہیں کہ سینہ بسینہ چلے آرہے ہیں حضرات مشایخ نہیں بتاتے ہیں مگر اپنے خاص مریدین کو کہ ریاضات اور مجاہدات اور اربعینیات عمل میں لائے ہیں اور تصفیہ تام حاصل کیے منجملہ اونمیں اذکار کے ذکر معیت ہے اور وہ (یَا مَعِي یَا دَعِي یَا مَعِي یَا حَقُّ یَا حَيُّ) ہے اس ذکر سے مشاہدہ ذاتیہ اور صفاتیہ حاصل ہوتا ہے طریقہ اوسکا یوں ہے کہ موافق جلسہ نماز کے بیٹھے مگر یہ کہ نیچے سے دونوں سرین کے دونوں قدم کو باہر نکالے اور دونوں سرین کو زمین پر رکھے اور داہنے ہاتھ سے بائیں بازو کو اور بائیں ہاتھ سے داہنے بازو کو مضبوط پکڑے اور ان پانچ کلمات کا ذکر کرے اور ایک ایک کے ساتھ ایک ایک ضرب لگاوے ضرب اول درمیان داہنے قدم اور داہنے زانو کے اور ضرب دوم درمیان دونوں زانو کے اور ضرب سوم درمیان بائیں قدم اور بائیں زانو کے اور ضرب چہارم جگر پر اور ضرب پنجم فضائے دل پر شدت اور قوت اور حضوری کے ساتھ لگاوے اور حَقُّ سے احدیت مطلقہ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ کی طرف اشارہ ہے بہتر یہ ہے کہ اس ذکر کے دنوں میں ذاکر کی غذا شیر ہووے اور شیر کے ساتھ زعفران بھی ملاوے تو بہتر ہے اور عطریات استعمال کیا کرے اور ہو سکتا ہے کہ فقط ان تینوں کلمات حُوْ حَقُّ یَا مَعِي کے ساتھ اقتصار کریں اور طریقہ یہ مستور سابق ہے مگر یہ کہ ضرب حُوْ حَقُّ کی آسمان کی طرف کرے اور یا معی کی ضرب دل پر اور منجملہ اونمیں اذکار کے ذکر کلمہ سبحان الله وبحمده الذی ... — یہ ذکر بھی سالک کو مشاہدہ ذاتیہ اور صفاتیہ میں پہنچاتا ہے اور طریقہ اوسکا یوں ہے کہ مربع بیٹھے اور ایک ضرب سامنے اور ایک ضرب داہنے طرف اور ایک ضرب بائیں طرف اور ایک ضرب آسمان کی طرف اور ایک ضرب قلب پر لگا دے اور منجملہ اونمیں اذکار کے ذکر احاطہ ہے اور وہ (یَا مُحِیْطُ مُحِیْطُ اَوْ بِکُلِّ) ہے اور یہ ذکر بھی مورث مشاہدہ ہے اور طریقہ اوسکا یوں ہے کہ وقت ... کے آنکھیں کھلی رکھیں اور وقت ... کے آنکھ بند کرے اور منجملہ اونمیں اذکار کے ذکر مناجات ہے اور وہ ... اَنْتَ ... اَنْتَ اَمَامِي اَنْتَ خَلْفِي اَنْتَ يَمِيْنِي اَنْتَ شِمَالِي اَنْتَ فِيَّ وَاَنَا مَعَ الْجِهَاتِ

کوشش کرتا ہے نہین پاتا ہے بلکہ سعی اور کوشش بھی موجب عدم جمعیت اور سبب فقدان اوس حرکت کا ہوتا ہے
لیکن مایوس نہووے اور ساتھ عجز اور انکسار اور خشوع اور خضوع کے حرکت گم شدہ کو طلب کرے اور کبھی سبب فقدان اوس
حرکت کا صحبت نفس یا خطرہ یا حلم یا اشیاے مشکوک بھی ہوتا ہے کیونکہ توجہ دل کی ایک آن مین دو امر کی طرف محال ہے
علاج اوسکا رفع موانع ہے پس جب یہ امر جلیل القدر طالب کو حاصل ہووے مغرور اور معجب نہو اور اوسکی پرورش مین
رات و دن کوشش کرے اور تھوڑے روز سواے فرائض اور واجبات اور سنن رواتب کے نوافل اور وظائف
اور تلاوت وغیرہ چھوڑ دیوے اور ہمہ تن اس نسبت کے حاصل کرنے مین مصروف رہے اور اندک اندک آنکھ کھولے
اور اس نسبت کے ساتھ حاضر رہے تاکہ اوسکا ملکہ حاصل ہووے اور آنکھ کھولکر متوجہ قلب کا ہونا اسی کا نام خلوت در انجمن
ہے اس صورت مین بتائید الٰہی یہ نسبت قوت پکڑیگی اور فراموشی کا وقت اندک تو جہ سے اوسکو پاوے گا اور دیر تک
رہیگی کبھی مانع اور مزاحم سے زائل نہوگی اس موقع مین طالب ذکر سے لذت پاوے گا اور جمعیت حاصل ہوگی جب
حال حرکت کا اس مرتبے مین پونہچا کہ ذکر لفظ مبارک اللہ کا بے تکلف زبان دل سے سنتا ہے اور معلوم ہوتا ہے
کہ منشا اوس حرکت کا قلب صنوبری ہے پس یہی حرکت جمیع اجزاے بدن مین منتشر ہوتی ہے اور طریقہ اوسکا یون ہے
کہ اوّلا ابتدا سالک کے کسی عضو مین وہ حرکت ظہور کرتی ہے یعنے جیسے کہ وہ حرکت مضغۂ قلب سے معلوم ہوتی ہے
ویسے ہی کسی عضو سے بھی معلوم ہوتی ہے کبھی ہاتھ سے اور کبھی پانون سے کبھی سر سے بغیر اسکے کہ سالک قصداً اوس
عضو کا کرے لیکن سالک کو چاہیے کہ ہمیشہ قلب کی طرف توجہ رکھے پس جب نور ذکر منتشر ہووے اندک زمانہ مین
تمامی اقطار جسم کا احاطہ کر لیگا سر سے ناخن تک ذکر سے معمور ہوگا اور سالک کو احوال مختلفہ ظاہر ہونگے کبھی
شادان و خندان ہوگا اور کبھی افسردہ و حیران اور کبھی گریان و بریان لیکن سالک انھین احوال کی طرف ملتفت ہوکر
اشتغال بالذکر اہم مہمات دینی و دنیوی جانے اور تائید الٰہی سے ایسا ہووے کہ یک مرتبہ تمامی بدن سے ذکر اللہ
کا سنے اور تمامی اعضا بیک صدا اور بیک صورت دل صنوبری کے ساتھ موافقت کرے اس حالت مین کبھی
غلبہ ذکر کا بعض اعضا مین زیادہ اور بعض مین کمتر اور کبھی جمیع اعضاے بدن مین مساوی ہوتا ہے لیکن وقت مساوات
کے سالک لذت ذکر زیادہ پاتا ہے اسی حالت کو حضرات صوفیہ کی اصطلاح مین سلطان الاذکار کہتے ہین علم ذکر قلب کا
اوائل مین بغیر مدد قوت سامعہ کے ہوتا ہے اور جب ذکر قلب مین مستقر ہوجاوے اوس وقت کان سے سنتے ہین اور
جو مشہور ہے کہ ذکر قلب سالک کا غیر بھی سنتا ہے غلط عوام ہے اسکی کچھ اصلیت نہین واضح ہو کہ مقصود ذکر سے
فنا فی المذکور ہے پس ہمت مجرد تلفظ کلمۂ جلالہ من اللسان او الجنان پر نہ رکھنا چاہیے اگرچہ مین وجہ فائدہ اجر و ثواب
کا رکھتا ہے ولیکن بغیر حضور مذکور کے یہ موصل الی المطلوب نہین ہے کیونکہ مقصود ذکر سے فنا فی المذکور ہے نہ فنا
فی اسم المذکور اس مرتبے مین سالک کو عجائب و غرائب حالات وارد ہوتے ہین اور وہ یہ ہین کہ اس مرتبے مین
سالک کو علم ذکر کائنات کا حاصل ہوتا ہے کیونکہ سالک جب ذکر اسم کے ساتھ مشغول ہوتا ہے تو اوسکو معلوم ہوتا
ہے کہ تمامی اعضا اوسکے ذرات اسم اعظم کو رہے ہین اور در و دیوار و فرش وغیرہ اسم اعظم ہین پس اگر
ایسا ہے تو یہ ذکر کائنات کا نہین ہے بلکہ یہ بسبب استیلا و غلبہ ذکر ذاکر کے ہے کیونکہ ہر ہر کون کے لیے سب اقتضاے
خصوصیات کے ایک ایک ذکر الگ الگ ہے خواہ ذکر حالی ہو جیسے اکثر اسپر متفق ہین خواہ ذکر مقالی جیسے کہ بعض
اسکی طرف گئے ہین پس افراد عالم ذکرہاے مختلفہ باہم ممتاز ہین پس اگر سالک کو حالت ذکر مین دیوار سے ایک
ذکر خاص اور فرش سے ایک ذکر خاص مسموع ہووے تو البتہ یہ اطلاع ذکر کائنات کا ہے اگرچہ اسمین بھی

طرف مضغہ کے کیونکہ یہ توجہ موجب توجہ طرف تمامی اعضا کے سریع الاثر اور کثیر ہے اور جب تمامی جسم سالک کا اس حرکت
متصلہ سے مشرف ہووے سالک کو چاہیے کہ ذکر کو تمامی حرکت جسم کے ساتھ مطابقت کرے اور علم کو ذکر کو ساتھ
منطبق کرے پس اوسوقت انطباق اشیائے ثلثہ کا یعنی حرکت کل بدن اور مذکور کہ مدلول اور مسمی کلمہ اللہ کا ہے اور
علم بالمذکور باہمدیگر مثل انطباق مسافت اور حرکت اور زمان کے ہے کہ مباحث اعراض اور مسائل کمیت میں
مذکور ہے پس اس حالت میں ہجوم غیبت اور بےخودی اور نزول سالک کا فنا اور فناء الفنا میں ہوگا جب کہ
ورزش سے سالک ایسے ایک مرتبے کو پہونچا کہ حضور علم اس حرکت کا اکثر اوقات میسر ہوتا ہے ایسی ہمت کرے کہ حضور
اس معنی کا بغیر واسطے مضغہ کے حاصل ہووے اور اصلاً توجہ مضغہ کی طرف واقع نہووے تا کہ ترقی واقع ہووے
اور مضغہ کی توجہ اور تمامی بدن کی حرکت درمیان سے مرتفع ہوجاوین اور وہی علم خاص مذکور ہی کے ساتھ ہوجاوے
اور انطباق معدوم ہوجاوے بسبب معدوم ہونے دونوں طرف کے یا ایک طرف کے اور طرفین اوس صورت
میں متصور ہے کہ جب انطباق درمیان مذکور اور حرکت کے فرض کرین اور طرف واحد اوس صورت میں متصور ہے
کہ جب انطباق درمیان علم اور مذکور کے یا درمیان علم اور حرکت کے فرض کرین اور بعد اس نسبت کی پرورش
میں ہمت صرف کرے کہ قلت سے طرف کثرت کے پہونچے اور کثرت سے طرف دوام کے پہونچاوے اور اگر کسی وقت میں بسبب ضعف
نسبت کے بغیر واسطہ حرکت کے نگاہداشت اوس نسبت کی نکر سکے تو بواسطہ اوسی حرکت کے اوس نسبت کی طرف
متوجہ ہووے اور تعطیل کو ہرگز روا نرکھے اور اگر حرکت کلیہ بدنیہ سے بھی غفلت واقع ہووے تو حرکت متصلہ جزئیہ
قلبیہ کی طرف متوجہ ہووے اور اگر یہ بھی مفقود ہووے تو حرکت منفصلہ جزئیہ قلبیہ کی طرف متوجہ ہووے اور اگر یہ بھی
مفقود ہووے تو اگر قادر ہووے سر دیا فی ہے شغل کرے یا دو تین بار سانس کو قوت کے ساتھ دماغ میں جوڑ کے
یا اسم فعال کو تصور دل کے ساتھ اوسکے معنی کے ... انشاء اللہ تعالی ...
کو اوسے کہ جب بعنایت الٰہی کثرت ورزش سے سالک ایسے ایک مرتبے میں پہونچا کہ اکثر اوقات حضور مذکور کا
بغیر توجہ طرف حرکت کلیہ بدنیہ کی حاصل ہے تو ایسا نہونے پاوے کہ ایک لمحہ اس نعمت عظمی سے غفلت ہو خواہ اعضا
جوارح کے سبب سے ہو یا افعال قلب کے سبب سے پس اوسوقت دست بکار و دل بیار کا مرتبہ حاصل ہوگا

ابیات سر رشتہ دولت اے برادر بکف آر * وین عمر گرانمایہ بغفلت مگذار * دائم ہمہ جا با ہمہ کس در ہمہ کار * میدار
نہفتہ چشم دل جانب یار *

توجہ طرف مذکور اور مطلوب کے جسوقت بغیر انطباق کے میسر ہو تو اوسکو ایک نعمت عظمی
اور دولت کبری سمجھنا چاہیے اسلیے کہ ذکر قلبی اس مرتبے میں متحقق ہوتا ہے اور جبتک کہ حرکت درمیان میں ہے کوئی
ذکر قلبی متحقق نہوگا کیونکہ قلب ایک لطیفہ ربانی ہے کہ بعض کے نزدیک نہ وہ جسم ہے نہ جسمانی اور بعض اوسکو
قوت کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں اور بعض اوسکو مجرد عن المادہ کہتے ہیں اور ایک گروہ اوسکو بخار لطیف جانتے ہیں اور
بعض عالم امر سے بیان کرتے ہیں اور بعض قوم اوسکو عرض کہتے ہیں اور بعض جوہر بولتے ہیں اور بعض اوسمین ساکت
رہتے ہیں سابق ہمنے اسکی تحقیق کر دی ہے حاصل اوسکا یہ کہ اسکو کبھی ایک اعتبار سے قلب اور دوسرے اعتبار سے
نفس اور ایک اعتبار سے روح اور دوسرے اعتبار سے عقل کہتے ہیں حالانکہ یہ ایک چیز ہے یا نخاشتی نام اوسکا
الگ الگ اور حرکت عالم عوارض اجسام سے ہے اور حرکت سے قلب منزلون دور ہے پس جب سالک کو ذکر
قلب کا حاصل ہووے انوار انواع و اقسام کے ظاہر ہونے لگتے ہیں کبھی اپنے جسم کے اندر اور کبھی جسم سے خارج
میں لیکن اندر یا دل میں یا سر میں یا داہنے ہاتھ میں یا بائین ہاتھ میں یہ تمام ہووے اور کبھی تمام بدن میں یہ نادر ہے لیکن

لاثانی اور سکے لیے کوئی تعین ہوگا اور فرد حضرت مطلوب و مقصود اوسکے ورا ما ورا اوس سے منزہ ہوگا اور جس مرتبہ اور مقام مین سالک کا تم ہوگا
حضرت مطلوب اوسکے ورا ہوگا کیونکہ جو کچھ کہ سالک کے احاطۂ تصور مین متعین ہوگا فرد اور متعین ہوگا ساتھ ایسے تعین کے کہ وہ محاط ذہن سالک کا ہے اور
ہر متعین باعتبار تقید اور تشخص کے بسبب قید اور تشخص کے پس وہ غیر مطلوب ہے انتہی واسطے حضرات محققین صوفیہ
کہتے ہین کہ مطلق حق تعالی کسی نبی و ولی کے ادراک مین نہین آتی ہے بیت عنقا شکار کس نشود دام باز چین
اینجا ہمیشہ باد بدست ست دام را پس سالک جب جانتا ہے کہ مین معشوق حقیقی کی طرف متوجہ ہون لیکن نہین
جانتا ہے کہ کس جہت کی طرف متوجہ ہون یعنے سالک جانتا ہے لیکن نہین جانتا ہے جہت تو یہ بھی ایک مرتبہ فنا کا
ہے اور اگر نہین جانتا ہے کہ کیا جانتا ہے پس یہ مرتبہ فناء الفنا کا ہے اور اگر علم فنا ماسوا اللہ سے نہو وے
تو وہ غفلت ہے وہ رضائے حق نہین ہو سکتی ہے مثلاً صورت خواب مین بھی فنا ماسوا سے ہے اور فنا علم فنا ماسوا کا بھی
باوجود اسکے غفلت محض ہے یہ رضا حق تعالی کی نہین ہوسکتی ہے پس یہ مرتبہ نہایت سیر الی اللہ کا ہو اسکے آگے اسکے مرتبہ
سیر فی اللہ کا ہے مختار محققین صوفیۂ کرام کا یہ ہے کہ جب ماسوا اللہ سے فنا حاصل ہو لیکن شعور اور علم اس فنا کا
باقی ہے فنا ابھی حاصل نہین ہوئی پس اطلاق فنا کا اس مرتبے پر مجازاً آیا ہے اور حقیقت فنا اوس صورت مین
متحقق ہے کہ ماسوا اللہ سے فنا ہو اور علم اس فنا سے بھی محو اور فانی ہووے واضح ہو کہ اذکار اور اشغال اور مراقبے
متذکرۂ سابق مین حرکت قلب اور صورت سرمدی اور توالی انفاس اور مانند اوسکے کہ اختیار کیے ہین سر اسکا یہ
ہے کہ علم ان امور کا کہ موجب قرب مقصود کا ہے بسبب مقارنت ان امور کے دائم الوقوع ہوتا ہے کیونکہ یہ
امور بسبب دوام اور اطلاق اور اتصال کے قریب المقصود ہین پس بالضرور انکا علم بھی قریب المقصود ہوگا
اگرچہ امور دائمی اور بھی ہین کہ معیار ہو سکتے ہین جیسے کہ حرکت افلاک اور نجوم اور تجدد امثال آب دریا مین
اور مانند انکے لیکن یہ امور چونکہ جسم آدمی سے خارج ہین بعید التوجہ ہین توجہ ان امور کے ساتھ ویسی نہین ہے
جیسی کہ توجہ آدمی کی اپنے مین ہے اور اگر کوئی کہے کہ آدمی ہر لحظہ اور ہر آن رنگ اوسکا معدوم ہوتا ہے
اور مثل اوسکا کتم عدم سے موجود ہوتا ہے باوجود اسکے اسکو دوام ہے اسکو معیار کیون نہین گردانا ہم جواب
دینگے کہ قوت آنکھ سے تعلق رکھتا ہے اور مراقبات اور اذکار مین آنکھ بند کرنا نافع ہے بلکہ اہم دوسرا جواب
یہ کہ تجدد امثال بدیہی نہین ہے بلکہ نظری ہے اس سے جو علم حاصل ہوگا ظنی ہوگا اسواسطے ان امور کو معیار نہین
گردانا جاننا چاہیے کہ فنا دو قسم پر ہے قسم اول عبارت ہے علم مرکب سے اور قسم ثانی عبارت ہے علم بسیط سے لیکن
علم مرکب اوس کیفیت ادراکیہ کو کہتے ہین جو باطن سالک سے پیدا ہوتی ہے اور متوجہ ہوتی ہے وہ طرف حضرت مقصود کے
اور منقطع ہوتی ہے جمیع ماسوائے مقصود سے اور غیر مقصود کی طرف اوسکو بالکل راستہ نہین یہ اسواسطے ہے
کہ جو کچھ کہ مدرک سالک کا ہوتا ہے ساتھ صفت غیریت کے مدرک اوسکا نہین ہوتا ہے بلکہ ساتھ صفت عینیت
کے مدرک اور ملحوظ ہوتا ہے غایت مافی الباب یہ کہ مقصود یعنے ذات بحت اور وجود مطلق متلبس ہے ساتھ
شیون اور تعینات کے جنکے لیے وجود خارجی نہین ہے اور اس ادراک کو سالک جانتا ہے کہ یہ مطابق واقع
اور نفس الامر مین ہے جیسے کہ مشرب صافی حضرات قائلین وحدة الوجود کا ہے اور یہی حق ہے کہ دلائل
قطعیہ سے ثابت ہے یا اسواسطے کہ جو کچھ کہ مدرک سالک کا ہوتا ہے بسبب غایت توجہ الی المقصود اور نہایت
لحاظ مطلوب اور فرط محبت یار اور قوت عشق دوست کے سالک کے نزدیک تمامی افراد عالم مقصود اور مطلوب
اور یار اور دوست دکھائی دیتے ہین اور سالک نفس الامر اور واقع مین ایسا نہین جانتا ہے بلکہ وہ جانتا ہے

فرق کرتا ہے درمیان جلال اور جمال کے لیکن یہ فرق بنظر دیگر اور برید و آخر ہے لیکن مرتبۂ ثانی مین بعض کاملین کو تو
کو مشاہدہ مین ولا ذات مطلق ملحوظ و مرئی ہوتی ہے اور اشیا اوس ذات مطلق کے مظہر سے تعینات اور اضافات کو دیکھتے
ہین اور کہتے ہین کہ مَا رَاَیْتُ شَیْئًا اِلَّا وَرَاَیْتُ اللّٰہَ قَبْلَہٗ اور بعض اشیا کو مشاہدہ مین ذات مطلق کو ملاحظہ
کرتے ہین اور کہتے ہین کہ مَا رَاَیْتُ شَیْئًا اِلَّا وَرَاَیْتُ اللّٰہَ فِیْہِ اور بعض ساتھ مشاہدۂ اشیا کے ذات
مطلق کو مطالعہ کرتے ہین اور کہتے ہین کہ مَا رَاَیْتُ شَیْئًا اِلَّا وَرَاَیْتُ اللّٰہَ مَعَہٗ اور بعض بعد مشاہدۂ
اشیا کے ذات مطلق کو مطالعہ کرتے ہین اور کہتے ہین کہ مَا رَاَیْتُ شَیْئًا اِلَّا وَرَاَیْتُ اللّٰہَ بَعْدَہٗ
حاصل یہ کہ ہر ہر سالک کے لیے ایک ایک مقام معلوم ہے پس جب عارف مقام آخر مین نزول فرماتا ہو تو اس
کو مشکل ہے کہ تمیز کرے درمیان عارف اور غیر عارف کے اسی جگہ سے حق تعالی حدیث قدسی مین فرماتا ہی
اَوْلِیَائِیْ تَحْتَ قِبَائِیْ لَا یَعْرِفُھُمْ غَیْرِیْ اور اسی سبب سے کفار انبیا علیہم السلام کے حق مین کہتے تھے مَا
لِھٰذَا الرَّسُوْلِ یَاْکُلُ الطَّعَامَ وَیَمْشِیْ فِی الْاَسْوَاقِ اور انھین کاملین سے حق تعالی خبر دیتا ہے کہ
رِجَالٌ لَّا تُلْھِیْھِمْ تِجَارَۃٌ وَّلَا بَیْعٌ عَنْ ذِکْرِ اللّٰہِ اور جب کاملین کو دریافت کرنا بہت مشکل ہے کیونکہ
ظاہر انکا مثل ظاہر تمامی عوام الناس کے ہے عوام انسے بہت انکار کرتے ہین بخلاف مجاذیب اور مجانین
اور بعض جہلا مشائخ اس زمانے کے کہ بتکلف و ریا اپنے تئین عوام الناس سے تمیز کرتے ہین اور یہ عوام انکے
ساتھ باعتقاد پیش آتے ہین اور انکے گرویدہ ہوتے ہین لیکن منجملہ اہل سر کے جس شخص نے مقام فردیت
حقیقیہ مین نزول کیا ہے ایسے شخص سے خوارق عادات کمتر دیکھتے ہین کیونکہ متوجہ الیہ ایسے شخص کی ذات
بحت بے رنگ ہے اور تصرفات آفاقی و انفسی اسما و صفات کی تاثیرات مین سے ہین جسقدر اس مقام سے
کمتر ہو مین ہوگا تصرفات اس سے زیادہ تر ہونگے مراقبات طریقۂ اہل بہشت مقدس اسم ہیم کو دل سے ملحوظ رکھنا اور مراقبہ اسکا یہ معنی کہ نگہبانی کرنی اپنے دل کی
تاکہ اوسمین معنی واحد کا غیر آنے نپاوے یا انکا نگہبانی کرے سالک اسد تعالی کی جیسے کہ اسد تعالی اوسکی نگہبانی
کرتا ہے جان تو اے طالب دل کی بیماری تین چیزین ہین کہ جنکے سبب سے آدمی ماسوا اسد کے طرف مشغول ہے
اول حدیث نفس ہے کہ ہمیشہ اپنے قصد اور اختیار سے آدمی اپنے دل مین باتین کرتے ہین خواہ وہ
خلا مین ہو یا ملا مین ہو دوسرے خطرہ کہ وہ بغیر قصد اور اختیار آدمی کے دل مین آتا ہے اور جاتا ہے تیسرے نظر کرنا
غیر پر جس سے اشیاے کثیرہ کا علم حاصل ہو کر سد راہ وصول و رجوع الی المطلوب ہوتا ہے اور یہ اصلاح امراض
کے علاج مین شغل باطن ہے مراد شغل باطن سے ذکر اور فکر اور شغل اور مراقبہ ہے اور مراقبہ سبکا مغز ہے اور اقسام مراقبے
کے بہت ہین بعض اونمین سے جو اہل وصول ہین یہان ذکر کیے جاتے ہین پہلے طالب مبتدی کو چاہیے کہ اسم ذات
کو کہ لفظ مبارک اللہ ہے حدیث نفس کے محل مین بٹھاوے اور اتہامات اسما و صفات کو مقام خطرے مین اور نظر
دل کو جمال مرشد کامل پر رکھے جسکو واسطہ اور رابطہ اور برزخ کہتے ہین وہ تصور کرے کہ اسم ذات مقدس کی معنی کو ملاحظہ
کرے بغیر تخصیص اور تقیید کے اپنے علم مین کسی عبارت اور نعت کی ساتھ اور اس ملاحظے کے ساتھ ہمیشہ توجہ
قلب صنوبری کے طرف رہے اس ملاحظے کے لیے ذہن دقیق اور طبع نقاد چاہیے اور جب یہ معنی دلنشین ہو تو
اس معنی مقدس کو نور خالص تصور کرے اور اپنے تئین اوس نور مین متلاشی دیکھے فَتَجَلَّی بِسُبُحَاتِ وَجْهِہٖ بَیْنَ الْعَشَاءِ
وَاٰمَنَتْ فِطْرَتُہٗ یا یہ کہ اوس معنی مقدس کو ظلمت خالص تصور کرے اور اپنے تئین ایک سایہ تصور کرے کیونکہ
سایہ جب ظلمت مین آجاتا ہے تو متلاشی ہوجاتا ہے اور امتیاز باقی نہین رہتا ہے کہ سالک دل کی آنکھ سے

فرق یہ ہے کہ اول بسیط حقیقی ہے اور ثانی بسیط حکمی اور اگرچہ واحد بحیثیات متعددہ و بجہات متفرقہ ملحوظ ہو ادراک سالک
ہے پس اس صورت میں علم سالک کا مرکب ہے پس تمامی اولیائے عظام کہ طائفہ صوفیۂ کرام ہیں درپے اوس امر کے
ہیں کہ علوم مرکبہ کو زائل کر کے علم بسیط حضرت واجب الوجود کو اسطرح حاصل کریں کہ تمامی اوقات یا اکثر اوقات اس
جمعیت کے ساتھ [illegible] اور اس جمعیت کی طرف گریز کریں پس فنا ماسوی اللہ فنا فی اللہ [illegible]
فنا کا فائدہ انتساب ہے مشائخ چشتیہ نے فرمایا کہ [illegible] وصول الی اللہ کا دکھلاتا ہے اپنے مرشد کے ساتھ محبت اور
تسلیم کی صفت پر اور اوسکی صورت کا ملاحظہ کرنا واضح ہو کہ حق تعالی کے لیے مظاہر کثیرہ ہیں پس جائز نہیں ہوا ذکی کوئی
مظہر دو معین مظاہر میں سے اوس عابد کا مقابل ہو کر اوسکا معبود ہوگیا ہے اسی جہت کے سبب سے رو بقبلہ ہوتا اور باستوا
علی العرش کا شرع میں وارد ہوا ہے تاکہ توجہ عابد کی یکسو ہو جاوے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جبتم میں کوئی نماز
پڑھے تو اپنے منہ کے سامنے نہ تھوکے کیونکہ اللہ تعالی اوسکے اور اوسکے قبلہ کے درمیان ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لونڈی سے
پوچھا کہ اللہ کہاں ہے تو لونڈی نے آسمان کی طرف اشارہ کیا پھر حضرت نے اوس سے پوچھا کہ میں کون ہوں تو نے اپنی انگلی سے اشارہ
کیا مراد اوسکی یہ ہے کہ حضرت آپکو بھیجا ہے تو آپ نے فرمایا کہ یہ مومنہ ہے پس سالک کو بھی کچھ مضائقہ نہیں ہے کہ وہ متوجہ ہو کر اللہ ہی کی طرف [illegible]
دل [illegible] مگر اللہ ہی ہے اگرچہ بظاہر مرشد کی طرف ہو یا عرش کی طرف [illegible] نور کے جسکو حق تعالی نے عرش پر لکھا ہے یا قبلے کی طرف یا
کسی چیز کی طرف [illegible] مظاہر حق تعالی سے تاکہ دل سالک کا [illegible] ذات مطلق کی طرف متوجہ ہو [illegible] مشائخ [illegible]
فرمایا کہ جو کچھ [illegible] اہل ہونے کا ارادہ کرے اسکو چند چیزوں کی رعایت ضرور ہے [illegible] اور صحبت خلق کو
کم کرنا اور ہمیشہ باوضو رہنا [illegible] ساتھ [illegible] ترک کرنا [illegible]
[illegible] اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم اور بسم اللہ الرحمن الرحیم
اور قل اعوذ برب الناس کو تین بار پڑھے اور جب بائیں پاؤں سے داخل کرے تو دعا اللہم انت ولیی
فی الدنیا والآخرۃ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین [illegible] صلی اللہ علیہ
[illegible]
نفسی [illegible]
ایکبار پڑھے اور جاے نماز پر کھڑا ہو کر انی وجہت وجہی الخ تک اکیس بار پڑھے پھر دو رکعت نماز پڑھے
پہلی رکعت میں آیت الکرسی پڑھے دوسری رکعت میں آمن الرسول پڑھے پھر لمبا سجدہ کرے اور دعا میں
خوب کوشش کرے پانسو بار یا فتاح کہے پھر اون اذکار میں مشغول ہو جسکا [illegible] ذکر جلی اور
خفی اور پاس انفاس اور شغل اور مراقبہ اور [illegible] کشف قبور اور اس سے استفاضہ کے لیے [illegible]
ہیں کہ جب قبرستان میں داخل ہو تو سورۃ انا فتحنا کو دو رکعت میں پڑھے پھر میت کی طرف سامنے ہو کر کعبہ [illegible]
نشست دیگر بیٹھے پھر سورہ ملک پڑھے اور اللہ اکبر اور لا الہ الا اللہ کہے اور گیارہ بار سورہ فاتحہ پڑھے
پھر میت سے قریب ہو جاوے پھر یا رب یا رب اکیس بار کہے پھر یا روح [illegible] اوسکو آسمان میں ضرب
کرے اور یا روح الروح کی دل میں ضرب کرے یہاں تک کہ کشائش اور نور پاوے پھر منتظر رہے اوسکا جسکا
فیضان صاحب قبر سے اسکے دل پر ہو اور خاص [illegible] چشت کے یہاں ایک نماز ہے جسکو نماز کن فیکون کہتے
ہیں اور حاجت میں سریع التاثیر ہے اور وہ یہ ہے کہ جسکو سخت حاجت پیش آوے تو چاہیے ہر رات کو چہارشنبہ
اور پنجشنبہ اور جمعہ کی راتوں میں دو رکعتیں ادا کرے پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ ایکبار اور سورہ اخلاص [illegible]

اور اونکے دلون کو نابینا کر دیتا ہے بعد اوسکے ظاہر کرتا ہے اونپر اسرار کواکب اور اصول عناصر وغیرہ کو پس کتا ہے
اونکو کہ جو دین ہی نا مال ہیں پس پرستش کرتے ہین وہ افلاک اور کواکب وغیرہ کی کیونکہ وہ صحت احکام دوران
افلاک اور کواکب کو برابر دیکھتے ہین اور مشاہدہ کرتے ہین کہ شمس اپنی حرارت کے ساتھ وجود اجسام کو تربیت
کرتا ہے اور نظر کرتے ہین کہ موافق حساب طوالع اور خوارج کے باران نازل ہوتا ہے پس یقین کرتے ہین ربوبیت افلاک
اور کواکب کے ساتھ پس جبکہ یہ اصول اونکے دلون میں مضبوط ہوگئے مثل بہائم کے اونکو اونکے حال پر چھوڑ دیتا ہے
کہ فقط ماکل اور مشارب کی فکر میں رات دن معروف رہتے ہین اور قیامت وغیرہ احکام شرائع انبیا علیہم السلام
پر ایمان نہیں لاتے ہین اور ظلمت طبائع پر غرق ہوجاتے ہین اور ہرگز اوس سے خلاصی نہیں پاتے ہین اور ایسا ہی
معاملہ کرتا ہے شیطان اہل عناصر کے ساتھ اور کہتا ہے کہ کیا نہیں دیکھتے ہو تم جسم کو کہ مرکب ہے جوہر سے اور جوہر
مرکب ہے حرارت اور برودت اور رطوبت اور یبوست سے اور یہی چیزین وجود اشیا کو ترتیب دیتی ہین عالم میں ہی موثر ہین
اور شیطان انکو بھی مثل عابدین کواکب اور افلاک کے کر دیتا ہے اور ایسا ہی معاملہ کرتا ہے شیطان ساتھ عابدین
نار کے اور شیطان عابدین نار کو کہتا ہے کہ کیا نہیں دیکھتے ہو تم کہ وجود منقسم ہے ظلمت اور نور پر اور ظلمت ایک
آگ ہے کہ نام اوسکا اہرمن ہے اور نور ایک آگ ہے جسکا نام یزدان ہے اور تمہارا اصل نور ہے پس پرستش کرتے
ہین وہ آتش کی اور ایسا ہی معاملہ کرتا ہے شیطان ہر ہر مشرک کے ساتھ اور اوسکے حسب حال آور مومن مخلص ان
امور کو اونکے خالق کا مسخر جانتا ہے اور اونکے خالق کی طرف رجوع کرتا ہے دوسری اصل طبائع اور شہوات
اور لذات ہین ان اصول مین شیطان ظاہر ہوتا ہے عوام مومنین کے لیے پس راہ حق سے انکو اغوا کرتا ہے
اوس واسطے محبت امور شہوانیہ اور رغبت طرف لذات حیوانیہ کے کہ مقتضیات طبائع ظلمانیہ مین بیان تک
کہ اونکے دلون کو سیاہ اور اندھا کر دیتا ہے اور حسب مقتضائے طبائع ظلمانیہ کے لذات حیوانیہ شہوانیہ مین رات
دن تہ دل سے مشغول رہتے ہین پس اوسوقت شیطان بہیئت دنیا ظاہر ہوکر اونکو خبر دیتا ہے کہ یہ امور مطلوبہ
تمہارے نہیں حاصل ہونگے مگر دنیا اور زخارف دنیا سے پس منہمک اور مستغرق ہوگئے ہین محبت اور طلب
دنیا مین پس دائم اوسکی طلب مین معروف رہتے ہین پس جبکہ اونکے ساتھ شیطان نے یہ معاملہ کیا پس انکو
اسی حالت پر چھوڑ دیتا ہے کیونکہ اوسوقت اہل دنیا شیطان کے تابعین مین سے ہوجاتے ہین اور جس امر کا
وہ حکم کرتا ہے اہل دنیا بجا لاتے ہین حتی کہ اگر حکم کفر کا کرتا ہے وہ بجا لاتے ہین پس اسوقت اون امور غیبیہ مین
کہ حق تعالی نے انبیا علی نبینا وعلیہم السلام کی زبانی خبر دی ہے شک اور وسواس لاتے ہین پس کفر اور الحاد اور
زندقہ اختیار کرتے ہین آخر الامر اونکا خاتمہ ہوتا ہے مگر جو لوگ مخلص اور زیرک ہوتے ہین اپنے تئین ان شیطانی
بچاتے ہین اور اپنے خالق اور مالک کی طرف کہ معشوق حقیقی ہے رجوع کرتے ہین تیسری اصل یہ ہے کہ اعمال صالحین
اور مشائخ پر شیطان ظاہر ہوتا ہے اور زینت دیتا ہے اونکو اونکے اعمال صالحہ پس داخل کرتا ہے اونکے
اعمال صالحہ مین عجب پس غرور کرتے ہین وہ اپنے اعمال صالحہ پر اور نہیں سنتے ہین وہ کسی کی نصیحت پس اونکو
شیطان کہتا ہے کہ یہ اعمال تمہارے تمکو کافی ہین اگر تمہارے غیر تمہارے عشر عشیر اعمال بجا لاوین تو تمہارے
غیر کو نجات ہے پس اوسوقت اپنے اعمال کو قلیل کرتے ہین اور راستے اباحت اختیار کرتے ہین اور اپنے تئین بزرگ
سمجھتے ہین اور دوسرون کو حقیر اور رفتہ رفتہ معاصی پر مرتکب ہوتے ہین اور دنیا کی طرف رجوع کرتے
ہین پس شیطان کہتا ہے اِعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ کیونکہ حق تعالی غفور رحیم ہے حتی کہ قتل کرتا ہے اونکو اعمال صالحہ

کہتے ہیں کہ کسی عبادت کروں یہاں تک کہ ایمان اور عدد اسلام سے خارج ہو جاتے ہیں و زمرہ ہو کر تمامی بیان
اولاد ابلیس کہتے ہیں اسطرح پر کہ ابلیس جب قادر ہوتا ہے اور قابو پاتا ہے نفس طبیعیہ پر ظاہر کرتا ہے قواد انسانی
نار شہوانیہ کو عادات حیوانیہ میں پس تولد ہوتے ہیں اوس سے شیاطین جیسے کہ پیدا ہوتا ہے مثلاً آتش سے
اور نباتات زمین سے پس یہ سب ذریات اور تابعین ابلیس کہے ہیں خطور کرتے ہیں اور وسوسہ ڈالتے ہیں قلب
میں مثل خواطر نفسانیہ کے اور انھیں کو خناس کہتے ہیں اور انھیں کے ذریعے سے ابلیس لوگوں کو اغوا کرتا ہے
اور یہی معنی ہیں مشارکت ابلیس کی بنی آدم کے ساتھ کما قال تعالیٰ وَشَارِكْهُمْ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ
بعض انھیں شیاطین میں سے وہ ہیں کہ غالب ہے اون پر طبیعت ناریہ پس لاحق ہوتے ہیں وہ ارواح عنصریہ
کے ساتھ اور بعض اونھیں میں سے وہ ہیں کہ غالب ہے اون پر طبیعت نباتیہ اور حیوانیہ پس ظاہر ہوتے ہیں وہ
بنی آدم کی صورت پر اور یہ شیطان محض ہوتے ہیں اور یہی ہیں معنی شیاطین الانس والجن کے اور یہ قوی تر
ہوتے ہیں اون شیاطین سے جو ارواح کے ساتھ ملحق ہیں پس دنیا میں ابلیس کے لیے یہی اصول فنون کے ہیں اور
یہ خیل اور رسولان ابلیس کے ہیں اور جو ملحق بالارواح ہیں یہ فروع اور رجل اور پیادگان ابلیس کے ہیں کما
قال تعالیٰ وَأَجْلِبْ عَلَيْهِم بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ پس مظاہر شیطانیہ کے لیے ان شاخ اصول کے فروعات
اور آلات بہت ہیں اور قوی تر آلات شیطان کے غفلت طالب کی ہے شیطان کے لیے قائم مقام
تلوار کے ہے اسی سے وہ طالب غافل کو قتل کرتا ہے پھر شہوت طالب کی شیطان کے لیے بمنزلہ تیر کے ہے شیطان
اس سے بھی طالب کو قتل کرتا ہے پھر ریاست طالب کی شیطان کے لیے ایک قلعہ ہے اس قلعہ ریاست میں
شیطان کے دام سے چھوٹنا مشکل ہے ولیکن نساء بھی شیطان کے نائبات اور حبالات ہیں شیطان کے لیے
پھندے ہیں کہ اونھیں کے ذریعے سے بہتوں کو قتل کر ڈالا ہے اور سوا اسکے شیطان کے لیے اور بھی بہت سے
پھندے ہیں مثل آلات ملاہی وغیرہ کے پس جو شخص عالم اور عارف ہو حقائق اور اصول شرع شریف سے واقف ہے وہ سب
ان اصول کے سب کو جان لیتا ہے اور معشوق حقیقی ہی کو اختیار کرتا ہے اور ہمہ تن اوسکی طلب میں مصروف
اور سرگرم رہتا ہے اور جو چیز مانع طلب ہے اوسکو ترک کرتا ہے اسلیے کہ وہ خوب جانتا ہے کہ سوائے معشوق حقیقی
کے جتنے معشوق ہیں کیا اولاد کیا ازواج کیا اموال کیا سلطنت و سیاست کیا جاہ و جلال بعض مرض ہیں حکمت
اور بعض لب گور تنگ ہیں مونس و دمساز خواہ گور میں ہو یا حشر میں یا جنت و دوزخ میں جہاں کہیں ہو سوائے
معشوق حقیقی اور اعمال صالحہ کے اور کوئی نہیں اسی واسطے وہ متبع اعرف العارف سلطان الانبیاء حضرت
محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ہو کر پابند صوم و صلوٰۃ وغیرہ و احکام شریعت غرا کے رہتا ہے اور شیطان کے دام
میں نہیں آتا ہے اور اپنی راستی کو کھوٹا اور کھرا کو مخلص اور کاذب کو پہچانتا ہے فی زماننا اکثر مشائخ بسبب
جہل و نادانی کے امور مذکورہ ممنوعہ میں تکبر اور حسد اور محبت جاہ اور محبت دنیا وغیرہ صفات ذمیمہ
کے ساتھ مبتلا ہیں اور اونکو اس سے خبر تک نہیں علاوہ اسکے غضب تو یہ ہے کہ فقیری اور تصوف کو فقط رسومات
مصنوعی اتباعی اور مشائخی اور ترقی اوس پر حصر کرکے ادعائے فقیری اور تصوف کرتے ہیں خداوند تعالیٰ الیسوں کی صحبت سے
ہمکو اور طالب صادق کو بچاوے آمین ثم آمین فمن مصنفنا قال ابن عباس ... بنی آدم ...
... الصالحین حتی ... الا ...
باب ... باب ... باب الذل ...

کہتا ہے اسد ہی کہتا ہے جیسے کہ نفس الامر بھی ایسا ہی ہے صاحب گلشن راز فرماتے ہین بیت حقیقت کز
تعین شد معین + تو او را در عبارت گفتۂ من + بعد اوسکے یگانہ موحد بنے اور وحدت مین مضبوط ہووے اور بجز
یگانگی حق سے کسی کو نہ دیکھے اور ذات حق مین یگانہ ہووے اور اپنی خودی اور غیریت سے خلاص ہو کر بحقیقت
حق مین عین ہو جاوے اور جب کوئی کام کرے حق سے کرے نہ اپنے سے اور ہر شئے مین ذات حق کو دیکھے اور افعال
اور صفات اور ذات عالم کو پرتو اور ظلال افعال اور صفات اور ذات حق جانے بلکہ بجز ذات حق کے شئے کو
نہ دیکھے اور ہر شئے مین ذات حق کو مشاہدہ کرے اور چشم بصیرت اور بصر کو ایک کرے اور سوا ذات باری تعالی
کے کسی شئے کو نہ دیکھے اور اپنے کو بجز ذات حق کے دوسری کوئی چیز نہ جانے اور ہمیشہ ذات مین محو رہے اور نظر اپنی
صفات اور اسما اور افعال یا آثار حق سے اوٹھا کر ذات حق پر رکھے اور مقام احدیت کو ہمیشہ پیش نظر رکھے
اور بجز احدیت کے نہ دیکھے بلکہ اپنی ہستی کو بھی نہ دیکھے جیسے کہ مولانا روم قدس سرہ فرماتے ہین + قرب نے
بالا و پستی رفتن ست + قرب حق از ہستی خود رستن ست + پس زبان سے کسی کو کچھ نہ کہے اسی استغراق مین
رہے اور عالم ظاہر سے قدم عالم باطن مین رکھے پس ایسا شخص کامل مکمل ہے اسلیے کہ مرتبہ موحد کا مرتبہ عارف
سے بہت بڑا ہے اسی جگہ سے کاملین کہتے ہین کہ بوساطت لطائف ستہ کے کہ عبارت لطیفۂ نفس اور لطیفۂ قلب
اور لطیفۂ روح اور لطیفۂ سر اور لطیفۂ خفی اور لطیفۂ اخفی سے ہین حقیقت مین سالک واصل حق ہوگا کیونکہ یہ
لطایف تجلیات صفاتی مین سے ہین وصال ذات کو اس سے کچھ نسبت نہین واضح ہو کہ مکاشفہ دو قسم پر ہے
ایک کشف صغری جسکو کشف کونی بھی کہتے ہین وہ اسطرح پر ہے کہ سالک چشم دل کو ایک طرف متوجہ کرکے دیکھے
کہ اوسوقت تجلیات وارد ہونگے یعنے شہود ذات کا بصورت صفات کے باشکال مختلفہ ثابت ہو کر صاف
صاف پیش نظر سالک کی ہونگی اپنے پیر کی صورت پر اور اولیا اور انبیا اور ملائکہ اور ارواح صالحین اور مکان
وغیرہ کی صورت پر بھی اور اس کشف مین ستر زمین اور آسمان اور اہل قبور اور لوح محفوظ اور عرش اور کرسی اور
جنت صوری اور معنوی اور دوزخ کا ہوگا اس کشف صغری مین سالکین متفاوت الدرجات ہین سب سے اعلی
درجہ کا وہ ہے جو مشاہدہ احیان ثابتہ کا ہے بعد اوسکے مشاہدہ عقل اول کا بعد اوسکے مشاہدہ لوح محفوظ کا یہانتک
کہ حسب ترتیب تنزل کے عناصر اربعہ اور مرکبات تک حضرت شیخ اکبر رضی اللہ عنہ نے فص شیثی مین اسکی تفصیل
کی ہے دیکھلو دوسرا کشف کبری جسکو کشف الہی کہتے ہین اور وہ یہ ہے جو کچھ کہ وجود مین ہو وہ سوا وجود
حق تعالی کے دوسرا کوئی موجود نہین سوائے وجود حق کے دوسرے کسیکا موجود ہونا محال ہے جیسے کہ سابق مین معلوم
ہوا اشیا سے موجودہ بجز اضافت اور نسبت اور ظہور حق کے کوئی امر زائد نہین اور حقیقت تمامی اشیا کی حق تعالی
ہے اس کشف مین سالک غیر حق کو معدوم محض جانتے ہین اور بجز حق کے کسی کو نہین دیکھتے ہین اور ذات حق مین
اپنے کو ہمیشہ گم پاتے ہین مقصود طالب صادق کا یہی کشف کبری ہے نہ کشف صغری کہ مقصود اصلی نہین ہے بلکہ
یہ دنیا ہے اور سد راہ اور قبیل تماشا مشاہدہ وہ ہے کہ سالک ذات حق کو بغیر حجابات اشیا کے دیکھے اور اشیا
کو برطرف کرکے ذات حق پر نظر باطن کو محکم رکھے اسجگہ ذات سے تجلیات ذات مراد ہین ورنہ ذات بحت کو بحیثیت
اطلاق کے دیکھنا محال ہے قیامت مین بھی مومنین کو آخر مین حجابات تجلیات کی رویت نصیب ہوگی جیسے کہ حدیث
تحول اوسپر دلالت کرتی ہے ہان جسقدر رسائی اپنے کو مطلق اور تجمیع کرے گا اوسی قدر حق مطلق کو دیکھے گا
معائنہ وہ ہے کہ جسوقت انوار تجلیات بےمانند اور بےجہت سالک کے دل پر وارد ہوویں سالک اون

اور مقام ملکوت مین عین الیقین اور مقام جبروت مین حق الیقین حاصل ہوتا ہے اور سیر آفاقی مین حق الیقین کے مقام مین روح منتقل ہو کر سالک کے رو برو آتی ہے ہنوز کہ یقین اوس اذعان کا نام ہے کہ نفس الامر مین احتمال طرف ثانی کا نرکھتا ہو پس یہی یقین اگر بہ نسبت وحدت ذات حق تعالی اور رسالت ختم المرسلین کے ہو یعنی تصدیق کلمہ طیبہ کے ہو تو اوسکا نام ایمان ہے اور اوسکے چند مراتب ہین مرتبہ اول یہ کہ نفس یقین مذکور بشرط عدم استنکاف کے ہو پس اس صورت مین یقین تمامی بت پرست اور یہود اور نصاری کا ساتھ استنکاف کے ختم المرسلین سے خارج عن الایمان ہے مرتبہ دوم یقین کا اسلام ہے کہ باوجود اس تصدیق اور عدم استنکاف کے بجالانا احکام اربعہ شرعیہ کا ہے کہ عبارت صوم و صلوٰۃ و حج و زکوٰۃ سے ہے مرتبہ سوم مرتبہ احسان کا ہے یہ بھی دو قسم ہے ایک مرتبہ قرب نوافل کا ہے چنانچہ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث مین وارد ہے کہ (اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ) ہے یعنے یہ کہ عبادت کرے تو اللہ تعالی کی گویا کہ تو دیکھتا ہے اوسکو یہ جب ہے کہ خودی تیری گئی ہو اور آلات رویت تیری صورت حق کی آئینہ ہوں جیسے کہ حدیث (كُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِي يَسْمَعُ بِهِ وَبَصَرَهُ الَّذِي يُبْصِرُ بِهِ الخ) اور (مَا تَرَدَّدْتُ فِي شَيْءٍ اَنَا فَاعِلُهُ تَرَدُّدِي فِي قَبْضِ نَفْسِ الخ) اور (كُنْتُ لَهُ سَمْعًا وَبَصَرًا وَغَيْرُ ذٰلِكَ مِنَ الْاَحَادِيْثِ) اوسپر دلالت کرتے ہین یہ مرتبہ بعد فنا افعال و صفات بشری کے افعال و صفات حق مین حاصل ہوتا ہے یعنی مستور افعال اور صفات حق اوسپر ظاہر ہوتی ہین جیسے کہ مردے کو زندہ کرنا اور مبتلا کردہ کرنا اور دل کی باتین سننا و غیر ذلک من الکرامات پس یہ اشارہ ہے طرف قرب نوافل کے اس مرتبہ مین عبد فاعل ہے اور حق تعالی آلہ اور ظاہر ایک مرتبہ دوم تقسیم ثانوی سے مرتبہ قرب فرائض کا ہے چنانچہ تتمہ حدیث عمر رضی اللہ عنہ کی کہ (فَاِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهُ يَرَاكَ) اوسپر دلالت کرتی ہے یعنے پس اگر نہین دیکھتا ہے تو حق تعالی کو بسبب فنائے ذات تیری کے پس دیکھتا ہو وہ تجھکو اور دیکھنا اوسکا عین دیکھنا تیرا ہے اور آیہ (وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى) اور حدیث (اِنَّ الْحَقَّ يَنْطِقُ عَلٰى لِسَانِ عُمَرَ) قرب فرائض پر دلالت کرتے ہین اور یہ بعد فنا و بقائے عبد کے ہے اس مرتبے مین حق تعالی فاعل ہے اور عبد آلہ اور ظاہر اوسکا واضح ہو کہ خدا کا احسان بندے پر یہ ہے کہ حق تعالی نے خود اپنے کو چھپایا اور بندے کو ظاہر کیا اور احسان بندے کا یہ ہے کہ بندہ خود پوشیدہ ہو جاوے اور حق تعالی کو ظاہر کرے یعنے بندہ مرتبۂ فانی اللہ اور باقی باللہ دونون کو حاصل کرے (كَمَا قَالَ تَعَالٰى اَحْسِنْ كَمَا اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ) مرتبہ چہارم اقسام اول کو مرتبہ صریح الایمان کا ہے مشکوٰۃ شریف مین باب وسوسہ مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے (جَاءَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نَجِدُ فِيْ اَنْفُسِنَا مَا يَتَعَاظَمُ اَحَدُنَا قَالَ اَوَ قَدْ وَجَدْتُمُوْهُ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ ذَاكَ صَرِيْحُ الْاِيْمَانِ) یہ مقام مقام انانیت کا ہے محدثین اور علمائے ظواہر نے تا کجھ باب وسوسے مین اس حدیث کو درج کیا ہے یہ مقام مرتبہ انانیت کا ہے برکت سے صحبت خیر الانام کے صحابہ کرام کو حاصل تھا اوسکو زبان پر لانا بزرگ جانتے تھے اسی واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تطیب خاطر اونکو دریافت فرمایا حضرت کے جواب مین صحابہ نے (نعم) عرض کیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ صریح الایمان ہے جان تو اے سالک کہ دائرہ وجود مین قرب کے پانچ مرتبے ہین ایک قرب زمانی جیسے کہ زمان خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کا قریب زمان عیسی علیہ السلام کے ہے بہ نسبت زمان موسی علیہ السلام کے دوسرا قرب مکانی ہے جیسے کہ چاند ہمارے قریب ہے بہ نسبت مشتری ستارے کے تیسرا قرب عقلی جیسے کہ حضرت بایزید بسطامی اور ابو الحسن خرقانی قدس اسرارہما قریب ہین سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے معنے اور شبہ سے چوتھا قرب حق تعالی کا ہے ساتھ ہر موجود کے مثل قرب روح کے ساتھ جسد کے پانچوان

جو اتّبع ہوکر جملہ طریقون کا مرجع ایک ہیئت نفسانی کا حاصل کرنا ہے ذکر و مراقبہ وغیرہ سے جسکو صوفیہ کرام نسبت
کہتے ہین کیونکہ نسبت عبارت ہے انتساب اور ارتباط عبد سے حق تعالی کے ساتھ اور اسی نسبت کو حضرات
صوفیہ سکینہ اور نور بھی کہتے ہین اور حقیقت اوس ارتباط اور نسبت کی ایک کیفیت نفسانیہ ہے کہ نفس ناطقہ
مین حلول کرگئی ہے یعنے جسوقت سالک عبادات اور طہارات اور اذکار و مراقبات پر مداومت کرتا ہے
تو حاصل ہوتی ہے اوسکے نفس ناطقہ کو ایک صفت اور ملکۂ راسخہ جسکے سبب وہ ملائکہ کے ساتھ مشابہ ہوجاتا ہے
اور عالم ملکوت و جبروت و لاہوت پر جا نکلتا ہے اور حق تعالی کے ساتھ مرتبط ہوجاتا ہے اور یہ بمنزلہ
جنس کے ہے اور اسکے نیچے انواع کثیرہ ہین منجملہ اون انواع کی محبت اور عشق کی نسبت ہے پس ہوجاتی ہے
محبت اور عشق ایک صفت راسخ قلب کی اندر اور منجملہ اونھین انواع مذکورہ کے نفس شکستگی اور بیزاری الذات
کی نسبت ہے جسکو نسبت اہل بیت کہتے ہین اور منجملہ اونھین انواع مذکورہ کی مشاہدے کی نسبت ہے اور
وہ عبارت ہے ملکۂ توجہ سے ذات بسیط کی طرف یعنے ذات مقدس کی طرف متوجہ رہنے کو نسبت مشاہدہ کہتے
ہین حاصل یہ کہ حضور مع اللہ رنگ برنگ ہے بسبب اتصال معنی محبت یا نفس شکستگی یا اونکے غیر کے اور نسبتین
بکثرت ہین اور صاحب سیر و سلوک ہر نسبت کو علیحدہ علیحدہ دریافت کرتا ہے اور غرض اشغال قادریہ اور
نقشبندیہ اور چشتیہ وغیرہ سے اس نسبت کی تحصیل ہے اور اسپر دوام اور مواظبت کرنا اور اوسمین ڈوبا رہنا
تاکہ نفس اس سے انطباع اور مشق دائمی سے ملکۂ راسخہ پیدا کرے کوئی گمان نکرے کہ نسبت مذکورہ انھین سے حاصل
ہوتی ہے مگر انھین اشغال سے بلکہ طرق تحصیل اوس نسبت کے بکثرت ہین یہ اشغال بھی اوسکے تحصیل کا ایک
طریق ہے اون طریقون مین سے ان اشغال پر کچھ انحصار نہین کیونکہ صحابۂ کرام اور تابعین سکینہ کو یعنے نسبت
کو اور ہی طریقون سے حاصل کرتے تھے منجملہ اونکے طرق تحصیل کے مواظبت کرنا صلوات اور تسبیحات پر خلوت مین بشرط
خضوع اور خشوع کے محافظت کے ساتھ اور منجملہ اونکے طہارت پر اور موت کی یاد پر جو ہادم اللذات ہے
محافظت کرنا اور جو حق تعالی نے مطیعون کے لیے ثواب مقرر کیا ہے اور گنہگارون کے لیے عذاب معین فرمایا
ہے اوسکو ہمیشہ یاد رکھنا پس اس مواظبت اور یاد کے سبب لذات حسیہ سے انفکاک اور انقطاع حاصل ہوجاتا
ہے اور منجملہ اونکے مواظبت کرنا ہے قرآن مجید کی تلاوت پر اور اوسکے معانی غور کرنے پر اور نصیحت کرنے والے کی
بات سننے پر اور اون احادیث کے تامل کرنے پر جنسے دل نرم ہوجاتا ہے حاصل یہ کہ حضرات صحابۂ کرام اور
تابعین اشیاے مذکورہ پر مدت طویل مواظبت اور مداومت کرتے تھے تو اونکو تعلق باللہ کا ملکۂ راسخہ اور
ہیئت نفسانیہ حاصل ہوجاتی تھی اور بقیہ عمر اسی پر محافظت کرتے تھے اور یہی معنی ہین وارث رسول علیہ السلام
اس زمانے تک چلے آرہے ہین ہان صحابۂ کرام کو بسبب صفائی طبیعت اور حضور خورشید رسالت کے ایسے
اشغال اور مراقبات کی حاجت نتھی بخلاف متاخرین کے کہ اونکو بسبب بُعد زمانی رسالت کے انہی اشغال کی
مراقبات مذکورہ کی حاجت ہوئی پس اولیاے طریقت فی الحقیقت مجتہدین باطن شریعت ہین جیسے کہ ائمہ اربعہ
مجتہدین ظاہر شریعت ہین پس جیسے کہ ائمہ ظاہر شریعت نے ساتھ اصول اور ضوابط کے ظاہر شریعت کو منضبط
کیا ہے ویسیہی اولیاے کرام نے باطن شریعت کو ساتھ اصول اور ضوابط کے منضبط کیا ہے مثل حضرات قادریہ
اور نقشبندیہ اور چشتیہ وغیرہ ائمۂ طریقت کے نادان نا سمجھی سے دونون فریق بیجا اعتراض کرتے ہین پس نسبت
مذکورہ پر مداومت کرنے والے کے لیے حالات رفیع الشان ہین سالک اوسکو غنیمت جانے اور معلوم کرے

اور حدیث کا یہ ہے کہ اے طالب تو اول اپنے نفس کو پہچان تو خدا کو پہچانے گا اور مت ہو مثل اون لوگون کے
جو خدا کو بھولے بھلا دی خدا نے اونکو اونکے نفس کی معرفت اور طرق معرفت نفس کی بہت ہین
جیسے کتاب فصوص الحکم و مقدمہ ہذا مین مذکور ہین علاوہ اسکے حدیث صحیح مین وارد ہے کہ اِنَّ فِي جَسَدِ اٰدَمَ
مُضْغَةً وَفِي الْمُضْغَةِ قَلْبٌ وَفِي الْقَلْبِ فُؤَادٌ وَفِي الْفُؤَادِ رُوحٌ وَفِي الرُّوحِ سِرٌّ وَفِي السِّرِّ خَفِيٌّ وَفِي الْخَفِيِّ اَخْفٰى وَفِي الْاَخْفٰى
اَنَا) منشا اس حدیث شریف کا یہ ہے کہ قالب آدم اور بنی آدم کا تمامی مراتب وجود کو شامل ہے اسلیے کہ چار
اخلاط جسم انسان مین نمونے چار عنصر کے ہین اور بارہ سوراخ یعنے دونون کان اور دونون آنکھ اور دونون
سوراخ ناک کے اور دونون چھاتی اور قبل اور دبر اور ناف اور منھ نمونہ بارہ برج آسمان کے ہین اور اعضا
جیسے کہ مغز اور ہڈی اور اعصاب اور گوشت اور جلد اور بال اور ناخن مثل ستارون آسمان کے ہین اور دماغ
اور کبد اور طحال اور پھیپھڑا اور دونون گردے اور دونون انثیین اور دونون ہاتھ اور دونون پانون اور
بطن وغیرہ مثل سیارون کے ہین گرد آفتاب دل کے اور حرکت انسان کی مثل دوران کواکب اور افلاک کے
اور حضور مثل طلوع اور غیبوبت مثل غروب کے ہے اور استقامت انسانکی مثل استقامت کواکب کے اور توقف
اور رجوع انسانکا مثل توقف اور رجوع کواکب اور افلاک کے اور جاہ اور رفعت انسان کی مثل شرف اور
اوج آفتاب وغیرہ کے اور عکس اور مکانا مثل ہبوط کے اور غربت مثل وبال کے اور اجتماع اور افتراق اور اتصال
اور انفصال اور سرعت مثل قمر کے اور کاتب مثل عطارد اور مطرب مثل زہرہ اور رحمانی مثل مشتری کے و علیٰ
ہذا القیاس پس جسم انسانکا مثل زمین کے اور عظام مثل جبال کے اور بطن مثل بحر کے اور عروق مثل نہار کے
اور مغز مثل معدن کے اور قدام مثل مشرق کے اور خلف مثل مغرب کے اور یمین اور یسار مثل جنوب اور شمال کے
اور انفاس مثل ریاح کے اور صوت مثل رعد کے اور قہقہہ مثل صواعق کے اور رونا مثل باران کے اور غم مثل
ظلمت کے اور نوم مثل موت کے اور بیداری مثل حیات کے اور صبا مثل ربیع کے اور شباب مثل صیف کے اور
کہولت مثل خریف کے اور شیخوخت مثل شتا کے اور نشو و نما وغیرہ مثل نباتات کے اور آثار ہر درخت اور نباتات
کے انسان مین موجود ہین اور بھی خاصیات تمامی حیوانون کی انسان مین ظاہر ہین جیسے کہ قہر اور غلبہ درندون کا
اور تملق کتا اور بلی اور حیلہ عنکبوت اور سلاح خارپشت اور ہرب طیر اور خبث حشرات اور بخیل غراب اور شجاعت
شیر اور جبن خرگوش اور سخاوت دیک اور فخر عقاب اور دہشت چیتا اور انس حمام اور مکر لومڑی اور گرگ
اور سلامتی عنز اور قوت کندہ یوز اور لطو حرکت بچھو اور عزت فیل اور حقارت حمار اور فخر طاوس اور ضعف
پشہ اور حلہ بلی اور علم بتہ اور حقد جمل اور خمول بقر اور نطق ہزار اور برکت طوطی اور شوم بوم اور نفع نحل
اور ضرر چوہا وغیرہ خاصیات جملہ حیوانات کی انسان مین موجود ہین اور حاکم عالم شہادت کا کہ روشن ترین
عوالم اور سماے اول سالک کا ہے اور حواس ظاہری سے محسوس ہوتا ہے جبرئیل علیہ السلام ہین جنکو فلاسفہ
عقل فعال کہتے ہین کہ چھ سو بازو رکھتے ہین یعنے کثرت جیسے کہ مضغہ قلب سے بہا عروق جسم کے طرف پیدا ہین سیوطی
رسول علیہ السلام نے پہلے ہی معراج مین افق مبین مین چھ سو بازو کے ساتھ جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا تھا مضغہ
قلب اصل جسم سالک اور نمونہ اور مظہر جبرئیل علیہ السلام کا ہے اور جسم سالک کا بلکہ جسم ہر فرد عالم کا خواہ و بسائط
مین سے ہو خواہ مرکبات مین سے مظہر جسم کل اور براق روح کا ہے اسواسطے مقام جبرئیل علیہ السلام کا ملائکہ
مقربین کی صف آخر مین ہے اور کام اونکا پہنچانا وحی کا ہے طرف انبیا علی نبینا وعلیہم السلام کے اور وحی

اور حمل بسیط غیر مترتب الآثار کے ساتھ معتبر ہا اور مرتبہ وجود خارجی کا حادث ہے کہ تعالی عن النبات اور حمل مرکب کے ساتھ معتبر
اور مترتب الآثار ساتھ وجود خارجی کے ہذا المقام مزلة الاقدام ہے اسی جگہ میں اکثر صوفی خصوصاً متشرعین کا پاؤں پھسل گیا
ہیں اور فوق اسم رحمن کے مقام اور مرتبہ عالم انا کا ہے کہ عبارت وجود حقانی سے ہے پس انائے مقید سالک کا مظہر
انائے مطلق کا ہے کہ عبارت حق تعالی سے ہے پس متذکرہ بالا سے ظاہر ہوا کہ جسم انسانکا جامع جمیع موجودات عالم
بسیط و مرکب کا ہے اسلیے کہ مضغہ انسانکا جامع ہے جمیع اجسام عالم شہادت کو اور قوت مضغہ اور قوا روح ہے
قوت جبرائیل اور قوت میکائیل اور قوت اسرافیل اور قوت عزرائیل علی نبینا وعلیہم السلام اور عالم مثال کو اور
روح وسیع ہے عالم ارواح کو اور سر جامع ہے عالم اعیان کو اور خفی جامع ہے اسمائے رحیم کو اور اخفی جامع ہے اسم
رحمن کو اور انائے مقید سالک کا جامع ہے انائے مطلق حقانی کو مثل وسعت ہر مقید کے اپنے مطلق کو بضمن اسرار
متذکرہ بالا انکی طرف اشارہ ہے واسطے غور کرنے کے اپنے نفس میں قول سے حق تعالی کے کہ (وَفِي أَنْفُسِكُمْ
أَفَلَا تُبْصِرُونَ) ہے لیکن یہ مشاہدہ اوسی شخص کو حاصل ہوگا جسنے تخلیہ اور تزکیہ اور تصفیہ اور تجلیہ جیسے کہ
چاہیے حاصل کیا ہو اور بعد طی مقامات تحتانیہ و فوقانیہ کے انائے مقید کو انائے مطلق حقانی میں محو اور فانی کیا ہو
پس بعد اوسکے اگر سالک اپنے جسم میں کہ فلک تحتانی ہے بتوجہ تام غور کرے گا تو افلاک فوقانی اور اونکے اسرار
کو بخوبی دریافت کر لیگا اور نزول حق تعالی کا آخر شب کو سماے دنیا وی میں کہ حدیث شریف سے ثابت ہے
کہ وقت نشاط اور صفائی طبیعت کے ہے سالک کو مشہود ہوگا اور مقام قرب نوافل اور فرائض بھی جان لیگا
لیکن حجابات اور غواشی طبیعت جبتک سالک سے مرتفع نہونگے ان اسرار اور مقامات سے محجوب رہیگا پس سالک کو
چاہیے کہ براق جسم پر سوار ہو کر جبرائیل علیہ السلام کو اپنے مضغہ قلب سے پہچانے اور اپنی قوت حیات سے میکائیل
علیہ السلام کو اور اپنی قوت تحلیل سے عزرائیل علیہ السلام کو اور اپنے قوا دے اسرافیل علیہ السلام کو اور اپنی
روح سے روح اعظم کو اور اپنے تعین سے اعیان کو پہچانے اور وہان سے گذر کر اسم رحیم تک کہ عالم اسماء
وصفات و خفی ہے اور وہانسے عرش رحمن تک کہ عالم اخفی ہے جو مرتبہ وحدت ہے اور وہان سے مرتبہ ذات تک
کہ انا احد ہے پہونچے اور اس مرتبے میں سوائے حیرت کے اور کچھ ہاتھ نہیں آتا ہے اور بعض اہل کشف کہتے ہیں
کہ جسد انسان میں وہم مقام عزرائیل اور ہمت مقام میکائیل اور عقل مقام جبرائیل اور قلب مقام اسرافیل
کا ہے اور فکر مقام باقی ملائکہ کا ہے اور خیال اصل وجود اور ہیولی جمیع عوالم کا ہے کہ کمال ظہور حق تعالی
کا اوسمین ہے واضح ہو کہ معرفت نفس اور رب بطریق اضداد کے بھی حاصل ہو سکتی ہے مثلاً کہا
جاوے کہ جسنے پہچانا اپنے رب کو ساتھ بقا کے پس تحقیق پہچانا اوسنے اپنے نفس کو ساتھ
فنا کے اور جسنے پہچانا اپنے رب کو ساتھ غنا اور قوت اور قدرت کے پس تحقیق پہچانا اوسنے اپنے نفس کو
ساتھ فقر اور ضعف اور عجز کے وعلی ہذا القیاس اور معرفت نفس و رب ساتھ دلائل کے ساتھ بھی ہوتی ہے مثلاً
کہا جاوے کہ روح جسد میں نہیں محسوس ہوتی ہے اور نہیں تشخص کی جاتی ہے پس جاننا چاہیے اس سے
کہ حق تعالی بھی ایسا ہی منزہ ہے حس اور تشخص سے یا یہ کہ کہا جاوے کہ روح جسد میں لمس اور مس نہیں کی جاتی
ہے پس اس سے جاننا چاہیے کہ حق تعالی بھی لمس اور مس سے منزہ ہے و یا یہ کہ روح جسد میں بصر سے ادراک نہیں
کیجاتی ہے اور نہیں معلوم ہوتی ہے کیونکہ واسطے اوسکے کوئی جگہ اندر جسد کے نہیں پس اس سے جاننا چاہیے کہ حق تعالی
کو بصر نہیں ادراک کر سکتی ہے و یا یہ کہ کہا جاوے کہ جب جسد حرکت نہیں کرتا ہے مگر بسبب علم اور شعور روح کے

آخرت اور نعمت بہشت مقرر ہے اور دیگر دو دون فرقون کو علاوہ حظ آخرت اور نعمت بہشت سکر تبہ قرب
و وصال بھی حاصل ہے واضح ہو کہ اعمال دو قسم پر ہین ایک عبادت دوسری معرفت ہے معرفت اصل ہے اور
عبادت اوسکی فرع اور عبادت دو قسم ہے ایک عبادت جسمی جسکو شریعت کہتے ہین دوسری عبادت قلبی جسکو
طریقت کہتے ہین اور معرفت بھی دو قسم پر ہے ایک معرفت آفاقی دوسری معرفت نفسی معرفت آفاقی
عبارت ہے معرفت مراتب تنزلات سے اگرچہ نفس اور ذات سالک کی خارج ہین جنکو بعض عارفین نے ایام سے
بھی تعبیر کیا ہے ہین اول کے تین مراتب کو کہ احدیت اور وحدت اور واحدیت ہین ذاتی اور داخلی اور اخیر کے
تین مراتب کو کہ ارواح اور مثال اور ملک ہین صفاتی اور خارجی کہتے ہین اور معرفت النفسی عبارت ہے سہانے
سے مراتب حق اور مراتب خلق کو نفس اور ذات سالک مین اور آیہ سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي
أَنْفُسِهِمْ حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ الْحَقُّ اسی مذکور کی طرف اشارہ ہے اور معرفت نفس مین بھی چھ مراتب
ہین تین تو مراتب اصلی اور داخلی ہین کہ وہ ذات اور نور اور سر ہین اور تین مراتب صفاتی اور عددی
اور خارجی ہین کہ وہ روح اور نفس اور دل ہین اور جسم لباس اونکا ہے اور تین مراتب اصلی مظہر اور
تجلی ہین اور تین مراتب صفاتی اور خارجی مظاہر اونکے پس مراتب داخلی کو مراتب خارجی مین دریافت کرنا
چاہیے اسطرح پر کہ ذات کو روح مین اور نور کو دل مین اور سر کو نفس مین جاننا چاہیے تحقیق اور دل کو بھی
نفس مین پہچاننا چاہیے اسطرح پر کہ نفس ظاہر اور باطن اوسکا دل ہے اور دل ظاہر اور باطن اوسکا
روح ہے اور روح ظاہر اور باطن اوسکا سر ہے اور سر ظاہر اور باطن اوسکا نور ہے اور نور ظاہر اور باطن اوسکا
ذات ہے پس معرفت روح اور دل اور تمامی مراتب داخلی اور خارجی کا نفس ہے اور تمامی مراتب داخلی
اور خارجی نفس ہی مین داخل ہین اسی واسطے فرمایا مَنْ عَرَفَ نَفْسَهُ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهُ معرفت نفس مین
معرفت رب کی ہے لیکن نہین ہے اثنا مانند معرفت الله الی فناء وجود العالم کہ الی فنائه وجوده
کیا یا معنی کہ الله لا یحتاج الی فنائه کہ الا فناء فنائه لان الاشیاء موجود کھا وقال
مجنون کہ لا فناء لها لان الفناء یکون لا بعد اثبات الوجود دیسا ی وجود الحق تعالی
کعلو خیر وقد قال رسول الله صلی الله علیه وسلم عرفت ربی بربی وقال ایضا
من عرف نفسه فقد عرف ربه کما قال من عرف نفسه فقد عرف ربه اسلیے کہ
شے کا اثبات جائز نہین اوسکا انا بھی جائز نہین وقال اعرف نفسک بلا وجود ولا فناء فتکن
فعرفت الله حق المعرفة ولا کما فرمایا حق تعالی نے هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ
یعنے حق تعالی اول ہے بغیر ابتدا کے اور حق تعالی آخر ہے بغیر انتہا کے اور حق تعالی ظاہر ہے بلا قید ظاہر کے
اور حق تعالی باطن ہے بلا قید باطن کے یعنے اول اور آخر اور ظاہر اور باطن مین حق تعالی سکرین بغیر
تغیرات اور بلا حلول اور اتحاد کے نہ حق تعالی کسی شے مین داخل ہے اور نہ کسی شے سے خارج وجود کوئی شے
حق تعالی مین داخل ہے اور نہ کوئی شے حق تعالی سے خارج کما قال لا یخاف الا هو ولا یتبرء الا هو
ولا یعلم الا هو بنفسه ولا یدرک الا هو کیف هو الا هو بنفسه بلا واسطة اعطاه الخالق بین المرسل والمرسل الیه لا کیف ولا حیث ولا نعت ولا اسم ولا مسمی الا هو وکل شیء
هالک الا وجهه فانی الخلق ومعدوم الا ان کما کان معدوم وما بقی الا الحق

[illegible]

ہووے اور محال ہے معدوم مطلق کا اثر موجود خارجی پر ہونا بلکہ مراد اوس معدوم سے معدوم فی الخارج اور موجود فی الباطن ہے اور یہ اسواسطے ہے کہ تمامی موجودات خارجیہ جو ظاہر میں موجود ہیں باطن ہی سے ظاہر ہوئے ہیں جو معدوم فی الخارج ہے اور موجود فی الباطن اور یہ منبع جمیع اشیا کا ہے اور باطن مطلق عبارت ہے ذات الٰہیہ سے کیونکہ وہ غیب الغیوب ہے اور حق تعالی باعتبار ذات کے غنی عن العالمین ہے اور باعتبار اسما کے طالب ہے وجود عالم کا پس عالم مستند ہے طرف حق تعالی کے باعتبار اسما کے و باستنطاق اسما کے فقط اسلیے کہ اسما عبارت ہے ذات مع الصفات سے بہر حال مقصود حاصل ہے اور صفات کیلئے خارج میں کوئی وجود نہیں کیونکہ وہ محض نسب ذاتیہ ہیں اور نسب ذاتیہ کے لیے سوائے ذات کے کوئی وجود علحدہ نہیں پس موثر اگر ذات ہے لیکن تاثیر اوسکی باعتبار نسب ذاتیہ کے ہے اور نسب ذاتیہ کے لیے کوئی وجود خارج میں نہیں اور اگر موثر صفات ہیں انکا وجود بھی خارج میں نہیں اور مظاہر اسمائے جو اعیان ثابتہ اور صور علمیہ ہیں حضرت علم میں تو وجود کی نسیم پائی ہے ابتک اور حقیقت میں وجود متعین بھی موجود ہے موافق صور علمیہ کے نہ اعیان اور صور علمیہ پس مستند کرنا پایا گیا ثابت ہوا کہ وجود خارجی میں موثر وہ چیز ہے کہ جسکا وجود خارج میں نہیں اور اگر کسی موجود کیلیے حکم اور اثر ہے تو کسی نہ کسی سبب حکم اور اثر معدوم خارجی کے ہے اسلیے کہ یہ حکم اور اثر موجود خارجی کا بسبب ایک مرتبہ کے ہے کہ جسکا وجود خارج میں نہیں جیسے کہ حکم امر اثر سلطان اور وزیر اور قاضی اور تمامی اصحاب مناصب کا جاننا پس بسبب ایک مرتبے کے ہے کہ جسکا وجود خارج میں نہیں پس جبکہ یہ اوس مرتبے سے معزول ہو جاتے ہیں نہیں ثابت ہوتا ہے حکم اور نہ اثر پس جبکہ یہ امر باوجود واضح ہونے کے لوگ اوسکا شعور نہیں رکھتے ہیں فرمایا حضرت شیخ نے فصوص میں (وَكَفُوْ عَلَيْهَا بَيْتٌ وَمَسْكَنٌ [illegible]) اور اسی جگہ سے ظاہر ہوا مطلب اسور کلیہ کا جو آدمی میں مذکور ہے فرمایا حضرت شیخ نے (اِنَّ هٰذِهِ الْاُمُوْرَ الْكُلِّيَّةَ [illegible]) بلاشک فی الیقین لا تزول عن الوجود العینی [illegible] واضح ہو کہ فیض اور قبول فیض دائمی ہے اسلیے کہ جو قابل کہ ساتھ صفت وجود کے متصف ہووے واجب الوجود ہوتا ہے ساتھ وجود حق تعالی کے کہ دائم ہے پس عدم اوسپر طاری نہیں ہو سکتا ہے لیکن تعینات اور ظہورات اور تشارات اوسپر طاری ہوتے ہیں اور یہ امر مخالف آیۂ کریمہ (كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ) کا نہیں ہے کیونکہ فنا کا تعین شخصی پر ہے نہ متعین پر پس وجود متعین کا بعد زوال ایک تعین کے دوسری تعین میں ظہور کرتا ہو خواہ وہ دوسرا تعین برزخی ہووے یا حشری یا جنانی یا جہنمی اور تجلیات اور ظہورات ابد الآباد تک ساتھ اس قابل اور مقبول کے دائم اور باقی ہیں ساتھ حق دائم باقی کے [illegible] ذَاتِهِ وَاَسْمَائِهِ وَوَقَعَ الْقَوْمُ الْعَيْنُ عَلَيْهَا اِلٰى اِسْكِلَةِ الْعَيْنِ وَالْاِحْتِيَاجِ اِلَى الْحَقِّ بِوُجُوْدِهَا الْعَيْنِي وَبَعْدَ الْاِتِّصَافِ بِالْوُجُوْدِ الْعَيْنِي صَارَتْ وَاجِبًا بِالْغَيْرِ لَا يَتَغَيَّرُ اَبَدَ الْاٰبِدِ [illegible] بِحَسَبِ عَوَالِمِهِ وَطَبَقَاتِ الْمُشَبَّهِ عَلَيْهِ فَالْاِنْسَانُ الْكَامِلُ هُوَ الْاَوَّلُ بِالْقَصْدِ وَالْاٰخِرُ بِالْوُجُوْدِ جَعَلَهُ اللهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى الْعَيْنَ الْمَقْصُوْدَةَ وَالْعِلَّةَ الْغَائِيَّةَ مِنْ اِيْجَادِ الْعَالَمِ وَمِنْ هٰذِهِ الْعِلَّةِ الْغَائِيَّةِ الْمُتَقَدِّمَةِ [illegible] وَالْاِرَادَةِ [illegible] فَاِنَّهُ اَيْضًا [illegible] سِلْسِلَةُ الْمَوْجُوْدَاتِ [illegible] الْقَلَمُ الْاَعْلٰى ثُمَّ اللَّوْحُ [illegible] الْكُرْسِيُّ الْكَرِيْمُ ثُمَّ الْعَنَاصِرُ [illegible] ثُمَّ الْمُوَلَّدَاتُ ثُمَّ الْاِنْسَانُ [illegible]

فقر فقر ہے اور کل آنا سالک کا اپنے وجود ذات سے ساتھ معنی مزبور کے فقر فقر ہے پس اوسوقت فقر اور
فنا مراتفا اور سیر الی امر سالک کی تمام ہوتی ہے پس اس تذکرہ بالا سے معلوم ہوا کہ درجات فنا کے تین ہین
اول فنائے افعال ہے کہ سالک کسی فعل کو افعال مین سے سواے حق تعالی کے اور کسی کی طرف بطور استقلال
منسوب نکرے بلکہ تمامی افعال کو حقیقت مین ایک فعل اور ایک تجلی شمار کرے کہ ہر جگہ مین باقتضاے استعداد
اور قابلیت ہر مظہر کی مختلف طور پر ظاہر ہوا ہے دوسری فناے صفات ہے کہ کسی صفت کو صفات مین سے
سواے حق تعالی کے بوجہ استقلال اور کسی کے طرف منسوب نکرے اور سبکو ایک صفت سمجھے کہ بسبب ظہور
کے قوی منکسرہ مین ساتھ اسامی متنوعہ کے حق تعالی نے تجلی فرمائی ہے تیسری فناے ذوات ہے کہ وہ پہنچنا
سالک کا ہے ایسی ایک حالت مین کہ سالک ذوقًا اور وجدانًا ذوات عالم کو عدم اصلی مشاہدہ کرتا ہے
اور سبکو عین حق تعالی دیکھتا ہے جیسے کہ نفس الامر مین ہے پس جبکہ ذات سالک بالکلیہ بصر اور بصیرت کی آنکھ کے
ذرہ معاہر ہوکر استغراق نور الانوار حقانی مین متلاشی ہو جاتی ہے اوسوقت من و توئی کی گنجایش باقی نہین رہتی
ہے جاننا چاہیے کہ حالت محویت اور فنا الفنا مین اور کوئی عبادت ممکن نہین کیونکہ عبادت عابد اور معبود کو
چاہتی ہے اور خیال دوئی اور اثنینیت کا اس مقام مین کفر و شرک گنا جاتا ہے انبیا اور اولیا اس مقام جمع اور وصل سے منزل ہوکر
مقام تفصیل و تفرقہ مین اسواسطے عبادت کرتے ہین کہ مقام وصل بمنزلہ بادشاہی ہے مشہور ہوا اور عبادت و بندگی مین سراسر عجز اور نیاز
اور سر افگندگی ہے اور ذکر نفوس قدسیہ کو عجز اور نیاز کمال بار خوب ہے اسواسطے وہ مقام وصل سے منزل ہوکر عبادت حق تعالی کی بجا لاتے ہین دوسری وجہ
انکے مقام وصل کا عادت ترک کرنے مین دوسری وجہ انکی عبادت کی یہ ہے کہ اگر یہ لوگ مقام وصل مین دائم رہکر ترک عبادت کرینگے تو عوام کہ اس مقام مین تمام
نہین ہوئے ہین سند پکڑینگے اور ترک عبادت کرینگے تیسری وجہ انکے عبادت کی یہ ہے کہ اس مقام وصل اور
محویت کا قیام نہین پس جب حواس باقی ہین لامحالہ عبادت فرض ہوگی اسلیے کہ احکام شرع شریف حواس کے ساتھ
متعلق ہین اور جب حواس معطل ہو جاوین اوسوقت وہ معذور ہین مثل مجنون کے کہ مرفوع القلم ہے واضح ہو
کہ جب انسان ثمرہ ہستی مطلق کا ہے کہ جو کچھ کہ شجرہ ہستی مین ہے ثمر مین مندرج ہے اسلیے کہ انسان مین وہ لیاقت
موجود ہے گو بالفعل مخفی ہے پس اوسکو چاہیے کہ اس اجمال تجلی کی تفصیل کی طرف کوشش کرے یعنی طرف تفصیل
سبعہ امہات صفات کے بلکہ حسب حدیث واسطے تفصیل نود و نہ نام کے کوشش کرے اور خود ان اسماء
اخلاق کو اپنے مین حاصل کرے اور خود شناسی کے ذریعہ سے خداشناس ہو جاوے اور اپنے کو محو اور فنا
کرکے حق تعالی کو اثبات کرے پس جبکہ سالک کو حسب آیہ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَأْتِيَكَ الْيَقِيْنُ کے بعد
ریاضات اور عبادات کے رفع غیریت ہوکر یقین حاصل ہوتا ہے نعرہ زن انا الحق ہوتا ہے جیسے کہ حضرت شیخ
معین الدین ہروی قدس سرہ فرماتے ہین شعر من نمیگویم انا الحق یار میگوید بگو ٭ چون نگویم مرا دلدار میگوید بگو
پس اسصورت مین جو عبادت سابق مین ساتھ عجز کے کرتا تھا اب ساتھ عبودیت کے کریگا اور حسب شعر
٭ کار خود کن کار بیگانہ مکن ٭ بر زمین دیگران خانہ مکن ٭ نماز اور روزہ اور حج اور زکاۃ وغیرہ احکام شریعت کے
کام اپنا کرے گا نہ مثل نادانوں کے ترک عبادت کا کرے گا کہ جسمین شائبہ ربوبیت کا ہے معاذ اللہ منہا جاننا چاہیے
کہ جو کچھ کہ انواع مراقبات وغیرہ اس مقدمے مین مذکور ہوئے ہین بشرط وصل و استقامت و استغراق و انہماک
موصل الی القرب والحضور ہین اور بدون اوسکے بغایت دور کیونکہ یہ عالم کردار ہے نہ عالم گفتار سعدی
کار کن کار بگذار از گفتار ٭ جسقدر مشق زیادہ کام آسکا الاثر زیادہ اہل اللہ فرماتے ہین کہ تصوف نکتہ گزاردن

الله تو گناہ سے پاک نقل ہے کہ ایک روز حضرت داؤد علیہ السلام نے حضرت رب العزت سے مناجات کی کہ او
اعمال نامہ اونکو دکھلایا جاوے اونکا اعمال نامہ اونکو دکھلایا گیا لیں جبکہ اونھون نے اپنے اعمال نامہ کو
دیکھا تب ہاتھ کھانے اور پینے کے طرف دراز نہیں کیا مگر وی اَنَّهُ مَا تَنَاوَلَ رَاحَتَهُ اِلَى السَّمَاءِ حَتّٰى
مَاتَ حَيَاءً مِّنَ اللّٰهِ وَكَانَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُؤْمِنُ لَا يَسْكُنُ اِضْطِرَابُهُ
وَلَا يَأْمَنُ رَوْعَتَهُ حَتّٰى يُخَلِّفَ جِسْرَ جَهَنَّمَ حضرت یحییٰ بن معاذ قدس سرہ یہ بھی فرماتے ہین کہ
حق تعالیٰ نے بہت سی چیزون کو بہت سی چیزون مین پوشیدہ کیا ہے اپنے مکر کو اپنے صلح اور لطف مین اور اپنے
ترک عون اور نصرت کو اپنے انواع نعمتون مین اور اپنے غضب اور خشم کو اپنے ستر جمیل مین اور اپنے
قطعیت کو اپنے مہلت دینے مین پس طالب سالک کو چاہیے کہ اپنے حسن اوقات اور کثرت احسان
وعبادات پر اعتماد نکرے اور مستور نعمتون اور عصمتون کو چاہیے کہ مغرور اور فریفتہ نہووے کیونکہ اوسکی ضمن مین
انواع عقوبت ہین اور مغرور اور فریفتہ ہونا چاہیے لیے صفائی عبودیت پر کیونکہ اوسمین نسیان ربوبیت
ہوید اسواسطے ہے کہ بعض اوقات ایسا ہوتا ہی کہ حق تعالیٰ اپنے دشمنون کو اپنی عصمت کے ساتھ آراستہ
کرتا ہے حالانکہ وہ اپنے علم مین لعنتیون مین ہین جیسا کہ شیطان اور بلعم باعورا اور برصیصا وغیرہ ہین کہ اونکو
انوار ولایت سے آراستہ کیا تھا اور حق تعالیٰ کے نزدیک اہل عقوبت تھے اور غرق کیا تھا دوستون کو اپنی
نعمتون مین حالانکہ وہ اہل غضب سے تھا حضرت عبد اللہ سہل تستری قدس سرہ فرماتے ہین کہ عزور مین ڈالا
تجھکو تیرے طالب اور حق تعالیٰ کی نظر سے نہ گرا وین چار چیزین کہ وہ ظاہر کرنا حق تعالیٰ کا ہے تجھکو ساتھ
ایسے عمل نیک کے کہ تو نے نہیں کیا اوسکو اور چھپانا حق تعالیٰ کا تجھکو ایسے اعمال بد سے کہ تو نے کیا ہے انکو
اور زیادہ کرنا حق تعالیٰ کا تجھپر نعمتون کو باوجود اسکے کہ تو نے اوسکا شکر ادا نکیا اور عطا کرنا حق تعالیٰ کا نعمتونکو
بغیر مانگے تیرے ایک روز خواجہ جنید بغدادی رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک مرید کو کہا کہ کیف کا مشغلت مرید نے کہا بالسلامة
والعافیة خواجہ نے اوسپر آواز دی اور فرمایا اے بے خبر اہل دنیا اہل بہشت کی باتین کیسے کہتے ہین
جسکا ایک پانون بہشت کے اندر ہی اور دوسرا پانون بہشت کے باہر اوسکو بھی ایسا کلام کرنا جائز نہین اے بی خبر
تجھکو ابھی دنیا سے بہشت تک ہزار ہا دشواری اور تنگی درپیش ہین تو نے ایسا کلام کیونکر کہا حضرت
موسیٰ علیہ السلام کو حق تعالیٰ نے خطاب فرمایا کہ اے موسیٰ جبتک کہ دونون پانون اپنے بہشت کے اندر رکھو جب
نہ دیکھے تو میرے مکر سے لا پروا مت ہو حضرت نور قطب عالم قدس سرہ فرماتے ہین کہ بعض اوقات مین ایسا ہوتا
ہے کہ حق تعالیٰ اپنے دشمنونکو لباس دوستون اور برگزیدونکے آراستہ کرتا ہے تاکہ وہ اپنی صفائی اوقات
سے مسرور ہووین اور گمان کرین کہ وہ اہل ولایت ہین اور یہ حق تعالیٰ سے اُن لوگونکے لیے استدراج
ہے پس نہین چھوڑتا ہے حق تعالیٰ اونکو اونکے حال پر اور رد کرتا ہے اونکو طرف حقائق معلومہ کے کہ حق تعالیٰ
نے اونکے لیے مقرر فرمائے ہین مثل حال برصیصا اور بلعم باعور وغیرہ کے اور بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہی
کہ حق تعالیٰ اپنے دشمنون کو عزت اور جاہ اور ریاست کے ساتھ اپنے دوسرے بندونپر فضیلت عطا فرماتا ہے
کہ لوگونکی حمد وستایش سے وہ مغرور ہووین اور گمان کرین کہ خود اہل فضل سے ہین یہ حق تعالیٰ سے اونکے
لیے استدراج ہے پس حق تعالیٰ اونکو اس عزت اور جاہ اور ریاست مین نہین چھوڑتا ہے اور رد کرتا ہے
اونکو اپنے حقائق معلومہ کی طرف جیسا کہ حال قارون اور فرعون اور شداد وغیرہ کا ہے اور کبھی ایسا

اور ایسا کیا یہانتک کہ مجھپر خوف عظیم غالب ہوا پس میں نے عرض کیا اے رب مجھکو عبدالرزاق نے زہری اور روایت
معمر سے اور وہ زہری سے اور وہ انس رضی اللہ تعالی عنہم اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور وہ
جبرائیل علیہ السلام سے اور وہ تجھسے کہ تو نے ارشاد فرمایا میں بندے کے ساتھ ایسا کرتا ہوں جیسے کہ وہ میرے ساتھ
گمان رکھتا ہے اور میں تجھسے امید رکھتا تھا کہ تو مجھپر رحمت کرے گا فرمایا حق تعالی نے سچ کہا جبرائیل اور رسول
اور انس اور زہری اور معمر اور عبدالرزاق نے میں نے تجھپر رحمت کی پس مجھکو خلعت پہنایا اور میں نے ایسی خوشی
دیکھی کہ کبھی نہیں دیکھی تھی جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ مَنْ يَّلِي حِسَابَ
الْخَلْقِ فَقَالَ اَللّٰهُ قَالَ هُوَ بِنَفْسِهٖ قَالَ نَعَمْ فَتَبَسَّمَ الْاَعْرَابِيُّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
مِمَّا ضَحِكْتَ يَا اَعْرَابِيُّ قَالَ اِنَّ الْكَرِيْمَ اِذَا قَدَرَ عَفَا وَاِذَا حَاسَبَ سَامَحَ اور فرمایا اللہ تعالی نے
يَا اَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ اہل اشارہ فرماتے ہیں کہ حق تعالی کا اپنی تمامی اسماء میں سے
اس اسم کو یہاں اختیار کرنا اوسکے تعلیم اور تلقین بندے کے ہے تاکہ بندے اوسکی طرف رجوع کریں اور اوسکے
کرم کی وجہ سے اوسکے ساتھ فریفتہ ہو دیں حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں کہ اے اہل عراق
تم کہتے ہو کہ امیدوار ترین آیت آیات قرآنیہ میں سے لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ
جَمِيْعًا ہے اور ہم اہل بیت کے نزدیک سب سے امیدوار ترین آیت آیات قرآنیہ میں سے وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ
رَبُّكَ فَتَرْضٰی ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم راضی ہونگے جبتک ایک شخص بھی آپکی امت میں سے
دوزخ میں رہے گا اور تفسیر مدارک میں ہے کہ جب یہ آیت موصوف نازل ہوئی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالی
علیہ وسلم نے اِذًا لَّا اَرْضٰی وَوَاحِدٌ مِّنْ اُمَّتِيْ فِي النَّارِ بعض اکابر سے منقول ہے کہ حق تعالی
نے واسطے آنحضرت امت کے اپنے رسول کریم کو امر کیا اور کہا وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ
اور خلاف امر رب کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے متصور نہیں حضرت نے حسب الامر امت کے لیے امرزش
چاہی اور حق تعالی کریم تر اوس سے ہے کہ اپنے حبیب کو حکم کرے کہ مجھسے مانگ اور جب مانگے عطا نکرے پس اس سے
معلوم ہوا کہ امت مغفور ہیں اور رب غفور فرمایا حق تعالی نے ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ
اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ
پس ان تینوں طائفہ مندرج آیہ موصوفہ کے حق میں کہ برگزیدگان حق تعالی اور وارثین کتاب اللہ ہیں اہل تحقیق کے
بہت سے اقوال ہیں حضرت سہل تستری قدس سرہ فرماتے ہیں کہ وہ عاقل اور عالم اور عامل ہیں اور دوسروں نے
کہا ہے کہ وہ طالب دنیا اور طالب عقبی اور متوجہ طرف مولی کے ویا مرتکب گناہ کبیرہ اور مرتکب گناہ صغیرہ اور متبرا
ویا مصر بذنوب اور تائب عاصی اور ثابت ویا آکل حرام اور مائل طرف شبہات کے اور آکل حلال ویا
مجرم اور تائب اور متقی ویا غافل اور طالب اور واجد ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ وہ اوّل ظالم سے طالب دنیا
مقتصد سے طالب عقبی اور سابق سے طالب مولی ہے محققین حضرات صوفیہ فرماتے ہیں کہ تقدیم ظالم کی ازروے
فضل کے ہے اور تاخیر اوسکی ازروے عدل کے اور حق تعالی فضل کو عدل سے زیادہ دوست رکھتا ہے
وَقَدْ قَالَ بَعْضُ الْاَكَابِرِ اِنَّمَا ابْتَدَأَ بِالظَّالِمِ لِئَلَّا يَيْأَسَ مِنْ فَضْلِهٖ ... كَانَ
الْاِنْسَانُ اِذَا كَانَ ... فَيَكُوْنَ ... لَوْلَا ... وَفِيْ بَعْضِ
الرِّوَايَاتِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ... فِيْ بَعْضِ ...

صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم تسلیما کثیرا کثیرا

اگرچہ مقدمہ میں سوائے علوم حقائق کے بعض اصطلاحات بھی ضمناً مذکور ہو چکی ہیں لیکن جب کہ طالب کو اکثر اصطلاحات کی ضرورت ہوتی ہے لہٰذا بعد اختتام مقدمہ کے اور بھی چند اصطلاحات حضرات صوفیہ کرام کی ضمناً بطریق ابجد کے ذریعے جاتے ہیں تاکہ طالب صادق کو بصیرت حاصل ہو اور یہ شتمل ہے اٹھائیس مراقبوں پر پہلا مراقبہ باب الالف ہے (ا) الف سے دلالت ہے صرف ذات احدیت کے یعنی حق تعالیٰ باعتبار احدیت کے اول الاشیا ہو اور الف کے معنی اصطلاح میں کلام اور امام غیبی کو کہتے ہیں (ادب) عبارت ہے تمیز رکھنے سے عبد کے درمیان اُن چیزوں کے جو حق تعالیٰ کے لیے محقق ہیں اور درمیان اُن چیزوں کے جو عبد کے لیے متحقق ہیں (احسان) عبارت ہے بجا لانے سے عبودیت کے ساتھ مشاہدہ ربوبیت کے (اللہ) نام ہے ذات واجب الوجود کا جو مستجمع ہے جمیع صفات کمال کا اور مستحق ہوتا ہے تین جگہ میں اول مقام لاتعیین میں جو ذات بحت منقطع الاشارہ ہے نہ اسم ہے وہاں نہ رسم جبکو احدیت مطلقہ کہتے ہیں دوسرے مقام وحدت میں کہ اس مقام میں جملہ صفات ذات کے ساتھ اجمالاً کوئی تمیز نہیں ہے مقام واحدیت میں اطلاق کرتے ہیں اس مقام واحدیت میں جملہ صفات ذات کے ساتھ تفصیلاً موجود ہیں پس اس مرتبہ واحدیت میں اللہ ماخوذ ہے اسے جسکو فارسی میں خدا کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں اسی جگہ سے معنی مشہور ہے خوش گفت بہلول فرخندہ فال ۔ کہ سن انقضا بیش بود دم دوسال ۔ سمجھنا چاہیے یعنی مراد دو سال سے دو مرتبے ہیں اور مرتبہ احدیت مطلقہ میں اللہ ماخوذ ہے کہ واحدیت جیرانی سے ہے اسلیے کہ اس مرتبے میں سوائے حیرانی کے دیکھنا تعیین آتا ہے (الوہیت والاہیہ) یہ بھی خدائی اور رضا وندی کے ہے یہ لفظ مقام تفصیل صفات میں اطلاق کرتے ہیں یعنی جس مقام میں رب اور مربوب کو اعتبار کرتے ہیں اور یہ محل متقضی ہے فنا و بقا اور سلب ثبوت عالم کا اور یہ مقام برزخ ہے درمیان ارباب کے کہ اسما الٰہی ہیں اور درمیان مربوبات کے کہ اسما کیانی ہیں اور اس مقام میں واسطے ظہور اور بقائے عالم کے تقدیر الٰہی جاری ہے (ایمان) دو قسم پر ہے تقلیدی اور تحقیقی ایمان تقلیدی عوام مومنین کو حاصل ہے کہ ایک کو دیکھکر ایمان لاتے ہیں اور نہیں سمجھتے ہیں کہ حق تعالیٰ کون ہے اور کیسا ہے اور کہاں ہے اور احکام شرع شریف برابر بجا لاتے ہیں اور یہ ایمان جائز ہے اور سبب ہے دخول جنت کا اور ایمان تحقیقی جو اولیاء اللہ کو حاصل ہے یہ ہے کہ تمام عالم کو نیست و نابود اور معدوم الذات اور الاشیا محض جانتا ہے اور بجز ذات حق کے وجود ذات ہیں (استتار) اشارہ ہے طرف ذات بحت کے جیسے کہ کہا جاتا ہے مشاہدۃ الابرار بین التجلی والاستتار تجلی اشارہ ہے طرف ظہور ذات کے اور استتار اشارہ ہے طرف ذات کے کہ ذات ہمیشہ اور ہر جگہ مستتر اور محجوب ہے (ازل) جسکی ابتدا نہیں اسکو دو جگہ پر اطلاق کرتے ہیں اول مرتبۂ ذات بلا صفات میں جسکو لاتعیین اور احدیت اور مرتبۂ ذات اور واجب الوجود کہتے ہیں کہ وہ خود بخود موجود ہے اپنی موجودیت میں کسی کا محتاج نہیں اور نہ تھا اور نہ کوئی اسکے وجود کے لیے ابتدا نہیں دوسرا تعیین ثانی میں اطلاق کرتے ہیں جیسے تفصیل صفات اور حقائق الٰہی اور حقائق کیانی اور اعیان ثابتہ و حقائق الاشیا ثابت ہیں اسکو ازل کہتے ہیں جیسے کہ کہتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے اس امر کو ازل میں مقرر فرمایا ہے یعنی حق تعالیٰ نے حقائق اشیا کو ازل میں مقرر فرمایا ہے اسکو علم الٰہی اور تقدیر الٰہی بھی کہتے ہیں سوائے اسکے اور بھی ازل ہیں تفصیل انکی سابق اس مقدمے میں مذکور ہے (اتصاف) یعنی اتصاف بندے کا ساتھ ذات اور صفات حق تعالیٰ کے یہ مسئلہ مشہور ہے انکے یہاں حقیقت میں ذات اور صفات حق تعالیٰ ہی کے لیے ہے اور بندے کی ذات و صفات محض اعتباری اور مجازی ہے وجود اور دوام بقا بندے کی ظل وجود اور صفات حق تعالیٰ کے ہیں (ازل الآزال) ذات بحت اور خاص مرتبۂ ذات بلا صفات کو کہتے ہیں (ابد) جسکی انتہا نہیں یعنی ذات

کہتے ہیں یعنی یہ اسم ذات کا ہے باعتبار اعتبار تعدد صفات اور اسماء اور نسب اور تعینات کے (احدیت) یعنی اعتبار مرتبۂ احدیت
ساتھ اسقاط صفات اور اسماء اور نسب اور تعینات کے سب (احدیۃ الجمع) مرتبۂ وحدت اور حقیقت محمدی اور احدیۃ
الجمع اور ابوالارواح اور اسم اعظم اور آدم حقیقی کو کہتے ہیں یعنی یہ مرتبہ باعتبار اجمال صفات کے ہے مع قطع نظر بلا اسقاط اور
بلا اثبات صفات کے یہ جامع ہے احدیت و واحدیت کو (اعتبارات اربعہ) انکی اصطلاح میں مرتبۂ وحدت میں
چار اعتبار ہیں کہ وجود اور علم اور نور اور شہود ہیں الوجود ہو وجدان الحق لذاتہ والعلم ہو اطلاع الحق علی ذاتہ وصفاتہ
وافعالہ والنور ہو الظاہر لنفسہ والمظہر لغیرہ (الآن الدائم) اصطلاح میں مرتبہ تفصیل صفات یعنی واحدیت اور
تعین ثانی اور واحدیت الکثرت کو کہتے ہیں تحقیق اسکی یوں کہتے ہیں کہ آن دائم عبارت ہے امتداد حضرت الٰہیہ سے
کہ مقدس ہے بسبب انکے اول ابد میں اور دونوں یعنی ازل اور ابد وقت حاضر میں ملے ہوئے ہیں بسبب ظہور حضرت
الٰہیہ کے ازل اور ابد میں اور شکوک اور ظہور میں اور وقت کا حضرت الٰہیہ سے ہے کہ مجمع ازل اور ابد ہے پس
متحد ہے ساتھ انکی امتداد حضرت الٰہیہ کے ازل اور ابد اور وقت حاضر اسیواسطے کہا جاتا ہے واسطے باطن اور اصل
زمان کے دہر اور سرمد اور آنات زمانیہ اور تغیرات منتقش ہیں ساتھ اس کے ظاہر ہوتے ہیں احکام اور صور سرمد اور
دہر کے بسبب آنات زمانیہ اور متغیرات کے اور سرمدا ور دہر علی العالیا دائماً سرمد ثابت ہیں اور کلی نسبت کیجاتی ہے
دہر اور سرمد کی طرف حضرت عندیہ کے قول علیہ السلام لیس عند ربکم صباح ولا مساء او واضح ہو کہ حقیقت ذات
الٰہیہ کی باعتبار مراتب کے ایک امتداد غیر متناہی ہے دونوں جانب ازل اور ابد میں کیونکہ وہ اس اعتبار سے نہ کوئی
وصف ہو واسطے اسکے اور نہ کوئی رسم پس وہ محجوب غیب میں مستور ہے معرفت اسکی ممکن نہیں کسی وجہ سے جبتک کہ وہ معین
ہو ساتھ کسی صفت کے اور اول تعین اسکا علم اسکا ہے اپنی ذات کا جسکو وحدت سے تعبیر کرتے ہیں پس یہ صفت
علم نازل ہوتی ہے حضرت ذاتیہ سے طرف حضرت واحدیہ کے کہ حضرت اسماء و صفات ہے اور نام رکھا جاتا ہے اسکا
حضرت الٰہیہ اور اس حضرت الٰہیہ نے نسبت کی واسطے حضرت اعلی کے ازلیۃ الآزال بسبب اس نسبت اعتباریہ کے
درمیان احدیت ذاتیہ اور درمیان حضرت صفاتیہ کے کہ واحدیت ہے کیونکہ تعقل نسبت کا ممکن نہیں مگر بعد اعتبار
تعینات کے اور نام رکھا جاتا ہے اس نسبت کا نسبت سرمدیہ پس اس سے ثابت ہوئی ازلیۃ الآزال یعنی تقدم
احدیت کا اوپر واحدیت کے پس ازلیت واحدیت سے ثابت ہوئی اور ابدیۃ الآزال احدیت کی اور یہ ابتدا نسبت سرمد
ہے اور منتفی ہوئی حضرت الٰہیہ ساتھ اس نسبت کے خفائع اعتباریہ کی بحکم عالمیہ کے پس اعتبار لئے گئے ساتھ ذات
کے سبع صفات بحکم عالمیہ حقیقت اولی کے اور وہ سبع صفات حی علیم مرید قدیر سمیع بصیر متکلم ہیں اور اسم سے
امام ائمہ ہے وعلی ہذا القیاس حسب الترتیب باقی سب صفات اور بعض عارفوں نے بجائے سمیع اور بصیر کے جواد اور
مقسط کو ذکر کیا ہے اور یہ صحیح نہیں اسلئے کہ یہ اسماء تابع ہیں ان سے ہیں بسبب احتیاج جواد اور مقسط کے طرف حی اور علیم
اور مرید اور قدیر وغیرہ سبع صفات کے پس جبکہ یہ سبع صفات امور اعتباریہ ہیں اور مشتمل ہیں واسطے ربوبیۃ رب
مطلق کے واسطے جمیع اشیاء کے بہ ساطت اپنی کے ہو گئے ازلیات ان سبع صفات کی مقدم دیگر جمیع اسماء پر فقد براعتبار
یہی وجہ کہ معتبر حقیقی نے یعنی حق تعالیٰ نے مقرر اور معین فرمایا پس انکو اعتبار کہتے ہیں یعنی تجلی اور تعین کو اعتبار کہتے ہیں
اور بجائے تعینات کے اعتبار کہتے ہیں کوئی معتبر مجازی اعتبار کرے یا نہ کرے پس یہ اعتبار نفس الامر میں ثابت اور
واقع ہے یعنی حقیقت ہیں اور حقائق اشیاء کو اعتبار کہتے ہیں (الہام) جو کچھ کہ دل سالک کو یقین کامل ہووے اس
چیز پر کہ وارد ہوتی ہے وہ بعد صفائی قلب کے خواہ یہ صفائی بسبب کسب کے ہو و یا ذکر و شغل سے حق تعالیٰ کی عنایت

اشیاء اور اضافت اور نسبت انکی ذات پاک وجود حقیقی سے ہے (اصفیا) وہ لوگ ہیں کہ اپنے باطن کو ثرف دنیا سے پاک
صاف کیا ہے اور طلب کو اپنے خالق کی طرف رجوع کیا ہو (اسلام) دو قسم پر ہے اسلام شرعی اور اسلام طریقی شرعی
یہ ہے کہ نماز اور روزہ اور حج اور زکوٰۃ وغیرہ احکام شرع شریف کے بجا لانا اور اسلام طریقی یہ ہے کہ ریاضت شاقہ اور کسب
اور نفس کشی اور ذکر اور شغل اور مراقبہ وغیرہ کرنا (اصحاب طیران) اُن اولیا کو کہتے ہیں جو ہوا پر طیران کرتے ہیں
کہ جسم مثالی انکا مصفا اور جسم عنصری انکا مانند ہوا کے لطیف ہوا ہے (افق مبین) نہایت مقام قلب کو کہتے ہیں
(افق اعلیٰ) نہایت مقام روح کو کہتے ہیں اور وہ مرتبۂ واحدیت اور حضرت الوہیت ہے (انابت) رجوع کرنا
طرف حق تعالےٰ کے اور خلاصی پانا تعینات سے (امید) تجلی روحی کو کہتے ہیں اور محبوب حقیقی کو بھی کہتے ہیں کہ مشتاق
ہے (ابرو) صفت جمال کو کہتے ہیں کہ سالک کے دل پر تجلی الٰہی وارد ہوتی ہے کہ سالک بواسطہ اسکے مقام قرب کو
پہونچتا ہے (ابرار) ایک قوم ہے اولیا واسطہ میں سے فقط تقویٰ اور عبادات ظاہری شریعت کے اختیار کرتے ہیں
(ادنیٰ) مقام حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو کہتے ہیں کہ قاب قوسین او ادنیٰ اور وحدت ہے مقام وحدت کا
تمامی مقامات انبیاء علیہم السلام سے اقرب ذات حق تعالےٰ کا ہے واضح ہو کہ اس مقام وحدت میں دو قوس ہیں قوس
عروجی اور قوس نزولی قوس عروجی کو کہ باطن اس دائرے کا ہے قوس احدیت اور قوس عروجی کہتے ہیں اور یہ باعتبار
سلب کے ہے اس قوس عروجی میں فقط اعتبار ذات کا ہے بدون اعتبار صفات کے اور قوس نزولی کو کہ ظاہر اس
دائرہ کا ہے قوس واحدیت اور قوس تحتانی اور قوس امکانی کہتے ہیں اس قوس نزولی میں ثبوت اور اعتبار سلب ذات کا
ہے مع ثبوت اور اعتبار دیگر صفات کے اور اس دائرہ کے قاب کو یعنی نقطہ دائرہ کو باعتبار اثنینیت کے قاب قوسین اور
برزخ کبریٰ اور باعتبار انتفاء اثنینیت مذکورہ کے حقیقت محمدی اور او ادنیٰ کہتے ہیں (اقامت) اصطلاح میں غلبہ
عشق کو کہتے ہیں (اوباش) اصطلاح میں اوباش وہ شخص ہے کہ سواے ذات حق کے غم ثواب اور عقاب کا اور
پروا اسکی نہووے (اولیا) قرب حق میں پہونچنے والے کو کہتے ہیں یعنی یہ لوگ اسفل سے طرف اعلیٰ کے عروج کرتے ہیں
اور قریب ذات حق تعالےٰ کے ہوتے ہیں اور اسرار حق تعالےٰ کو پاتے ہیں اگر لغزش بھی ہوتی ہے بسبب تفرقہ آدمیت
بشری کے جبکہ اُنسے خلاف شرع کوئی خطا واقع ہوتی ہے پھر اپنے مقام اسفل میں آجاتے ہیں بعض کہتے ہیں کہ ان سے
لغزش واقع نہیں ہوتی ہے یہ قول صحیح نہیں (آزاد) آزاد وہ ہے کہ باوجود فضل و کمال کے قیودات بشری اور
تعریفات جسمی سے علاحدہ ہووے اور لباس اور آرائش اور اسباب دنیاوی سے دل کو اٹھا دے اور خلقت سے درگذر کرکے
ہر تن متوجہ طرف جلال اور جمال حق سبحانہ تعالیٰ کے ہووے اور اگر آزاد اسکی لباس اور جسم میں ہیں تو وہ مرتبہ آزاد سے خارج
ہے (ایقان) واسطے صوفی عارف کے یہ ایک مرتبہ ہے کہ واسطے اسکے اس سے بلند کوئی مرتبہ نہیں وہ یہ ہے کہ
یقین جانے کہ حق تعالیٰ کی ذات ہر شے میں ہے اور اسمیں محویت حاصل کرے (اتحاد) وہ شہود وجود مطلق واحد حقانی
کا ہے اس طرح پر کہ تمامی موجودات اور افراد عالم حق تعالےٰ ہی سے موجود ہیں پس شہود میں تمامی موجودات ساتھ حق تعالےٰ
کے اس اعتبار سے کہ وجود انکا حق تعالےٰ سے ہے اور وہ معدوم ہیں بنفسہ نہ اس اعتبار سے کہ واسطے عالم اور افراد عالم
کے وجود مستقل بنفسہ ہے پھر متحد ہوئے وہ ساتھ حق تعالےٰ کے ورنہ اثنینیت اور شرک اور حلول و وجود لازم آویگا یہ محال
ہے بعض کہتے ہیں کہ اتحاد عبارت ہے مستغرق ہونے سے سالک کے حضرت حق سبحانہ و تعالےٰ کی ہستی میں (اتصال)
وہ ملاحظہ کرنا عبد کا ہے اپنی ذات کو متصل ساتھ وجود احدی حقانی کے مع قطع نظر تقیید وجود اور اسقاط اضافت وجود
اپنے کے طرف وجود حق تعالےٰ کے پس اس وقت دیکھتا ہے عبد پایان مدد وجود حقانی اور نفس رحمانی کا علی الدوام

کریم اور وکیل اور حمید اور مجید اور سمیع اور واجد اور دائم اور باقی اور تواب اور عفو اور غفور اور رءوف اور نافع اور متعالی اور نافع اور ہادی اور بدیع اور رشید اور مجمل اور مقرب اور مجیب اور کفیل اور حنان اور منان اور کامل اور مجید اور کریم اور کافی اور مجاور اور ذوالطول اور شانی اور معافی کو اسما اور صفات جمالیہ میں سے گردانا ہو (اسم اعظم) اکثر عارفین کہتے ہیں کہ اسم اعظم لفظ مبارک اللہ ہے کہ جامع ہے جمیع اسماء کو اور وہ اسم ذات کا ہے جو مستجمع جمیع اسماء و صفات کے اور بعض رحمٰن اور رحیم کو اور بعض صمد کو اور بعض حی اور قیوم کو اور کوئی مہیمن کو اور بعض اسم ہو کو اسم اعظم کہتے ہیں (اعراف) بالفتح لغت میں معنی ہیں مرتفعات کے گویا اور مرتفعات ریگ بلند اور بالائے اسپان اور تاجہائے خروسان اور اکثر علماء درمیان بہشت و دوزخ کے کہتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ درمیان بہشت اور دوزخ کے ایک دیوار حاجب ہے اسکو اعراف کہتے ہیں اور صاحب تفسیر بیضاوی نے کہا کہ اعراف ایک دیوار عالی درمیان بہشت اور دوزخ کے کہ درمیان ان دونوں کے حجاب واقع ہوا ہے تشبیہ دی گئی ہے اس دیوار عالی کی ساتھ بالائے اسپان اور تاجہائے خروسان کے کیونکہ اعراف دراصل جمع عرف کی ہے اور عرف یال اسپ اور تاج خروس کو کہتے ہیں انتہی پس اس تحقیق سے معلوم ہوا کہ اعراف کنگرے اس دیوار عالی کے ہیں کہ حاجب ہے درمیان بہشت اور دوزخ کے منازل مقررہ کہ بعض آدمی انہیں رہینگے جیسے کہ مشہور ہے تو بعض کہتے ہیں کہ اعراف ایک مقام کا نام ہے درمیان بہشت اور دوزخ کے انہیں وہ لوگ رہینگے جو منتظر ہیں احوال اہل بہشت اور دوزخ کے اور صوفیہ کرام کے اصطلاح میں ان مطلعوں کو کہتے ہیں جو مقامات شہود حق تعالے کے ہیں اشیا میں جس حال میں متجلی ہے حق تعالے انہیں اشیاء میں ساتھ ان صفات کے کہ وہ اشیا مظاہر ان صفات کے ہیں اور یہ مقام اشراف اور اطلاع کا ہے اوپر اطراف اشیاء کے فرمایا حق تعالے نے وَعَلَى الْأَعْرَافِ رِجَالٌ يَعْرِفُونَ كُلًّا بِسِيمَاهُمْ اور رسول علیہ السلام نے فرمایا اِنَّ لِكُلِّ آيَةٍ ظَهْرًا وَبَطْنًا وَحَدًّا وَمُطَّلَعًا (اصطلام) اصطلاح میں مراد اس سے وارد شیفتگی اور فریفتگی کا ہے جو غالب ہے طالب کے قلب پر اور یہ قریب ہے ہیمان کی (امامان) یہ دو شخص ہیں ایک ان دونوں کا داہنی طرف غوث کے یعنی قطب کے اور نظر اسکی ملکوت پر ہے اور دوسرا بائیں طرف قطب کے ہے اور نظر اسکی عالم شہادت پر ہے یہ افضل اور اعلیٰ ہے صاحب ملکوت سے اور یہی شخص بعد قطب کے قطب کا خلیفہ ہوتا ہے (انصداع الجمع) انصداع لغت میں پھٹ جانے اور پراگندہ ہونے کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں انصداع الجمع نام مقام فرق کا ہے بعد جمع کے بسبب ظہور کثرت کے وحدت میں اور اعتبار کثرت کے وحدت میں (امکان) مراد اس امکان سے امکان خاص ہے کہ سلب ضرورت دونوں جانب وجود اور عدم سے ہے پس عالم یعنی ماسوی اللہ ممکن ظاہر ہے پس امکان عالم کا عبارت ہے عدم وجوب اور عدم امتناع سے پس امکان امر وجودی نہیں ہے کہ محتاج جعل جاعل کا ہووے اور سبب اختلاف عالم اور افراد عالم کا امکان ہے پس وجہ آسودگی زید اور تنگی عمرو سبب اختلاف انکے امکان کے ہے نہ سبب اعطاء اصلی کے کہ حق تعالے سے ہے اور ایجاد عالم کے لیے فقط امکان بنفسہ بلا واجب تعالے کے کافی نہیں ہے اسلیے کہ دونوں طرف انکے بنظر ذات کے مساوی ہے ورنہ ترجیح بلا مرجح لازم آویگی اور یہ محال ہے پس انکے لیے ایک مرجح کا ہونا ضرور ہے اور وہ حق تعالے ہے پس جیسے کہ نفس الامر میں ممکن تھا عطا واجب سے ثابت ہوا اور ہوتا ہے اور ہوگا پس نہ کہا جاویگا کہ آفتاب ساتھ اس کلانی کے اور قطرہ ساتھ اس خردی کے کیوں پیدا کیا گیا اسلیے کہ امکان دونوں کا ایسا ہی تھا پس اس سے ظاہر ہوا کہ خلقت اور ظہور عالم کے لیے ایک خالق کا ہونا کہ علیم اور حکیم اور مدبر ہو ضرور ہے کہ وہ حق تعالے ہے (انزعاج) تحرک قلب کا طرف حق تعالے کے بسبب تاثیر وعظ اور سماع کے

اور طلب حق میں استوار اور سرگرم رہتا ہے (بقا باللہ) اس مقام میں سوائے رویت حق تعالے کے مطلق غیریت اسکی نظر سے اٹھ جاتی ہے اور عارف صفات بشری سے فانی ہو کر ساتھ صفات حق تعالے کے باقی رہتا ہے فی الحقیقۃ فقط سالک تو کیا ہے بلکہ تمامی عالم نابود اور فانی ہے اور حق تعالیٰ باقی کیونکہ خاص حق تعالیٰ ہی کے واسطے وجود مسلم ہے اور عالم موہوم و معقول اور یہان اس بقا و فنا کا ایک مسئلہ مشہور ہے (بہجت) واردات کو کہتے ہین کہ غیب سے صاحب کسب کے دل پر واقع ہوتے ہین (بالغ) مرید صادق کامل کو کہتے ہین (بطون) یہ اختصاص ہے طرف خاص ذات حق تعالے کے اور کبھی عالم مثال سے ذات تک بطون کہتے ہین یعنی بہ نسبت عالم شہادت کے عالم مثال باطن اور عالم مثال سے عالم ارواح باطن اور عالم اسماء سے عالم اعیان باطن اور عالم اعیان سے ذات بحت باطن ہے (بادہ فروش) پیر کامل کو کہتے ہین کہ واسطے تکمیل ناقصون کے پیر کامل ہی ضرور ہے نہ غیر اور (بتکدہ) اور (بتخانہ) عارف کامل کے باطن کو کہتے ہین اور (پیر مغان) اور (پیر خرابات) مرشد کامل کو کہتے ہین (پیمانہ) حقیقت میں پیمائش کرنے والا اور ناپ کو کہتے ہین اور اصطلاح مین اس سالک کو کہتے ہین جو انوار غیبی کا مشاہدہ کرے اور مقامات کو ادراک کرے (بوسہ) اصطلاح مین جذبہ باطنی کو کہتے ہین (بادہ) اصطلاح مین اس محبت اور عشق الٰہی کو کہتے ہین کہ عالم غیب سے سالک کے قلب پر وارد ہوتا ہے اور اسکو مست اور بیخبر کرتا ہے (بامداد) اصطلاح مین مقام بازگشت احوال اور اوقات کو کہتے ہین (بت) اصطلاح مین مقصود اور مطلوب حقیقی کو کہتے ہین (باب الابواب) مراد اس سے سلوک مین ابتداء توبہ کرنا طالب صادق کا ہے تمامی گناہون سے اسلیے کہ توبہ اول ان ابواب مین سے ہے جن ابواب کے سبب قرب حق تعالے کا حاصل ہوتا ہے واضح ہو کہ ابواب اور طرق وصول الی اللہ کے بعدد انفاس الخلائق ہین لیکن منجملہ انکے تین طریق قریب ترین اول طریق اخیار کا ہے کہ بکثرت صوم و صلوٰۃ و تلاوت قرآن شریف و حج و زکوٰۃ و جہاد کے زمان طویل مین بعض انکے واصل ہوئے ہین دوسرا طریق ابرار کا ہے کہ وہ اصحاب مجاہدہ اور ریاضات ہین کہ بیچ تبدیل اخلاق ذمیمہ ساتھ اخلاق حمیدہ کے جہد کرتے ہین اور اکثر انکے بھی بعد زمان طویل کے واصل ہوتے ہین الا ماشاء اللہ تیسرا طریق قادریہ و نقشبندیہ و چشتیہ و سہروردیہ وغیرہ کا ہے کہ یہ لوگ ریاضت مین مشغول ہوتے ہین اور خلائق سے نفرت کرتے ہین کام انکا سوائے عبادت اور شوق اور اشتیاق اور ذکر اور فکر کے اور کچھ نہین اور یہ تزکیہ نفس و تصفیہ قلب و تجلیہ روح مین مشغول ہوتے ہین اور کشف و کرامات کی طرف نہین متوجہ ہوتے ہین اور موتوا قبل ان تموتوا مین مصروف رہتے ہین اور وہ واصل ہوتے ہین یہ طریق انکا دونون طریقون سابق سے اقرب ہے اور اصول اس طریق اخیر کے دس ہین اول توبہ کہ وہ ابتدا طالب کا ہے ہر مطلوب سے جو ماسوی اللہ ہے جیسے کہ وقت موت کے ہوتا ہے دوسرے زہد کہ وہ ترک کرنا ہے دنیا اور مافیہا کو جیسے کہ وقت موت کے ترک کرتا ہے تیسرے توکل کہ وہ ترک کرنا ہے اسباب ظاہری کو جیسے کہ وقت موت کے ترک کرتا ہوگا چوتھے قناعت لغت مین ایک چیز پر راضی رہنے کو کہتے ہین اور اصطلاح مین ترک کرنے شہوات اور خواہش نفسانی کو جیسے کہ موت کا وقت ہوگا اور شب و روز حق تعالے سے خوش رہکر حق تعالیٰ کو حق تعالیٰ سے طلب کرنے کو کہتے ہین پانچوین عزلت کہ وہ انقطاع اور فرار کرنا ہے خلائق سے جیسے موت کا وقت ہوگا چھٹے توجہ الی اللہ اور اعراض عن ماسوی اللہ ہے جیسے کہ موت کا وقت ہوگا تاکہ نہ باقی رہے کوئی مطلوب اور محبوب اور مقصود سوائے اللہ تعالیٰ کے ساتوین صبر کہ وہ ترک کرتا ہے حظوظ نفسانیہ کو مجاہدہ سے جیسے کہ موت کے وقت بے اختیاری سے ترک کرتا ہوگا آٹھوین ذکر کہ وہ ترک کرنا ہے ذکر غیر حق تعالے کو جیسے کہ موت کے وقت کرتا ہوگا نوین مراقبہ کہ وہ ترک کرنا ہے اپنے حول اور قوت کو اور فنا کر دینا اپنے تئین حق تعالے مین جیسے کہ موت کے وقت ہوگا

سے طرف حضرت واحدیت کے ساتھ نسب اسمائیہ کے آہ فرق درمیان قول اول اور قول ثانی کے یہ ہے کہ قول اول مین وحدت کو تجلی اول اور تعین اول قرار دیا گیا اور وحدت کو احدیت سے فرق کیا ہے بخلاف قول ثانی کے کیونکہ قول ثانی مین احدیت کو تجلی اول اور واحدیت کو تجلی ثانی اور تعین اول قرار دیا گیا ہے اور اس قول مین وحدت کو عین احدیت اور دونون کو ایک مرتبہ قرار دیا گیا ہے بخلاف قول اول کے کہ اسمین وحدت کو احدیت سے فرق کیا گیا ہے اور نیز سالکین کے قلوب پر تجلیات منسوب وارد ہوتے ہین اور چند قسم پر ہین کبھی تجلی سبز و سرخ وارد ہوتی ہے اسکو تجلی مرشدی کہتے ہین اور داہنے جانب ہوتی ہے اور کبھی کبود اور سیاہ وارد ہوتی ہے بائین جانب سے اسکو تجلی نفسی کہتے ہین اور کبھی تجلی زرد وارد ہوتی ہے اگر روبرو ہے تو اسکو تجلی قلبی کہتے ہین اور اگر عقب سے ہے تو اسکو تجلی شیطانی کہتے ہین اور کبھی تجلی سفید رنگ کی وارد ہوتی روبرو سالک سے اسکو روحی کہتے ہین اور کبھی تجلی ابیض قدرے سبز مائل بزنگی وارد ہوتی ہے بجرد اسکے دیکھنے سے قلب مین سرور حاصل ہوتا ہے اسکو نور محمدی کہتے ہین اور کبھی تجلی بیرنگ اور بیجہت وارد ہوتی ہے اسکو تجلی ذاتی کہتے ہین تجلی ذاتی اور نور محمدی کو جہت معین ہے اور بھی بہت سی تجلیات ہین جو مذکور ہوئین عارفون کے اصول اپنین پر ہین (تحقیق) کسی شئے کی ماہیت سے آگاہ ہونا اور ذات حق تعالے کو جاننا از روے اسماء وصفات کے ورنہ ادراک ذات باری کا محال ہے اور علم عرفان اور علم حقائق اشیا کے حاصل کرنے کو تحقیق کہتے ہین (تخلیہ) ما سوی اللہ سے دل کو خالی کرنا اور غیر حق تعالے کے دل مین کسی شئے کو جگہ نہ دینا (ترسا) اس سالک کو کہتے ہین کہ صفات ذمیمہ نفس اماره سے خلاصی پاکر صفات حمیدہ کے ساتھ متصف ہوا ہو (ترسا بچہ) واردات غیبی کو کہتے ہین کہ عالم غیب سے سالک کے دل پر وارد ہوتے ہین (تزکیہ) نفس کو صفات ذمیمہ کے عیوب سے پاک کرنا اور خیال غیر اور ما سوی اللہ سے دور کرنا اور سبب اسکا یعنی دل مین غیر کو جگہ نہ دینے کو کہتے ہین (تصفیہ) دل کو غیر حق تعالے سے اور اپنی خودی سے پاک کرنا اور سوا حق تعالے کے دل مین اور کسی کو جگہ نہ دینے کو کہتے ہین (تجلیہ) پاک اور صاف کرنا روح کو ان کدورات سے جو بسبب مجاورت قالب عنصری کے روح کو عارض ہوئین ہین انکی اصطلاح مین صفائی نفس کو تزکیہ اور صفائے قلب کو تصفیہ اور صفائی روح کو تجلیہ کہتے ہین (تسلیم) اپنے نفس کو حق تعالے کے سپرد کرنا اور اطاعت حق مین گردن رکھنا اور بہ تن اپنے تئین فنا کرکے معشوق حقیقی مین مستغرق رہنا اور خود ماشی مین مشغول ہوکر اپنے سے بیخبر رہنا یہ اعلی مقام ہے مقامات چہلگانہ مین سے کہ سلوک مین اولیاء کرام کے نزدیک مقرر ہین (تشبیہ) ظہور ذات حقانی کا اسماء اور صفات اور مظاہر مین بمقتضاے عشق اور تجلی کے سبب تقاضاے حب ذاتی اور اعیان کے تشبیہ کہتے ہین (تنزیہ) ذات حق تعالے کو عیب اور نقصانات امکانیہ سے پاک جاننا اور باوجود ان اعتبارات اور ظہورات ذات کے ذات کو ہر حال مین مجرد اور منزہ جاننا اور بھی تعینات اور تشبیہات سے پاک سمجھنے کو تنزیہ کہتے ہین اور تشبیہ اور تنزیہ انکے بیان ایک مسئلہ مشہور ہے تحقیق اسکی مقدمے مین ہو گئے عارف کامل وہ ہے کہ جامع تشبیہ اور تنزیہ کا ہو (تفرقہ) قلب کو خلق مین ڈالنا اور صفات اور ذات مین فرق کرنا اور خلق کو دیکھنا اور حق تعالی کے نہ دیکھنے کو تفرقہ کہتے ہین (تنزل) حضرات صوفیہ کے نزدیک تنزلات ستہ ایک مسئلہ مشہور ہے [illegible] یہ کہ اول مرتبہ لاتعین کا ہے جسکو احدیت اور خالص وجود اور ذات بحت کہتے ہین بعد اسکے [illegible] وعلم ذاتی اور حقیقت محمدی اور مرتبہ انا ہے اس مرتبہ لاتعین سے ظاہر ہوا پھر اس مرتبہ وحدت سے [illegible] نفس رحمانی اور حقیقت آدم اور مرتبہ نبوت یہان ثابتہ اور صور علمیہ سے ظہور پایا ان [illegible] ذات سے کہتے ہین پھر مرتبہ واحدیت سے کہ حقیقت آدم ہے [illegible] ایک عالم ہے لطیف تحت مین ہے [illegible]

خودبخود سالک کو صفات منجیات حاصل اور صفات مہلکات زائل ہو جاوینگے (توکل) ہر کام خدا کو سونپنا اور دل اسباب دنیا
ور ظاہری سے اٹھا کر حضرت مسبب الاسباب کی طرف متوجہ کرنا اور غیر حق کو اپنی فکر میں نہ لانا اور ہمیشہ حق تعالے کی یاد
کے ساتھ مشغول ہونا اور اپنے تئیں فانی اور حق تعالے کو باقی جاننا یہ ایک مقام ہے مقامات پنجگانہ میں سے کہ وہ یہ ہیں
کہ وہ صبر اور توکل اور قناعت اور رضا اور تسلیم ہیں (تعلیم) مرشد کا مرید کو حقائق اور عرفان سکھانا اسکو تعلیم کہتے ہیں
(تلقین) مرشد کا مرید کی خودی کو مرید سے خالی کروانے کو تلقین کہتے ہیں (تفصیل) مرتبہ تفصیل مرتبہ واحدیت اور مرتبہ
الوہیت اور ربوبیت اور تفصیل صفات کو کہتے ہیں اسلیے کہ اس مرتبہ میں تمامی صفات اور اسماء اور افعال اور مظاہر آن
ذات سے جدا اعتبار کیے جاتے ہیں یعنی باوجود عینیت کے علاوہ علٰحدہ ہو کر ظہور میں آتے ہیں اور ان اعتبار کی عینیت ذات
سے کبھی زائل نہیں ہوتی ہے نہ مراتب داخل ہیں وہ نہ مراتب خارج ہیں وہ نہ باطن ہیں وہ نہ ظاہر یعنی ہر وقت عینیت کا بل خود
ہے (تجلی شہودی) تجلی شہودی عبارت ہے ظہور وجود حقانی سے جو مسمی باسم النور ہے اور یہ ظہور حق تعالیٰ کا ہے ساتھ
صورتوں اسکے اکوان میں اور اکوان اسماء کی صورتیں ہیں اور یہی ظہور نفس رحمانی [illegible] جسکے سبب سے
ایجاد کل اکوان کی ہے (تصوف) عبارت ہے تعلق ہونے سے سالک کے ساتھ اخلاق [illegible] اور تفصیل اسکی
عنوان مقدمہ میں مذکور ہے

چوتھا مراقبہ باب اشارکا ہے

(ثبوت شئی) [illegible] شئی ذی روح ہو یا ایک پر
شئی بنفسہ خود بخود ثابت ہو یا منشا انتزاع سے جیسے کہ جسم کا کہ موجود بنفسہ ہے [illegible] نہیں ہے لیکن منشا
اسکا اسطرح پر ہے کہ وہ شئی اس منشا سے مفہوم ہوتی ہے جیسے کہ فوقیت [illegible] ثبوت [illegible] ہے [illegible]
[illegible] اور بنفسہ موجود نہیں پس ثبوت کثرت عالم کا وحدت وجود [illegible] سے ہے پس کثرت
عالم ساتھ احکام متکثرہ کے ثابت ہے اور موجود بنفسہ نہیں ہے جیسے کہ مدار صغیرہ و کبیرہ [illegible] واحد [illegible] ثابت
کرتے ہیں اور موجود حقیقی نہیں ہیں مگر ساتھ وجود منشا کے کہ وہ ہے ایسا ہی کثرت عالم کی وجود حقانی سے متنوع ہوتی ہے اور
ثابت نہیں پس ثبوت شئے کا مرتبہ وحدت میں بطریق اجمال اور مرتبہ واحدیت وغیرہ مراتب [illegible] بطریق تفصیل کے ہے
اور یہ مراتب اجمال اور تفصیل شیون وجود واحد حقانی کے ہیں (ثقلین) [illegible] اور عالم میں [illegible] کہتے
ہیں اور اصطلاح میں دونوں کون کو کہتے ہیں کہ کون عالم دنیا اور کون عالم [illegible] اور [illegible] مرتب کو کہتے
ہیں ایک مرتبہ [illegible] دوسرا مرتبہ [illegible] ابہام اور اشکال [illegible] ذات میں [illegible] واحدیت اور
اور واحدیت ہیں (ثقہ) تصدیق کرنا خبر رسول علیہ السلام کو بطریق جزم و یقین کے اور اعتماد [illegible] قوی رکھے اور حق
ہونا ساتھ قول رسول علیہ السلام کے

پانچواں مراقبہ باب الجیم کا ہے

(جلال) [illegible] بزرگ ہونا اور
بزرگواری اور نیز جلال ضد جمال کی ہے یعنی صفات حق تعالیٰ کی منحصر ہیں جلال اور جمال پر جلال وہ ہے کہ جس میں لطف اور
رفق ہو اور جلال وہ ہے کہ جس میں قہر اور جبر ہو اور یہی صفات باطن کو جلال اور صفات ظاہر کو جمال کہتے ہیں اور اصطلاح
میں تجلی قہاری کو جلال کہتے ہیں اور جلال سے ذات بحت کی طرف بھی اشارہ ہے کہ کنج مخفی اور مرتبہ ورا الورا اور مرتبہ
تنزیہ محض ہے کہ حجاب عزت اور پردہ جلال میں مخلوق سے پوشیدہ ہے کہ اسکی حقیقت اور ہویت کو سوائے اسکے اور کوئی
نہیں پہچان سکتا ہے البتہ کاملین کو وراء استار اسماء و صفات و اعتبارات سے دید جلوہ کی نصیب ہے اور جلال سے مراتب
مراتب تعینات اور اعتبارات خفیہ کے بالاوار عالم شہادت کے ہیں اشارہ کرتے ہیں (جمال) اصطلاح میں مراد اس سے
تجلی حق تعالیٰ کی ہے واسطے حق تعالیٰ کے جسکو مشاہدہ کہتے ہیں اور نیز جمال ظہور ذات کو کہتے ہیں بخلاف جلال کے کہ
استتار ذات ہے یعنی تجلی جمالی میں ظہور ہے واسطے کل کے اور تجلی جلالی اور قہاری میں فنا اور نابودی ہے کل کے لیے

وحدت در کثرت اور کثرت در وحدت کہتے ہین (جعد) لغت مین موی مرغول سر کو کہتے ہین اور اصطلاح مین تجلی جلالی اور تجلی قہاری کو کہتے ہین (جمعیت) جمع کرنا ہمت کو توجہ الی اللہ مین اور اجتماع کرنا ہمت کا مشغولی مین ساتھ حق تعالےٰ کے اور روگردانی کرنا ماسوی اللہ سے اسکو جمعیت کہتے ہین اور اسکے مقابل مین تفرقہ ہے اور وہ منتشر ہونا خاطر کا ہے مشغولی مین ساتھ حق تعالےٰ کے (جمع) شہود حق بلا خلق کو کہتے ہین (چشم) چشم صفت جمال کو کہتے ہین کہ سالک کے دل پر تجلی الہامی غیبی وارد ہوتی ہے اور یہ واسطے اسکے سالک مقام قرب مین پہونچتا ہے (جرس) خطاب جلالی ساتھ ایک نوع قہر کے (جنائب) جنائب لغت مین اُن گھوڑون کو کہتے ہین کہ آراستہ کرکے آگے سلاطین اور امراء کے لیجاتے ہین اور یہ جمع جنیبہ کی ہے اور اصطلاح مین یہ وہ لوگ ہین کہ سیر کرنیوالے ہین طرف حق تعالےٰ کے منازل نفوس مین اور عامل ہین زاد تقوی اور طاعت کو تاکہ داخل ہوویں وہ مقامات قرب مین بعد اسکے سیر فی اللہ شروع کرتے ہین (جہتا الضیق والسعۃ) یہ دو اعتبار ہین واسطے ذات کے ایک جہت کہ جہت ضیق ہے باعتبار تنزیہ ذات کے ہے اُن چیزون سے کہ مفہوم اور معقول ہوتی ہین یہ اعتبار وحدت حقیقیہ کا ہے اسمین بالکل غیر کی گنجائش نہین لا وجوداً ولا تعقلاً یہی جہت ضیق ہے کہ قولہ لا یعرف اللہ الا اللہ ہو اسی اشارہ ہے اور دوسری جہت کہ جہت سعت ہے وہ باعتبار ظہور ذات کے ہے جمیع تمامی مراتب کے یا باعتبار اسماء و صفات کے ہے جو مقتضی ہین عطا ہر غیر متناہی کے اور یہ جہت سعت ہے (جہتا الطلب) مراد اس سے دو جہت وجوبیہ اور امکانیہ ہین پس طلب جہت وجوبیہ کی طلب کرنا اسماء کا ہے اپنے ظہور کا ساتھ اعیان ثابتہ کے جو مرتبہ داخل ہین اور طلب جہت امکانیہ کی طلب کرنا اعیان کا ہے اپنے ظہور کو ساتھ مظاہر کونیہ کے مراتب خارجیہ مین اور یہ دونون جہت حضرت واحدیت مین ہین (جواہر العلوم والانباء والمعارف) یہ وہ حقائق الٰہیہ ہین کہ بسبب اختلاف شرائع اور امم اور ازمنہ کے متبدل اور متغیر نہین ہوتے ہین کما قال اللہ تعالےٰ فی حقہا شرع لکم من الدین ما وصی بہ نوحاً والذی اوحینا الیک وما وصینا بہ ابراہیم وموسیٰ وعیسیٰ ان اقیموا الدین ولا تتفرقوا فیہ (جنۃ) واضح ہو کہ جنت مظہر جمال حضرت قادر ذوالجلال کی ہے اور جنت چار قسم پر ہے ایک اُنمین سے جنت اعمال کی ہے اور اسمین آٹھ جنت ہین اور وہ دار المقام او دار القرار اور دار السلام اور جنۃ عدن اور جنۃ الفردوس اور جنۃ النعیم اور جنۃ الماوی اور جنۃ الخلد ہین اور یہ جنت صوری ہین کہ اسمین انواع مطاعم لذیذہ اور مشارب ہنیہ اور مناکح بہیہ بہت ہین اور انہار آب اور عسل اور شیر اور شراب وغیرہ اسمین جنت مین ہین یہ جنت واسطے جزاء اعمال صالحہ کے مقرر ہین اکو جنت عوام کہتے ہین کہ مسکن عوام مومنین کا ہے اگرچہ خواص مومنین بھی انھین جنت مین شریک ہین لیکن اُنکو ان مطاعم لذیذہ وغیرہ نعمتون سے حظ کامل حاصل نہین حدیث مین اکثر اہل الجنۃ البلہ وارد ہے مراد اُس سے عوام مومنین ہین اسلیے کہ یہ لوگ بہ نسبت خواص کے احمق ہین کہ اعمال حسنہ واسطے طلب جنت کے کرتے تھے نہ واسطے رضاے حق جل وعلا کے دوسری جنت النفس ہے جسکو جنت الوراثہ بھی کہتے ہین یہ جنت عبارت ہے جنت الاخلاق سے کہ حسن متابعت سے سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے حاصل ہوتی ہے اور انہار اس جنت کی اخلاق محمودہ ہین تیسری جنۃ الصفات ہے جس کو جنت معنوی کہتے ہین نہر اسی جنت کی تخلق باخلاق اللہ ہے چوتھی جنت الذات ہے اور یہ جنت روح کی ہے اس جنت مین مشاہدہ جمال باکمال احدیت ذاتیہ کا حاصل ہوتا ہے اور نہر اس جنت کی نہر مشاہدہ اور نہر فنا فی اللہ اور نہر بقا باللہ ہے جنت اول ان جنتون مین سے متعلق واسطے آخرت کے ہے اور باقی تینون جنت واسطے خواص اولیاء کرام کے دنیا اور آخرت دونون مین حاصل ہین بسبب متابعت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے اے طالب حق ان سب جنتون مین اگرچہ نعمتہاے نامحصور اور لذتہاے نامعدود حاصل ہین لیکن لذت دیدار جمال باکمال رب العزت کی ایسی ایک لذت ہے کہ اسکے مقابل مین تمامی لذات اور نعمات ایک قطرہ ہے مقابل مین بحر عظیم قدرت دیدار کے (جہنم) یہ ایک طبقہ کا نام ہے طبقات دوزخ سے واضح ہو کہ

لفظ حقیقت کو ہر شے کے باطن پر اطلاق کرتے ہین مقابلے مین ظاہر اس شے کے کہ مجاز ہے جیسے کہتے ہین کہ عالم شہادت مجاز ہے اور مقابلے مین اُسکے عالم مثال حقیقت اُسکی ہے اور عالم مثال مجاز ہے اور اُسکے مقابلے مین عالم ارواح حقیقت اُسکی ہے اور عالم ارواح مجاز ہے اُسکے مقابلے مین عالم اعیان حقیقت اُسکی ہے اور عالم اعیان مجاز ہے اُسکے مقابلے مین علم حقیقت اُسکی ہے اور علم مجاز ہے اور اُسکے مقابلے مین ذات حقیقت اُسکی ہے کہ ابطن البطون ہے محل دوم یہ کہ حقیقت کو مقابلے مین اعتبار کے بولتے ہین جیسے کہ ذات حق تعالے کی حقیقت ہر شے کی ہے اور حقیقت ہر شی کی کہ ایک امر اعتباری ہے ذات حق تعالے سے اعتبار کیجاتی ہے اور ذات حق تعالے کی حقیقۃ الحقائق ہے محل سوم یہ کہ لفظ حقیقت کو واقع اور نفس الامر مین بولتے ہین کہ وہ کل صور علمیہ اور اعیان ثابتہ ہے اُسکو حقیقۃ الممکنات کہتے ہین (حروف) اعیان کے حقائق بسیطہ کو کہتے ہین (**حروف عالیات**) حروف عالیات شیون ذاتیہ اور اعیان ثابتہ کو کہتے ہین کہ غیب الغیب مین پوشیدہ ہین جیسے کہ درخت گٹھلی مین (**حقیقۃ الحقائق**) ذات بحت کو کہتے ہین جو ذات احدیت ہے اور جامع ہے جمیع حقائق کا جسکو حضرت الجمع اور حضرت الوجود بھی کہتے ہین (**حقائق الاشیاء**) اعیان ثابتہ کو کہتے ہین (**حقیقت انسانی و حقیقت آدم**) مرتبہ واحدیت اور تفصیل صفات کو کہتے ہین (**حضرت جمع و حضرت ربوبیت و حضرت ارتسام و حضرت الوہیت**) واحدیت اور تفصیل صفات کو کہتے ہین (**عالم امر**) عالم ارواح کو کہتے ہین (**حقائق القلوب**) عالم مثال کو کہتے ہین (**حقائق الٰہی**) حقائق الٰہی اٹھائیس اسماء الٰہی کو کہتے ہین کہ مرتبہ واحدیت مین ظہور پائے ہین یہ سب ارباب ہین جنکی تفصیل کہ بدیع باعث باطن آخر ظاہر حکیم محیط شکور غنی مقتدر رب علیم قاہر نور مصور محصی مبین قابض حی محیی ممیت عزیز رزاق مذل قوی لطیف جامع رفیع ہین (**حقائق کیانی**) حقائق کیانی بھی اٹھائیس ہین کہ اٹھائیس اسماء الٰہی سے ظاہر ہوئے ہین یہ سب مربوبات ہین اس تفصیل کے ساتھ کہ عقل کل نفس کل طبیعت کل جوہر ہبا شکل کل جسم کل عرش کرسی فلک البروج فلک منازل فلک زحل فلک مشتری فلک مریخ فلک شمس فلک زہرہ فلک عطارد فلک قمر کرہ نار کرہ ہوا کرہ آب کرہ خاک مرتبہ جماد مرتبہ نبات مرتبہ حیوان مرتبہ ملک مرتبہ جن مرتبہ انسان مرتبہ جامع یعنی بدیع سے عقل کل پیدا ہوئی یعنی فاعل اور رب ہے اور عقل کل مربوب اور مفعول اور باعث سے نفس کل اور باطن سے طبیعت کل اور آخر سے جوہر ہبا اور ظاہر سے شکل کل اور حکیم سے جسم کل اور محیط سے عرش اور شکور سے کرسی اور غنی سے فلک بروج اور مقتدر سے فلک منازل اور رب سے فلک زحل اور علیم سے فلک مشتری اور قاہر سے فلک مریخ اور نور سے فلک شمس اور مصور سے فلک زہرہ اور محصی سے فلک عطارد اور مبین سے فلک قمر اور قابض سے کرہ نار اور حی سے کرہ ہوا اور محیی سے کرہ آب اور ممیت سے کرہ خاک اور عزیز سے مرتبہ جماد اور رزاق سے مرتبہ نبات اور مذل سے مرتبہ حیوان اور قوی سے مرتبہ ملک اور لطیف سے مرتبہ جن اور جامع سے مرتبہ انسان اور رفیع سے مرتبہ جامع پیدا ہوئے پس ان ارباب اور مربوبات کو حقائق الٰہی اور حقائق کیانی کہتے ہین مقدمہ کی بحث تنزلات مین تفصیل مذکور ہین (**حق الیقین**) شہود حق تعالے کا بیچ مقام عین جمع احدیہ کے اور حق تعالے مین محو ہونا اور اپنے کو فنا کرنا اور ساتھ حق تعالے کے باقی رہنے کو حق الیقین کہتے ہین (**حقیقت عبد**) اصطلاح مین عدم مطلق کو کہتے ہین کہ اُسمین نابود ہے (**حجۃ الحق**) انسان کامل کو کہتے ہین کہ مرتبہ حضرت خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے (**حب**) اصطلاح مین علم حق اور مرتبہ انا اور حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اور حب حقیقی اور حب ذاتی کو کہتے ہین (**حیرت**) مرتبہ احدیت مین محو ہونا اور عارف کا دیدہ دل سے تجلی اسم کا مشاہدہ کرنے کو کہتے ہین (**حواس**) جمع حاسہ یعنی



اصطلاح اطبا و حکما زنانہ کے ہے لیکن حسب اصطلاح حضرات صوفیہ صافیہ رضوان اللہ تعالے علیہم کے سوائے اُن حواس مذکورہ کے واسطے قلب کے بھی پانچ حواس ہیں مانند حواس خمسہ ظاہری کے اسلیے کہ دماغ سے قلب کی طرف راستہ ہے بوجہ تزکیہ اور تصفیہ اور تجلیہ کے وہ راہ کھلجاتی ہے اور چشم دل سے حق تعالے نظر آتا ہے اور گوش دل سے کلام ربانی مسموع ہوتا ہے انھیں حواس خمسہ قلب سے حق تعالے کو پاتے ہیں اور انھیں حواس قلب کا نور اور عقل اور روح اور سر اور خفی نام رکھتے ہیں واضح ہو کہ آدمی زاد مخصوص ہے ساتھ خلافت کے اور ظہور تصرف خلافت کا موقوف ہے حواس خمسہ پر کیونکہ قوت باصرہ مظہر عالم شہادت کا ہے کام بصر کا تعلق ہے ساتھ عالم شہادت کے اور قوت ذائقہ مظہر ہے عالم مثال کا کہ اجزا رطب و یابس کو ساتھ حاسہ ہین کے مرطوب اور ما خوذ اجزا وتیقہ کے مبتدل کرتی ہے اور ذائقہ لسان کے پہونچا دیتی ہے جیسے کہ مذکور ہوا اور قوت شامہ مظہر عالم ابداع کا ہے کہ شئی مشموم کو درجہ بدرجہ لطیفات کرکے بوکے ساتھ مبدل کرتی ہے اور مام الدماغ تک پہونچا دیتی ہے دہم اور جرم شئے کو اور قوت سامعہ مظہر عالم غیب کا ہے حق تعالے نے قوت سامعہ کو واسطے اخبار غیب اور استماع اخبار غیب کے پیدا کیا ہے اور قوت لامسہ مظہر ہین جامعہ کا ہے کہ سارے ہر عضو سے ہر جگہ مین ملمس ہے بلکہ یہ حاسہ وجود کو محیط ہے اور ہر طرف دو وسعت اور ذو جہت رکھتا ہے ایک رویہ طرف حق کے اور دوسرا روی طرف باطل کے کہ عام ہے اور جو رو یہ کہ حق ہے محض معرفت ہے اور جو رو یہ باطل ہے عین مکروہ غیرت ہے اور آیۂ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ مشعر اس امر کا ہے کہ حواس ابواب معرفت ہین اور دل موضع اُنکا کما قال تعالے اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ پس بنظر کشف کے بنا و ہیأت معرفت کی ایک اصل پر ہے کہ وہ خبر اور اثر اور نظر اور لذت نظر اور استغراق بالمنظور ہے پس حاسہ سمع حظ پاتا ہے معرفت کے کہ مشتاق ہے غیب مین ہو مشتوق یا معنوی ہیں بسبب خبر اور اثر کے لیکن اگر وہ غیب ہین بلکہ غیرت اور اگر حضور مین ہے تو اقرار و نشان سے حظ پاتا ہے پس معرفت حس سمع سے بدولت خبر اور اثر کے ہے اور یہ مقام کلیم صلوات اللہ تعالی علی نبینا وعلیہ السلام اسی جگہ سے فرمایا تھا موسی علیہ السلام نے اَنِّیْۤ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّیْۤ اٰتِیْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اور حاسہ سمع ایک جز ہے اجزا جسم سے جیسے کہ کلام اعضا میں سے ایک محل مخصوص مین ہے پس اس مقام مین ایک جز کا ایک جز کے ساتھ ہے اور یہ معرفت قلیل الاثر ہے اور حاسہ شم فقط اثر اور نشان سے حظ پاتا ہے نہ خبر اور طریقہ معرفت اس حاسہ کی اثر اور نشان سے ہے یہ مقام عیسی علی نبینا وعلیہ السلام کا ہے کہ فرمایا اللہ تعالے نے اُنکے حق مین فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا اگرچہ موضع شم بھی ایک جز ہے اجزا جسم سے لیکن یہ حظ پاتا ہے اثر اور نشان کل مشموم سے کیونکہ طیبہ روح تمامی اجزا مشموم مین موجود ہے پس اس جگہ اثر کل کا کل کے ساتھ ہے دنظر اس جگہ کام کرتی ہے پس معرفت حاسہ شم کی معرفت حاسہ سمع سے کامل ہے اور عارف کو اس سے حظ تمام ہے اور حاسہ بصر حظ پاتا ہے بسبب نظر اور خبر کے اس جگہ بالکل حجاب مرتفع ہے اس مقام مین بدون واسطہ خبر کے مین مشتوق سے حظ پاتا ہے یہان طریقہ معرفت ساتھ نظر اور منظور کے ہے یعنی یہ معرفت بلا حجاب ہے اور یہ مقام ابراہیم خلیل کا ہے علی نبینا وعلیہ السلام اسواسطے آنحون نے فرمایا تھا ہٰذَا رَبِّیْ ہٰذَاۤ اَكْبَرُ اگرچہ یہ حاسہ بھی محل مخصوص مین ہے لیکن احاطہ اسکا بے حجاب ہے حس سے تمامی منظور کے پس معرفت حس بصر کی اقوی ہے معرفت حاسہ سمع اور

اسمار بعض انکے بعض سے (حکمۃ منطوق بہا) وہ علوم شرعیہ اور طریقہ کے ہین (حکمۃ مسکوت عنہا) یہ اسرار اُس حقیقت کے ہین جنکو علماء رسوم اور عوام جیسے کہ چاہیے نہین سمجھتے ہین پس انکار کرتے ہین اُنکا پس ضرر کرتی یا ہلاک کرتی ہے وہ انکو جیسی کہ مروی ہے کہ رسول علیہ السلام اپنے اصحاب کرام کے ساتھ ایک روز مدینہ منورہ کی گلیون مین سے کسی گلی مین تشریف لیے جاتے تھے ایک عورت نے درخواست کی کہ آپ مع اصحاب اپنے اُسکے گھر مین تشریف لیجاوین پس آپ مع اصحاب اپنے تشریف لیگئے اور دیکھا کہ اُسکے گھر مین آتش سُلگی ہوئی ہے اور اُسکی اولاد آتش کے گرداگرد کھیل رہی ہے پس عرض کیا اُس عورت نے کہ یا رسول اللہ آیا اللہ تعالے مہربان زیادہ ہے اپنے بندون پر یا مین اپنی اولاد پر کہ آتش سے بچا رہی ہون فرمایا رسول علیہ السلام نے اُسکے جواب مین کہ اللہ تعالے مہربان زیادہ ہے اپنے بندون پر کیونکہ وہ ارحم الراحمین ہے پھر عرض کی اُس عورت نے یا رسول اللہ آیا مین چاہونگی کہ اپنی اولاد کو آتش مین ڈال دون فرمایا نہین پس عرض کیا اُسنے یا رسول اللہ کیونکر ڈالیگا اللہ تعالے اپنے بندون کو آتش دوزخ مین حالانکہ وہ ارحم الراحمین ہے اپنے بندون پر پس رسول علیہ السلام مع اصحاب اپنے روئے اور فرمایا کہ ایسی ہی وحی بھیجی اللہ تعالے نے طرف میری (الحکمۃ المجہول عینہا عندنا) یہ اسرار ہین اُس چیز کے کہ اُسکی ایجاد مین وجہ حکمت کی ہم پر پوشیدہ ہے جیسے کہ ایلام بعض بندون اور موت اطفال اور خلود فی النار پس واجب ہے ہمپر ساتھ اُسکے ایمان لانا اور راضی ہونا وقت وقوع اُسکے اور اعتقاد کرنا اُسکی حکمت اور عدالت پر (الحکمۃ الجامعۃ) یہ عبارت ہے معرفت حق اور باطل سے اور عمل کرنا ساتھ حق کے اور اجتناب کرنا باطل سے کہا رسول علیہ السلام اللہم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعہ وارنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابہ (خودی) خودی انانیت کو کہتے ہین یہ دو قسم پر ہے ایک خودی ابلیس دوسری خودی حق تعالے کی اور تحقیق اسکی باب الالف بحث انا مین مذکور ہے (خرابات اول) اصطلاح مین عالم [illegible] کو کہتے ہین (خمار الخفا) مرتبہ سلب و فنا اور ذات بحت اور احدیت کو کہتے ہین [illegible] اصطلاح مین عالم معنی اور مقام عشق کو کہتے ہین [illegible] اور مجمع اسرار الٰہی [illegible] اور [illegible] اور روانائی اور نقطہ سیاہ مخیم کو کہتے ہین اور اصطلاح مین نقطہ ذات اور تجلی جلالی کو کہتے ہین [illegible] اور ہستی صرف اور منشا الوجدان سے ہے (خرابات) اصطلاح مین باطن عارف اور پیر کامل کو کہتے ہین جس سے عشق اور شوق اور اسرار الٰہی حاصل ہووین (خرابات) استغراق سالک کو کہتے ہین (خلق) اصطلاح مین عالم ارواح سے عالم شہادت تک خلق کہتے ہین (خلیفہ) اصطلاح مین انسان کامل کو خلیفہ کہتے ہین اور یہی خلیفہ اُس شخص کو کہتے ہین جسکو اپنے قائم مقام کرین جیسے کہ خلیفہ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق اور حضرت عثمان ذی النورین اور حضرت علی مرتضی رضوان اللہ تعالے علیہم کہ چار مین اور جیسے کہ خلیفہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین اور حضرت حسن بصری اور حضرت کمیل ابن زیاد رضی اللہ تعالے عنہم ہین کہ چار ہین ایسے ہی یہ چار پیر اور چودہ خانوادہ وغیرہ مین سلسلہ خلافت کا جاری ہے (خیال) لغت مین اُس صورت کو کہتے ہین جو خواب مین دیکھتے ہین یا بیداری مین تصور کرتے ہین یا پانی مین یا آئینہ مین دیکھتے ہین اور اُس قوت کو بھی کہتے ہین کہ جو صورتین محسوس حس مشترک مین آکر غائب ہووین تو اُنکی محافظت کرے اصطلاح مین تعین اول اور وحدت اور خیال اول کو کہتے ہین یعنی کہ صورت حق سبحانہ و تعالے کا حقیقت محمدی کو ساتھ انا کے پس یہی ہے حقیقت مین اصل وجود اور ذات کی جس مین کمال ظہور حق تعالے کا ہے

پیاپے امداد فیضان وجود نفس رحمٰن سے وجہ ممکن کے ساتھ پیاپے انعدام وجود ممکن کے اسطرح کہ آنات متتالیہ میں
خلق جدید ہوتا رہتا ہے اسکے انعدام اسکا سنہ تحقیق اسکی شرح وار مقدمہ میں مذکور ہے (خمار) مرشد کامل کو کہتے ہیں

آٹھواں مراقبہ باب الدال کا ہے (دم) لغت فارسی میں نفس یعنی سانس کو کہتے ہیں اور اہل اللہ
کی اصطلاح میں حرکت باطنی کو دم کہتے ہیں یعنی حرکت ذات باری تعالےٰ کو دم کہتے ہیں پس سانس انسان وغیرہ
حیوان ذی روح کی ذات کی حرکت سے ہے (دلالت) اصطلاح میں ہونا ایک شئے کا اسطرح کہ علم سے اُس کے
کے لازم آتا ہے علم دوسری شئے کا جیسے کہ علم سے وجود مصنوع کے علم وجود صانع کا حاصل ہوتا ہے (دلائل ثلاثہ)
اصطلاح اہل منطق میں دلالت مطابقی اور دلالت تضمنی اور دلالت التزامی کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں حضرات
صوفیہ کرام کے فنا فی الشیخ اور فنا فی الرسول اور فنا فی اللہ کو کہتے ہیں بعض عدم شعور ناظر کو فنا فی الشیخ اور محویت ملحوظہ
کو فنا فی الرسول اور استہلاک نظر کو فنا فی اللہ کہتے ہیں (دنیا) اصطلاح میں حق تعالیٰ سے غافل ہونا اور حق تعالےٰ
کو فراموش کرنے کو دنیا کہتے ہیں مولانا روم قدس سرہ فرماتے ہیں **بیت** چیست دنیا از خدا غافل شدن * نے قماش
و نقرہ و فرزند و زن * (دیدار) دنیا میں دیدۂ دل سے حق تعالےٰ کو دیکھنا یعنی ہر شئے میں ذات حق تعالےٰ کو
دیکھنا اور کوئی دم ذات حق تعالےٰ سے غافل نہونے کو کہتے ہیں (دوزخ) شریعت غرا میں صفات دوزخ مشہور ہیں اور اصطلاح
صوفیہ میں نفس امّارہ کو کہتے ہیں اور بعض صوفیہ فکر کو دوزخ اور جوع کو برق اور ملال اور حزن اور غم کو درا اور گریان کو بدان
کہتے ہیں (دیر) اصطلاح میں مرشد کامل کے مکان کو کہتے ہیں اور عالم باطن کو بھی کہتے ہیں کیونکہ اسمیں پہونچنے سے
شوق الٰہی حاصل اور اسرار الٰہی پر مطلع ہوتے ہیں (درویش) طالب صادق کو کہتے ہیں کہ وہ سوائے حق اور
ذات حق کے اور کسی چیز کو نہیں چاہتے ہیں اور کسی سے کام نہیں رکھتے ہیں (دہان) صفت حیات کو کہتے ہیں (دلبر)
اور (دوست) اصطلاح میں تجلی صفات کو کہتے ہیں اور وہ صفت قابض کو بھی کہتے ہیں (دلدار) حقیقت روحی
اور صفت باسطی کو کہتے ہیں اور تجلیات صفاتی کو بھی کہتے ہیں کہ سالک کے دل پر روشن ہوتی ہیں (دریچہ) انوار روحانی
کو کہتے ہیں کہ سالک کے دل پر وارد ہوتے ہیں (دانا) مرید صادق سالک کو کہتے ہیں کہ وہ راہ حق میں قدم مضبوط
اور ثابت رکھتا ہے (دبور) صولت اور استیلا وہ نفس امّارہ کو کہتے ہیں اسکو تشبیہ دیگئی ساتھ ریح دبور کے جو
مغرب کی طرف سے آتی ہے کیونکہ استیلا اور صولت نفس کی جہت جسمانیہ کی طرف سے پیدا ہوتی ہے جو مغرب اور
منتہٰی نور الٰہی ہے اور اسکے مقابل میں قبول ہے وہ ریح صبا ہے مشرق کی طرف سے آتی ہے اور یہ صولت اور استیلا
وہ میرے حق کی ہے اسیواسطے فرمایا رسول علیہ السلام نے نُصِرْتُ بِالصَّبَا وَاُهْلِكَتْ عَادٌ بِالدَّبُوْرِ (درۂ بیضا) عقل اول
کو کہتے ہیں کما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اول ما خلق اللہ درة بیضاء الخ اور فرمایا اول ما خلق اللہ العقل

نواں مراقبہ باب الذال کا ہے (ذات) ذات وجود کو کہتے ہیں وجود اور ذات اور ہستی اور
ہست یہ سب ایک ہی معنی میں ہیں حضرات شہودیہ ذات کو وجود سے منفک اور جدا سمجھتے ہیں خطا کرتے ہیں اور
ذات عبد کی عدم محض اور عدم مطلق ہے ہرگز نہیں موجود ہو سکتی ہے (ذوق) اصطلاح میں شہود حق واسطے
حق کے میں ہے میں اسکو ذوق کہتے ہیں یعنی دیدار حق تعالےٰ کا ساتھ حق تعالےٰ کے ہی ہوتا ہے اسلیے کہ عبد کی ہستی
جس وقت میں محو ہوتی ہے اسوقت عبد کی خودی باقی نہیں رہتی ہے بسبب محویت کے پس اسوقت دیدار حق تعالےٰ
کا حق تعالےٰ کے ساتھ ہی ہوگا نہ غیر کیونکہ اسوقت عبد باقی نہ رہا اور غیریت اٹھ گئی بعض کہتے ہیں کہ ذوق پہلے درجے کا
نام ہے درجات شہود حق تعالیٰ میں سے یعنی آثار بوارق تجلیات متوالیہ کے وقت اوائل بعثت تجلی برقی کے اور حیف بادہ

اور ذکر قلبی ایک شغل خاص کو کہتے ہیں وہ یہ ہے کہ سالک اپنے کو غائب اور حق تعالے کو اپنی صورت پر حاضر جانے کہ میں وجود حق تعالے سے موجود ہوں بلکہ میں نہیں ہوں حق تعالے ہی موجود ہے ذکر روحی مشاہدہ کو کہتے ہیں اور وہ یوں ہے کہ پہلے ذات اور صفات اور آثار اور افعال کو پہچان کر نظر باطن کو صفات اور آثار اور افعال سے اٹھا کر ذات پر رکھے تاکہ نظر درمیان تجلی اور استتار یعنی ظہور اور خفا کے ہو وے پس اسوقت مشاہدہ حاصل ہوگا اور جب تجلی غائب ہوئی اور استتار رفع ہو اسوقت اسی نظر کو معائنہ اور ذکر سری کہتے ہیں اور جب تک اشتغال بشری مانع اس نظر کے ہیں تب تک اسکو ذکر سری اور معائنہ کہیں گے اور جبکہ کوئی شغل بشری مانع اس نظر کا نہ ہووے یعنی ہر شغل میں وہ نظر قائم ہووے تو اسوقت اسکو معائنہ اور ذکر خفی دائم الحال کہتے ہیں اور نزدیک عارفان کامل فنا کے مرتبۂ احدیت کو بھی ذکر خفی کہتے ہیں اسلئے کہ جو ذاکر ذات کا ہے اس مقام میں پہونچتا ہے اور گم اور محو اور بیخود ہو جاتا ہے (ذخائر اللہ) یہ ایک قوم ہے اولیا اللہ میں سے حق تعالے بسبب انکے دفع کرتا ہے بلا کو اپنے بندوں سے جیسے کہ دفع کرتا ہے ذخیرہ سے بلا رفاقہ کو (ذو العقل) صاحب عقل وہ ہوتا ہے جو دیکھتا ہے خلق کو ظاہر اور حق تعالے کو باطن پس اسوقت انکے نزدیک حق تعالے آئینہ خلق کا ہوگا اور محجوب ہوگا مثل احتجاب آئینہ کے بسبب اس صورت کے جو آئینے میں ظاہر ہے جیسے کہ مطلق محجوب ہوتا ہے بسبب مقید کے (ذو العین) یعنی صاحب بصیرت وہ ہوتا ہے جو دیکھتا ہے حق تعالے کو ظاہر اور خلق کو باطن پس انکے نزدیک خلق آئینہ حق تعالے کا ہے بسبب ظہور حق تعالے کے اور مختفی ہونے خلق کے حق تعالے میں مثل مختفی ہونے آئینہ کے بسبب اس صورت کے جو آئینہ میں ظاہر ہے (ذو العقل والعین) یعنی صاحب عقل اور صاحب بصیرت وہ ہوتا ہے جو دیکھتا ہے حق تعالے کو خلق میں اور خلق کو حق تعالے میں اور نہیں محجوب ہوتا ہے وہ بسبب ایک ان دونوں کے دوسرے سے بلکہ دیکھتا ہے وہ ایک ہی وجود کو بعینہ حق ایک وجہ سے اور خلق دوسری وجہ سے پس نہیں محجوب ہوتا ہے وہ بسبب کثرت کے شہود احدیت ذاتیہ سے اور نہیں مزاحم ہوتی ہے انکو احدیت ذاتیہ شہود کثرت مظاہر سے ساتھ متجلی ہونے احدیت ذاتیہ کے کثرت مظاہر میں اور نہیں محجوب ہوتا ہے وہ بسبب احدیت وجہ حق کے شہود کثرت خلقیہ سے اور نہیں مزاحم ہوتی ہے تیغ شہود احدیت ذات کے جو متجلی ہے مجالی میں کثرت مجالی اور مظاہر کی اور ساتھ انہیں مراتب ثلاثہ کی طرف حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی رضی اللہ تعالے عنہ نے اشارہ کیا ہے ساتھ قول اپنے کے اور وہ یہ ہے شعر فَفِي الْخَلْقِ عَيْنُ الْحَقِّ إِنْ كُنْتَ ذَا عَيْنٍ وَفِي الْحَقِّ عَيْنُ الْخَلْقِ إِنْ كُنْتَ ذَا عَقْلٍ ۔ وَإِنْ كُنْتَ ذَا عَيْنٍ وَعَقْلٍ فَمَا تَرَى ۔ سِوَى عَيْنِ شَيْءٍ وَاحِدٍ فِيهِ بِالشَّكْلِ ۔

دسواں مراقبہ باب الراء کا ہے

(رب) رب ایک اسم مشتقات کا ہے باعتبار نسب ذات کے طرف اعیان ثابتہ کے جیسے کہ خالق اور رازق وغیرہ ہیں پس رب ایک اسم خاص ہے جو متقاضی ہے کہ مقتضی ہے وہ مربوب اور تحقق اور تعین اور ترتب مربوب کا رب کے ساتھ اسماء الٰہی اور کیانی میں مثلاً اسم رب متقضی ہے کہ اسم بدیع سے عقل کل صادر ہو وعلی ہذا القیاس حسب سلسلۂ اسم رفیع اور اسکے مربوب تک کہ مرتبہ جامع ہے حاصل ہو کہ اسم رب ایک اسم ربانی ہے ترتیب دیتا ہے انکے ذریعے سے حق تعالے درمیان اسماء الٰہی کے کہ ارباب ہیں اور درمیان اسماء کیانی کے کہ مربوبات ہیں وَبِهِ يَفْعَلُ مَا يَفْعَلُ وَبِهِ يَأْخُذُ مَا يَأْخُذُ وَإِلَيْهِ يُرْجَعُ فِيمَا يَحْتَاجُ إِلَيْهِ وَهُوَ الْمُعْطِي إِيَّاهُ مَا يَطْلُبُ مِنْهُ (رب الارباب) اللہ تعالے ہی رب الارباب ہے باعتبار اسم اعظم کے کہ منتہائے مقامی اسماء اور غایت الغایات ہے اور طرف اسی کے متوجہ ہوتی ہیں تمامی رغبتیں اور یہی جامع ہے تمامی مطالب کو اور اسیکی طرف اشارہ کیا حق تعالے نے ساتھ قول اپنے کے کہ یہ ہے وَأَنَّ إِلَىٰ رَبِّكَ الْمُنْتَهَىٰ اور یہی ہے مظہر تعین اول کا پس ربوبیت مطلقہ اسیکے ساتھ مختص ہے بعض کہتے ہیں کہ ساربب کے تین قسم پر ہیں ذاتیہ اور

حسب استعداد جمادی اور نباتی اور حیوانی اور انسانی کے تام اسکا جدا جدا رکھا گیا بعض روح اعظم کو روح قدسی کہتے ہین
اور بعض کہتے ہین کہ روح اعظم رب ہے جو مستتر روح ہے جیسے کہ فرمایا اللہ تعالےٰ نے وَجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا
اور دوسری جگہ مین فرمایا يَوْمَ يَقُومُ الرُّوحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا اور یہ وہ روح ہے جو متمثل ہوئی تھی واسطے موسیٰ علی نبینا
وعلیہ السلام کے او فرمایا اِنِّيْ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا الخ اور روح القدس ہی رحمٰن ہے اور وہ تحت قدرت مین نہین ہے
اور مراد انکے کہ قول سے یہ ہے کہ عبد اپنے مین حقیقت مین حقیقت حق تعالےٰ کو اور اپنے تئین صفات مین صفات حق تعالیٰ
کو اور اپنے تئین افعال مین افعال حق تعالےٰ کو جانے ذات اور صفات اور افعال عبد کے موہوم ہین اور ذات اور صفات
اور افعال حق تعالیٰ کو اپنے مقام مین جانے بہرحال اسمین بہت اختلافات ہین مقدمہ کے بیان تنزلات مین طریق جملہ
معترضہ کے مذکور ہین وہان ملاحظہ کرو (ریاضت) موافق شرع شریف کے عبادت کرنا اور شہود حق مین کوشش کرنا
اور صفائے قلب حاصل کرنے کو ریاضت کہتے ہین (رنگ) معنی اسکے لغت مین بہت ہین اصطلاح مین ظہور ذات اور
صفات اور افعال اور آثار کو رنگ کہتے ہین کہ ہر آن اور ہر لحظہ ایک ایک صورت اور جلوہ تازہ دکھلاتا ہے (ران) ران وہ
ایک حجاب ہے کہ حائل ہے درمیان قلب اور عالم قدسی کے بسبب استیلا ہیات نفسانیہ اور غلبۂ ظلمات جسمانیہ کے اسمین
(رتق) لغت مین باندھنے کو کہتے ہین اور اصطلاح مین مجمل ہونا مادہ و صورت کا کہ جسکا نام عنصر اعظم ہے کہ مطلق مجمل تھا
قبل پیدائش آسمان اور زمین کے اور عنصر اعظم ہیولائے اولیٰ کو کہتے ہین اور بعد پیدائش آسمان اور زمین کے وہ مادہ مجمل
مطلق منفتق ہوا یعنی تفصیل پائی اور کبھی اطلاق کیا جاتا ہے رتق کا اوپر ذات احدیت کے قبل تفصیل اسکی کے حضرت واحدیت
مین جیسے شجرہ گٹھلی مین اور اطلاق کیا جاتا ہے فتق کا اوپر شیئون حضرت واحدیت کے باعتبار ظہور آن شیئون کے حال
یہ کہ رتق اجمال اور فتق تفصیل کو کہتے ہین اور اسیکی طرف اشارہ ہے قول سے حق تعالےٰ کے کہ اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا الخ ہے (رحمٰن) ایک اسم ہے حق تعالےٰ کا باعتبار جمعیت اسمائیہ کے حضرت الٰہیہ میں ہے کہ فائض ہے
وجود اور باقی کمالات جمیع ممکنات پر اور اسم رحمٰن کا اطلاق مرتبۂ وحدت پر بھی کرتے ہین کہ قابل محض ہے (رحیم) یہ بھی ایک
اسم ہے حق تعالےٰ کا باعتبار فیضان کمالات معنویہ کے اہل ایمان پر جیسے کہ معرفت اور توحید وغیرہ ہین اور اسم رحیم کا اطلاق مرتبۂ
واحدیت پر بھی کرتے ہین کہ اسمین تفصیل اسما اور صفات کی ہے (رحمۃ امتنانیہ) اس سے فیضان نعمت ہے بغیر سوال عمل
اور آیۂ رَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ سے اسی رحمت امتنانیہ کی طرف اشارہ ہے (رحمۃ وجوبیہ) وہ رحمت ہے جو واسطے
متقیون کے موعود ہے جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ بلکہ رحمت وجوبیہ
بھی داخل ہے رحمت امتنانیہ مین اسلیے کہ وعدہ کرنا حق تعالےٰ کا ساتھ رحمت وجوبیہ کے بندے کے عمل پر منت محض ہے
(رداء) عبارت ہے ظہور صفات حق سے بندے پر (ردی) یعنی ردا ظاہر کرنا صفات حق تعالےٰ کو ساتھ باطل کے
یعنی جو صفات مختص ساتھ حق تعالےٰ کے ہین انکے ہین سے کسی صفت کو مقابل اپنے ساتھ بر تاو کرنا اصطلاح مین ردی کہتے
ہین یہ عبد کے واسطے موجب ردی ہے یعنی بلا کی ہے قال اللہ تعالیٰ اَلْكِبْرِيَآءُ رِدَآئِيْ وَالْعَظَمَةُ اِزَارِيْ فَمَنْ نَازَعَنِيْ
وَاحِدًا مِّنْهُمَا قَصَمْتُهٗ (رسم) رسم عبارت ہے خلق اور صفات خلق سے اس لیے کہ رسوم آثار کو کہتے ہین کیونکہ
تمامی ماسوی اللہ آثار حق تعالیٰ کے ہین یعنی آثار ہین افعال حق تعالیٰ کے (رعونت) قائم رہنا عبد کا ساتھ حظوظ نفس اور
مقتضیات طبعیہ کو رعونت کہتے ہین (رقیقہ) لطیفۂ روحانیہ کو کہتے ہین اور کبھی اطلاق کیا جاتا ہے رقیقہ کا اوپر واسطہ لطیفہ
کے جو مرتبط ہے درمیان دو شی کے جیسے کہ مدد واصل ہے حق تعالےٰ سے طرف عبد کے کہا جاتا ہے اسکو رقیقۃ النزول اور جیسے
وسیلہ کہ اسکے سبب سے عبد قریب ہوتا ہے حق تعالےٰ سے اور یہ وسیلہ عبارت ہے علوم نافعہ اور اعمال اور اخلاق حسنہ اور مقامات

اور زمین و جماد میں ظاہر ہے مثل اغراق مصباح ارواح انسان کے ہے اسلئے کہ جسد انسان میں کہ جسد انسان میں ظاہر ہے
پھر روح بوجہ نہایت لطافت اور تجرد کے نہیں متعلق ہوتی ہے ساتھ جسد کے مگر بواسطہ قلب کے جیسے کہ چراغ طاق میں بواسطہ قندیل
کے ہے کہ تمام اور کامل نہیں ہوتی ہے صفائی چراغ کی بدون قندیل کے اور قندیل صفائی میں مناسبت رکھتی ہے ساتھ چراغ
کے کیونکہ شیشہ قندیل گویا کہ ایک ستارہ روشن ہے ایسا ہی قلب انسانی میں صفائی ہے کہ مناسبت رکھتا ہے ساتھ صفائی روح
کے پس متعلق ہوتی ہے روح بواسطہ قلب کے ساتھ جسد کے کیونکہ مصباح روح بواسطہ زجاجۂ قلب کے روشن ہوتی ہے جسد میں
بسبب لطافت نفس کے اور نفس اگرچہ بہ نسبت روح کے کثیف ہے لیکن لطافت نفس کی بہتر از زیت کے ہے کہ روشن
کیا جاتا ہے چراغ زیت شجرۂ مبارکہ سے کہ بسبب کثرت منافع کے برکت والا ہے ویسی ہی نفس کہ منافع اور ثمرات اسکے قوی مدد
اور موکد و جیرو نفس سے حاصل ہیں مثل روغن زیتون کے ہے کہ جامع منافع کا ہے کیونکہ صلاحیت رکھتا ہے روغن زیتونہ اشتعال
مصباح اور ادام اور دوا کے لیکن منافع نفس کے کہ جہارت محسوسات اور معقولات مدرکہ نفس سے ہیں بالذات متعلق ساتھ روح
کے نہیں ہوتے ہیں کیونکہ شجرۂ نفس متصف ہے بوصف لاشرقیہ کے کہ کثیف ہے بہ نسبت روح کے بلکہ بواسطہ نفس کے منافع
نفس کے روح کے ساتھ متعلق ہوتے ہیں کیونکہ نفس متصف ہے بوصف لاغربیہ کے کہ لطیف ہے بہ نسبت اجساد کے کہ ظلمانی ہیں
پس نفس مثل زیتون ملک شام کے ہے کہ معتدل اور بہتر ہوتا ہے (يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُورٌ
عَلَىٰ نُورٍ يَهْدِي اللَّهُ لِنُورِهِ مَنْ يَشَاءُ وَيَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ)
یعنی یہ جو کچھ کہ مذکور ہوا متصف ہے ساتھ نفس انسانی کے کیونکہ قریب ہے زیت استعداد نفس انسانی کا کہ تو وہی فطری انہیں
امن اور پوشیدہ ہے یہ کہ روشن ہو وے مثل روشنی روح کے بسبب عروج اس نفس کے طرف فضل کے اور بسبب وصول اسکے
طرف کمال ذاتی اپنے کے اگرچہ مس کیا ہوا اسکو نار عقل فعال نے اور نہ متصل ہوا ساتھ اسکے نور روح قدسی اور روشن ہوتا
زیت استعداد نفس کا بسبب قوت استعداد اور زیادتی صفائی اسکی کا ہے پس یہ نور مشرق نفس کا کہ وجہ خروج الی الفعل کے
اسکو حاصل ہوا ہے نور زائد ہے اوپر نور استعداد اصلی فطری نفس کے گویا کہ وہ نور متضاعف ہے نور اصلی فطری کا پایا ہی تعلق
نور حق تعالی کا ہے ساتھ عالم کے بواسطہ عقول کے جو متعلق بالاجسام ہیں بواسطہ نفوس کلیہ کے جو برکت والے ہیں ساتھ کثرت ملائکہ
کے اور جبکہ ارواح انوار اجساد کے ہیں اور عقول انوار عالم کے اور حق تعالی نور ہے فوق انوار ارواح اور انوار عقول کے
پس نور حق تعالی کا نور متضاعف ہے اوپر انوار ارواح اور انوار عقول کے اور محجوب ہے بسبب انوار روحانیہ اور انوار
عقلیہ کے جیسے کہ انوار روحانیہ اور انوار عقلیہ محجوب ہیں بسبب حجابات اجساد انسان اور عالم کے اگرچہ یہ حجابات وہمی اور
عقلی ہیں جس راہ بتاتا ہے حق تعالی اپنے نور کے طرف ساتھ کشف حجابات ظلمانیہ اجساد اور نورانیہ ارواح اور عقول کے
جسکو چاہتا ہے اپنے بندوں میں سے پس حاصل ہوتی ہے اس بندے کو تجلی شہودی اور بتاتا ہے اللہ مثالیں اور مثال
ان بندوں کو جو قابل اور مستعد تجلی شہودی کے ہیں تاکہ مشتاق ہوویں وہ اسکی طرف اور اللہ ہر شئی کے استعداد کو جانتا ہے
پس بتاتا ہے امثال ان لوگوں کو جو رکھتے ہیں اور مشتاق ہوتے ہیں طرف اسکے اور تجلی ہوتا ہے حق تعالی بقدر استعداد تجلی
کے اور وہ بقدر طہارت نفس کے جو طہارت نفس کی اعمال صالحہ سے حاصل ہوتی ہے خواہ اعمال صالحہ جوارح سے ہوں وہ یا کہ لسانی سے
مثل تسبیح خواطر وغیرہ سے جیسے کہ خود حق تعالی نے آیات آئندہ میں تصریح اسکی فرمائی ہے واضح ہو کہ فقط حق تعالی ہی ظاہر
ہے اور یہ کثرت موہوم محض اور مستقل بحث ہے پس بسبب شدت ظہور حق تعالی کے خلق کی آنکھوں سے مخفی اور پوشیدہ ہے
جیسے کہ خفاش کی آنکھ سے آفتاب پوشیدہ ہے بسبب شدت ظہور کے (فِي بُيُوتٍ أَذِنَ اللَّهُ أَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ
فِيهَا اسْمُهُ يُسَبِّحُ لَهُ فِيهَا بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ رِجَالٌ لَا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ)

حق تعالیٰ کے اور نہیں محبت رکھتا ہے حق تعالیٰ سے کوئی سوائے حق تعالیٰ کے اسلیے کہ یہی سِر طالب حق تعالیٰ کا ہے اور محب
اور عارف حق تعالیٰ کا جیسے کہ فرمایا رسول علیہ السلام نے (عَرَفْتُ رَبِّي بِرَبِّي) اور فرمایا حق تعالیٰ نے زبانی انسان کامل کے
(لَا تَسَعُنِي سَمَائِي وَلَا أَرْضِي) یہاں تخصیص انسان کی باعتبار جمعیت کے ہے ورنہ ہر شے میں سِر حق تعالیٰ کا ہے
(سِر القدم) سابقہ ایک عنایت ازلی ہے کہ اشارہ کیا گیا ہے اسکی طرف قول سے حق تعالیٰ کے کہ (وَبَشِّرِ الَّذِينَ آمَنُوا
وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ) (محو القلب) محو القلب کہ وہ فانی ہونا سالک کا ہے حق
میں وقت مشاہدہ سالک کے حق تعالیٰ کو اسطرح پر کہ باز رہے سالک کو اس مشاہدہ سے استعمال جوارح (سحق) کہ وہ محو
ہونا ترکیب عبد کا ہے وقت ظہور سلطنت سلطان حقیقت کے (سدرۃ المنتہی) برزخ کبریٰ کو کہتے ہیں جسکی طرف سیر اور
اعمال اور علوم جسکے منتہی ہوتے ہیں اور انتہا مراتب اسمائیہ کا ہے کہ اس سے کوئی رتبہ بڑھکر نہیں (سر العلم) سر علم
اسکی حقیقت باری تعالیٰ کی ہے کیونکہ علم عین الحق ہے حقیقت میں اور بسبب اعتبار کے غیر ہے (سر الحال) وہ چیز ہے
جسکے سبب سے اسی حال میں مراد اللہ تعالیٰ کی پہچانی جاتی ہے (سر الحقیقۃ) وہ چیز ہے کہ نہیں افشا کیجاتی ہے وہ سری
میں ہے اور وہ حقیقت حق تعالیٰ کی ہے (سر التجلیات) کہ وہ مشاہدہ کرنا ہے ہر شے کو ہر شے میں ساتھ انکشاف تجلی
اول کے واسطے قلب کے پس مشاہدہ کرتا ہے احدیت جمعیہ کو تمامی اسماء میں بسبب متصف ہونے ہر ایک اسم کے ساتھ جمیع
اسماء کے بواسطے احدیت کہ تمامی اسماء متحد ہیں ساتھ ذات احدیت کے اور ہر ایک اسم باہم متمیز ہے بسبب ان تعینات کے کہ ظاہر
کارجو میں ظاہر ہیں کہ صورتیں ان اسماء کی ہیں پس اس صورت میں مشاہدہ کرتا ہے سالک ہر شے کو ہر شے میں (سر القدر)
سر القدر وہ چیز ہے کہ جانا تھا اسکو حق تعالیٰ نے ہر عین ثابتہ سے ازل میں یعنی حق تعالیٰ نے ہر ایک عین ثابتہ کو ان احوال
کے ساتھ جانا تھا کہ وقت وجود خارجی اس عین ثابتہ کے ساتھ ان احوال کے ظاہر ہوگا پس نہیں حکم کرتا ہے حق تعالیٰ
کسی شے پر مگر ساتھ ان احوال کے کہ عین ثابتہ وقت ثبوت علمی کے ان احوال کے ساتھ متطبع تھا (سر الربوبیۃ) سر الربوبیۃ
عبارت ہے موقوف رہنے سے ربوبیت کے مربوب پر اسلیے کہ ربوبیت ایک نسبت ہے پس ضرور ہے اسکو منتسب کا ہونا اور وہ
ان دونوں منتسب کا مربوب ہے اور وہ اعیان ثابتہ ہیں حال عدم ثابت میں اور جو چیز موقوف رہتی ہے اوپر معدوم کے
پس وہ معدوم ہے پس ربوبیت معدوم ہے بسبب معدوم ہونے مربوب کے اسیواسطے فرمایا سہل تستری قدس سرہ نے کہ
واسطے ربوبیت کے ایک سر ہے کہ وہ اگر ظاہر ہوتا ہر آئینہ باطل ہوتی ربوبیت بسبب بطلان اس چیز کے کہ جسپر ربوبیت موقوف ہے
(سر سر الربوبیۃ) کہ وہ عبارت ہے ظاہر ہونے سے رب کے ساتھ صور اعیان ثابتہ کے پس اعیان ثابتہ باعتبار مظہریت
اپنی کے واسطے رب کے ہو قائم بنا ہے اور ظاہر ہے ساتھ تعینات اپنے کے قائم اور موجود ہیں ساتھ وجود باقی کے
پس اعیان ثابتہ جیسے کہ مربوب ہیں اس اعتبار سے اور حق تعالیٰ رب ہے واسطے ان بندوں کے پس حاصل کلام
ربوبیت حقیقت میں مگر حق تعالیٰ سے ہو اور اعیان ثابتہ اپنے حال میں معدوم ہیں ازل میں پس واسطے سر ربوبیت کے ایک سر
ہے بسبب سر سر ربوبیت کے ظاہر ہوئی ربوبیت اور نہ باطل ہوئی (سر الآثار) یہ عبارت ہیں اسمائیہ سے کہ یہ باطن اکوان کا
(سر الرحمٰن) سالک کا ہے حق تعالیٰ میں وقت وصول تام کے اور اسی کی طرف اشارہ کیا رسول علیہ السلام نے
ساتھ قول اپنے کے کہ (لِي مَعَ اللّٰهِ وَقْتٌ) الحدیث اور اسی معنی میں قول (أَوْلِيَائِي تَحْتَ قِبَابِي لَا يَعْرِفُهُمْ غَيْرِي) ہے
(سعۃ القلب) یہ عبارت ہے متحقق ہونے سے انسان کامل کے ساتھ حقیقت برزخیہ کے جو جامع ہے واسطے وجوب
اور امکان کے کیونکہ قلب کامل کا یہی برزخ ہے اسی واسطے فرمایا اللہ تعالیٰ نے (مَا وَسِعَنِي أَرْضِي وَلَا سَمَائِي وَ
وَسِعَنِي قَلْبُ عَبْدِي الْمُؤْمِنِ) (سقوط الاعتبارات) یہ اشارہ ہے طرف احدیۃ الذات کے کہ اس مرتبہ میں

چرن ہوا اور ہر پہلو کی کسے منزہ ہے اور کبھی محبوب مردود حق تعالیٰ کا (جسم) وجود ظاہری یعنے جسم ظاہری کو کہتے ہیں کو اور بعض نام سے مرکب ہے (شراب) اصطلاح میں اوس ذوق و شوق کو کہتے ہیں کہ عالم باطن سے سالک کے دل پر وارد ہوتا ہے اور سالک کو مست اور بیخبر کرتا ہے (شراب خام) اصطلاح میں مرتبہ محبوبیت کو کہتے ہیں یعنے عابد کا عبادت پر معروف رہنے اور مرتبہ محبوبیت نگاہ رکھنے کو کہتے ہیں (شراب پختہ) کمال شوق اور ذوق الٰہی کو کہتے ہیں (شراب خانہ) عالم معنی اور باطن پیر کامل و معاشق اور عارف کامل کو کہتے ہیں کہ معدن اسرار الٰہی ہیں (شغل) مراد اوس سے تصور کرنا دل اور ذکر و خیال کرنا اور محو ہو جانا اوس میں اور لذت لینا اوس سے (شریعت) رسول علیہ السلام کے اقوال اور افعال کو کہتے ہیں یعنے جو احکام جسم ظاہری سے متعلق رکھتے ہیں جیسے کہ وضو و نماز و حج وغیرہ ہیں (شقاوت) مراد اوس سے دوری حق تعالیٰ سے [illegible] ہیں (شوق) لغت میں جوش اور عشق اور طلب کرنا کسی چیز کو بہت کمال خواہش کے اصطلاح میں کشش حقانی یعنے کشش وجود حقانی اور کہنا اور خودی سالک کر اور جانا سالک کا حق تعالیٰ کی طرف سب کو چھوڑ کر کمال جوش و محبت کے ساتھ اسکو شوق کہتے ہیں (شکر) سالک کا بیخود ہونا اور حق تعالیٰ کو موجود جاننے کو شکر کہتے ہیں (شیخ) اصطلاح میں اوس شخص کو کہتے ہیں جو عالم ہو اور امراو نواہی شریعت کا اور عامل ہو اور واقف ہو اسکے اور [illegible] اور متابعت [illegible] کی ہو کر متابعت اوسکی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک سلسلے سے اور سیر قسم کی ریاضت کی ہو یعنے کم کھانا اور کم سونا اور کم کلام کرنا اور بہت پڑھنا نماز و بہت دینا اور روزے رکھنا اور اخلاق حسنہ اوسکی سیرت ہو جیسے کہ صبر اور شکر اور توکل اور یقین اور طمانیت اور سخاوت اور قناعت اور امانت اور بذل مال اور حلم اور تواضع اور دانائی اور صدق اور وقار اور حیا اور سکون اور رتانی اور مانند اوسکے اور انوار حقیقی سے منور ہو اور اخلاق ذمیمہ سے جیسے کہ کبر اور بخل اور حسد اور حقد اور حرص اور طول امل وغیرہ سے پاک ہو وے اور سوائے علم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کسی کے علم کا محتاج نہو اور علم شگفون اور منصوبون سے مستغنی ہو اور حالات مرتبہ واحدیت اور وحدت سے اور علم حقائق سے واقف ہو اور نیض رسان ہو اور علم حقائق میں کامل ہو یعنے علوم شریعت اور طریقت اور حقیقت میں کامل ہو اور آفات اور امراض نفس اور اونکا دوا کو پہچانے اور اوسکے شفا پر قادر ہو اور ہمیشہ نظر احدیت پر رکھے اور خودی سے گزر کر فنا الفنا سے مشرف ہو اور ہر فعل اور امر حق تعالیٰ سے جانے اور کسی وقت حق تعالیٰ کو فراموش نکرے پس ایسا شخص شیخ اور پیشوا ہونے کے لائق ہے : ہر شیخ کا ذہب کہ فقط رسومات بدعیہ پر مصروف ہے واسطے مثب جاہ اور اموال وغیرہ کے اور یہ علامات جو بطور اجمال اور مختصر کے مذکور ہوئی ہیں اوسمین نہون حاصل یہ کہ شیخ کامل مکمل فی زماننا مثل عنقا کے ہے اور اگر کسی طالب صادق صاحب نصیب کو مجاوے اور وہ اوسکو اپنی صحبت میں قبول کرے تو اپنا جان و مال اوسپر نثار کر دے کیونکہ یہی کیمیا اکبر ہے اور اوسکے ساتھ دل و جان سے محبت و اخلاص رکھے اور اوسکے دل کو اپنے ہاتھ سے نہ جانے دے اور رات و دن اوسکی خدمت اور غلامی میں رہکر فیض حاصل کرے اور سلوک کو تمام کرے دنیا میں پیر کامل مکمل کے برابر کوئی نعمت نہیں جسکے طفیل سے خدا ملتا ہے لیکن جہلہ صوفیہ کی صحبت سے اجتناب کرے کہ اوسمین تضیع اوقات ہے بلکہ اپنی استعداد کو ضائع کرنا ہے جیسے کہ اس مترجم اور شارح فصوص کو بارہا تجربہ ہوا ہے لیکن جبکہ اس ناچیز کو طلب میں کوشش تھی آخر مجبور ہو کر اپنے خالق و مالک کی طرف رجوع اور التجا کی اور مدت مدید تک گریہ کیا تو اوسنے اپنے فضل و کرم سے اور وسیلے سے سامان کر دیا (شیون) اسمائے شانی ہیں اور صور علمیہ و حقائق عالم کہتے ہیں کہ مرتبہ وحدت میں بطور اجمال اور مرتبہ واحدیت میں بطریق تفصیل کے ثابت ہیں یعنے شیون ذاتیہ اعتبارات نقوش صیاد ثابتہ اور حقائق عالم کے ہیں ذات احدیت میں جیسے کہ شجرہ اور اغصان اور اوراق اور اثمار تخم میں اور یہ شیون مرتبہ واحدیت میں ظاہر ہو کر باہم منفصل اور متمیز ہوئے ہیں ساتھ علم کے اور شیون فعلیہ مراتب خارجیہ میں باہم

۱۱۱

علیہ السلام عند اسکے یہان حق کی طرف لوٹین از روے علم اور قول اور فعل کے بسبب صفائی اور قرب باطنی
کے ساتھ باطن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور یقین رکھتے ہین کہ بجز حق تعالی کے اور کوئی موجود نہین اور کبھی شک
نہین لاتے ہین اگر تمام جہان اونکے خلاف کہین اونکو شک نہین آتاہے اور ایمان اونکا بعد انبیا علی نبینا
وعلیہم السلام کے سب سے کامل ہے بسبب کثرت مناسبت کے درمیان انبیا اور صدیقین کے اسواسطے نہین فرق
کیا اللہ تعالی نے درمیان اون دونون کے بموجب آیت (اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ
وَالصِّدِّیْقِیْنَ) کے کسی مرتبے مین اسی جگہ سے فرمایا رسول علیہ السلام نے (اَنَا وَاَبُوْ بَکْرٍ کَفَرَسَیْ رِهَانٍ
فَلَوْ سَبَقَنِیْ لَاٰمَنْتُ بِهٖ وَلٰکِنْ سَبَقْتُهٗ فَاٰمَنَ بِیْ) اسی واسطے مرتبہ صدیق کا بعد انبیا کے سب سے
فائق ہے (صفائی) پاک کرنا قلب کو اس طرح پر کہ اوس مین شہود حق تعالی کا بغیر خلق کے ہو (صنم) حقیقت
روحی اور تجلیات صفاتی کو کہتے ہین کہ سالک کے دل مین تجلی ہوتے ہین (صفات حمیدہ) اون صفات محمود
اور اوصاف مسعود کو کہتے ہین کہ ساتھ صفات جمال کے متعلق ہین (صفات ذمیمہ) اون صفات مذمومہ کو
کہتے ہین جو صفات قہاری اور جلالی کے ساتھ متعلق ہین (صوت سرمدی) آواز ذات کو کہتے ہین کہ قبل
پیدایش خلق کے تھی اور بعد فنا خلق کے بھی رہیگی اور خلق مین اَلْاٰنَ کَمَا کَانَ موجود ہے اور یہ آواز بے جہت
ہے نہ زیر و بالا سے نہ یمین و یسار سے اور دریافت اس آواز کی بہت مشکل ہے کیونکہ آواز تین قسم پر ہے ایک یہ کہ
دو جسم کے صدمہ باہمی سے پیدا ہوتی ہے اس آواز کو آواز محدث اور مرکب کہتے ہین دوسری یہ کہ بغیر حرکت دو جسم
کثیف اور بغیر ترکیب الفاظ کے عنصر آتش اور باد اور درون انسان سے ظاہر ہوتی ہے اور اسکو آواز بسیط
اور لطیف کہتے ہین تیسری یہ کہ ایک آواز بے صدا اور بے جہت ہے جسکو صوت سرمدی اور سر حق کہتے ہین یہ آواز
سمو اور سیجا اور بانسارا اور ریگ انبوہ خلائق مین ظاہر ہوتی ہے بلکہ آواز دف اور دہل اور نقارے پر بھی غالب
آتی ہے کیونکہ غالب نہو کہ یہ اصل تمامی آوازونکی ہے اور تمامی آواز اسی سے ظاہر ہوتی ہین اور کسی وقت
اور کسی حالت مین اس آواز کو فنا اور وقفہ نہین اور اکثر لوگ صاحب اشغال اس آواز کے دریافت مین
حیران رہتے ہین اور بجز کاملین کے کسی کو اس آواز سے خبر نہین اور جبکہ یہ آواز خالص ذات کی ہے اور صفات کا
اوس مین کچھ دخل نہین جبتک کہ صفات کو دور نکرے اس آواز سے مطلع نہوگا اسی راز حق کی طرف حضرت شاہ
شرف الدین بوعلی قلندر قدس سرہ نے اشارہ کیا ہے بیت چشم بند و لب ببند و گوش بند * گر نہ بینی سر حق
بر ما بخند * اور اسی معنی کی طرف مولانا روم قدس سرہ نے بھی اشارہ کیا ہے بیت بر لبش قفل ست و در دل رازہا *
لب خموش و دل پر آوازہا * اور اسی معنی کی طرف دوسرے بزرگ نے بھی متقدمین مین سے اشارہ کیا ہے رباعی
سنہا بین کہ از صوران نماید * چو اندر گوش ما گوید کلام او * ہمہ عالم گرفتہ آفتابے * ز ہے کوری کہ میگوید کلام
او * گمان نکرنا چاہیے کہ یہ آواز فقط اندرون سالک کے ہے اور بس بلکہ تمامی عالم درون و بیرون اس صدا سے
پر ہے کسی کامل نے کیا خوب کہا ہے رباعی بر آور پنبہ پندارت از گوش * ندای واحد القہار بنیوش * ندا می آید
از حق بر دوامت * چرا گشتی تو موقوف قیامت * حدیث صحیح مین حضرت خدیجۃ الکبری رضی اللہ تعالی عنہا سے
مروی ہے کہ حضرت رسالت مآب خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم قبل بعثت کے غار حرا مین تشریف لیجاتے تھے
اور اس شغل کے ساتھ مشغولی فرماتے تھے یہان تک کہ اس شغل کے اثر سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر صورت
جبرائیل علیہ السلام ظاہر ہوتی تھی منقول ہے کہ موسی علیہ السلام سے افلاطون اشراقی نے پوچھا کہ اے پیغمبر

اور مظہریت اسم جواد کے روایت کی جابر رضی اللہ عنہ نے مَا سُئِلَ عَلَیْهِ السَّلَامُ شَیْئًا قَطُّ فَقَالَ لَا سَمِعَ
اسْتَشْفَعَ بِهِ اِلَی الْحُلُوْمِ یُرْدُ سُئِلَ (ک) اور حالت ثانی کے طرف اشارہ کیا امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ
تعالیٰ عنہ نے اور فرمایا اِذَا كَانَتْ لَكَ اِلَی اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ حَاجَةٌ فَابْدَءْ الْمَسْئَلَةَ بِالصَّلٰوةِ عَلَی النَّبِیِّ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اَسْئَلْ حَاجَتَكَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَكْرَمُ مِنْ اَنْ يُّسْئَلَ حَاجَتَيْنِ فَيَقْضِيَ
اِحْدٰهُمَا وَيَمْنَعَ الْاُخْرٰى) اور وجہ تسمیہ صحیح الوجہ کی قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے فرمایا آپ نے
اُطْلُبُوا الْحَوَائِجَ عِنْدَ صَبَاحِ الْوُجُوْهِ (صبا) صبا عبارت ہے نفحات رحمانیہ سے جو مشرق روحانی کے طرف سے
آتے ہیں اور عبارت ہے اون دواعی سے جو باعث ہیں اوپر امور خیر کے (صدق النور) یہ وہ کشف ہے کہ نہیں
بعد اوسکے کوئی خفا اور استتار کیونکہ جسوقت پہونچتا ہے کشف سالک کا مقام جمع تک نام رکھا جاتا ہے اسکا
صدق النور اسلیے کہ اوسکے بعد کوئی استتار اور اختفا نہیں تشبیہ دیتے ہیں اس کشف کو اوس برق کے ساتھ جو
برساوی اور نام رکھتے ہیں اوسکا صادق اور جو برق نہ برساوے اوسکا نام کاذب رکھتے ہیں کیونکہ سالک پر
جب تجلی اور استتار دونوں وارد ہوں مشتبہ ہوتا ہے حال اوسکا (صداء) یہ وہ چیز ہے جو وجہ قلب پر طاری
ہوتی ہے ظلمات سیئات نفس اور صور اکوان میں سے پس حاجب ہوتے ہیں یہ اشیا وجہ قلب پر قبول کرنے سے
حقائق اور تجلیات انوار کو یہ اسوقت ہے کہ جب پہونچے غلبہ نہایت حجاب کو اور جب غلبہ نہایت حد حرمان و حجاب کلی کو پہونچا اوس حجاب کو
رین کہتے ہیں (صعق) یہ عبارت ہے فنا فی اللہ سے یہ سبب تجلی ذاتی کے (سفرۃ) اہل سفر وہ لوگ ہیں جو متحقق ہیں ساتھ ...قلب کے
غیر سے (صُوْرَۃُ الْحَقِّ) حقیقت میں صورت حق تعالیٰ کی خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم ہیں بسبب متحقق ہونے آپکے ساتھ حقیقت احدیت
اور واحدیت کے اور تعبیر کیگئی ہے آپسے ساتھ (ص) کی جیسے کہ اشارہ کیا طرف اوسکے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جسوقت سوال کیا لوگوں نے
اونسے معنی (ص) کے کیا ہیں تو جواب دیا کہ ایک جبل ہے مکہ میں عرش الرحمن ۔ یہ ہے اوس سے مراد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
ہیں پس باقی خلائق آپکی صورتیں ہیں (صُوَرُ الْاِلٰهِ) عبارت ہے انسان کامل سے یہ سبب متحقق ہونے انسان کامل
کے ساتھ حقائق اسمائے الٰہیہ کے (صوامع الذکر) احوال اللہ والوں کو کہتے ہیں کہ جنکے سبب ذاکر مذکور کی جدائی
سے محفوظ رہتا ہے اور اپنے مذکور پہ ہمت لگی ہوئی رہتی ہے (صُوْرَۃُ الْاِرَادَۃِ) مراد اس سے بالکلیہ منقطع ہونا
ہے سالک سے رویت شے کی ساتھ ارادہ غیر اللہ کے اور یہی مراد اوس سے شہود جمیع اشیا کا ہے ساتھ ارادہ حق تعالیٰ
پندرھواں مراقبہ باب الضاد کا ہے (ضمیر) اندیشہ اور سر دل اور اندرون دل اور جو کچھ کہ دل میں گذرے
اور راز اور نہانی اور خواطر دل اور جو کچھ کہ دل میں کوئی بات یا کوئی چیز پوشیدہ کو کہتے ہیں (یہ) لغت اور اصطلاح برابر ہے (ضد)
ضد اور نقیض میں فرق یہ ہے کہ ارتفاع نقیضین اور اجتماع نقیضین محال ہے یعنی ایک اون دو دونو کا ہونا ضرور ہے مثلاً عدم
اور وجود بخلاف ضدین ہے کہ جمع نہیں ہوتے ہیں لیکن مرتفع ہوتے ہیں مثلاً سواد اور بیاض اور یہی دو شے ہم جنس ہوکر
باہم مخالف ہونیکو ضد کہتے ہیں اور دو شے غیر جنس ہوکر مخالف ہونیکو نقیض کہتے ہیں یہ حسب اصطلاح اہل لغت کے ہے لیکن
اصطلاح میں حضرات صوفیہ کے ضد شے عین شے باوجود ضدیت کے یہ ایک مسئلہ مشہور ہے اور اسکو اَلضِّدَّانِ
لَا یَجْتَمِعَانِ بھی کہتے ہیں یعنے بظاہر مثلاً آب آتش نہیں ہوتا ہے اور آتش آب نہیں ہوتی ہے لیکن باطن میں ایک
عین دوسرے کا ہے کیونکہ آب مربوب اسم محیی کا ہے اور آتش مربوب اسم قابض کا تاثیر اور صفت اسم محیی کی
آب میں ہے اور تاثیر اور صفت اسم قابض کی آتش میں ہے پس آب محیی اور آتش قابض ہے لیکن محیی اور قابض
دونوں اسماء اللہ میں سے ہیں اور اسم اللہ جامع ہے جمیع اسماء کا اور اسم اللہ میں صفت اور تاثیر محیی اور قابض دونوں کی

اور ذات اوسکی غیر متناہی اور وجود مین اوسکا شریک محال ہے اور فرش سے عرش تک جملہ تعینات عالم حوادثات
اوسکے شیونات اور حالات ہین اور ساتھ ان شیونات اور حالات کے متحول ہے جیسے کہ اوسنے اپنی احدیت ذاتیہ
سے عالم شہادت تک بلکہ انسان کامل تک تنزل فرمایا اور انھین تنزلات اور حوادثات عالم کو اطوار کے ساتھ بھی
تعبیر کرسکتے ہین اور ایسا ہی ہر ہر فرد عالم کیلیے اطوار اور حالات ہین مثلاً انسان کہ زید اولاً ذات بحت مین تھا پھر وہان سے
باطوار مراتب تنزلات اپنے باپ کے صلب مین آیا پھر وہان سے اپنے ماں کے رحم مین آیا تو محض ایک نجس نطفہ تھا
پھر اوسکو علقہ کیا بعد اوسکے مضغہ کیا بعد اوسکے اوسمین استخوان پیدا کرکے اوسپر گوشت و پوست کا لباس پہنایا تو اوس
حالت مین بھی وہ نجس ہے اور مردہ اور عاجز اور مضطر اور اندھا اور ننگا اور بے حس و حرکت ہے پھر حق تعالی نے اوسے
رحم فرمایا اور اوسمین روح انسانی اور روح حیوانی کہ پرتو روح انسانی کا ہے پھونکی تو قوی طبعی اور نفسانی اور
حیوانی کہ یہ بھی پرتو روح انسانی کے ہین اوسمین ظاہر ہوئین بعد اوسکے ماں سے پیدا ہوکر باطوار طفلی اور شباب اور
کہولت اور شیخوخت مرجاتا ہے پھر باطوار برزخ قبر و حشر جنت و یا دوزخ مین آخر ٹھکانا ہے۔ اسی جگہ سے فرمایا حق تعالی
نے (خَلَقَكُمْ أَطْوَارًا)

اگیارہ مراقبہ باب لظا کا ہے

(ظل) تمامی ظہورات اور تعینات کو
ظل کہتے ہین ظل اول تعین اول اور مرتبۂ وحدت کو کہتے ہین اور ظل ممدود تعین ثانی اور مرتبۂ واحدیت کو کہتے
ہین یعنے ظل وہ ایک وجود اضافی ہے کہ ظاہر ہوا ہے ساتھ تعینات اعیان ممکنات اور احکام ممکنات کہ معدوم ہیں
ہین ظاہر ہوئے ہین وہ معدومات ساتھ اسم نور کے کہ عبارت وجود خارجی سے ہے کہ منسوب ہے طرف معدومات کے پس
بسبب ظلمت عدمیت معدومات کے وہ نور کہ ساتھ صور معدومات کے ظاہر ہے ظل ہو گیا ہے اور موہوم اور
معقول اور عدمیت معدومات کی فی نفسہا ہے اور ظہور اونکا بسبب نور کے ہے جسکا ظل نام رکھتے ہین (قال
اللہ تعالی أَلَمْ تَرَ إِلَىٰ رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ) یعنے پھیلایا وجود اضافی کو اور ممکنات کے پس ظلمت سیاہ
مین ایسی نور کے عدم ہے (وَكُلُّ ظُلْمَةٍ فِي عِبَارَتِهِمْ عَنْ عَدَمٍ النُّورِ عَمَّا مِنْ شَأْنِهِ أَنْ يَتَنَوَّرَ بِهِ وَلِهٰذَا
سُمِّيَ الْكُفْرُ ظُلْمَةً لِعَدَمِ نُورِ الْإِيمَانِ عَنْ قَلْبِ الْإِنْسَانِ الَّذِي مِنْ شَأْنِهِ أَنْ يَتَنَوَّرَ بِهِ
قَالَ اللهُ تَعَالَىٰ اللهُ وَلِيُّ الَّذِينَ آمَنُوا يُخْرِجُهُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ) (ظاہر الممکنات)
یہ عبارت ہے تجلی حق تعالی سے ساتھ صور اور صفات اعیان کے اسی تجلی کا نام وجود اضافی ہے اور کبھی اطلاق
کیا جاتا ہے اوسپر ظاہر الوجود کا (ظل اللہ) انسان کامل کو کہتے ہین کیونکہ حق تعالی انتظام وجود ممکنات کا
اوسکے وساطت سے دیتا ہے (ظل اول) جسکو ظہور اول بھی کہتے ہین باعتبار باطنی کے وحدت اور باعتبار
ظاہری کے عقل کو کہتے ہین کیونکہ پہلے ہی عین اور ظل ظاہر ہوا ساتھ نور تجلی حق تعالی کے اور قبول کیا کثرت
کو شیون حق تعالی کے ہین یہی وحدت اور عقل ہے (ظل الالٰہ) یہ عبارت ہے اوس انسان کامل سے کہ متحقق
ہے وہ ساتھ حضرت واحدیت کے (ظاہر) مراد اوس سے جو کچھ کہ عالم مین روشن اور نظاہر ہے اور کبھی ظاہر آثار
اور افعال اور عالم اجسام کو ظاہر کہتے ہین (ظلمت) اصطلاح مین عدم کو کہتے ہین جو ادراک مین نہین آسکتا
اور جو کچھ کہ ادراک مین نہ آوے ظلمت ہے اور وہ سواے عدم کے اور کچھ نہین کہ وہ غیر مدرک ہے (ظرف) ایک
موجود مستقل دوسری موجود مستقل و یا غیر مستقل مین ہو اوسکو ظرف کہتے ہین جیسے کہ کوزہ و آب اور جوہر و عرض
پس ظہور حق تعالی کا مظاہر کو نہین موجب ظرفیت اور مظروفیت کے نہین ہے اسلیے کہ سواے وجود حق تعالی
کے دوسری غیر کوئی شے موجود نہین ہے کہ موجب ظرفیت کا ہو موجود واحد خود ظرف اور خود مظروف نہین ہوسکتا

وخاک و باد کو کہتے ہین جنکو امہات سفلی بھی کہتے ہین لیکن عنصر آتش اسم قابض سے ظہور پایا اور عنصر باد اسم حی سے اور عنصر آب اسم محیی سے اور عنصر خاک اسم ممیت سے ظاہر ہے اور بعض صوفیہ شوق کو آتش اور باد کو جنبش اور حرکت کہتے ہین اور آب کو منی کہتے ہین کہ شوق اور عشق سے نکلتی ہے اور خاک اوس منی کو کہتے ہین جو رحم مین قرار پاوے (عدم) عدم دو قسم پر ہے ایک عدم محض کہ نقیض وجود کا ہے جیسے کہ شریک باری تعالیٰ دوسرا عدم اضافی کہ وہ ضد وجود کا نہین ہے تحقیق اوسکی مقدمے مین مذکور ہے (عبد) اصطلاح مین جو کچھ کہ لائق ظہور کے ہووے اسکو عبد کہتے ہین اور تعین اول کو عبد حقیقی کہتے ہین اور عبد حقیقی ایک سے زائد نہین ہوتا ہے کیونکہ تعین اول عبارت ہے انا سے کہ وجود مطلق نے اپنی ذات کو اوّلاً ساتھ انا کے تعبیر فرمائی ہے اور اسی انا کو حقیقت محمدی سے تعبیر کرتے ہین جیسے کہ انکے بیان مین یہ مسئلہ مشہور ہے اور خارج مین بھی اوّلاً حقیقت محمدی ظاہر ہوئی ہے کہ عقل اول ہے اسی واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تعین اول اور مخلوق اول کہتے ہین اور دوسری بنوی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ظاہر ہوئے ہین پس حقیقت مین حقیقت محمدی تعین اول اور مخلوق اول ہے پس یہی مخلوق کہ عبد حقیقی ہے ایک وجہ سے مقید ہے اور دوسری وجہ سے مطلق اور اس اعتبار سے تمامی مخلوقات بھی عبد اور مطلق ہین جیسے کہ یہ بھی انکے بیان ایک مسئلہ مشہور ہے بیچ معرفت رب اور عبد کے کہ باعتبار مطلق کے رب اور باعتبار مقید کے عبد ہے اور اگر اس اعتبار اطلاق اور تقید سے قطع نظر کرین نہ عبد ہے نہ رب بلکہ ایک ہی حقیقت ہے اسی جگہ سے کہتے ہین بلا اَلْحَقُّ حَقِيْقَةٌ لَا رَبَّ وَلَا عَبْدَ پس اس ایک حقیقت و جدائی کو حقیقت محمدی اور برزخ کبریٰ کہتے ہین درمیان عبد اور رب کے تا کہ ایک دو نہو جاوین اور دو ایک نہو جاوے یعنی یہ حقیقت برزخ ہے واسطے وصل اور فصل کے عارف واصل دونون کو ایک جانتا ہے اور نادان غافل اپنی غفلت سے دونو کو جدا اور منفک جانتا ہے یعنے اگر کوئی عارف راہ وصال اور عرفان سے آوے تو دونون کو ایک کرتے ہین اور اگر کوئی صورت فصل سے آوے یعنے راہ ناواقفی اور غفلت اور بیگانگی سے آوے تو اون دونون کو جدا اور منفک کرین اور وصال سے محروم رہتے ہین پس جو کچھ کہ ہے یہی برزخ ہے بغیر برزخ کے عبد اور رب کی معرفت نہین حاصل ہوتی ہے اور یہ برزخ بہ نسبت رب کے رب ہے اور بہ نسبت عبد کے عبد اور یہی برزخ جامع البحرین اور فاصل البحرین ہے اور آیہ کریمہ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ سے اسی برزخ کی طرف اشارہ ہے (عروج) اصطلاح مین اجسام سے احدیت تک پہونچنے کو کہتے ہین کہ اصل یہی ہے کما قِيلَ كُلُّ شَيْءٍ يَرْجِعُ إِلَى أَصْلِهِ یعنے سالک اپنے جسم کو محو کرنے سے عالم مثال مین اور عالم مثال کو محو کرنے سے عالم ارواح مین اور عالم ارواح کو محو کرنے سے عالم اعیان مین اور عالم اعیان کو گم کرنے سے وحدت مین اور وحدت کو گم کرنے سے احدیت مین پہنچتا ہے اور اسی طرح پر نزول ذات حقانی کا ہوا ہے یعنے احدیت سے وحدت مین اور وحدت سے واحدیت مین نزول اور ظہور فرمایا اور اس نزول اور ظہور سے مراتب ثلثہ مین کوئی مرتبہ فوقانی خالی نہوا بلکہ ہر ہر مرتبہ اپنے اپنے مقام مین علیٰ حالہٖ باقی اور بحال ہے یہ جو مذکور ہوئے مراتب داخلی ہین پھر مرتبہ واحدیت سے مرتبہ ارواح اور مرتبہ ارواح سے مرتبہ امثال اور مرتبہ امثال سے مرتبہ اجسام مین ظہور فرمایا اور یہ تینون مراتب خارجی ہین اور انھین مراتب ثلثہ تحتانیہ مین بھی کوئی مرتبہ فوقانی بسبب ظہور مرتبہ تحتانی کے خالی نہوا بلکہ علیٰ حالہٖ بحال اور برقرار ہے اس مسئلے کو مسئلہ عروج اور نزول کہتے ہین (عدم العدم) اصطلاح مین عدم العدم احدیت کو کہتے ہین کیونکہ عدم عدم کا اثبات ہے یعنے بجز وجود حقانی کے کوئی موجود نہین ہے

زمین کثرت خلقیہ کے اور بعض مرتبہ احدیت کو مرتبہ عمائیہ کہتے ہیں کیونکہ اس مرتبہ احدیت کو سوائے حق تعالی کے اور کوئی نہیں پہچان سکتا ہے پس مرتبہ عمائیہ حجاب جلال کا ہے سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَیْنَ کَانَ رَبُّنَا قَبْلَ اَنْ یَخْلُقَ الْخَلْقَ قَالَ فِیْ عَمَاءٍ (عمیق) ضور روائی کو کہتے ہیں (عین) ذات حق تعالی کے ساتھ ایک ہوتا اور ہستی حق میں گم ہوتا اور سالک کا اپنے تعین ذات حق میں محو کرنا اور اپنی خودی فنا ہو کر بقا باللہ ہوتا اور لذت وصال کے لینے کو اصطلاح میں عین کہتے ہیں (عین الحیوٰۃ) لغت میں چشمہ آب حیات کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں پرتو اور ظل حیات حق کو کہتے ہیں کہ وہ روح ہے (عینیت) لغت میں یگانگی اور یگانہ ہونے کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں وہ دو قسم پر ہے ایک لغوی دوسری اصطلاحی عینیت لغوی وہ ہے کہ دو چیز باہم ایک ہو دیں جیسے کہ آب و موج اور بحر و حباب اور آب و ژالہ اور گل و بوسے اور آفتاب و ضیا اور تخم و درخت اور شکر و شیرینی اس قسم کی عینیت ذات اور صفات عبد اور رب میں جائز ہے دوسری عینیت اصطلاحی جیسے کہ شخص اور عکس حروف اور سیاہی و احد اور عشرہ و شخص اور عکس کے لیے آئینے کا ہونا ضرور ہے یہ عینیت بھی ذات اور صفات میں جائز ہے یعنی عالم شخص ہے اور معلوم عکس اور علم آئینہ ہے پس وجود اور واحدیت اور ہستی اور ذات کو شخص کہتے ہیں اور کمالات اور صفات اور معلوم اور صور تہائے ذات اور واحدیت کا عکس نام رکھتے ہیں اور وحدت کو کہ برزخ کبریٰ اور حقیقت محمدی ہے علم اور آئینہ کہتے ہیں پس ذات حق میں عینیت لغوی اور عینیت اصطلاحی از روئے تحقق اور وجود کے دونوں ثابت ہیں (عالَم) عالم ساتھ فتح لام کے عبارت ہے ظل سے اور ظل نہیں ہے مگر وجود حقانی کہ ظاہر ہوا ہے ساتھ صور ممکنات کے پس بسبب ظہور وجود حق تعالی کو ساتھ تعینات ممکنات کے نام رکھا جاتا ہے اوس وجود کا سوی اور غیر باعتبار اضافت اوس وجود کے طرف ممکنات کے کیونکہ ممکن کے لیے کوئی وجود نہیں سوا اس نسبت کے ورنہ وجود عین حق ہے اور ممکنات اپنی عدمیت پر علم حق میں ابتک ثابت ہیں اور ممکنات شیون ذاتیہ حقانیہ ہیں پس عالم صورت حق تعالی کا ہے اور حق تعالی ہویت اور روح عالم کا اور یہ تعینات وجود واحد حقانی میں احکام اسم ظاہر حق تعالی کے ہیں اور اسم ظاہر مجلی اور مظہر اسم باطن کا حق تعالی کا ہے (عالم خلق وعالم ملک وشہادۃ) یہ عبارت ہے عالم اجسام اور جسمانیات سے جو پائے جاتے ہیں اور موجود ہوتے ہیں بعد امر حق تعالی کے ساتھ مادہ اور مدت کے جیسے کہ پائے گئے اور موجود ہوئے عالم امر اور عالم ملکوت اور عالم غیب ساتھ امر حق تعالی کے بلا مادہ اور مدت کے (عالِم) عالم ساتھ کسرۂ لام کے وہ شخص ہے کہ جسکو مطلع کیا اللہ تعالی نے اوپر ذات اور صفات اور اسما اور افعال اپنے کی باعتبار یقین کے نہ باعتبار شہود کے اور اگر باعتبار شہود کے ہو تو اوسکو عارف کہتے ہیں (عامہ) یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے فقط ظاہر شریعت پر اکتفا کیا ہے ان علما کو علمائے رسوم اور علمائے ظواہر کہتے ہیں (عبادت) یہ عبارت ہے غایت تذلل سے اپنی عبادت میں یہ واسطے عوام الناس کے ہے یعنی فرض عبادت کی بجا لانا اور امر کا ہو اور اجتناب کرنا نواہی سے تذلل کے ساتھ بطمع جنت اور خوف دوزخ کی (عبودیۃ) یہ عبارت ہے صدق نیت اور تصحیح نسبت سے طرف اللہ تعالی کے جو سلوک طریق میں بغیر کسی غرض اور بلا طمع جنت و خوف دوزخ کے ساتھ وقوف کے اوپر ما مور شرعیہ نفسی لازم ہے یہ واسطے خاص لوگوں کے ہے (عبودۃ) یہ واسطے اخص الخواص کے ہے کہ عاقل کیا او نہوں نے اپنے نفوس کو رب کی عبادت میں اور عبادت کرتے ہیں وہ اپنے رب کی مقام جمع اور فرق دونوں میں (عبادلہ) یہ ارباب تجلیات اسمائیہ ہیں متحقق ہوئے ہیں یہ ساتھ حقیقت کسی ایک اسم کے اسمائے حق سے اور متصف ہوئے ہیں ساتھ حقیقت اون اسم کے اور منسوب ہوتے ہیں وہ طرف حق تعالی کے ساتھ عبودیت کے بسبب عبودیت اونکے واسطے حق تعالی کے باعتبار ربوبیت اور پرورش حق تعالی کے بذریعہ کمال اوس اسم خاص کے اونکے لیے جیسے کہ کہا جاتا ہے واسطے

ہے اور بندوں میں سے غنی وہ بندہ ہے کہ مستغنی ہوا ہے سبب حق تعالیٰ کی بخشش کے ہر شے ماسوا حق تعالیٰ کے ہے اسلیے کہ جب
کہ اوسنے وجود کو پایا اور اسکو پہچانا پایا اوسنے ہر شے کو بلکہ نہیں دیکھتا ہے واسطے کسی شے کے وجود و نہ تا فقیر اور محجوب
ہوتا ہے ہر شے سے بسبب شہود محبوب کے (غین) غین ایک صدا ہے یعنے ایک حجاب رقیق ہے کہ قلب پر طاری ہوتا ہے بسبب
تصفیہ قلب کے اور زائل ہوتا ہے ساتھ نور تجلی کے کیونکہ اس حجاب کے ساتھ ایمان باقی رہتا ہے بخلاف رَین کے کیونکہ
یہ ایک حجاب ہے مثل کثیف کے حائل ہوتا ہے درمیان قلب اور ایمان بالحق کے بسبب پہنچنے کے درجۂ کفر تک اور
غین فقط ذہول اور احتجاب ہے شہود حق تعالیٰ سے ساتھ صحت اعتقاد کے (غمگساری) اصطلاح میں صفت
رحمانی کو کہتے ہیں **بیسواں مراقبہ باب الفاء کا ہے** (فقر) فقر لغت میں اوس درویش کو کہتے ہیں
کہ قوت اور کفاف چند روز عیال کا رکھتا ہو اور مسکین وہ ہے کہ قوت اور کفاف ایک وقت کا بھی نہ رکھتا ہو
اور اصطلاح میں فقیر وہ ہے کہ جسکی خودی گئی ہو اور درجہ فنا اور فنا الفنا کا حاصل ہوا ور التفات طرف خلق کے
نرکھتا ہو اور قناعت اور فقر کو اختیار کیا ہو اور خلق سے دامن کھینچ لیکر عزلت اختیار کی ہو اور کسی چیز کا
محتاج نہو جیسے کہ کسی بزرگ نے کہا ہے اَلْفَقِیْرُ لَا یَحْتَاجُ اِلَّا اللہِ تعالیٰ کیونکہ جب خودی گئی اور خودی نرہا
پھر کیا چیز محتاج ہوگی اور حضرت جنید بغدادی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اَلْفَقِیْرُ لَا یَفْتَقِرُ اِلٰی نَفْسِہٖ وَلَا اِلٰی
غَیْرِہٖ حضرت شیخ حریری قدس سرہ فرماتے ہیں اَلْفَقِیْرُ مَنْ لَا قَلْبَ لَہٗ وَلَا رَبَّ لَہٗ وَلَا دِیْنَ لَہٗ
کیونکہ احتیاج صفت شے موجود کی ہے اور فقیر جبکہ نیستی میں غوطہ لگایا احتیاج اوسکو کسی چیز کی نرہی اور فقر
اوسکا تمام ہوا اِذَا تَمَّ الْفَقْرُ فَهُوَ اللہُ فقر کی شان میں رسول علیہ السلام نے فرمایا اَلْفَقْرُ فَخْرِیْ وَالْفَقْرُ مِنِّیْ
اور باوجود ان تمام چیزوں کے صاحب عیال اور اطفال ہو اسی واسطے فقر کا مرتبہ بہت بڑا ہے کہ کام انبیا
علیہم السلام کا ہے (فکر) اصطلاح میں فکر اور اندیشہ کرنا صفات اور نعماء الٰہی اور عنایت اور نسبت حق میں
نہ ذات حقانی میں فرمایا رسول علیہ السلام نے لَا تَفَکَّرُوْا فِیْ ذَاتِ اللہِ وَتَفَکَّرُوْا فِیْ صِفَاتِ اللہِ وَفِیْ
نَعْمَاءِ اللہِ کیونکہ ذات میں فکر کرنا جائز نہیں سوائے صفات اور نعمتوں کے خیال اور فکر کرنا عین عبادت ہے
جیسے کہ بزرگوں نے کہا ہے اَلتَّفَکُّرُ فِیْ سَاعَۃٍ خَیْرٌ مِّنْ عِبَادَۃِ الثَّقَلَیْنِ واضح ہو کہ فکر چند قسم پر ہے ایک تو
یہ ہے کہ فکر کرے سالک کہ کونسے امر میں مخالفت شرع شریف کی ہے اور کس میں نہیں اور کونسے امر میں متعصب ہے
اور کس میں نہیں دوسری یہ کہ فکر کرے سالک کہ ادا سے حقوق حق تعالیٰ سے سالک عاجز ہے اسلیے کہ احسانات
حق تعالیٰ کے بندے پر لَا تُعَدُّ وَلَا تُحْصٰی ہیں اور اسنے اون احسانات کے شکر کو ترک کیا ہے اگر کیا بھی تو بھی
ناقص ہے تیسری یہ کہ تفکر کرے سالک سابق ازل میں جبکہ اَلْعِلْمُ بِمَا هُوَ کَائِنٌ اِمَّا السَّعَادَۃُ وَاِمَّا الشَّقَاوَۃُ
اور اوسکے لاحق میں سابق جلوہ گر ہوگا چوتھی یہ کہ تفکر کرے سالک صنائع و بدائع ملکی اور ملکوتی میں اس مطالعہ
سے استیلا عظمت اور کبریائی حق تعالیٰ کی اوسکے دل پر تازہ ہوگی پس یاد کریگا وعدہ اور وعید کو اور یہ بھی
جاننا چاہیے کہ جلیس متفکر کا نفس ہے اور جلیس ذاکر کا حق تعالیٰ ہے اور ذکر صفت حق تعالیٰ کی ہے بخلاف فکر کے
ذکر نتیجہ معرفت و محبت ہے اور مقدمہ وصول الی اللہ کا اور فکر مقدمہ توبہ کا ہے اور بعض فکر سے مراقبہ بھی مراد
لیتے ہیں بہر حال فکر نتیجہ ذکر اور ذکر نتیجہ فکر ہے (فرق مع الجمع) اصطلاح میں عبد کو عبد جاننا اور رب کو رب
اور کثرت کو ازروے وجود کے واحد جاننا اور صور اور شیونات کو مظہر ظہور حق دیکھنے کو فرق مع الجمع کہتے ہیں (فنا
فی الشیخ) سالک اپنے کو ساتھ اتباع اقوال اور افعال کے مرشد کی صورت پر موجود جاننا اور وجود مرشد میں اپنے کو

تجلیات اسمائی سے کہ اعیان ثابتہ کو خارج میں مطابق صور علمیہ کے وجود بخشتے ہیں (فوائد) خاص کرنا حق تعالیٰ کا راز اپنے ساتھ کسی مخلوق سے جیسے کہ انسان ہے حق تعالیٰ نے حدیث قدسی میں فرمایا ہے اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَ اَنَا سِرُّہٗ (فتق) فتق لغت میں کشادگی اور چیرنے کو کہتے ہیں یہ مقابل رتق کا ہے مراد فتق سے تفصیل ذوات مطلقہ کی ہے ساتھ صور نوعیہ اپنے کے و یا ظہور ہر شئے کا حضرت واحدیت میں نسب اسمائیہ میں سے ہیں و یا بروز ہر شئے کا کہ ذات احدیہ میں شیونات ذاتیہ میں سے تعین جیسے کہ حقائق کو نیہ بعد تعینات اپنے کے خارج میں ہیں تفصیل اسکی باب الراء میں بھی مذکور ہے (الفتوح) یہ وہ چیزیں ہیں کہ مفتوح ہوتی ہیں سالک پر حق تعالیٰ کی جانب سے بعد انغلاق کے جیسے کہ نعمتہا سے ظاہری اور باطنی اور ارزاق اور عبادات اور علوم اور معارف اور مکاشفات وغیرہ (فتح قریب) یہ وہ چیز ہے کہ مفتوح ہوتی ہے سالک پر مقام قلب سے وقت قطع منازل نفس کے اور وہ چیز عبارت ہے صفات اور کمالات قلب سے اسی کی طرف اشارہ ہے قول سے حق تعالیٰ کے نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَ فَتْحٌ قَرِیْبٌ ہے (فتح مبین) یہ وہ چیز ہے کہ مفتوح ہوتی ہے سالک پر مقام ولایت میں تجلیات انوار اسمائے الٰہیہ میں سے جو معین اور مقرر ہیں واسطے صفات اور کمالات قلب کے اور اسی کی طرف اشارہ ہے قول سے حق تعالیٰ کے کہ اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا لِّیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَمَا تَاَخَّرَ ہو مراد ذنب سے صفات نفسیہ اور قلبیہ ہیں (فتح مطلق) یہ اعلیٰ اور اکمل فتوحات کا ہے یہ وہ چیز ہے کہ مفتوح ہوتی ہے عبد پر وقت تجلی ذاتی کے وہ چیز عبارت ہے استغراق عبد سے بیچ عین ذات جمع کے بسبب فنا سے تمامی رسومات خلقیہ کے اور اسی کی طرف اشارہ ہے قول سے حق تعالیٰ کے کہ اِذَا جَاۗءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ ہی (فترۃ) فترت عبارت ہے سرد ہو جانے حرارت طلب کی سالک سے جو لازم ہو واسطے بدایت کے سالک کے کیونکہ جب سالک واصل ہو گیا تپش طلب کی جاتی رہتی ہے (فرق اول) یہ عبارت ہے محجوب ہونے سے طالب کے حق تعالیٰ سے بسبب کثرت خلقیہ کے بقاء رسوم خلقیہ کے اپنے حال پر (فرق ثانی) مراد اوس سے مشہود ہونا قیام خلق کا ہے ساتھ حق تعالیٰ کے اور دیکھنا وحدت کو کثرت میں اور کثرت کو وحدت میں بغیر احتجاب ایک اون دونوں کے دوسرے کا (فرقان) یہ عبارت ہے علم تفصیلی سے جو فارق ہے درمیان حق اور باطل کے اور قرآن وہ ایک علم لدنی ہے اجمالی کہ جامع کل کا ہے (فرق الجمع) یہ تکثر وحدت کا ہے ساتھ ظہور اپنے کے اون مراتب میں کہ وہ مظاہر شیونات ذاتیہ کے ہیں اور یہ شیونات حقیقت میں اعتبارات محض ہیں انکا تحقق اور ثبوت بسبب ظہور وحدت کے ہی ساتھ صور اون شیونات کے ورنہ اصل میں یہ معدومات ہیں (فرق الوصف) یہ عبارت ہے ظہور ذات احدیہ سے ساتھ اوصاف اپنے کے حضرت واحدیہ میں (فرق بین التخلق والتحقق) وہ اصطلاح ہے کہ متخلق وہ ہے کہ وہ حاصل کرتا ہے فضائل اخلاق اور اوصاف حمیدہ کو بطریق تکلف اور تحمل کے اور اجتناب کرتا ہے رذائل اور ذمائم سے پس ظاہر ہوتے ہیں اوس سے آثار اسمائے الٰہیہ کے اور متحقق وہ ہے کہ گردانا اوسکو حق تعالیٰ نے اپنے اسما اور اوصاف کا مظہر اور تجلی فرماتا ہے حق تعالیٰ اوس عبد متحقق میں ساتھ انہی اسما اور اوصاف کے پس محو ہو جاتے ہیں اوس سے رسوم اوصاف اور اخلاق اوسکے (فرد) فرد عبارت ہے نفس کلی طبعی سے بنظر خصوصیت جزئیات کے کہ زید خالد و بکر وغیرہ ہیں کیونکہ موجود مطلق کلی کو افراد اور جزئیات کا ہونا ضرور ہے بخلاف مطلق موجود کے کہ وجود حقیقی خارجی واحد ہے اور واجب ہے حق تعالیٰ پس حق تعالیٰ جبکہ واجب شخص واحد موجود فی الخارج متعین بتعین حقیقی ہے اوسکو فرد اور حصہ کا ہونا ممکن

اور دل وجان سے قطع کیا اور طالب جمال باکمال حق تعالیٰ کا ہو کر واصل ہوا اور اگر ذرہ بھی میلان طرف کونین کے ہو تو وہ قلندر نہیں ہے بلکہ اہل غرور میں سے ہے (قَلَّاش) یہ لفظ ترکی ہے بمعنی مفلس اور رند کے اور اصطلاح میں اہل صفا اور فنا کو کہتے ہیں کہ لذات نفسانی اور شہوانی سے خلاصی پائی یعنے جو کچھ کہ دل میں آوے کبھی اور صاحب بسط ہو (قلاشی) اصطلاح میں مراد اوس سے مباشرت اور معاشرت کرنا سالک کا ساتھ اعمال ہمای کے (قامت) اصطلاح میں ظہور ذات اور اسماء و صفات اور افعال و آثار کو کہتے ہیں اور بعض عالم ارواح سے عالم اجسام تک قامت کہتے ہیں (قہر) تجلی جلالی کو کہتے ہیں یہ ایک تائید حق ہے واسطے طالب کے کہ طالب کو فنا کرتی ہے اور سرحد فنا تک پونہچا دیتی ہے (قلب) قلب ایک جوہر نورانی ہے کہ مجرد ہے مادیت سے اور متوسط ہے درمیان روح اور نفس کے انسانیت انسانی اسی قلب سے متحقق ہے اسی کا نام حکیم نفس ناطقہ کہتے ہیں اور روح اوسکی باطن ہے اور نفس حیوانی مرکب اور ظاہر اوسکا ہے اور نفس حیوانی متوسط ہے درمیان قلب یعنے نفس ناطقہ اور جسد کے جیسے تشبیہ دی حق سبحانہ وتعالیٰ نے جسد کی ساتھ مشکوٰۃ کے اور قلب کی ساتھ زجاجہ کے اور روح کی ساتھ مصباح کے اور نفس کی ساتھ شجرہ کے کما قال تعالیٰ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ تفسیر اسکی باب الزاء میں مذکور ہے پس قلب جسد آدم میں ہے جیسے کہ حدیث قدسی میں وارد ہے اِنَّ فِيْ جَسَدِ ابْنِ اٰدَمَ لَمُضْغَةً وَّفِي الْمُضْغَةِ قَلْبٌ وَّفِي الْقَلْبِ رُوْحٌ وَّفِي الرُّوْحِ نُوْرٌ وَّفِي النُّوْرِ سِرٌّ وَّفِي السِّرِّ اَنَا پس معلوم ہوا کہ جسد میں قلب جزو اعظم ہے اور وہ چار طرح پر ہے ایک قلب صنوبری بشکل صنوبری سینے کے بائیں طرف اندر لٹکا ہوا ہے اور تین قلب اور ہیں کہ وہ قلب منیب اور قلب سلیم اور قلب شہید ہیں قلب منیب جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبٍ اس قلب سے خطرات نیک ظاہر ہوتے ہیں انکا خطرات وحی نام رکھتے ہیں جیسے کہ تقوی اور ریاضت اور عبادت اور ورع وغیرہ ہیں و قلب سلیم جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ اس قلب سے خطرات محبت حق اور قرب رب اور علم عرفان اور طلب راہ سلوک سرزد ہوتے ہیں اور قلب شہید جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ صفت اس قلب کی یہ ہے کہ ہر شئے میں ذات باری تعالیٰ کو پہچانتا ہے واضح ہو کہ قلب صنوبر کہ ایک پارہ گوشت ہے قلب مجازی ہے چونکہ قلب حقیقی اوس سے تعلق ہے اسواسطے اوسکا قلب نام رکھتے ہیں اسواسطے کہ اوندھا لٹکا ہوا ہے اسواسطے قلب نام رکھتے ہیں اور قلب منیب اور قلب سلیم اور قلب شہید تینوں قلب حقیقی ہیں پس قلب حقیقی نہ یمین میں ہے و نہ یسار میں و نہ فوق میں ہے و نہ تحت میں و نہ دور و نہ نزدیک اور یہ قلب بیچ درمیان جبروت اور ملکوت اور ناسوت کے اسواسطے نام انکا قلب ہے اور یہی قلب عرش اللہ ہے اسی جگہ سے حضرت بایزید بسطامی قدس سرہ فرماتے ہیں زیارۃ سجدۃ اٰحد القلب خیر من زیارۃ الکعبۃ سبعین مرۃ (قضا و قدر) قضا ایک حکم الٰہی ہے بطریق اجمال اور قدر بھی حکم الٰہی ہے بطریق تفصیل کے تفصیل اسکی مقدمے میں مذکور ہے (قناعت) لغت میں اندک چیز پر راضی ہونے کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں شب و روز حق تعالیٰ سے اور حق تعالیٰ کی تقدیر اور احکام پر خوش و راضی ہونے اور رضا حق تعالیٰ کو حق تعالیٰ سے طلب کرنے کو کہتے ہیں یہ بھی ایک مقام ہے مقامات بیگانہ میں سے (قرب و بعد) قرب حق تعالیٰ کا آیات قرآنی سے ثابت ہے جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ

وجہ خاص روح اعظم کی ہے یہ اصل روح پر فتوح سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے کہ اوس قلم نے اوپر سر او نکرنام
مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سیم نعین کو کھینچا اسی جگہ ملا عبدالرحمن جامی قدس سرہ فرماتے ہین شعر
محمد کش قلم چون نامور ساخت ۔ ز اسمش حلقۂ طوق دو کمر ساخت ۔ ورنہ دوسرے قلم کو کیا طاقت کہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کو نامور کرے (قسمت) یہ دو قسم پر ہے ایک تقسیم عدد کل کی ہے طرف آحاد اور اجزا اسکے
کے کہ موجب انتفاء کل کا ہے جیسے کہ تقسیم کرنے سے عدد دگنشرہ کے طرف پانچ عدد کے وسکی بشریت جاتی رہتی ہے دوسری
تقسیم مطلق کی ہے بنظر مقیدات اور متعینات کی اور مظاہر اور شیون کی یہ تقسیم مبطل مطلق کی نہین بلکہ اس سے تحقق
اور ظہور مطلق کا ہوتا ہے (قشر) عبارت ہے ہر علم ظاہر سے جس سے علم باطن کی حفاظت کی جاتی ہے اوسکے
فاسد ہونے سے پس علم ظاہر قشر ہے اور علم باطن لب اور مغز جیسے کہ علم شریعت ظاہری قشر ہوا اسکے علم طریقت کے
اور علم طریقت قشر ہے واسطے علم حقیقت کے پس جسنے نہ محفوظ رکھا اپنے حال اور طریقت کو علم شریعت سے فاسد ہوگا
حال اوسکا اور رجوع کریگی طریقت اوسکی طرف ہوا اور ہوس اور وسوسہ شیطان کے اور جسنے وسیلہ نہ بنایا طریقت کو
واسطے حقیقت کے ساتھ مجاہدہ اور ریاضت کے اور نہ محافظت کی واسطے حقیقت کی طریقت سے فاسد ہوگی حقیقت اوسکی
اور رجوع کریگی حقیقت اوسکی طرف زندقہ اور الحاد کے (قوامع) یہ عبارت ہے اون چیزون سے کہ قلع وقمع
کرتی ہین انسان کو اوسکے مقتضیات طبع اور نفس اور ہوا سے اور وہ چیزین امدادات اسمائیہ اور تائیدات الٓہیہ
ہین واسطے اہل عنایت کے سیر اور توجہ الی اللہ مین **بائیسوان مراقبہ باب الکاف کا ہے (کامل)**
اصطلاح مین کامل وہ شخص جو عرفان مین پکا ہے اور اپنی خودی سے خلاصی پائی ہو ۔ ذات حق مین محو ہوا اور شریعت
و طریقت و حقیقت و معرفت مین مضبوط اور مرتبۂ فنا اور بقا مین پہونچا حضرت شیخ عثمان قدس سرہ فرماتے ہین کہ
جو شخص ان چار خصائل مفصلہ ذیل کا جامع ہے وہ کامل ہے اول یہ کہ اگر تمام محصول دنیا اور آخرت کا اوس سے
چھین لیوے تو وہ غمگین نہو دوسری خصلت یہ کہ اگر تمام محصول دنیا اور آخرت اوسکو دیدیا جاوے تو وہ خوش نہو
کیونکہ حزن اور سرور اس طائفہ کا فوت معشوق حقیقی اور وجدان معشوق حقیقی پر ہے تیسری خصلت یہ کہ اگر اوسکو
عزیز دنیا اور آخرت کا گردانے تو وہ خوش و خرم نہو چوتھی خصلت یہ کہ اگر اوسکو ذلیل کونین گردانے تو دلگیر اور
غمگین نہو کیونکہ منع اور عطا اور عز اور ذل انکے نزدیک یکسان ہے اسلیے کہ یہ لوگ بجز معشوق حقیقی کے اور
کسی چیز سے راضی نہین ہوتے ہین اگرچہ جنت الفردوس بھی ہو جیسے کہ حضرت بی بی رابعہ بصریہ قدس سرہا اپنی مناجات
مین فرماتی ہین کہ یارب اگر اس عاجزہ کے نصیب مین دنیا پیدا کی ہے تو کفار کو دے اور اگر بہشت پیدا کی ہے تو مومنون کو
دے اور دنیا مین اس عاجزہ کو اپنا درد محبت و عشق عطا کر اور دار آخرت مین اپنے دیدار سے مشرف فرما شیخ احیا العلی
قدس سرہ فرماتے ہین کہ جس شخص مین یہ چار خصلتین ہونگی ہرگز وہ شخص علم لدنی سے مشرف نہوگا اول کبر دوسری
بدعت تیسری محبت دنیا چوتھی اصرار کرنا ہوا و نفسانی پر (کل) یہ ایک اسم ہے حق تعالی کا اسما حق تعالی مین سے
باعتبار حضرت واحدیۃ الٓہیہ کے جو جامع ہے تمامی اسماء کا اسی واسطے کہا جاتا ہے کہ حق تعالی احد ہے باعتبار ذات
کے اور کل ہے باعتبار اسما کے یہ مستلزم اجزا کا نہین ہے اور کبھی کل بمعنی مرکب کے ہوا اور مستلزم اجزا کا ہو جیسے کہ معنی انسان کے
حیوان ناطق سے مرکب ہین اور یہ مستلزم اجزا کا ہے (کاکل) اصطلاح مین تجلی جلالی کو کہتے ہین (کامل) مرید کا ادب
کو کہتے ہین کرنا فرمان اور بلا اعتقاد مرشد کامل کا ہے کہ مرشد کامل کا قول نہین قبول کرتا ہے (کفر) بضم کاف لغت مین
ناشکری اور نہ قبول کرنا حکم خدا کا اور بفتح کاف چھپانا اور اصطلاح مین کفر دو قسم پر ہے کفر حجابی اور کفر حقیقی
کفر مجازی وہ ہے کہ جسکو کفار اور مشرک رکھتے ہین کہ اوسمین شرک اور ناشکری ذات حق تعالی کی ہے

صوری اور جنت معنوی اور دوزخ اور چار سمت کے چار اقطاب اور ارواح اولیا اور انبیا اور ملائک اور تجلیات اور قرب صفاتی اور قلب اور نفس اور روح اور رویت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام اور مشائخ معتبرین وغیرہ دریافت کرے اس کشف سے سالک واصل نہیں ہو سکتا ہے اور اس کشف میں کبھی خطا بھی واقع ہوتی ہے کیونکہ قلب مثل آئینے کے ہے وقت مشاہدے کے صفائی قلب میں کبھی فتور واقع ہوتا ہے اور اگر صفائی قلب برابر ہے ہرگز خطا نہوگی اور کشف کبریٰ جسکو کشف الٰہی بھی کہتے ہیں وہ ہے کہ جو کچھ کہ موجود ہے حق ہے اور بغیر وجود حق تعالیٰ کے دوسرا کوئی موجود نہیں اور موجودیت اشیا کی بجز اضافت اور نسبت اور ظہور حق تعالیٰ کے کوئی زائد امر نہیں اور حقیقت تمامی اشیا کی حق تعالیٰ ہے کیونکہ غیر حق تعالیٰ کا معدوم محض ہے پس سالک کو چاہیے کہ سوائے حق تعالیٰ کے دوسری کسی چیز کو نہ دیکھے اور بذات حق میں ہمیشہ محو رہے اور اپنے کو گم کرے اور کامل محویت حاصل کرے اور خیال کسی کا نہ رکھے اسی کشف سے سالک واصل ہوتا ہے سلوک میں اصل مقصود یہی ہے اور اسی میں ہی کوشش بلیغ کرے کہ مقصود اصلی ہے اور کشف صغریٰ کہ کشف کونی وغیرہ ہو دنیا اور کھیل اور تماشا اور طالب صادق کے لیے سد راہ ہے کیونکہ وہ مقصود نہیں (کباب) اصطلاح میں پرورش کرنا دل کو تجلیات الٰہی میں (کلیسا) اصطلاح میں عالم حیوانی کو کہتے ہیں (کتاب مبین) مراد اس سے اصطلاح میں لوح محفوظ ہے کما قال تعالیٰ وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ (کلمہ) اصطلاح میں ماہیات اور اعیان ثابتہ اور حقائق اور موجودات خارجیہ میں سے ہر ماہیت اور عین ثابتہ و حقیقت اور موجود خارجی کو کلمہ کہتے ہیں یعنی ہر ہر تعین کو کلمہ کہتے ہیں اور کبھی معقولات کو کہ ماہیات و حقائق اور اعیان میں سے ہیں کلمات معنویہ اور غیبیہ اور خارجیات کو کلمات وجودیہ اور مجردات مفارقات کو کلمات تامہ کہتے ہیں (کلمۃ الحضرۃ) یہ اشارہ ہے طرف قول حق تعالیٰ کے کہ (کن) ہے جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے إِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ إِذَا أَرَدْنَاهُ أَنْ نَّقُولَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ پس یہ کلمہ صورت ارادہ کلیہ حق تعالیٰ کا ہے (کنود) لغت میں ناشکری کرنا اور اصطلاح شریعت میں تارک الفرائض اور طریقت میں تارک النعمۃ ... حقیقت میں اوس شخص کو کہتے ہیں کہ ارادہ کرتا ہے وہ ایک شئے کا اور کرتا ہے ایسا ایک کام کہ جس سے دوری حاصل ہو حق تعالیٰ سے یعنی نہیں پہچانتا ہے وہ حق تعالیٰ کو ... (کوکب الصبح) یہ اول اوس چیز کا ہے کہ ظاہر ہوتا ہے تجلیات میں سے اور کبھی اطلاق کیا جاتا ہے اوسکا اوپر مظہریت نفس کلیہ کے جیسے کہ فرمایا حق تعالیٰ نے فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ رَأَىٰ كَوْكَبًا (کیمیا) یہ عبارت ہے قناعت سے ساتھ ... اوس چیز کے جو موجود ہے اور ترک طلب کا کرنا اوس چیز کا جو مفقود ہے فرمایا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے الْقَنَاعَةُ كَنْزٌ لَا يَفْنَىٰ (کیمیاء السعادۃ) مراد اس سے مہذب کرنا نفس کا ہے ساتھ اجتناب کے رذائل سے اور پاک کرنا نفس کا اون رذائل سے اور اکتساب فضائل کا اور مزین کرنا نفس کا ساتھ اون فضائل کے (کیمیاء العوام) بدل دینا متاع اخروی کا کہ باقی ہے ساتھ حطام اور اسباب دنیاوی کے کہ فانی ہیں (کیمیا) لغت میں مکر اور فریب کو کہتے ہیں اصطلاح میں کیمیاگروں کے چاندی اور سونا بنانے کو کہتے ہیں چونکہ یہ عمل مکر اور فریب سے خالی نہیں ہے اسواسطے اسکو کیمیا کہتے ہیں اور اصطلاح صوفیہ میں نظر مرشد کامل اور عشق کو کیمیا کہتے ہیں (کیمیاء الخواص) خلاص کرنا قلب کو کون سے ساتھ اختیار کرنے خالق کون کو (گیسوی ظاہر) اصطلاح میں طالب کو کہتے ہیں

تیئیسواں مراقبہ باب اللام کا ہے

(لاہوت) اصطلاح میں حیات متجلی اور ...

بالخیر کا (لبس) یہ عبارت ہے اون صور عنصریہ سے کہ جن صورتون کے ساتھ حقائق روحانیہ ظاہر ہوتی ہین قال اللہ تعالیٰ وَلَوْ جَعَلْنَاهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنَاهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِم مَّا يَلْبِسُونَ اسی جگہت ہے کہ حقیقت حق تعالیٰ کی ساتھ صور انسانیہ کے ظاہر ہوئی ہے (لطیفۂ انسانیہ) عبارت ہے نفس ناطقہ سے جسکو قلب بھی کہتے ہین اور نفس ناطقہ کی دو جہت ہین ایک جہت طرف روح کے دوسری جہت طرف روح حیوانی کے جہت اول کو صدر اور جہت ثانی کو فواد کہتے ہین (لوامع) یہ عبارت ہے اون انوار ساطعہ سے جو ظاہر ہوتے ہین اہل بدایات کے لیے کہ ارباب نفوس ضعیفۂ ظاہرہ مین سے ہین پس منعکس ہوتے ہین وہ انوار خیال سے طرف حس مشترک کے پس مشاہدہ ہوتے ہین ساتھ حواس ظاہری کے پس دکھائی دیتے ہین وہ انوار واسطے اہل بدایات کے مثل انوار شہب اور قمر اور شمس کے پس روشن کرتے ہین گرد اگرد اونکے اور یہ انوار یا تو بسبب غلبۂ انوار قہر اور وعید کے اوپر نفس کے پس مائل ہوتے ہین یہ انوار طرف سرخی کے یا تو بسبب غلبۂ انوار لطف اور وعدہ کے پس مائل ہوتے ہین طرف سبزی کے (لیلۃ القدر) یہ وہ رات ہے کہ مختص ہے سالک اوسمین ساتھ ایک تجلی خاص کے کہ بسبب اوسکے پہچانتا ہے سالک قدر اپنی نزدیک محبوب اپنے کے اور یہ وقت ابتدا وصول سالک کا ہے طرف عین جمع اور مقام کاملِ المعرفت کے (لوائح) جمع لائحہ کی ہے لغۃً بمعنی درخشندہ اور اصطلاح مین جو کچھ کہ ظاہر ہووے عالم مثال سے جیسے کہ حال ساریہ کا یہ کہ ظاہر ہوا تھا واسطے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اور یہ کشف صوری سے ہے اور کبھی ظاہر ہوتا ہے بطریق کشف معنوی کے جناب اقدس الٰہی سے (لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ) یہی کلمہ طیبہ مفید معنی توحید کے ہے اور معنی اوسکے بطریق عوام کے یہ ہین کہ لا واسطے نفی جنس کے ہے اور الٰہ اسم اوسکا ماخوذ الٰہ سے ہے اور بھی دوسرے اقوال اسمین ہین اور فضلائے عربی اور سنسکرت اور اہل زبان عبرانی مین قریب اللفظ والمعنی ہے اور الٰہ بدلیل آیۂ قرآنی لَّوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللَّهُ لَفَسَدَتَا کے بمعنی مستحق عبادت کے ہے کہ منحصر فرد واحد مین ہے اور جمع اوسکی آلہہ ہے بطریق مشاکلت بنظر اتحاد اون آلہہ کے بیچ مثل آیۂ فَاتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنصَرُونَ کے وارد ہے پس اس سے ظاہر ہوا کہ آلہہ بیچ کلمہ طیبہ کے بمعنی مستحق عبادت کے ہے اور اِلَّا بمعنی غیر کے ہے اور اللہ نام ہے ذات واجب الوجود کا پس ترجمہ اوسکا یہ ہوا کہ نہین ہے کوئی الٰہ مستحق عبادت کا غیر خدا کے اگرچہ عامۂ مومنین اس ایمان کے سبب سے مستحق جنت کے ہونگے لیکن اس معنی سے بالکلیہ ابطال شرک کا نہوا کیونکہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جو الٰہ مستحق عبادت کا نہوا اگر غیر خدا کے موجود ہو تو مضائقہ نہین ہے عین شرک ہے اسی واسطے حضرت صوفیہ کرام کہ اخص خواص الناس ہین معنی کلمہ طیبہ کے حسب محاورۂ عرب اور لغت کے ہین اسطرح بیان کرتے ہین کہ اہل لغت اور محاورۂ عرب مین مطلق معبود کو کہتے ہین خواہ وہ مستحق عبادت کا ہو یا نہو جیسے کہ مضروب کہ جس پر ضرب واقع ہو خواہ وہ بوجہ حق ہو یا بوجہ ناحق ہوا اور نزدیک اہل شریعت کا ہموتا اور کلمہ طیبہ خصوصاً کہ اصل اصول دین ہے بمعنی اصطلاحی کے نہین ہے بلکہ حسب محاورۂ عرب اہل لغت کے ہے اسی واسطے کفار مکہ نے کلمہ طیبہ سے عینیت آلہہ کی حق تعالیٰ کے ساتھ سمجھا کہ برخلاف اوسکے اپنے زعم مین غیریت جانتے تھے کہا کہ أَجَعَلَ الْآلِهَةَ إِلَٰهًا وَاحِدًا إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ پس اس سے صاف معلوم ہوا کہ غیر حق تعالیٰ کا کوئی نہین پس اس صورت مین معنی کلمہ طیبہ کے یہ ہوئے کہ نہین ہے کوئی موجود زمین میں ہو یا آسمان مین بلکہ جملہ عالم میں ارواح اور امثال اور اجسام مین سے غیر خدا کے کیونکہ اوسکے معنی سے

(مقام) اصطلاح مین مقیم ہونا سالک کا ہے ایک مقام خاص مین اسطرح پر کہ اول سالک آغاز سلوک مین مجاہدہ
اور ذکر اور شغل اور مراقبہ وغیرہ کہ عند الصوفیہ مقرر ہے مشغول ہووے اور اوسکے وسیلے سے منزلونکو طے کرے اور
ترقی کرتا جاوے اور مقام اخیر مین کہ مقام فناء الفنا کا ہے منتہی ہووے اسکے بیان منازل جو کہ ستو منزلین ہین
حسب تعداد اسماے حسنیٰ کے ننانوے منزل تو مراتب تلوین کی ہین کہ اونمین سے ترقی کرنا چاہیے ورنہ سالک
ناقص رہجاوے گا اور منزل اخیر کہ منزل سوئین ہے مقام تمکین کا ہے کہ وہ مقام اقامت سالک کا ہے کہ اسکے
اور ترقی نہین ہوسکتی سواے بقا باللہ کے اس مقام کو مقام نہ اور مقام بقا کہتے ہین (مصقلہ) اصطلاح مین
ذکر الٰہی اور فکر اور شغل اور مراقبہ وغیرہ کو کہتے ہین کہ بسبب اوسکے آئینہ قلب زنگ نفسانیت اور خطرات سے
پاک ہوتا ہے حدیث مین وارد ہے لِکُلِّ شَیْءٍ مَصْقَلَۃٌ وَمَصْقَلَۃُ الْقَلْبِ ذِکْرُ اللّٰہِ تَعَالٰی (ملحد)
لغت مین راہ حق تعالیٰ سے اعراض کرنے والا اور فاسق اور بے دین کو ملحد کہتے ہین اور حضرات صوفیہ کی اصطلاح
مین ملحد پانچ قسم پر ہین ایک تو ملحد شریعت ہے کہ وہ عملاً و اعتقاداً خلاف شرع شریف کرتا ہے اور برتاؤ اوسکا خلاف
احکام شرع شریف کے ہے اور کلام بے شرع کرتا ہے دوسرا ملحد طریقت ہے کہ وہ کاروبار دنیاوی مین مشغول ہو کر خدا سے
غافل ہے باوجود اسکے خود فقیر کہلاتا ہے تیسرا ملحد حقیقت ہے کہ وہ اپنے معبود کو چھوڑ کر دنیاداروں کی تملق اور خوشامد
اور چاپلوسی کرتا ہے اور خود فقیر کہلاتا ہے چوتھا ملحد معرفت ہے کہ وہ عارف کہلاتا ہے اور غیر ہین ہے اور پانچوان
ملحد وحدت ہے کہ وہ حق تعالیٰ کو حی علیم قدیر سمیع بصیر کلیم وغیرہ صفات کمال کے ساتھ متصف جانتا ہے اور سمجھتا ہے
کہ وہ ہر جگہ مین موجود ہے اور کوئی جا اوس سے خالی نہین بلکہ تصور کرتا ہے کہ وہ کہان ہے آیا بالاے عرش ہے یا اسفل
مین یا عالم مین داخل ہے یا عالم سے خارج ہے (مسامرہ) لغت مین کسی کے ساتھ افسانہ کہنے کو کہتے ہین اور اصطلاح
مین خطاب الحق للعبد فی سرہ اور مناجات شبینہ کو بھی کہتے ہین (مراتب ستہ) اصطلاح مین حق تعالیٰ
کے تنزل مین چھ رتبے مقرر ہین اول احدیت ہے کہ اوسمین فقط اعتبار ذات کا ہے اور احدیت کو عالم غیب بھی کہتے ہین
بعض مرتبہ اول وحدت کو کہتے ہین کہ تعین اول اور برزخ کبری اور قابلیت محض ہے اور مرتبہ ثانی واحدیت کو کہتے
ہین کہ اوسمین ذات کے ساتھ تفصیلاً اسماء و صفات کا بھی اعتبار ہے اور مرتبہ ثالث ارواح مجردہ ہین کہ اوسمین
عقول عالیہ اور ارواح انسانیہ ہین اور مرتبہ رابع ملکوت ہے کہ اوسمین نفوس سماویہ اور انسانیہ ہین اور اسکو عالم
مثال بھی کہتے ہین اور مرتبہ خامس عالم ملک ہے کہ عالم اجسام اور اعراض ہے اور اسکو عالم شہادت بھی کہتے ہین اور مرتبہ
سادس عالم انسان کامل ہے کہ جامع جمیع مراتب ہے اور بعض صوفیہ یون کہتے ہین کہ اول احدیت اور ثانی وحدت اور
ثالث واحدیت اور رابع عالم ارواح اور خامس عالم مثال اور سادس عالم شہادت ان مراتب کو تنزلات ستہ
کہتے ہین (محادثہ) لغت مین ساتھ کسی کے کلام کرنے کو کہتے ہین اور اصطلاح مین دعوات روزینہ کو کہتے ہین
(ملجا) لغت مین جاے پناہ کو کہتے ہین اور اصطلاح مین اعتماد رکھنا دل کا ہے اوپر حصول مراد کے حق تعالیٰ سے
(منجا) لغت مین بمعنی جاے گذاشت کے ہے اور اصطلاح مین خلاصی پانا دل کا ہے آفت سے (ممکن الوجود)
اصطلاح مین صوفیہ کرام سکو وجود مثالی کو کہتے ہین اور علماے ظواہر کہتے ہین کہ ممکن الوجود وہ ہے کہ جسکا ہونا ضروری
ہے نہ نہ ہونا ضروری ہے اسمین سلب ضرورت دونون جانب سے ہے اور وہ مخلوق ہے (ممتنع الوجود) اصطلاح
مین مرتبہ سوم کو کہتے ہین کہ وجود اوسکا نہ ظاہر مین نظر آتا ہے نہ باطن مین مگر تجلی اوسکی نظر آتی ہے اور عدم اضافی
کو بھی ممتنع الوجود کہتے ہین (موحد) اصطلاح مین موحد وہ ہے کہ توحید حق اور اوسکے وحدت مین استقرار اوسکا

نظر آوینگے اس کشف کو کشف صوری اور کشف کونی بھی کہتے ہیں (معائنہ) اصطلاح میں غبار الفنا کو کہتے ہیں (مشاہدہ)
صور تجلیات حق کو بغیر حجاب شبا کو دیکھنا اور ماسوا کو دور کرکے نظر باطن کو ذات حق پر محکم رکھنے کو مشاہدہ کہتے ہیں
حضرات صوفیہ نے اختلاف کیا ہے کہ عارف کیلیے دائم مشاہدہ حاصل ہے یا نہیں بعض کہتے ہیں کہ دائم حاصل
ہے اور بعض عدم دوام کے طرف گئے ہیں جیسے کہ عارفین کہتے ہیں مُشَاهَدَةُ الْاَبْرَارِ بَيْنَ التَّجَلِّي وَالْاِسْتِتَارِ
اور حق یہ ہے کہ جبتک کہ ربط اور اتصال قلب کا محکم اور متحقق ہے تب تک مشاہدہ حاصل ہے اسی جہت سے ہے کہ انوار اور
انکشافات کبھی ہوتے ہیں اور کبھی نہیں اور یہی ہیں معنی قول انکے کہ اَلْوَقْتُ سَيْفٌ قَاطِعٌ وَبَرْقٌ لَامِعٌ
(معائنہ) لغت میں روبرو کسی چیز کو دیکھنا اور باہم چار چشمی ہونے کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں معائنہ وہ ہے
کہ انوار تجلیات ہیبت اور رب مانند سالک کے دل پر وارد ہوں اور ان تجلیات میں سالک محو ہو کر اپنی خودی
سے بر طرف ہو اور حق تعالی میں گم ہو (معیت) انکے یہاں ایک مسئلہ مشہور ہے فرمایا اللہ تعالی نے وَهُوَ مَعَكُمْ
اَيْنَمَا كُنْتُمْ یعنے حق تعالی تمہارے ساتھ ہے ذاتاً وصفۃً جہاں ہو تم کیونکہ مخلوقات آثار اور افعال اسما
اور صفات کے ہیں اور اسما اور صفات ذات کو لازم ہیں اور ذات اسما اور صفات کو لازم ہے وجود حقیقی میں
یہ ملازمت ضرور ہے بخلاف عدم حقیقی کے یہاں اسم ہے بغیر مسمی کے کیونکہ عدم کا موجود ہونا محال ہے محض واسطے
تفہیم و تعبیر کے او ... ایک اسم مقرر کیا گیا ہے اب وجود حقیقی کو اسم با مسمی کہتے ہیں اور ظہور آثار
اور افعال انکا ... پس اسکے ظہور ... آثار و افعال اور اسما اور صفات کی ذات
کے ساتھ ثابت ... مقدمے میں مذکور ہے (معرفت) یعنے ذات کو ذات اور صفات کو صفات
بہمہ ذات کو ساتھ ... اور صفات کو ساتھ ذات کے پہچاننے کو اصطلاح میں معرفت کہتے ہیں یہ معرفت تین قسم
پر ہے معرفت علمی معرفت ... معرفت عقلی وہ ہے کہ معرفت عقل سے بغیر دلائل نقلیہ کے حق تعالی کو پہچانے جیسے کہ
... یہ معرفت ناقص ہے کیونکہ ... ناقص ہے اور حادث ہوتی ہے اور حق تعالی
قدیم اور ... ناقص ... نہیں پہچان سکتا ... انکی معرفت ناقص ہے اور دلائل انکے
... بھی قائل نہیں نعوذ باللہ منہا اور معرفت علمی
... کہ حق تعالی کو ساتھ دلائل عقلی اور نقلی کے پہچانے ... انبیا علیہم السلام مطابق نفس الامر کے ہیں
اور وجود دلائل کہ عقلیہ ... انبیا علیہم السلام کے ہیں وہ دلائل عقل سلیم کے ہیں اور قابل اعتبار ہیں
معرفت ... یہ معرفت راہ حق کی بتاتی ہے اگرچہ یہ بھی ناقص ہے کہ اس سے واصل بذات کا
نہیں ہو سکتا ... کہ سالک اپنے نفس کے ساتھ مجاہدہ کرے اور سلوک تمام کرے اور واصل
ہو اور حق تعالی کو ... پہچانے یہ معرفت سب سے افضل ہے اور یہ عنایت حق پر موقوف ہے پھر بعض صوفیہ کرام کے
نزدیک معرفت تین قسم پر ہے معرفت افعالی معرفت صفاتی معرفت ذاتی معرفت افعالی وہ ہے کہ از روے افعال
کے حق تعالی کو ... مخلوق کا حق تعالی کے ارادہ سے ہے اور بدون ارادہ حق تعالی کے صدور فعل کا
کسی مخلوق سے محال ہے ... افعال میں ... ظہور میں ... حق تعالی ہی سے ہے اور معرفت صفاتی وہ ہے
کہ از روے صفات کے ذات ... ہر صفت کو ظہور ذات کا جانے مثلاً کسی نے کلام کیا اور سالک نے سنا
کیا تو خیال کرے کہ ذات حق تعالی کی ساتھ صفت کلیم اور سمیع کے دونوں میں ظاہر ہے اور اگر دل میں وہم اور خیال
اور خطرہ گذرے تو سالک اوسکو باطن حق تصور کرے اور سالک اپنے تئین ظاہر حق خیال کرے اور اگر کسی نے

شافعی رحمہ اللہ کو بعض جہال نے پھٹا ہوا اور پرانا کپڑا پہنے ہوئے دیکھا کہ جسکی کچھ قیمت نہین اونکی عیب جوئی کی
تب آپنے فرمایا شعر لَئِنْ کَانَ ثَوْبِیْ فَوْقَ قِیْمَتِہَا الْفَلْسُ + فَلِیْ فِیْہِ نَفْسٌ دُوْنَ قِیْمَتِہَا الْاِنْسُ
فَثَوْبُکَ شَمْسٌ تَحْتَ اَنْوَارِہَا الدُّجٰی + وَثَوْبِیْ لَیْلٌ تَحْتَ ظُلْمَتِہِ الشَّمْسُ + (**موت اسود**)
موت اسود سے مراد احتمال اور برداشت کرنا ہے ایذائے خلق پر کیونکہ جب نہ پایا سالک نے اپنے نفس مین کوئی
حرج ایذائے خلق سے اور متالم نہوا نفس اوسکا اوس سے بلکہ لذت پایا نفس اوسکا اوس ایذا سے کیونکہ دیکھتا ہے
اوسکو اپنے محبوب سے پس مرگیا وہ بسبب موت اسود کے پس یہی ہے فنائی الافعال بسبب رویت سالک کے
فنا افعال خلق کو اپنے محبوب کے فعل مین بلکہ بسبب رویت اوسکے کے جمیع مخلوق کو فانی اپنے محبوب مین (**ممکن**)
اصطلاح مین عالم ارواح سے عالم اجسام تک جو کچھ کہ ہے ممکن کہتے ہین (**مظہر اتم**) صوفیہ کی اصطلاح مین یہ ایک
مسئلہ مشہور ہے وہ اصطلاح یہ ہے کہ اصل مین مظہر اتم لقب خاص جناب خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے اسلیے
کہ حضرت خاتم الانبیا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاص مظہر اول ذات پاک حضرت رب العزت کے ہین اور باقی
تمامی اشیا کیا انبیا کیا اولیا کیا دیگر اشیا مظاہر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہین پس جبکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
مظہر اسم مبارک اللہ کے ہین اور یہ اسم جامع جمیع اسما کا ہے اور ہر شئے افراد عالم مین سے مظہر ایک ایک اسم خاص کا
ہے بالفعل اور وہی ہر ایک شئے خاص بالقوہ مظہر تمامی اسما کا ہے پس اس صورت سے ہر شئے مظہر اتم ہوئی (**مجذوب**)
اصطلاح مین مجذوب وہ ہے کہ ایک شئے کی ماہیت مین گم ہووے اور ترقی نکرے اور اوسکی لذت مین محو ہووے
اور بعض صوفیہ کہتے ہین کہ مجذوب وہ ہے کہ جسکو پیدا کیا ہے حق تعالی نے اپنے نفس کے لیے اور پسند کیا اوسکو اپنے
انس کے لیے اور پاک کیا اوسکو کدورات غیریت سے پس جمع کیا اوسنے جمیع نعما اور مواہب الہیہ کو اور فائز
ہوا تمامی مقامات اور مراتب کو بلا کلفت اور تعب مجاہدات کے (**محبوب**) اصطلاح مین محبوبیت ایک مرتبہ
مراتب ولایت سے کہ حق تعالی عاشق اوسکا ہے مراد اوس سے مرتبہ وحدت ہے کہ حب حقیقی اور حب ذاتی ہے
جبتک کہ سالک اس مرتبہ مین فانی نہوگا یہ مرتبہ اوسکو حاصل نہوگا ونہ وہ محبوب اور معشوق حق تعالی کا ہوگا
اور محبوب حقیقت روحی کو بھی کہتے ہین (**موجود**) لغت مین جو کچھ کہ قائم بذاتہ اور زندہ اور محتاج کسیکا نہو موجود
کہتے ہین اور اصطلاح مین ذات حق تعالی کو کہتے ہین کہ موجود بوجود ذاتی ہمیشہ قائم اور اپنی موجودیت مین کسی کا محتاج نہین
اور تمامی اشیا اوس سے موجود ہوتی رہین اور موجود مطلق ہے اول جو شئے موجود ہوئی ہے وحدت ہے پھر موجود دو قسم پر
منقسم ہے ایک واجب الوجود دوسرا ممکن الوجود پس واجب الوجود وہ ہے جو واجب بالذات ہو کہ وجود اوسکا ضروری
ہو باعتبار ذات اپنے کے کہ حق سبحانہ و تعالی ہے کہ بسیط محض ہے نہ مرکب جنس اور فصل سے اور ممکن الوجود وہ ہے کہ وجود
اوسکا ضروری نہین ونہ عدم اوسکا ضروری کہ مخلوق ہے اور اصطلاح مین حضرات صوفیہ کے ممکن الوجود خواہ جواہر
ہون خواہ اعراض تمامہ اعراض ہین وجود مطلق مین کہ جنس عالی ہے لیکن فلاسفہ اور اہل منطق اور متکلمین کے
نزدیک ممکن الوجود دو قسم پر ہے ایک جوہر یہ عبارت ہے اوس ممکن سے کہ قائم بذاتہ ہووے اور محتاج کسی محل کا نہو
اور افراد اوسکے پانچ ہین ایک جسم کہ قابل ابعاد ثلثہ ہے یعنے جسکو طول عرض عمق ہو دوسرا ہیولی تیسرا صورت
چوتھا نفس ناطقہ پانچوان عقل جسکو بلسان شرع شریف فرشتہ کہتے ہین یہ نزدیک حکماے مشائین کے ان پانچ مین
منحصر ہین اور حکماے اشراقیین اور متکلمین اور حضرات صوفیہ کے نزدیک غیر محصور ہین دوسری قسم ممکن الوجود کی
عرض ہے جو بذاتہ موجود نہین ہے اور محتاج کسی محل کی ہے اسکی نو قسم ہین اور وہ کیف اور کم اور این اور متی اور

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَ الْاِنْسَانَ الْکَامِلَ مُعَلِّمَ الْمَلَکِ وَاَدَارَ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی شَیْئًا وَتُنَزِّہُ
بِاَنْفَاسِہِ الْفَلَکَ اور فرمایا حضرت شیخ ابو طالب مکی قدس سرہ نے بیچ کتاب قوت القلوب کے اِنَّ الْاَفْلَاکَ
تَدُوْرُ بِاَنْفَاسِ بَنِیْ اٰدَمَ یہ سب اشارہ ہے طرف حقیقت انسانی کے اور جو شخص اس مقام کا اہل ہے
جانتا ہے کہ صورتین تمامی مخلوقات کی اور واسطے اعمال کی جو مراتب مختلفہ مین ساتھ ارادات مختلفہ کے ظاہر ہین
حقیقت مین ایک ہی ارادۂ اصلیہ کے احکام ہین جو متعلق ہین ساتھ انسان کامل کے پس اصل مراد انسان کامل ہے
اور باقی طفیلی اور مراد ثانی ہے اور مرادات مختلفہ کہ احکام ارادۂ اصلیہ کے ہین بسبب تفاوت مراتب موجودات
کے ہین (ما والقدس) وہ ایک علم ہے کہ جس سے پاک ہوتا ہے نفس نجاسات رذائل طبیعیہ سے اور حاصل ہوتا ہے
شہود حقیقی ساتھ تجلی قدیم کے جو رافع حوادث کا ہے کیونکہ حوادث نجس ہین اور مراد اوس علم سے علم حقائق ہے
(مبدئیتہ) مبدأ سے ذات مراد ہے اور مبد شیٔ ایک نسبت محض ہے درمیان احدیت اور واحدیت کے باعتبار
تقدم ذات احدیت کے حضرت واحدیہ پر کہ منشا تعینات اور صفات اور اسما کے ہے اور اضافت محض اعتبار
عقلی ہے (مبادی النہایات) مراد اوس سے فرائض عبادات کے ہین اور وہ نماز اور روزہ اور حج اور زکوٰۃ
ہین یہ سب مبادی نہایات کے ہین کیونکہ نماز بدایت ہے اور نہایت اوسکی کمال قرب اور مواصلت حقیقیہ ہے
اسی واسطے اَلصَّلٰوۃُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِیْنَ کہتے ہین اور زکوٰۃ بدایت ہے اور نہایت اوسکی ماسوی اللہ کو بخشدینا
ساتھ خلوص محبت حق کے اور روزے کا رکھنا بدایت ہے اور نہایت اوسکی روکنا رسوم خلقیہ سے ہے اور اوس
چیز سے جو رسوم خلقیہ کو تقویت دیتی ہے فنا فی اللہ کے ساتھ اسی واسطے فرمایا اللہ تعالیٰ نے حدیث قدسی مین
اَلصَّوْمُ لِیْ وَاَنَا اَجْزِیْ بِہٖ اور حج کرنا بدایت ہے اور نہایت اوسکی وصول الی المعرفۃ اور تحقق ساتھ
بقا بعد فنا کے ہے کیونکہ تمام مناسک اور افعال حج موضوع ہین بجائے منازل اوس سالک کے کہ سلوک کرتا ہے
طرف نہایت مراتب اور مقام احدیت جمع اور فرق کے (مبنی التصوف) یہ عبارت ہے تین خصلتوں سے جنکو
ابو محمد رویم قدس سرہ نے ذکر کیا ہے اور وہ اختیار کرنا ہے فقر او افتقار کو اور ثابت رہنا ساتھ بذل و ایثار کے
اور ترک کرنا تعرض اور اختیار کو علاوہ اسکے عنوان مقدمے مین معنی تصوف کے ہمنے بیان کیے ہین (المتحقق
بالحق) متحقق بالحق وہ شخص ہے کہ مشاہدہ کرتا ہے حق تعالیٰ کو ہر متعین مین بلا تقید کے ساتھ اوسی متعین کے
کیونکہ حق تعالیٰ اگرچہ مشہود ہے مقید اور متعین مین ساتھ کسی اسم یا کسی صفت یا کسی اعتبار یا کسی تعین
یا کسی حیثیت کے پس وہ اوسمین مقید اور منحصر نہین ہے پس حق تعالیٰ مطلق مقید اور مقید مطلق ہے کہ منزہ ہے
تقید اور لا تقید اور اطلاق اور لا اطلاق سے فافہم فانہ دقیق (المتحقق بالحق والخلق) متحقق بالحق والخلق
وہ ہے کہ دیکھتا ہے وہ کہ مطلق کے لیے ایک وجہ خاص ہے ہر مقید مین اور ہر مقید کے لیے ایک وجہ خاص مطلق مین
ہے بلکہ دیکھتا ہے وہ کہ تمامی موجودات کے لیے ایک ہی حقیقت ہے اور اوس ایک حقیقت کے لیے ایک وجہ مطلق
اور ایک ایک وجہ مقید ہے ہر مقید کے ساتھ پس جسنے مشاہدہ کیا اس طریقہ خاص سے ہوگا وہ متحقق ساتھ
حق اور خلق اور فنا اور بقا کے (المجالی الکلیۃ والمطالع والمنصات) ان تینون الفاظ کے معنی قریب
قریب ہین مراد ان سب سے مظاہر ہین اون مفاتح غیوب کے کہ کھل گئی ہین بسبب اونکے وہ ابواب کہ مسدود تھی
درمیان ظاہر اور باطن وجود کے اور یہ مظاہر اور مجالی پانچ ہین اول تجلی ذات احدیۃ اور عین جمع اور مقام
اَوْ اَدْنٰی اور حقیقت الحقائق کا ہے اور یہ مجالی غایۃ الغایات اور نہایۃ النہایات کا ہے اور ثانی تجلی برزخیہ

حق تعالیٰ رابع ثلاثہ کا ہوگا پس حق تعالیٰ ثلاثہ کا غیر ہوگا باعتبار تعینات اونکے اور عین انکا ہوگا باعتبار حقیقت اونکی
کے (محق) مراد اس سے فنا وجود عبد کا ہے ذات حق مین جیسے کہ مراد محو سے فنا افعال عبد کا ہے فعل حق مین اور
جیسے کہ مراد طمس سے فنا صفات عبد کا ہے صفات حق مین پس شخص اول نہین دیکھتا ہے عالم وجود مین کسی شے
کے لیے وجود سوا حق تعالیٰ کے اور شخص ثانی نہین دیکھتا ہے واسطے کسی شے کے کوئی فعل سوا فعل حق تعالیٰ کے
اور شخص ثالث نہین دیکھتا ہے کسی شے کے لیے کوئی صفت سوائے صفت حق تعالیٰ کے (محاضرۃ) مراد اس سے
حضور قلب سالک کا ہے ساتھ حق تعالیٰ کے وقت استفاضہ کے اسمار حق تعالیٰ سے (محاذاۃ) مراد اس سے
حضور سالک کا ہے بتوجہ تام ساتھ مراقبہ کے اسطرح پر کہ غیب کر دیوے وہ اپنے تئین غیر سے حتی کہ نہین دیکھتا ہے وہ
اپنے غیر کو بسبب غیب ہونے اوسکے کے جیسے (محادثہ) مراد اس سے خطاب کرنا حق تعالیٰ کا ہے واسطے کسی عبد کے
کسی ایک صورت مین صور عالم شہادت مین سے جیسے کہ ندا واسطے موسی علی نبینا و علیہ السلام کی صورت نار شجرہ مین
سے (مدد وجودی) مراد اس سے یہ ہے کہ ہر ہر ممکن کو اوسکے بقا اور قیام وجود کے لیے پیاپی حق تعالیٰ کی جانب کی
مدد پہونچتی ہے کیونکہ حق تعالیٰ مدد دیتا ہے ساتھ وجود دینے کے بذریعہ نفس رحمانی کے ہر ہر ممکن کو تا کہ ترجیح پاوے وجود
اوسکا اوسکے عدم پر کہ مقتضا ذاتی اوسکا بدون موجد کے عدم ہے تا کہ ہر آن مین بدل مایتحلل ہووے فنا اور
تنفس وغیرہ سے اور مدد حق تعالیٰ کی حیوانات تو ظاہر اور محسوس ہے لیکن جمادات اور افلاک اور روحانیات مین
پس عقل حکم کرتی ہے ساتھ دوام رجحان وجود ان سب کے اپنے عدم سے اور شہود حکم کرتا ہے ہر ممکن پر ہر آن
مین خلق جدید کا بیان اسکا شروع رسالہ مقدمہ کے بحث تجدد امثال مین مذکور ہوچکا (مراتب کلیہ) مراتب کلیہ چھ
ہین اول مرتبہ ذات احدیۃ دوسرا مرتبہ حضرت الٰہیہ کہ حضرت واحدیہ ہے تیسرا مرتبہ ارواح مجردہ چوتھا مرتبہ نفوس
عاملہ کہ عالم ملکوت اور عالم مثال ہے پانچوان عالم ملک کہ عالم شہادت ہے چھٹا مرتبہ کون جامع کہ انسان کامل ہے
اور یہ مرتبہ اخیر مجلی اور مظہر اور صورت جمعیت الٰہیہ کی ہے واضح ہو کہ مجالی کلیہ پانچ اور مراتب چھ ہین اسلیے کہ مجلی
عبارت ہے اوس مظہر سے کہ جسمین یہ مراتب ست ظاہر ہوں اور ذات احدیۃ کسی شے کا مجلی اور مظہر نہین کیونکہ اوسمین
اصلا تعدد کا اعتبار نہین حتی کہ عالمیۃ اور معلومیۃ کا بھی اعتبار نہین یہ مرتبہ سب مرتبون کی اصل ہے بسبب تنزلات
کے باقی مراتب اس مرتبہ پر مترتب ہین اور مجالی اوس مرتبہ کے مراتب باقیہ ہین خواہ وہ باطنی ہوں یا ظاہری
لیکن مجلی کامل اوس مرتبے کا انسان کامل ہے کہ محاذی اور مقابل ہین اوسکے واقع ہے اور بعض کہتے ہین کہ مراتب
آٹھ ہین اول مرتبہ عالم ملک دوسرا عالم ملکوت تیسرا عالم جبروت چوتھا عالم اعیان ثابتہ پانچوان اسماء الٰہیہ چھٹا صفات
سبحانیہ ساتوان وحدت آٹھوان ذات حق یہ ذات بحت اور ہویت مطلقہ ہے اور غایت الغایات اسکے ماوراء
شکسیکا فہم ہی وہ نہاوراک پس مراتب مظاہر الٰہیہ کلیہ آٹھ ہین اس ترتیب کہ مرتبہ آٹھوان ظہور کا مرتبہ ساتوین کا اور مرتبہ ساتوان ظہور مرتبہ چھٹے کا و علیٰ ہذا القیاس
(ظلام الاکوان) مراد اوس سے وجود مضاف وحدانی ہے کہ وجود حقانی ہے کیونکہ اکوان اور اوصاف اور احکام اکوان
کے اوسی وجود حقانی مین ظاہر ہین اور وجود حقانی بسبب ظہور اکوان کے اوسمین پوشیدہ ہے جیسے کہ وجہ آئینہ کا بسبب
ظہور صورتونکے اوسمین پوشیدہ ہوتا ہے (مرآۃ الحضرۃ) مرآت الحضرۃ عبارت ہے اون تعینات سے جو منسوب
ہین طرف شیون باطنہ کے کہ جنکی صورتین اکوان ہین اسلیے کہ شیون باطنی ہین اور وجود کوئی جو متعین ہے ساتھ تعینات
اکوان کے ظاہر ہے جیسا سی وجہ سے شیون مرایا ہین واسطے وجود واحد کے جو متعین ہے ساتھ صور شیون کے (مرآۃ الحضرتین)
یعنے مرآت حضرت وجوب اور حضرت امکان کی انسان کامل ہے اور ایسا ہی مرآت الٰہیہ کا بھی انسان کامل ہے کیونکہ انسان

اونھین کو ان مین سے طرف امکان کے اقوی ہوگی وہ شئے اخس اور ادنی ہوگی پس ہوگی حقیقت اوسکی سفلی عنصری خواہ بسیط ہو یا مرکب اور جس شئے کی نسبت طرف جمع کے اشد ہوگی حقیقت اوسکی انسانی ہوگی اور جس انسان کا میلان طرف امکان کے زیادہ ہوگا احکام کثرت امکانیہ کے اوسمین زیادہ تر اور غالب تر ہونگے پس وہ انسان کفار مردودین مین سے ہوگا اور جس شخص کا میلان طرف وجوب کے زیادہ ہوگا اور احکام وجوب کے اوسمین زیادہ تر اور غالب تر پس ہوگا وہ شخص سابقین اولین انبیا اور اولیا مین سے اور جسکی نسبت درمیان وجوب اور امکان کے مساوی ہوگی پس وہ شخص مقتصد اور متوسط ہوگا مومنین مین سے اور بحسب اختلاف میلان کے طرف ایک دو جانب وجوب اور امکان سے مختلف ہونگے مومنین قوت اور ضعف ایمان مین (مطالعہ) لغت مین ساتھ ضم میم اور فتح لام کے بمعنی نظر کرنیکے ہے کسی چیز مین واسطے واقف ہونیکے اوسپر اور اصطلاح مین مراد اوس سے توقیعات حق تعالی کے ہین عارفین کے لیے ابتدا مین پہلے قبل سوال کے لیکن توقیفات وقت سوال یا بعد سوال اونکے اون چیزون مین ہین کہ رجوع اونکا حوادث مین اور کبھی اطلاق کیا جاتا ہے مطالعہ کا اوپر شروع منشا کے وقت طوالع اور مبادی بروز توقیفات کے (مطلع) لغت مین ساتھ ضمہ میم اور تشدید طاء مہملہ اور کسرہ لام کے خبر دینے والا اور ساتھ فتح لام کے خبردار کیا ہوا اور ساتھ فتح میم اور کسرہ لام کے ستارے کی طلوع ہونے کی جگہ کو کہتے ہین اور اصطلاح مین مقام شہود متکلم کا ہے وقت تلاوت کسی آیت کے آیات قرآنی مین سے جو حال مین متجلی ہے متکلم ساتھ اوس صفت کے کہ وہ صفت مصدر اوس آیت کی ہے جیسے کہ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ فرمایا اونھون نے کہ تحقیق تجلی کی حق تعالی نے اپنے کلام مین واسطے بندون اپنے کے لیکن وہ نہین دیکھتے ہین ایک روز امام موصوف نماز مین تھے پس گر پڑے بیہوش ہوکر پس لوگون نے سبب اوسکا پوچھا آپنے جواب دیا کہ ایک آیت کو ذوق سے ساتھ نماز مین تکرار کر رہا تھا یہانتک کہ سنا مین نے اوسکی بیت کو متکلم سے حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی قدس سرہ فرماتے ہین کہ لسان امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی اوسوقت مثل شجرہ موسی علیہ السلام کے تھی وقت ندا حق تعالی کے شجرہ مین سے کہ اِنِّیْ اَنَا اللّٰہُ الخ ہو واضح ہو کہ مطلع اعم ہے ساتھ آیت قرآنی کے خصوصیت نہین کیونکہ مقام شہود حق تعالی کا ہر شئے مین ہے اسلیے کہ حق تعالی تجلی ہے ہر شئے مین اون صفات کے ساتھ کہ وہ شئے مظہر اون صفات کی ہے لیکن جبکہ حدیث نبوی مین وارد ہے کہ مَا مِنْ اٰیَۃٍ اِلَّا وَلَہَا ظَہْرٌ وَبَطْنٌ وَلِکُلِّ حَرْفٍ حَدٌّ وَمَطْلَعٌ ہے خاص کیا حضرات صوفیہ کرام نے مطلع کو ساتھ آیۃ کے (معالم اعلام الصفات) معلم بفتح میم لغت مین کسی چیز کے نشانے کو کہتے ہین اور جمع اوسکی معالم ہے اور علم بفتح عین مہملہ اور لام منقوطہ اوس نام کو کہتے ہین کہ جس سے آدمی مشہور ہو اور جمع اوسکی اعلام ہے اور اصطلاح مین اعضا کو کہتے ہین جیسے کہ آنکھ اور ہاتھ اور کان وغیرہ ہین اسلیے کہ انہین اعضا سے ظاہر ہوتے ہین معالم اور اصول صفات کے اور معلم محل ظہور کا ہے جیسے کہ کہتے ہین معالم الدین اور معالم الطریق (معلم اول) معلم ملک بضم میم اور فتح عین مہملہ اور کسرہ لام مشدد لغت مین تعلیم کرنیوالے کو کہتے ہین اور اصطلاح مین حضرات صوفیہ کرام کے مراد اوس سے آدم علیہ السلام ہین جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے اَنْبِئْہُمْ بِاَسْمَائِہِمْ فَلَمَّا اَنْبَاَہُمْ الخ (مغرب الشمس) اصطلاح مین مراد اوس سے استتار حق تعالی کا ہے ساتھ تعینات کے اور استتار روح کا ساتھ جسد کے (مفتاح سر القدر) اصطلاح مین مراد اوس سے اختلاف استعدادات اعیان ممکنہ کا ہے ازل مین (مفتاح اول) اصطلاح مین مراد اوس سے اندراج تمام اشیا کا ہے بر نعت الام مین جو ہین احدیۃ ذاتیہ مین کہ غیب الغیوب ہے

اوسمین اور نفس رحمانی سے ہی ظاہر ہوتے ہین صور معانی ساتھ وجود کے اور صور معانی عبارت ہین صور علمیہ
اور نام رکھا جاتا ہے منزلۃ التدلی بسبب تنزل حق تعالی کے اوسمین طرف صورت خلق کے اور اوسکا نام
منزلۃ التدانی بھی رکھتے ہین بسبب نزدیک ہونے خلق کے حق کے ساتھ اس مقام مین اور اس مقام کو
منبعث الجود بھی کہتے ہین کیونکہ وہ مقام ابتدا فیضان جود حق تعالی کا ہے طرف اسماء وغیرہ کے (مناسبت
ذاتیہ) مناسبت ذاتیہ درمیان حق تعالی اور عبد کے دو وجہ سے ہے وجہ اول یہ کہ نہین موثر ہوتے ہین احکام
تعین اور صفات کثرت عبد کے بیچ احکام وجوب اور وحدت حق تعالی کے بلکہ متاثر ہوتے ہین اور قبول کرتے
ہین احکام تعین اور صفات کثرت عبد احکام وجوب اور وحدت حق تعالی کو اور روشن ہوتی ہے ظلمت
کثرت عبد کی ساتھ نور وحدت حق تعالی کے دوسری وجہ یہ کہ متصف ہوتا ہے عبد ساتھ صفات حق تعالی کے
اور متحقق ہوتا ہے وہ ساتھ تمامی اسماء حق تعالی کے پس اگر متفق اور جمع ہو وین دونون وجہین کسی عبد مین پس
وہی عبد کامل مکمل ومقصود حق تعالی کا ہے بعینہ اور اگر متفق اور جمع ہووے وجہ اول بدون وجہ ثانی کے
پس وہ محبوب مقرب ہے اور حاصل ہونا وجہ ثانی کا بدون وجہ اول کے محال ہے اور درمیان ان دو قرب وجہوں
کے مراتب کثیرہ ہین بسبب شدت اور ضعف کے لیکن وجہ اول مین پس بسبب شدت غلبہ نور وحدت کے کثرت
پر اور ضعف نور وحدت کے اور بسبب قوت استیلاء احکام وجوب کے احکام امکان پر اور ضعف اوسکے کی
اور وجہ ثانی مین بسبب استیعاب تحقق عبد کے ساتھ جمیع اسماء کے اور عدم استیعاب عبد کے
ساتھ تمامی اسماء کے بسبب تحقق عبد کے ساتھ بعض اسماء کے سوائے بعض کے (مهیمون) یہ وہ ملائک
ہین کہ شہود جمال حق مین دائم اور فریفتہ ہین اور نہین جانتے ہین وہ کہ حق تعالی نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا ہے
یا نہین بسبب شدت اشتغال اور ہیمان اونکے کے مشاہدہ مین جمال باکمال حق تعالی کے یہ وہ ملائک ہین
ہین کہ نہین مکلف تھے واسطے سجدہ آدم علیہ السلام کے بسبب غیبت اونکے کے ماسوی اللہ سے اور بوجہ
اشتغال اور ہیمان اونکے کے ساتھ نور جمال الہی کے پس نہین گنجایش ہے اونکو کسی شئے کی اور نکو ملائکہ کروبین
کہتے ہین (میزان) میزان اصطلاح مین اوس چیز کو کہتے ہین کہ جسکے وسیلے سے انسان ارادات صائبہ اور اقوال
سدیدہ اور افعال جمیلہ کو پہچانتا ہے اور تمیز دیتا ہوا انکو انکے اضداد سے پس مراد اوس چیز سے عدالت ہے کہ ظل
وحدت حقیقیہ کا ہے کہ شامل اور حاوی ہے وہ علم شریعت اور علم طریقت اور علم حقیقت کو اسلیے کہ ان
علوم کے ساتھ نہ متحقق ہوگا کوئی مگر وقت تحقق اوسکے کے ساتھ مقام احدیت جمع اور فرق کے کیونکہ میزان
اہل ظاہر کی شریعت ہے اور میزان اہل باطن کی وہ عقل ہے جو منور ہے ساتھ نور قدسی کے اور میزان اہل خاصہ
کی علم طریقت ہے اور میزان خاصۃ الخاصہ کی عدل الہی ہے کہ نہین متحقق ہوتا ہے ساتھ اوسکے کوئی سوائے
کامل کے (مے لعل) عاشقون کی اصطلاح مین وہ حرف ہے کہ جو نکلتے ہین کہ راہ دیدہ سے اونکے جام کنار مین ٹپکتا ہے
(مستی) اصطلاح مین گرفتار ہونا عاشق کا معشوق حقیقی کے عشق مین ساتھ جمیع صفات اپنی کے اور مستی کہتے ہین (دست)
استغراق سالک کو کہتے ہین (مطلق) مطلق شئے غیر مقید کو کہتے ہین اور چند قسم پر ہے اول کلی بہ نسبت
جزئیات اپنے کے اس صورت مین حمل کلی کا اپنے جزئیات پر بالمواطات صحیح ہے جیسے کہ کہتے ہین زید اور بکر اور خالد
انسان ہین دوسری یہ کہ ایک شئے اگرچہ بنفسہ جزئی مشخص معین مقید ہے لیکن بنظر شیون اور حالات اور اطوار
اور اوصاف کے مطلق ہے جیسے کہ زید مثلاً ایک شخص معین ہے لیکن بہ نسبت نوم اور یقظہ وغیرہ شیون اور

(نیست ہست نما) نیست ہست نما اصطلاح میں ممکنات اور مخلوقات کو کہتے ہیں کہ یہ فی نفسہ نیست اور نابود ہیں لیکن جو ہستی کہ دکھلائی دیتی ہے ہستی ان مخلوقات کی نہیں ہے بلکہ یہ ہستی حق تعالی کی ہے اور یہ ممکنات اور مخلوقات وجود عاریتی سے نمودار ہیں اسلیے کہ صور تمامی مخلوقات کے کہ صور علمیہ تعین قوالب سے ہوئے ہیں وجود حقانی ساتھ ان قوالب موہومہ کے نمودار ہوئی ہیں جب وجود حقانی ساتھ ان قوالب موہومہ کے نمودار ہے تجلی دیگا وہ ساتھ وجود مطلق کے مثل حبابہ امواج کے ساتھ بحر کے داخل ہو جاوینگے وہ قوالب (کل من علیہا فان) میں جیسے کہ اصل میں نیست تھے اور اسوقت نیست ہست نما ہیں اور حسب آیہ ویبقی وجہ ربک ذو الجلال والاکرام کے وجود حقیقی ہمیشہ باقی رہیگا جیسا کہ تھا اسی جگہ سے صادق آیا قول صوفیہ صافیہ کا کہ الاعیان ما شمت رائحة الوجود ہے جیسے کہ حضرت شیخ رضی اللہ عنہ نے فصوص الحکم میں فرمایا کہ الحق محسوس والخلق معقول (نقطہ شک) لغت میں نقطہ شک اوس نقطے کو کہتے ہیں کہ واسطے یادداشت تمام شک کے کتاب کے حاشیہ پر محاذی لفظ مشکوک کے نقطہ لگا دیتے ہیں اور اصطلاح میں اس عالم فانی امکانی کو کہتے ہیں (نبوة) مراد نبوت سے جن اور انس وغیرہ کو حقائق الہیہ سے خبر دینا ہے یعنی خبر دینا معرفت ذات اور صفات اور اسما اور احکام حق تعالی سے پھر نبوت دو قسم پر ہے ایک نبوة التعریف دوسری نبوة التشریع پس مراد نبوة التعریف سے خبر دینا معرفت ذات اور صفات اور اسما حق تعالی سے اور مراد نبوة التشریع سے یہ ہے کہ ساتھ نبوت تعریف کے تبلیغ احکام اور تادیب ساتھ اخلاق اور تعلیم ساتھ حکمت اور قیام ساتھ سیاست کے ہو اور نبوة التشریع مختص ہے ساتھ رسالت کے حضرات صوفیہ فرماتے ہیں کہ (الولایة افضل من النبوة) مراد اس سے ولایت رسول علیہ السلام کی ہے نہ ولایت ولی محض کی ہے اسلیے کہ مراد ولایت سے نزدیکی حق ہے اور نبوت سے نزدیکی خلق یعنے نبی کو دو جہت ہیں فیض حق سے لینا اور خلق کو پہونچانا اور ولی کو ایک جہت ہے کہ فقط حق تعالی سے لیتے ہیں اور نبوت منقطع ہوتی ہے کہ دنیا کے ساتھ متعلق ہے اور ولایت منقطع نہیں ہوتی کہ صفات حق تعالی میں سے ہے بخلاف نبوت اور رسالت کے کہ صفات خلق میں سے ہیں اسکی تقریر نقش ششتی میں مذکور ہے (نبی) اہل ظاہر کہتے ہیں کہ نبی بروزن فعیل بمعنی فاعل کے ہے اگر مشتق ہو نبا سے کہ بمعنی خبر دینے کے ہیں پس نبی بمعنی خبر دینے والے کے ہیں و یا مشتق ہو نبوہ سے کہ بمعنی علو اور ارتفاع کے ہیں کیونکہ مرتبہ نبی کا دوسری مخلوقات سے اعلی اور افضل ہے اور کہتے ہیں کہ نبی عام ہیں خواہ صاحب کتاب ہوں یا نہوں اور رسول خاص ہیں کہ صاحب کتاب ہوں اور اصطلاح صوفیہ میں نبی وہ ہیں کہ حق تعالی سے احکام الہی لیکر بطریق بصیرت کے اہل عالم کو پہنچا دیں اور واصل حق کریں اور مرشد کامل کو بھی انکے بیان نبی کہتے ہیں (نفی) لغت میں نیست اور نابود کرنے کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں صفات مذمومہ نفسانیہ کو کہتے ہیں کہ قابل نفی اور نابود کرنے کے ہیں اور کبھی اوس سے نفی اثبات مراد لیتے ہیں کہ عبارت کلمہ طیبہ سے ہے اور تفصیل اسکی مقدمہ میں مذکور ہے (نور) نور ایک اسم ہے اسما حسنی میں سے یعنے حق تعالی متجلی ہے ساتھ اسم نور یعنے ساتھ اسم ظاہر کے تمامی صور اکوان میں یعنے جو وجود کہ ظاہر ہے جمیع صور اکوان میں اوسکو نور کہتے ہیں کہ ھو الظاہر سے مراد ہے بعض صوفیہ ذات اور تجلی ذات کو نور کہتے ہیں جیسے کہ فرمایا حق تعالی نے اللہ نور السموات والارض اور نور سے اشارہ ہے طرف وحدت کے کہ اوس مرتبہ میں حق تعالی ظاہر ہے واسطے اپنے اور مظہر ہے واسطے غیر اپنے کے جیسے کہ صوفیہ کہتے ہیں الکشوة

ورع اور ذکر اور فکر اور مراقبہ اور جہاد فی سبیل اللہ اور روزہ رکھنا اور نماز وغیرہ اعمال حسنہ اسکے صفات
ہین اور یہ نفس صلحا اور اولیا کو حاصل ہے اسی واسطے حق تعالیٰ نے اسکو اپنے قسم کے ساتھ یاد فرمایا ہے اور کہا
کہ (لَآ اُقۡسِمُ بِالنَّفۡسِ اللَّوَّامَۃِ) تیسرا النفس مطمئنہ ہے یہ نفس نور قلب سے منور اور صفات ذمیمہ سے پاک صاف ہوکر
اخلاق اور صفات حمیدہ کے ساتھ متصف ہوا ہے اور طرف جناب عالم قدس کے ترقی کیا اور مدام اپنے رب کی
طاعات مین مواظب ہوکر اطمینان حاصل کیا ہے اور قرب الٰہی مین فائز اسی واسطے رب العزت نے اوسکے طرف
خطاب فرمایا اور کہا یٰۤاَیَّتُهَا النَّفۡسُ الۡمُطۡمَئِنَّةُ ارۡجِعِیۡۤ اِلٰی رَبِّكِ رَاضِیَةً مَّرۡضِیَّةً فَادۡخُلِیۡ فِیۡ
عِبٰدِیۡ وَادۡخُلِیۡ جَنَّتِیۡ یہ نفس قلب سلیم کے ساتھ متعلق ہے چوتھا نفس صافیہ یہ نفس جمیع نفوس سے منزہ اور افضل
ہے یہ نفس انبیا علیہم السلام اور اولیاے کاملین کو حاصل ہے اعمال حسنہ اور علم عبد و رب اور حکمت اور قرب حق اور
محبت اور الہام اور خبر الغیب اور تحقیق مراتب اور رضا و تسلیم اور ایفاء عہد حق وغیرہ صفات اسکے ہین اور یہ نفس
قلب شہید کے ساتھ متعلق ہے واضح ہو کہ قلب صنوبری مین بہت سے غشاوہ یعنی پردے ہین اور ہر ہر پردے مین
سر الٰہی ہے اور ہر ہر کی صفت اور تاثیر الگ الگ ہے سالک اوسکو جبکہ
راہ سلوک کو طے کرے اول غشاوہ سیاہ ہے اوسکے عقب مین
قلم قدرت سے (لا) مرقوم ہے اوس مین شہوات
اور لذات فانیہ خطور ہوتے ہین سالک کو چاہیے
کہ اوس پر عمل نکرے اور اگر عمل کریگا تو غشاوہ سیاہ ترقی کرکے
تمام مضغہ کو سیاہ کر دیگا اور جب تمام مضغہ سیاہ ہو جاویگا
درمیان کافر اور مومن کے فرق نرہیگا اور تمام کام کفار کا
اوس سے سرزد ہوگا اس غشاوہ کو منزل ناسوت
قرار دیتے ہین اور بعضوں نے اس غشاوہ کو سویدا بھی کہتے ہین اور یہ نفس امارہ سے
متعلق ہے بعد غشاوہ سیاہ کے ایک غشاوہ صندلی رنگ کا ہے اوسکے عقب
مین قلم قدرت سے (اللہ) مرقوم ہے اور اسکو منزل ملکوت قرار دیتے ہین اور یہ
نفس لوامہ سے متعلق ہے بعد غشاوہ صندلی کے غشاوہ سفید ہے اوسکے عقب
مین قلم قدرت سے (الا اللہ) لکھا ہوا ہے اور اسکو منزل جبروت قرار دیتے ہین اور یہ نفس مطمئنہ سے متعلق
ہے بعد غشاوہ ابیض کے ایک جلباب ہے بیرنگ اوسکا رنگ تمیز نہین ہوتا ہے عقب مین اس جلباب بیرنگ
کہ (ھو) لکھا ہوا اور اسکو منزل لاہوت قرار دیتے ہین اور یہ نفس صافیہ سے متعلق ہے بعض کے نزدیک [illegible]
نفس کی ایک ہی ہے لیکن جیسی صفت کے ساتھ وہ موصوف ہوتا ہے اوسکے موافق وہ موسوم ہوتا ہے پس
واسطے دریافت اور معرفت ان چارون نفس اور اونکے حقائق کے کہ چارون قلب کے ساتھ متعلق ہین شکل قلب
نیلوفری کی جسکو قلب مضغہ بھی کہتے ہین واسطے تفہیم طالب کے اسمین شکل اوسکی لکھدی گئی اور چارون قلب کا بیان
باب القاف مین مذکور ہوچکا (نٓ وَالۡقَلَمِ) لغت مین نون اوس مچھلی کو کہتے ہین کہ جسکی پشت پر زمین ہے اور اوسکا
نام بہموت و یا لیوثا ہے اور دوات اور سیاہی دوات کو بھی نون کہتے ہین جیسے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی
ہے کہ اول اون چیزونکا کہ حق تعالیٰ نے پیدا کیا قلم تھا بعد اوسکے نون کو پیدا کیا اور وہ دوات ہے اور نون اور

اطلاق کیا جاتا ہے اوسکا اوپر ہر خلعت کے کہ بخشتا ہے اوسکو حق تعالیٰ کسی بندے کو اور کبھی خاص کیا جاتا ہے ساتھ
اوراد کے (نصاریٰ) یہ ناصرہ سے ماخوذ ہے کہ نام ایک قصبے کا ہے مسیح علیہ السلام اوس قصبے مین تشریف رکھتے تھے اور
سوائے مسلمانون کے جو لوگ ساتھ عیسیٰ علیہ السلام کے ایمان لائے اونکو نصاریٰ کہتے ہین اور بعد مرور زمانے
کے ان مین چار فرقے پیدا ہوئے ایک موحدین ہین عیسیٰ علیہ السلام کو عبد اللہ کہتے ہین جیسے کہ نجاشی بادشاہ
حبش کے کہ مسلمان ہو گئے تھے دوسرا فرقہ قائل ہے خصوصیت الوہیت کا ساتھ مسیح ابن مریم کے کہ اونکو خدا
کہتے ہین اور خدا کو حصر کرتے ہین ابن مریم پر کفر انکا آیۂ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْا إِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ
مَرْيَمَ سے ظاہر ہے کیونکہ انھون نے مسیح بن مریم پر الوہیت حصر کیا ہے تیسرا فرقہ قائل بالتثلیث ہو کر خدا کو واحد کہکر
مریم اور مسیح کی پرستش کرتے ہین کفر اونکا آیۂ لَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ اور آیۂ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْا إِنَّ اللّٰهَ
ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ سے ظاہر ہے کہ خدا کو عدد سومی کہتے ہین خدا اور مریم اور مسیح سے بخلاف قرآن کے کہ تین عدد نہین
ہوتے ہین مگر چار مین خدا ہے کہ خارج از ان تینون کا نہین ہوتا ہے کہ تین عدد سے زائد ہو وین چوتھا فرقہ قائل ہین
مراتب کا ہے ایک جوہر ذات جسکا نام آب ہے دوسری حیات جسکا نام اقنوم ہے کہ جس اُم الاسما ہے تیسرا
علم کہ ساتھ ابن کے تعبیر کرتے ہین یہ تینون خارج مین ایک ہے اور مفہوم مین جدا جدا ہین جیسے کہ قول متکلمین
کا ہے کہ نسبت سبع امہات صفات سے کہ مفہوم مین ذات اور سبع صفات جدا جدا ہین اور خارج مین ایک شئے ہے
لیکن نصاریٰ باوجود اسکے کہتے ہین کہ ذات نے بغلبہ صفت علم کے بالخصوص مسیح مین بروز کیا ہے اور مسیح اس وجہ سے
ابن اللہ ہوئے ان لوگون نے تجاہل کر کے ذات نے جیسے کہ مسیح مین ساتھ صفت علم کے بروز کیا ہے ویسے ہی
آدم مین بھی ساتھ صفت علم کے بروز کیا ہے اور موسیٰ مین ساتھ غلبہ صفت کلام کے اور نوح مین ساتھ غلبہ
صفت قدرت کے اور جناب خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم مین ساتھ جمیع صفات کمالیہ کے بروز کیا ہے اسیواسطے
حق تعالیٰ نے انکے رد مین فرمایا مَثَلَ عِيْسٰى كَمَثَلِ اٰدَمَ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ اس زمانہ
حال مین ایک فرقہ پانچوان ہے یہ لوگ ان امور مذکورہ سے کچھ نہین سمجھتے ہین بلکہ اپنے مطلب تثلیث مین حیران
ہین یہ مثل بہائم کے ہین سوائے ہوشیاری کار بار نوکری اور معاش دنیاوی کے امور ایمانیہ سے بالکل غافل ہین
نصاریٰ کا بیان شرح وار مقدمے مین مذکور ہے **چھبیسوان مراقبہ باب الواو کا ہے (وجوب)**
اصطلاح مین مراد اوس سے مقتضی ہونا ذات واجب تعالیٰ کا ہے اپنے وجود کو اور ناممکن اور ممتنع ہونا عدم اسکے
کا اور کبھی وجوب سے ذات حق تعالیٰ کی مراد لیتے ہین **(واجب)** اصطلاح مین وہ ذات
وہ ہے کہ اپنے وجود اور بقا مین کسی کا محتاج نہو اور وہ حق تعالیٰ ہے **(واقعہ)**
اصطلاح مین جو کچھ کہ دل سالک پر عالم غیب سے نازل ہو اوسکو واقعہ کہتے ہین
(واقع) اصطلاح مین محل صور علمیہ اور اعیان ثابتہ اور تقدیر الٰہی اور علم الٰہی کو کہتے ہین **(واجب الوجود)**
واجب الوجود وہ ہے کہ ذات اوسکی مقتضی اپنے وجود کی ہے اور وہ خود بخود موجود ہے اور ذات اوسکی اپنے وجود
مین محتاج کسی کی نہین ہے بلکہ وجود اوسکا عین ذات ہے اور قدیم اور باقی ہے اور اصطلاح مین حضرات صوفیہ کے
واجب الوجود بمعنی لازم الوجود کے بھی آیا ہے یعنے جو وجود اربعہ عناصر سے مرکب ہو کر محسوس ہوتا ہے اوسکو بھی
واجب الوجود کہتے ہین یعنے لازم الوجود اور اربعہ عناصر عبارت ہے آتش و باد و آب و خاک سے اور بعض عنصر
خامس کے بھی قائل ہین کہ عناصر اربعہ پر زیادہ کرتے ہین بعض اوسکا ہوا نام رکھتے ہین اور بعض اوسکا خالی نام

ذات حق کو ہر شے مین اور ہر جگہ مین پانا او ماو سین گم ہونا اور محو ہونا اور اوس سے لذت لینے کو کہتے ہین (وجہ) لغت مین ذات اور حقیقت کسی شے کی اور چہرہ اور طریق اور طور کو کہتے ہین اور اصطلاح مین ذات واجب تعالی اور وجود حقیقی کو کہتے ہین کما قال تعالیٰ فَاَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ (وثقیٰ) بضم واو بمعنی محکم اور استوار ہو قرآن شریف مین حق تعالی فرماتا ہے فَمَنْ یَّکْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَیُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَکَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا یعنے پس جسنے کفر کیا بتون کے ساتھ اور نہ مانا بتون کو اور ایمان لایا ساتھ اوس تعالی کے پس مضبوط پکڑا اوسنے استوار رسی کو جو ٹوٹنے والی نہین اور اصطلاح مین مراد اوس سے واسطے عوام کے طاعات ہے ایمان کے ساتھ اور واسطے خواص کے محبت الٰہی اور واسطے اخص الخواص کے جذبات الٰہی ہین کہ انکو ظلمات وجود سے فانی اور ساتھ انوار اخلاق الٰہی کے باقی گردانتے ہین (وحدة الوجود) اصطلاح مین مراد اوس سے یہ ہے کہ فرش سے عرش تک اور عرش سے جہات ستہ غیر متناہی تک بجز ایک وجود باری تعالی کے دیگر کوئی وجود موجود نہین کیونکہ سواے وجود حق تعالی کے معدوم محض ہے اور معدوم محض کا موجود ہونا محال ہے جیسے کہ مقدمے مین مع دلائل عقلی اور نقلی کے مذکور ہے اور یہ تمامی متعینات عالم فرش سے عرش تک خواہ محسوس ہون وخواہ معقول مثل امواج اور حباب کے دوس ایک بحر وجود حقانی سے منتزع ہین اور اعتبارات و موہومات محض کی طرح ہین انکے لیے سواے وجود حق تعالی کے کوئی وجود نہین مثل دوائر صغار اور کبار کے کرہ سے کما قال الشیخ الاکبر رضی اللّٰہ عنہ اِنَّ الْعَیْنَ مِنَ الْحَقِّ مَحْسُوْسٌ وَالْخَلْقُ مَعْقُوْلٌ (وحدت) اصطلاح مین علم حق اور حب ذاتی اور حقیقت محمدی اور برزخ کبری کو کہتے ہین وحدت پانچ قسم پر ہے ایک وحدت شخصی جیسے کہ زید و خالد و بکر وغیرہ دوسری وحدت نوعی جیسے کہ انسان بہ نسبت زید و خالد و بکر وغیرہ کے تیسری وحدت جنسی جیسے کہ جوہر بہ نسبت انواع موجودات کے چوتھی وحدت ارادی جیسے کہ مومن اپنے ارادے سے حسب گفتۂ انبیا حق تعالی کو واحد جانتا ہے پانچوین وحدت حقیقی کہ تعین اول ہے (واحدیة) یہ مرتبہ ذات کا ہے باعتبار انتشا اسماکے اوس ذات سے مع اعتبار کثرت اوسکے کے ساتھ صفات کے (واحد) یہ ایک اسم ہے ذات کا باعتبار اسما اور صفات کے اور بعض تینون مراتب داخلی پر کہ احدیت اور وحدت اور واحدیت ہین اسم واحد کا اطلاق کرتے ہین کیونکہ یہ تینون باعتبار مراتب داخلی کے ایک ہے (وجود عام) وجود خلائق کو وجود عام کہتے ہین او ماضافت اور نسبت ذات حق تعالی کو بھی وجود عام کہتے ہین (واحد الوجود) اصطلاح مین مرتبہ احدیت اور ذات حق تعالی کو کہتے ہین (وصلت) اصطلاح مین صفت عاشق کو کہتے ہین کہ خواہش وصال معشوق حقیقی کا رکھتا ہے (وصل) مراد وصل سے منقطع ہوجانا ماسوی اللہ سے اور عدم التفات طرف تمامی اکوان کے اور منہمک اور مستہلک ہوجاتا ہے بے رنگی محض اور اطلاق صرف مین کہ مقدمہ اوسکا بیخودی اور غیبت ہے تمامی حواس سے کہ مشابہ بحالت موت کے ہے مگر یہ کہ موت مین حضوری نہین ہے اور اسمین حضوری ہے اور سالک جب اس سرحد مین پونہچتا ہے اسم ولایت کا اوسپر مسلم ہوتا ہے اگرچہ یہ حالت ایک ساعت بھی رہے اور اگر اوسکو صحو اور افاقہ حاصل ہو تو اصحاب تمکین مین سے ہوجاوے گا اور یہ افاقہ کبھی جلد اور کبھی دیر سے حاصل ہوتا ہے اور اگر سالک اوسی بیخودی اور سکر مین رہجاوے تو اصحاب تلوین مین سے ہوجاویگا پس اگر سالک کو مد نظر اپنے سلوک مین مشاہدۂ ذات اور اوسمین اضمحلال محض رہا تو سلوک اوسکا تام اور کامل ہے اور اگر نظر سالک کی چپ و راست مین پڑجاوے اور کشف کونی اور دوسری تعینات مین اوسکا

اس سے ذات بحت ہے باعتبار سقوط جمیع اعتبارات کے اسلیے کہ نہ احدیت کی نسبت کسی شئے کے طرف ہے اور نہ کسی شئے کی نسبت طرف احدیت کے ہے کیونکہ اوس مرتبے مین اصلا کسی شئے کا اعتبار نہین بخلاف اوس شئے کے کہ جسکے اعتبار سے متعین ہوئے ہین اعیان ثابتہ اور حقائق اسما (وجہا العنایۃ) یعنے یہ دونون وجہین عنایت حق تعالی کی ہین کہ وہ جذبہ اور سلوک ہین اور یہ دونون وجہین ہدایت کی ہین (وجہا الاطلاق والتقیید) یعنے یہ دونون وجہین باعتبار ذات کے ہین ایک تو باعتبار سقوط جمیع اعتبارات کے اور دوسری باعتبار اثبات اون اعتبارات کے اسلیے کہ ذات حق تعالی کی عبارت ہے وجود بحت سے اور وجود بحت ساتھ اس حیثیت مذکورہ کے مطلق ہے پس باین اعتبار معیت حق تعالی کی ہر شئے کے ساتھ ہے کہ عین ہر شئے کا ہے مقارن ہر شئے کا کیونکہ غیر وجود حق تعالی کا کوئی شئے موجود نہین کہ حق تعالی مقارن اوسکا ہو جیسے کہ ایک ممکن مقارن دوسرے ممکن کا ہوتا ہے کہ باہم مغایر ہے کیونکہ غیر وجود بحت کا معدوم محض ہے کہ نقیض وجود کا ہے پس اس صورت مین وجود بحت کیونکر مقارن ہر شئے کا ہوگا کہ جسکے سبب سے ہر شئے موجود ہے اور بدون اوسکے معدوم پس وجود بحت حقیقت ہر شئے کی ہے نہ جدا اور مباین اوس سے پس اعیان بنفسہا معدوم اور غیر موجود ہین کہ تعینات علمی اوسی سے عبارت ہین اور وجود اور قیام اعیان کا وجود اضافی حق تعالی سے ہے پس اگر جدا اور فرق کیے جاوین اعیان وجود اضافی سے پس اعیان معدوم ہو جاوین گے کیونکہ اعیان بسبب وجود کے موجود ہین اور وجود بذاتہ موجود ہے پس اگر مقید کیا جاوے وجود ساتھ قید تجرد کے یعنے مقید کیا جاوے ساتھ اسبات کے کہ وجود کے ساتھ کوئی شئے نہووے پس وجود احد اور مطلق ہے کہ نہین ساتھ اوسکے کوئی شئے اسی جہت سے محققین کہتے ہین کہ الان کما کان اور اگر وجود مطلق کو مقید کیا جاوے ساتھ قید اسبات کے کہ اوسکے ساتھ کوئی شئے ہووے پس اسوقت وجود مطلق عین اوس شئے مقید کا ہوگا جو بسبب وجود مطلق کے موجود ہے اور بدون اوسکے معدوم ہے کیونکہ وجود مطلق نے تجلی کی اوس شئے کی صورت مین پس اضافت کی گئی وجود کی طرف صورت اوس شئے کے کہ صورت علمیہ ہے اور اگر ساتھ قطع کیجاوے اضافت وجود کی اوسی شئے کی صورت سے پس وہ شئے معدوم ہے بنفسہ پس یہی ہین معنی قول محققین کے کہ التوحید اسقاط الاضافات پس اس سے ظاہر ہوا کہ وجود حقیقت واجب تعالی اور حقیقت ممکنات کا ہے مثلا انسان وغیرہ ساتھ وجود باریتعالی کے موجود ہین اور بدون اوسکے معدوم اسی جگہ سے کہا جاتا ہے کہ الاعیان ما شمت رائحۃ الوجود یعنے اعیان کو وجود بنفسہا نہین ہے بلکہ معدوم وجود اونکا وجود اضافی حق تعالی سے ہے بحث اسکی مقدمے مین بھی مذکور ہے (وجہ الحق) کہا جاتا ہے وجہ الشئ ذات الشئ اسجگہ مراد اس سے ذات حق تعالی کی ہے اور ذات حق تعالی کی ذات ہر شئے کی ہے اور اسی کے طرف اشارہ ہے قول سے حق تعالی کے فاینما تولوا فثم وجہ اللہ ہے پس ذات حق تعالی کی ذات ہر شئے کی ہے کیونکہ نہین ہے حقیقت کسی شئے کی بلکہ حق تعالی اور حق تعالی سے ہی ہر شئے کا قیام ہے پس جسنے دیکھا قیومیت حق تعالی کو واسطے ہر شئے کے پس اوسنے دیکھا وجہ الحق کو ہر شئے مین (وجہۃ جمیع العابدین) مراد اس سے حضرت الوہیۃ ہے (ورا اللبس) مراد اس سے حق تعالی ہے مرتبۂ احدیت مین کیونکہ مرتبۂ وحدت مین حق تعالی متلبس ہوتا ہے ساتھ لباس تعین وحدت کے بعد اوسکے متلبس ہوتا ہے ساتھ لباس معانی اسما اور حقائق اعیان کے اور بعد اوسکے ساتھ

(وقفه) یہ عبارت ہے توقف کرنے سے سالک کے درمیان دو مقاموں کے واسطے پورا کرنے حقوق مقام اول کے اور
اور مستعد ہونے سے سالک کے واسطے ترقی کرنے کے طرف مقام ثانی کے (وقوف صادق) مراد اس سے
وقوف اور قائم ہونا سالک کا ہے ساتھ حق تعالیٰ کے (وفا) اصطلاح میں عنایت ازلی کو کہتے ہیں **ستائیسواں
مراقبہ باب الہاء کا ہے** (ہیولیٰ) بعض اہل ظواہر کے نزدیک مراد ہیولیٰ کو مادہ اور طبیعت اور اصل
ہونے کی ہے اور حکماے یونان کہتے ہیں کہ ہیولیٰ ایک جوہر ہے محل صورت جسمیہ کا اور اوسکو جوہر اول بھی کہتے ہیں اور
حکماے یونان یہ بھی کہتے ہیں کہ جملہ عناصر میں ہیولیٰ ایک شخص واحد ہے اور وہی شخص واحد قابل آتش اور قابل
باد اور قابل آب اور قابل خاک ہے اور حکماے اشراقیہ کہتے ہیں کہ فرش سے عرش تک ایک ہی جسم ہے قابل اتصال
اور انفصال کے اور حضرات صوفیہ فرماتے ہیں کہ قابل عناصر اور قابل عالم ارواح اور عالم مثال اور عالم اجسام فقط
ایک نفس رحمانی ہے اور جیسے کہ وہ قابل ہے فاعل بھی ہے پس اہل عقل کو کہ پیرو حکماے یونان ہیں وجود باری تعالیٰ
کے وحدت شخصی ہونے میں جاے تعجب کی باقی نہ رہی باوجود اس کثرت صور متعددہ کے اور متکلمین اوسکو حقائق اشیا
کہتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ ہیولیٰ مختلف اور مرکب ہیں اون سے ہے یعنی اصل شئے کے پس اصطلاح میں حضرات صوفیہ
کے ہیولیٰ اوس شئے کا نام ہے کہ جسمیں صور اشیا کی ظاہر ہوں جسکو نفس رحمانی بھی کہتے ہیں اور صوفیہ کرام ہر شئے
باطن کو کہ جسمیں صورتیں ظاہر ہوویں ہیولیٰ کہتے ہیں (ہباء) ہبا بالفتح بالغت میں گرد اور غبار کو کہتے ہیں جو
شعاع آفتاب میں روزن سے ظاہر ہوتی ہے اور اصطلاح میں وہ عبارت ہے مادۃ المواد سے کہ جسمیں حق تعالیٰ نے
صور عالم کو مفتوح فرمایا جسکو عنقا اور ہیولا بھی کہتے ہیں اور یہی ہیولیٰ دو قسم پر ہے ایک نور روحانی ہے جسکو روح
اعظم اور ابوالارواح اور روح قدسی کہتے ہیں اور اوسکو روح محمدی سے بھی تعبیر کرتے ہیں اور اوسی روح پاک سے ارواح
تمامی انبیا اور اولیا اون سے ارواح ملائک اور اولیا اور عارفین اور اون سے ارواح عوام مومنین اور اون سے ارواح
کفار و منافقین پیدا ہوئیں دوسرا ہیولا جسمانی جسکو مادۃ المواد کہتے ہیں کہ مادہ جمیع اجسام کا ہے (ہاء)
یہ اعتبار ذات کا ہے بحسب ظہور اور وجود کے (ہو) یہ نام ہے خالص ذات باری تعالیٰ کا یعنی بلا صفات کا دخل
نہیں اس اسم کے سوا اور کوئی اسم خالص ذات بلا صفات کے نہیں آیا ہے یہ اسم فقط ذات سے خبر دیتا ہے اس اسم
کے بڑی بڑی تاثیرات ہیں منجملہ اون تاثیرات کے یہ کہ ذاکر جبکہ اس اسم کا ذکر کرتا ہے تمامی صفات ذمیمہ اور حمیدہ
اوس سے منتفی ہو جاتے ہیں حتی کہ وجود سالک بھی فنا ہو جاتا ہے اور سواے ذات اور ہستی حق تعالیٰ کے کوئی باقی
نہیں رہتا ہے اسیواسطے اسکو اسم جلالی کہتے ہیں جبکہ اسم ہو میں بڑی بڑی تاثیرات اور فوائد ہیں اکثر صوفیہ
اسکو پوشیدہ رکھتے ہیں اور اس اسم کا ذکر سلطان الاذکار ہے اور اختتام ذکر سالک کا اسی اسم پر ہے
(ہر شئے مظہر اسم اللہ و اسم محمد) یہ ایک مسئلہ ہے مسائل مشہور میں سے حضرات صوفیہ کرام کے وہ یہ ہے کہ وجود
ہر شئے کا وجود حق تعالیٰ سے ہے اور وجود عین ذات حق تعالیٰ کا ہے اور ذات جمیع الصفات والکمالات کا نام اللہ
ہے پس ہر شئے اللہ کے وجود سے موجود ہے اور جس ذات کا نام اللہ ہے اوسکو ساتھ حقیقت محمدی کی تعبیر کرتے ہیں جسکو احمد
بھی کہتے ہیں کیونکہ محمد کے معنی حمد کیا ہوا ساتھ صفات کمال کے ہیں پس اللہ عین محمد اور محمد عین اللہ کے ہیں اسی
وجہ سے ہر شئے حقیقت محمدی سے ظہور پائی ہے پس اسی وجہ سے ہر شئے مظہر اللہ تعالیٰ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی
ہوئی (ہست نیست نما) یہ عبارت ہے وجود مطلق اور موجود حقیقی سے کہ ہمیشہ موجود ہے باعتبار تنزیہ کے کسی کی
نظر میں نہیں آتا ہے کیونکہ ذات بحت کا دیکھنا بغیر حجابات اسما و صفات کے محال ہے اسلیے کہ ذات بحت منزہ

کہ لکل شیء قلب و قلب القرآن یٰسٓ اور یہ سورہ ہشتم قرآن کا ہے اسکے قاری کو ثواب کثیر حاصل ہوتا ہے بعض مفسرین لکھتے ہین کہ یٰس مخفف انیسین کا ہے کہ تصغیر انسان کی ہے مراد اوس سے زمرہ اور نظیر ہے بعض صوفیہ کہتے ہین کہ یہ ایک اسم ہے اسماء مین سے حضرت سرورکائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے اور بعض کے نزدیک مراد اوس سے (یا انسان) ہے یہ خطاب ہے طرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسلیے کہ جمیع صفات کمالیہ انسانیہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہی ثابت ہین اور ہوسکتا ہے کہ مراد اوس سے (یا سید) ہو یعنی یا سید البشر جیسے کہ حدیث شریف مین وارد ہے انا سید ولد آدم (یرچی) اصل ترکی زبان مین راہ کو اور یرچی دارندہ کو کہتے ہین اور معنی ترکیبی اوسکے راہ یاور قاصد کے ہین اور اصطلاح مین خواطر کو کہتے ہین کہ ایک راہبر اور قاصد ہے کہ ہر آن مین سالک کے دل پر آتا ہے اور سالک کی راہبری کرتا ہے اور مرشد کامل کو بھی کہتے ہین (یاد) لغت مین ضد فراموشی کو کہتے ہین اور اصطلاح مین غیر حق کو فراموش کرنا اور بحر مواج ذوالجلال مین مستغرق ہونا اور اپنی خودی کو نیست و نابود کرنا اور اسمکے یاد سے مستی مین پہونچنے اور یاد سمین گم ہونیکو کہتے ہین (الیاقوتة الحمراء) مراد اوس سے نفس کلی ہے بسبب ممتزج ہونے ظلمت کے جسم کے ساتھ بخلاف عقل کلی کے جو مجرد ہے جسم سے کہ تعبیر کیجاتی ہے اوس سے ساتھ درة بیضا کے (یکان) مراد اس سے وہ اسما ہین جو باہم مقابل ہین جیسے کہ اسماء جلالی اور جمالی ہین کالجمیل والجلیل واللطیف والقہار والنافع والضار وغیرہ اور جیسے کہ فاعلیة اور قابلیة ہے کالواجب والممکن اسی واسطے بعض یکان سے فقط حضرت وجوب اور امکان مراد لیتے ہین اور حق یہ ہے کہ اسماء متقابلہ اعم ہین (یوم الجمعة) مراد اس سے وقت لقا کا ہے اور وقت وصول طرف مین جمع کے (الیقین) اسکے چند مراتب ہین سابق باب العین مین تفصیل کے ساتھ مذکور ہوئے ہین (یار) اصطلاح مین تجلی صفات کو کہتے ہین فقط

بفضلہ تعالیٰ تمام ہوا ضمیمہ مقدمہ ہذا واضح ہو کہ اس مقدمہ اور ضمیمہ مین اکثر مسائل حقائق اور اصطلاحات حضرات صوفیہ فصوص و شروح فصوص اور فتوحات مکیہ و دیگر رسائل معتبرہ سے بطریق استفادہ و حصول اذواق نہ بطریق خیالات و استراق اور جو کچھ اس ناچیز پر افاضہ ہوا ہے منضبط ہوئے ہین بعون اللہ تعالیٰ مقدمہ ہذا مع ضمیمہ طالب صادق کے لیے بجائے شیخ کامل اور وصول الی اللہ کے لیے اصول جدید ہین الحمد للہ وحدہ والصلوٰة علی من لا نبی بعدہ وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔ اللّٰھم انت ولیی فی الدنیا والآخرة توفنی مسلما والحقنی بالصالحین وکن لی کما کنت لمحمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وارزقنی محبتک اللّٰھم ارزقنی حبک واشغلنی بجمالک واجعلنی من المخلصین لو اصلین الھم نفسی بجذبات ذاتک یا انیس من لا انیس لہ رب لا تذرنی فردا وانت خیر الوارثین برحمتک یا ارحم الراحمین وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

سوانح عمری عارف رموز حقیقت و واقف غموض شریعت کاشف اسرار خفی و جلی مولانا شاہ محمد مبارک العلی مدظلہ الولی مترجم شارح فصوص الحکم و مؤلف مقدمہ ہذا

اور ہر روز اپنے معمولی ذکر و شغل و مراقبہ میں مشغول رہا آخرالامر مسبب الاسباب نے یہ سبب کیا کہ بعض احباب نے کتاب
فیض انتساب فصوص الحکم کو ترجمہ کرنے کے لیے پیش کیا میں نے ترجمہ شروع کیا اور موافق قواعد علم صرف و نحو کے
اوسکو تمام کیا ولیکن مضمون و ماحصل کتاب جیسا کہ چاہیے نہیں کھلا اور کسی کو نہ پایا کہ حل معضلات کتاب
اُس سے کرون کیونکہ فصوص کو میں نے کسی سے کبھی نہ پڑھا اور نہ کبھی اوسکو دیکھا تھا بلکہ مثل عنقا کے سنتا تھا
کہ فصوص الحکم ایک کتاب ہے علم حقائق میں۔ لہذا جناب باریتعالی کی طرف التجا کی اور انھیں دنوں میں مقدمہ منظوم
کو بھی لکھتا تھا اسی اثنا میں حضرت شیخ اکبر رضی اللہ عنہ کو اس طرح پر خواب میں دیکھا کہ یکایک خواب میں ایک
میدان نظر آیا اوسمین ایک جماعت سفید پوش نمازیوں کی واسطے نماز کے منتظر کھڑی ہے یہ ناچیز بھی واسطے
نماز پڑھنے کے اونکے پاس حاضر ہوا اونھوں نے بالاتفاق اس ناچیز کو واسطے نماز پڑھانے کے مقدم کیا بعد
فراغت نماز کے منجملہ اونکے ایک شخص نے امرود لاکر سبکو ایک ایک امرود تقسیم کیا چنانچہ اوسمین سے
میرے حصے میں بھی ایک امرود پونچا بعد اوسکے میں اوس میدان سے شمال کی طرف تھوڑے مائل بطرف مشرق
کے روانہ ہوا۔ تھوڑی دور گیا تھا کہ ایک مسجد نظر آئی چونکہ مجھکو اوسوقت استنجے کی حاجت تھی اور مسجد کے
روبرو ایک بیت الخلا بھی تھا اور مابین مسجد اور بیت الخلا کے راستہ آمد و رفت کا تھا میں نے استنجا
و طہارت سے فارغ ہوکر لوگوں سے پوچھا کہ تم کہاں جاتے ہو اور کہاں سے آتے ہو۔ اونھوں نے کہا کہ اس مسجد کے
شمال میں ایک بزرگ کا مزار ہے ہم تبرکاً خاک مزار شریف کی لاتے ہیں۔ میں نے دل میں کہا کہ اس تبرک سے میں کیوں
محروم رہوں میں نے بھی جاکر دیکھا کہ فی الحقیقت مزار میں بیچ گنبد کے مزار سے تبرک سمجھکر خاک مزار کی لوگ لیجاتے
ہیں اسی طرح میں نے بھی داہنا ہاتھ اوس تربت پر رکھا اور چاہا کہ اوس سے ایک مشت خاک متبرک اوٹھاؤں نہ اوٹھا
سکا بلکہ جب مٹھی میں خاک لیکر ہاتھ اوٹھانیکا قصد کرتا تھا تو ہاتھ جدا نہوتا تھا اور مزار سے چمٹا ہی رہتا تھا پھر کیا
دیکھتا ہوں کہ تربت شریف شق ہوگئی اور ایک بزرگ سفید پوش برآمد ہوکر میرے روبرو کھڑے ہوئے اور گفتگو
حقائق آمیز شروع کی میں نے طرز کلام سے سمجھا کہ یہ حضرت شیخ اکبر رضی اللہ عنہ ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ آپ جیسا کہ
میں امام الموحدین اور پیشوائے راہ دین تھے اور کشف و کرامت بیشمار رکھتے تھے بعد وصال کے کشوفات اور
زیادہ ہو گئے ہیں اسواسطے میری ایک عرض ہے ارشاد فرمایئے کہ کونسا کام ایسا ہے کہ جس سے حق تعالی راضی
اور خوشنود ہو۔ حضرت شیخ اکبر رضی اللہ عنہ سماعت فرماکر مراقب ہوئے اور کچھ جواب نہ دیا۔ پھر التماس کیا۔
ساکت رہے۔ تیسرے مرتبہ عرض کرنے پر سر مبارک اوٹھاکر فرمایا کہ تم کتاب دیکھا کرو۔ اس اثنا میں میں بیدار
ہوگیا۔ حضرت سے کتاب کے نام پوچھنے کی نوبت نہ آئی بعد اوسکے تعبیر اوسکی میں نے یہ کی کہ وہ کتاب فصوص الحکم
اور مقدمہ منظوم ہے۔ کیونکہ اونھیں دنوں میں فصوص الحکم ہی میرے مطالعہ میں تھی اور مقدمہ بھی لکھ رہا تھا۔ یہ
خواب ایسا مبارک ہوا کہ بدون تعلیم اور تعلم کسی کے حسب معنی کلمہ طیبہ کے جو مندرجہ تنبیہ مقدمہ کے ہیں
معنی در معنی اور درجہ بدرجہ ترقی پذیر ہوکر خودبخود ایک کیفیت اور حالت ذوقی پیدا ہوتی گئی حتی کہ
بفضلہ تعالی مقام حیرت تک پونہچا اوساوسوقت سے حق تعالی نے فضل فرمایا اور معضلات فصوص حل ہوگئے
اور شرح اور مقدمہ اوسکا تمام ہوا۔ شکر خداوند تعالی کا ہے کہ مجھ ایسے ناچیز کی مطلب برآری کے لیے اتنے
بڑے شیخ جلیل القدر کی روح پاک کو ذریعہ گردانا۔ اور منجملہ اونھیں انعامات کے یہ ہے کہ آغاز طالب العلمی میں کہ سنہ
بارہ سو ساٹھ ہجری تھا یا کچھ کم و زیادہ ہوگا تاریخ ماہ و سن خوب یاد نہیں اوسوقت مجھکو فقط شوق

اور اوسکو ہمراہ لیکر حج کرونگی - پس واسطے اداے نذر کے والدہ مرحومہ کے ساتھ حج کرنیکا اتفاق ہوا -
والدہ مرحومہ یہ بھی فرماتی تھین کہ ولادت اس ناچیز کی یوم جمعہ وقت مین زوال آفتاب کے ہوئی ہے -
اور منجملہ اونھین انعامات کے یہ ہے - کہ تخمیناً ۱۲۹۶ بارہ سو چھیانوے ہجری مین یا اس سے اور کچھ کم
و زائد ہوا اسوقت سال و ماہ و یوم بخوبی یاد نہین سکونت میری محلہ امین باغ قریب بادشاہی عاشور خانہ
کلان مین محلات حیدرآباد دکن مین تھی رات کے وقت خواب مین دیکھا کہ مین چبوترے سے کہ بجانب
جنوب حوض امین باغ کے واقع ہے مغرب کی طرف جاتا ہون اور عاشور خانہ خورد تک کہ اوس جگہ
واقع ہے پونچا اور دیکھا کہ مغرب کے جانب سے اوس چبوترے کیطرف یعنے مشرق کیطرف ایک جم غفیر آتی
سے آرہا ہے اور اونکے پیشوا حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہین اور لوگ کہ رہے ہین کہ حضرت
خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم ہین جب یہ ناچیز روبرو حضرت کے پونچا اور حضرت کی ملازمت سے مشرف
ہوا تو حضرت نے میرا بایان ہاتھ پکڑ لیا کیونکہ مین حضرت کے داہنے جانب تھا اور مجھکو چبوترے کے طرف یعنی
مشرق کی طرف اپنے ہمراہ لے چلے تو مین باواز بلند اوس وقت مارے خوشی کے لوگون کو آگاہ کرتا تھا
اور کہتا تھا کہ اے مسلمانو - یہ وقت غنیمت ہے - آؤ - اور صحابہ کرام مین داخل ہوجاؤ - یہانتک کہ ایک
باغ کے دیوار کے قریب پونچے تو مین نے دیکھا کہ اوس باغ کے اندر ایک حوض ہے کہ پانی اور مچھلیون سے
لبالب ہے اوسوقت آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے زبان مبارک سے ارشاد فرمایا کہ اس حوض کو مین نے تجھے
بخشا اور تو اسکو لے لے اوسوقت مین خواب سے بیدار ہوگیا - اور منجملہ اونھین انعامات کے یہ ہے کہ - بتاریخ
تیرہ جمادی الاخری ۱۳۱۵ تیرہ سو پانچ ہجری یوم یکشنبہ نو بجے دنکو خواب دیکھا سبب اوسکا یہ ہے کہ اس
شب کو واسطے صوم ایام بیض کے سحری کھانے کا ارادہ تھا - لیکن بوجہ شدت و غلبہٴ زکام و اعضا شکنی و بخار
و درد کمر کے مجھکو بہت کرب و اضطراب تھا اسی سبب سے روزہ رکھنے اور سحری کھانیکا اتفاق نہوا اور مطلق
نیند نہ آئی لہذا بعد نو بجے دن کے نیند کا غلبہ ہوا - دیکھتا کیا ہون کہ مین مدینہ منورہ مین ہون ایک جنازہ روضہ
مبارک مین حضرت خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کے لوگ دفن کرنیکو لائے ہین اور اوس جماعت مین آنحضرت
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو بھی دیکھا اوسوقت مین نے کہا کہ کیا مبارک جنازہ ہے کہ روضہ مبارک مین آنحضرت
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے دفن کر رہے ہین لوگون نے کہا کہ یہ جنازہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا ہے -
پھر تھوڑی دیر کے بعد مین نے اپنے تئین دیکھا کہ کعبہ شریف کے اندر ہون اور آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ
وسلم بھی بیت اللہ شریف کے اندر رونق افروز ہین اور روے مبارک مشرق کیطرف اور پشت مبارک
اندرون بیت اللہ شریف کے دیوار غربی پر تکیہ لگا کر قریب اوس رکن کے جو مابین دیوار شمال اور مغرب
واقع ہے تشریف رکھتے ہین اور مین بار بار روے مبارک پر نظر کرتا تھا اور بیت اللہ شریف کے باہر جاتا
تھا پھر اندرون بیت اللہ شریف کے آکر روے مبارک کو نظر کرتا تھا - اس اثنا مین میرے دل مین آیا کہ یہ وقت
غنیمت ہے حضرت کی خدمت مین عرض معروض کرنا چاہیے - پس مین نے اپنے دونون ہاتھون سے دونون
قدم مبارک کو آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے پکڑے اور بوسہ دیکر عرض کیا کہ یا رسول اللہ میری کمال
آرزو ہے کہ مین جنت مین آپکے ساتھ رہون اور مکرر عرض کیا ارشاد فرمایا کہ ایسا ہی ہوگا اوسوقت ایک
لڑکی خورد سالہ میرے داہنے طرف اندر بیت اللہ شریف کے کھڑی تھی آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے مجھسے استفسار

کہ اسوقت یاد نہین لیکن آخر کلام میرا یہ تھا کہ بعد خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم آپکا مرتبہ بہت بڑا ہے اور حضرت موسی علیہ السلام نے بھی اس ناچیز کے نسبت بہت باتین کہین کہ مجھکو وہ بھی یاد نہ رہین اور آخر کلام حضرت موسی علیہ السلام کا یہ تھا کہ خاتمہ تیرا بالخیر ہوگا اور منجملہ اونھین انعامات کے یہ ہے - کہ بتاریخ دوسری شہر جمادی الاولی سنہ ۱۳۰۸ تیرہ سو آٹھ ہجری یوم چہارشنبہ کو بعد دو بجنے شب کے خواب دیکھا کہ ایک باغ مین حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم تشریف رکھتے ہین پھر حضرت باغ سے واسطے ادا ے نماز کے جانب شرق باغ کے باہر تشریف لائے اور دیوار کے بازو مین کھڑے رہے اور روے مبارک شمال کیطرف اور پیٹھ حضرت کی داہنی جانب حضرت کی طرف ہوکر کھڑا ہوا اپنے مین مغرب کیطرف تھوڑا مائل طرف شمال کے داہنی جانب حضرت کے کھڑا ہوا اوسوقت ایک کپڑا ابریشمین یا الاکا سفید رنگ میرے بائین جانب دھرا ہوا تھا حضرت نے زبان مبارک سے ارشاد فرمایا کہ یہ کپڑا اپنا مجھکو دیدے مین نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ یہ کپڑا تو کیا ہے میں اور میرے ماں باپ بھی آپ پر تصدق ہین آپ لیجیے پس مین بیدار ہوگیا - اور منجملہ اونھین انعامات کے یہ ہے کہ ستائیس رجب سنہ ۱۳۱۱ تیرہ سو گیارہ ہجری کو بعد دو بجے شب معراج کے خواب دیکھا کہ مین سفر مین ہون اور سیر کررہا ہون یکایک بہت سے مکانات نظر آئے اور دریا نہین کہ میدان نظر آیا اوسمین ایک مکان بھی دیکھا اوسکے روبرو لوگ جمع تھے اونھون نے مجھسے کہا کہ یہ تو کعبہ شریف ہے آپ خلاف قاعدہ شرعیہ کیسے آئے - سنتے ہی ہم سب ملکر بیت اللہ شریف کیطرف متوجہ ہوے یعنی حجر اسود کیطرف اور سب نے متفق ہوکر اَللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ چار مرتبہ کہا اور تمام ارکان طواف وغیرہ حج بجالانے کا اتفاق ہوا - پھر مین نے دیکھا کہ جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کے وقت مین جو آیات قرآنیہ نازل ہوتی تھین اور اصحاب کرام اونکو ہڈیون اور ٹھیکریون اور کاغذ وغیرہ مین لکھکر رکھتے تھے نظر آئین جیسے کہ پرانی قدیم کوئی چیز لکھی ہوئی ہوتی ہے ویسی ہی تھین مین نے اوس مین سے تبرکا کچھ کھالیا پھر وہان سے اپنے گھر کیطرف روانہ ہوا اتنے مین بیدار ہوگیا غالبا سبب اسکا یہ ہے کہ ہمیشہ میری عادت ہے کہ کوئی اسماء اللہ مین سے یا اسما بزرگون سے یا پارۂ آیات قرآنیہ مین سے پڑا ہوا دیکھا اور موقع کہین رکھنے کا بھی نہوا تو مین اوسکو تبرکا کھالیتا ہون - اور منجملہ اونھین انعامات کے یہ ہے کہ بتاریخ چوتھی رمضان سنہ ۱۳۱۱ تیرہ سو گیارہ ہجری سہ شنبہ کی رات کو بعد نماز تہجد اور سحری کھانے کے بوجہ حرارت کے زیر سما لیٹ گیا اور سوچنے کے وقت آیت اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ سے آخر رکوع تک کہ سورۂ آل عمران مین واقع ہے پڑھی اور اوسکے حسب مضمون کے تفکر کیا اور جب نیند کا غلبہ ہوا سوگیا تو یکایک ایک صورت انسانی باریش و بروت ظاہر ہوئی تو فورا مین نے پہچانا کہ یہ صورت تجلی خداوندی ہے معانقہ کیا اور آغوش مین لیا اور بایکدیگر تعشق اور دلداری کی اوس سرا اور بھید سے کچھ یہ ناچیز تعلق رکھتا ہے اور اوس حالت مین خواب سے بیدار ہوا اور مصدق اس خواب کا حدیث امرد اور حدیث تحول ہے - اور منجملہ اونھین انعامات کے یہ ہے کہ بتاریخ چھبیس ذیقعدہ سنہ ۱۳۱۲ تیرہ سو بارہ ہجری کو وقت مین کو شب کے خواب دیکھا کہ مین یکایک حضرت شیخ اکبر رضی اللہ عنہ کی خدمت مین پونہچا اوسوقت میرے دل مین آیا کہ ایسی چند چیزونکا اور حقائق جنکا استفسار کرون کہ بغیر صاحب کرامت ہونے کے ان چیزونکا جواب کسی سے ادا نہین ہوسکتا ہے چنانچہ حضرت شیخ سے اون چیزون یعنی تین امر کا استفسار کیا اور حضرت شیخ نے جواب باصواب ادا فرمایا اور شبہہ میرا دفع ہوگیا حضرت شیخ کے ساتھ اور میرا اعتقاد زیادہ ہوگیا اور جواب ان تینون امور کا بغیر اعلام حق تعالی کے ممکن نہ تھا اور ان سوالات اور

ہین مین اونکے درمیان موءدب اور مراقب ہوکر جا بیٹھا رخ میرا مغرب کے طرف تھا اور میرے داہنے اونکی
باتین وہ لوگ بیٹھے ہوے تھے اون لوگون نے بالاتفاق کہا کہ ہمنے تمکو سرداری عطا کی مین نے اپنے دل مین
کہا کہ تمھاری سرداری مجھکو نہین چاہیے میرے لیے میرا پروردگار بس ہے۔ سبب اس خواب کا یہ تھا
کہ اس خواب کے چند روز آگے سے مجھکو قبض تھا اور اوس سے طبیعت مین ایک انقباض اور اضطراب
تھا اور دل مین یہی کہتا تھا کہ میرا رب بہت جلیل القدر اور صاحب عظمت وکبریا اور رفیع الدرجات
وذو العرش ہے اگر مین ابدالآباد تک اوسکے در پر حاضر رہون اور گریہ وزاری کرون اور وہ اس
ناچیز کے طرف ملتفت نہو تو بجا ہے اس تصور کے ساتھ بعد ادائے نماز عشا کے سو گیا۔ اور منجملہ اونھین
انعامات کے یہ ہے کہ بتاریخ اٹھیسوین جمادی الاخری سنہ ۱۳۱۰ تیرہ سو دس ہجری کو شب یکشنبہ تہجد کے وقت
حضرت خضر علیہ السلام کی زیارت سے مشرف ہوا مجھکو دیکھکر تبسم فرمایا اور کچھ ارشاد نفرمایا اور نہ کچھ
گفتگو ہوئی سابق کے خواب مین کلمہ طیبہ ارشاد ہوا تھا وجہ رویت یہ ہوئی کہ عشا کی نماز مین حق سبحانہ
وتعالی سے واسطے رویت حضرت خضر علیہ السلام کے استدعا کی تھی۔ اور منجملہ اونھین انعامات کے یہ ہے
کہ بتاریخ بیسوین رجب سنہ ۱۳۱۰ تیرہ سو دس ہجری بعد دو بجے شب چہار شنبہ کو خواب دیکھا کہ مین مکہ
معظمہ مین ہون اور نمازی لوگ منتظر نماز کے ہین اور مین باوضو ہون اوسوقت ایسا معلوم ہو رہا ہو کہ ظہر کا
اول وقت ہے نمازیون نے مجھسے کہا کہ چلو نماز پڑھین مین نے کہا کہ مین اول سنت پڑھلون بعد اوسکے
فرض پڑھونگا جماعتکا لوگون نے میرے واسطے توقف کیا جب مین نماز مین کھڑا ہوا مجھپر رقت اور وجد عظیم طاری ہوا
اس اثنا مین مین بیدار ہو گیا سبب اس خواب کا یہ معلوم ہوتا ہے کہ اکثر اوقات عصر کی سنت کے لیے
جماعت کے وقت بخوف فوت سنت عصر لوگون سے یہی کہتا ہون کہ مین آگے سنت پڑھلون پھر فرض
پڑھونگا۔ اور منجملہ اونھین انعامات کے یہ ہے کہ بتاریخ اونتیس شوال سنہ ۱۳۱۰ تیرہ سو دس ہجری
شب سہ شنبہ دو بجے رات کو خواب دیکھا کہ بارش ہو رہی ہے اور چند اطفال اوس بارش مین نماز پڑھ
رہے ہین اوسوقت ایک شخص میرے روبرو ایک فتوی لایا اور اوسکو پڑھا تو اوسمین لکھا ہے کہ جو شخص
سب شیخین یا ختنین کا کرے گا تو اوسکی سزا یہ ہے کہ اوس شخص کو دیگ مسی مین رکھا جاے اور اوسکے
نیچے آنچ دیجاے اسکے مین ایک دروازہ نظر آیا اور روبرو دروازے کے چند آدمی جمع تھے اور کہتے تھے
کہ یہ دروازہ جنت کا ہے اور جو شخص حضرت خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم سے محبت رکھیگا اس دروازہ
سے داخل ہو سکیگا۔ یہ سنتے ہی یہ ناچیز اوس دروازہ سے داخل ہوا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلی آلہ
وسلم بھی اوس دروازہ کے اندر سے باہر تشریف لا رہے تھے اوسوقت حضرت سے باہم ملاقات ہوئی
اور آنحضرت کے ساتھ معانقہ ہوا اور کچھ گفتگو نہین ہوئی اسحالت مین ناچیز بیدار ہو گیا۔ لیکن مجھکو یہ خیال
نہ رہا کہ وہ دروازہ کسی باغ کا تھا یا کسی مکان کا سبب اس خواب کا بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ دو تین روز
سے خیال میرا یہ تھا کہ عرصہ ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کی رویت سے مشرف نہین ہوا شاید
بندے سے کچھ قصور سرزد ہوا ہوگا۔ اور منجملہ اونھین انعامات کے یہ ہے کہ حق جل شانہ نے محض فضل
اور فکر باطل سے جو مفضی الی الکفر والالحاد ہو اس ناچیز کو بچایا اور صاحب ترتیب رکھا اور علوم ظاہری
وباطنی اور اپنی معرفت کاملہ سے سرفراز اور اپنے دیدار سے مشرف فرمایا اگرچہ حجابات تجلیات کی آڑ مین

میں تالیف کی

الحمد للہ والمنۃ والصلوٰۃ والسلام علی خاتم النبوۃ وعلی آلہ واصحابہ ذوی المجد والفتوۃ

اما بعد واضح ہو کہ اس آخری زمانے میں کہ علم کا آفتاب بعرض زوال میں آ گیا ہے اور بے قدری وجہالت آفاق دنیا میں عام ہو گئی ہے۔ سارا عالم ظلمت کی گھٹاؤں میں گھر گیا ہے۔ بالخصوص تصوف کے واقفین کا نام مفقود ہے۔ جس طرف نظر اوٹھا کر دیکھا جاوے تو بدنام کنندہ نکو نامی چند پیش ہوئی جاتی ہیں اور حد صد عنان توجہ منعطف کی جاوے مجملا سے ہی کو قول الظلم آتے ہیں۔ یہ تو سب کچھ ہے ع توچہ دانی کہ درین گرد سواری باشد ٭ کا مصداق کبھی تو ہونا چاہیے۔ گو کیسا ہی عالم پر پردہ ظلمت پڑ جاوے لیکن ایسے لوگ تو ہر وقت میں رہا کرتے ہیں اور عالم کبھی ایسے لوگوں سے خالی نہیں ہو سکتا ہے کہ جنکی وجہ سے قیام اور نظام بنی آدم رہتا ہے۔ وہی نزول مراحم خداوند تعالی کی موجب ہوتے ہیں۔ چنانچہ مجھکو جب حیدرآباد دکن آنے کا اتفاق ہوا تو ایک ایسے صاحب سے ملا گویا اپنے وقت کے یگانہ تھے جامع فروع واصول حاوی معقول ومنقول۔ میدان تصوف کے دُر یگانہ عالم زمانہ واقف رموز خدادادی مورد مراحم سبحانی عالم باعمل فاضل عدیم البدل وحید العصر فرید الدہر حقائق آگاہ مقبول ومقتدائے اہل اللہ سالک مسالک طریقت ناسک مناسک شریعت دانائے اسرار الہی شناور دریائے خفی وجلی حضرت مولانا محمد مبارک العلی صاحب جو فن تصوف میں خود ہی اپنی نظیر ہیں۔ اور اس شعر مشہور کے ٭ نکو کتاب مستبہری ندارد ٭ چو در بندی سراز روزن برآرد ٭ کے مطابق اونکے دلی نادر الوجود مضامین پوشیدگی پر کب راضی ہو سکتے تھے۔ لہذا صوفیان صافی منش کو بے غایت خوشخبری ومژدہ لا انتہائی ہو کہ مولانا صاحب موصوف نے کتاب مستطاب فصوص الحکم مصنفہ امام المحققین سلطان العارفین شیخ الشیوخ حضرت محیی الدین بن العربی رضی اللہ تعالی عنہ کی ایسی ایک شرح اور مقدمہ لکھا ہے سبحان اللہ کچھ عجیب شرح بسط کے ساتھ لکھا ہے کہ چشم زمانہ اوسکی حالی مضامین کے پاس نہیں گذری اوسکے مضامین درشاہوار فرید ہیں۔ مگر اوسکے لائق اور منتخب مضامین کچھ ایسے آسان نہیں ہیں کہ ہر فرد بشر اوسکے وسیع معانی تک بالغور عبور کر سکے ہاں اونکے سمجھنے کے واسطے عقل فہیم وطبع مستقیم درکار ہے کچھ عجیب حل جیسے شرح اور مقدمہ ہے کہ خود بخود مطلب کے فوارے ہر ہر طرف سے جاری ہوتے جاتے ہیں اور کچھ سخت تعجب انگیز تحقیقات کی گئی ہے کہ ہر حرف اوسکا معانی کا بحر زخار ہے اور ہر معنی حقیقت کا دریائے ناپیدا کنار ہے۔ اور سچ تو یہ ہے کہ مولانا صاحب نے پوری طرح سے تمام اون نکات کو حل کیا ہے جو بڑے بڑے متقدمین کی سمجھ کے قریب بھی نگذرے ہونگے انکی ہر تحقیق وتلاش میں جو تعمق نگاہی ہوئی ہے وہ مصنف کا ہی حصہ ہے خدا جانتا ہے کسقدر محنت شاقہ سے اسکا اجتماع کیا ہے ٭ ہر نقطہ بمعنی سست پروش ٭ ہر فقرہ بشاہدیست ہم آغوش ٭ الحق جو مضامین اس نادر الوجود شرح اور مقدمہ

۱۳۲۱

سلسلۂ کبریت احمر فقط

مرتبہ السید الفقیر الی رحمۃ ربہ الہادی محمد عبد الحق العمری الخیرآبادی عاملہ اللہ بفضلہ الہادی [illegible]

خاتمۃ الطبع

حمد بیحد سزاوار بارگاہ منعم حقیقی ہے جسنے انسان کو واسطے اپنی معرفت وعبادت کے پیدا کیا۔ بلکہ کل عالم کو اپنی اظہار قدرت وصنعت کے لیے ہویدا کیا۔ جل جلالہ وعم نوالہ۔ اور صلوٰۃ وسلام لاتعداد اوسکے رسول مقبول شفیع ولد آدم شفیع امم فخر عالم سیدنا ومولانا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر لائق ہے جنہوں نے ظلمات کفر وشرک وبدعات سے ہمکو چھڑایا۔ اور راستہ وصول الی اللہ کا سکھایا علم ظاہری وباطنی کو تعلیم فرمایا۔ طریقہ شریعت وحقیقت کا بتایا اللھم صل وسلم علیہ کما ہو اہلہ وعلی آلہ الکرام ہداۃ الانام الی الاسلام وعلی اصحابہ العظام ہداۃ الخلق الی دار السلام علی الدوام الی یوم القیام **اما بعد** یہ خزینہ کنز حقیقت اور گنجینہ جواہر زواہر معرفت یعنی **مقدمہ شرح فصوص الحکم** بیان تحقیق وحدت وجود ووحدت شہود اور حقائق اشیا واذکار وطرق سلسلۂ عالیہ اولیا مین مع ضمیمہ عظیمہ اصطلاحات صوفیہ کرام رحمہم اللہ واولیاے عظام اور ترجمہ حال وسوانح عمری مؤلف علامؒ مین تالیف لطیف وتصنیف شریف عالم علام وعارف والا مقام جنکا کمال ظاہری وباطنی ملاحظہ اس مقدمہ اور سوانح عمری سے ظاہر ہے عاجز اوسکی تشریح سے قاصر ہے والا مناقب عالیجناب مولانا شاہ **سید محمد مبارک العلی صاحب** دام فیضہ الجلی والخفی حسب فرمایش وتصحیح مؤلف بمقام **مطبع احمدی** واقع کانپور بہادر معظم مکرم ومحترم حاجی **شیخ محمد یعقوب صاحب** [illegible] الوہاب مین ماہ رمضان مبارک سنہ ۱۳۱۱ تیرہ سو گیارہ ہجری کو باہتمام احقر الانام عاجز محمد عبد الصمد رحمہ اللہ الصمد علیہ [illegible] آراستہ وزیور طبع سے پیراستہ ہوا خدایا کر اسی مقبول عالم بحق سید اولاد آدم

قطعۂ تاریخ طبع نتیجہ طبع ابلہ محمد عبد الصمد عفی عنہ

عارف وہادی براہِ مستقیم
صاحبِ علم وکمالاتِ عظیم

نام پاکش شد مبارک باعلی
رائپوری صاحبِ خُلقِ کریم

ترجمہ کردہ فصوصِ شیخ را
ہم نمودہ شرحِ اسرارِ فخیم

چون بحکمش طبع شد این نسخہ
بعدِ تصحیحِ مترجم اے ندیم

سالِ طبعش شد رقم بی روی بیم
مخزنِ اسرارِ اللہ حلیم

۱۳۱۱ھ

نحن اقرب الیه منکم ولکن لا تبصرون
فصوص الحکم
المترجم بالترجمة الهندية الموسوم باسم
کنوز اسرار القدم
فی المطبع الاحمدی الواقع فی بلدة لکھنو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہون مین ساتھ نام اللہ صاحب رحمت ذاتی و صاحب رحمت وجوبی کہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ مُنَزِّلِ الْحِکَمِ عَلٰی قُلُوْبِ الْکَلِمِ

سب تعریف ثابت ہے واسطے اللہ تعالیٰ کے کہ اتارنیوالا حکمتون کا ہے اوپر دلون انبیا کے

بِاَحَدِیَّۃِ الطَّرِیْقِ الْاَمَمِ مِنَ الْمَقَامِ

بسبب متحد ہونے راہ سیدہی کے مقام

الْاَقْدَمِ وَاِنِ اخْتَلَفَتِ الْمِلَلُ وَالنِّحَلُ

احدیت ذاتیہ سے اگرچہ مختلف ہوئین ملتین اور مذاہب بسبب

